سنہ [illegible] فصلی [illegible] سنہ [illegible] عیسوی تک بارہ برس انتظام راج ریاست کا اپنے ہاتھ مین رکھی۔
یہ رانی [illegible] لودی بادشاہ کے وقت مین مرگئین اور بہلول لودی بادشاہ [illegible] سنہ [illegible] مین انتقال کیا

بعضے نجکار کا قول یہ ہی کہ بیلے مہارانی بسواس وتنا دیؤ کے ہاتھہ مین انتظام راج کا رہا بعد اوسکے لکھمنان مہادیؤ منتظم راج ریاست کی رہین —

اور لکھمنان مہادیؤ پدم سنگہ اپنے دیور کو راج مقرر کرکے آپ مرگئین اور پدم سنگہ راجا ہوے اور بعض نجکارون کو پدم سنگہ کے راجا ہونے مین اختلاف ہی —

بعد اوسکے دربہا رائن ۸۷۶ فصلی و ۱۴۶۹ عیسوی سے ۸۷۷ فصلی و ۱۴۷۰ عیسوی تک ایک برس راجہ رہے بعد اوسکے ہر دے نراین ۸۷۷ فصلی و ۱۴۷۰ عیسوی سے ۹۱۳ فصلی و ۱۵۰۶ عیسوی و ۹۲۲ ہجری تک بنتیس برس راجہ رہے یہ راجہ سکندر لودی و ابراہیم لودی بادشاہ کے وقت مین موجود تھے

تواریخ فرشتہ کے مقالہ دوم صفحہ ۱۸۱ مین لکھا ہوا ہی کہ سنہ ۹۰۱ ہجری مین سکندر لودی بادشاہ ترہت مین آیا تھا راجا نے ترہت کے بادشاہ کی خدمت مین حاضر ہو کر چند لکھہ تنکہ خراج قبول کیا بادشاہ نے اوس خراج کے وصول کرنے کے لیے مبارک خان لوحانی کو تعینات کرکے آپ ترہت سے چلا گیا —

سکندر لودی بادشاہ نے ۱۵۱۷ عیسوی اور سنہ ۹۲۳ ہجری مین ساتوین ذیقعدہ روز یکشنبہ کو انتقال کیا اوسوقت صوبہ بہار و ترہت ملک سرور خواجہ سرا کے قبضہ مین تھا جسکو دربار شاہی سے خطاب خواجہ خیالی کا ملا تھا اور سلطان محمد شاہ بن سلطان فیروز شاہ پر غالب آکر سلطان الشرق کے لقب سے مشہور کیا

سکندر لودی بادشاہ ہندؤن کا بڑا دشمن تھا —

اس بادشاہ کے عہد مین ہندؤن کا تیرتھہ جاترا بالکل موقوف ہو گیا تھا —

کبیر داس رامانند سوامی کے چیلے اسی بادشاہ کے عہد مین تھے رامانند وشنو کی اوپاسنا یعنی بندگی مین درجہ کمال کو پہونچے اور یہ موحد تھے یعنی صرف ایشور کی وہ بیان کرتے تھے بھجن اونکا اونکی عقیدت توحید ہی پر دلالت کرتا ہی بڑے صاحب کشف و کرامات تھے —

اور اسی بادشاہ کے عہد مین پرتگیزون کا جہاز پہلے پہل دکھن مین سمندر کے کنارے پر آیا تھا

کتاب آثار الصنادید مین جواد الدولہ سید احمد خان عارف جنگ نے لکھا ہی کہ اسی بادشاہ کے وقت مین ہندو
نے فارسی و عربی پڑہنی شروع کی اور رونق بازار علم سنسکرت کم ہونے لگی - ہندو راجاؤن کی
سلطنت مین برہمنون کے سوا کایست لوگ علم سنسکرت مین استعداد کامل حاصل کرتے تھے
اور صاحب تصانیف ہوتے تھے -

دیکھنے سے فصل ۱۲ صفحہ ۲۰ و ۲۱ رسالہ اردو کایسہ - اتھنولوجی کے جو منشی کالی پرشاد وکیل عدالت
جوڈیشل کمشنر اودہ نے تصنیف کیا ہی اور جسمین چتر گبت بنسی و چندر سین بنسی کایستون کی پیدایش و
حیثیت کا تذکرہ ہی ظاہر ہوتا ہی کہ مسٹر ایچ ٹی کولبروک صاحب نے اپنے انگریزی ڈائجسٹ ہندو لا یعنی ترجمہ
دہرم شاستر موسومہ بیادہبگارنو مولفہ پنڈت جگناتھ ترک پنچانن کے جلد اول کے دیباچہ مین لکھا ہی
کہ کشمیر و ہر کایست سیر باستب گوبند چندر راجہ بنارس کے حکم سے ایک قانون معدلت عامہ کا اور ایک رسالہ
موسومہ کلپ ترو تصنیف کیا تھا و آگرہ کالج کی فہرست کتب خانہ مطبوعہ ۱۸۵۵ عیسوی کے صفحہ ۱۲۶ مین کہ جسمین
دہرم کا تصنیف کیا ہوا ایک رسالہ موسومہ دیو پار کلپ ترو درج ہی اور بحکم راجہ بنارس کے نرسنگہ پسر رام چندر عالم
صرف و نحو و حکمت نے ایک رسالہ دہرم شاستر مین موسومہ گوبندارنو تصنیف کیا تھا اور دہلی مین جو ایک
ستون سنگین ہی اور وہ فیروز شاہ کی لاٹ کہلاتا ہی اوس پر ایک کتبہ بزبان و حروف سنسکرت جیسا کہ سندہی
پنڈت و سمت ۱۲۲۰ لکھا ہوا سری پت ولد ماہو گور کایست دیوان میل دیو راجا ملک شاکمبری کا ہی اور شہسرام کے
متصل پہاڑ پر ایک کتبہ سمت ۱۲۱۹ کا ہی اوس پر نام نگہ و ہر ودیا دہر پسران گسم ہر کایست کا لکھا ہوا ہی جو والی
قنوج کے عہد مین دیوان صوبہ بہار جنوبی کے تھے و سمت ۱۲۳۳ مطابق ۱۱۷۶ عیسوی مین اودی کرن
کایست سیر باستب دوسرے نے مہاراج پرتھی راج چوہان عرف رائے پتھورا کی سرکار مین حاضر ہوئے
قوم میو کے مغلوب کرنے کیواسطے تعینات کیے گئے آخر قوم میو کے مغلوب کرنے کے صلہ مین پچاس ہزار
نبہ بیری کی سند و لقب چودہری کا حاصل کیا اور راجہ جی چند راٹہور والی قنوج کے نائب رائے تیر جسوج

کایستھ سری باستب دوسرے نے ضلع اوناؤ کا ایک قصبہ فتح کیا تھا اور چھتیس گانون آباد کیے تھے اور سنہ ۱۰۰۰ عیسوی مین جب راجہ ظلم قنوج مونگی ٹھان ایسے انھین بیس کے ساتھ اودھ مین آئے تھے۔

سنہ ۱۰۰۰ عیسوی مین ٹھاکر رام لعل دیوان راجہ چندر کے میسواڑہ مین تھے۔

اور رسالۂ مذکورہ کے صفحہ ۲۴ مین لکھا ہوا ہی کہ پنڈت شیو ارام نے جیوتش پوران اور برہم سورت سے زمانۂ سابق مین کایستھون کا ایک شجرۂ طیار کیا ہی اوس سے معلوم ہوتا ہی کہ سری رودر کایستھ مہاراج امبرس راجہ اجودھیا کے منتری تھے اور انکی اونیسوین پشت مین سری پربل پرتاب نے اشومیدھ جگ کیا تھا اونکی اولاد مین سری شرت مرو مہاراج رگھو کے منتری ہوئے اور مہاراج اج پدر مہاراج دسرتھ کے وقت مین سری رنگ دیوان تھے اور راجہ دسرتھ کے منتری سری کمل دل تھے اور سری بخشش مہاراج رامچندر کے منتری ہوئے بعد اوسکے سرکار مین لو و کس کے سری بخشش عہدۂ دیوانی پر بحال رہے و کلجگ مین مہاراج بجر ناتھ والی متھرا کی سرکار مین سری نرسین منتری رہے۔

بعضون کا قول یہ ہی کہ کایستھ شودر برن مین مگر راقم تاریخ ہذا کو اوس قول کے صحیح ہونے مین دو وجہ سے تامل ہی پہلی وجہ یہ ہی کہ برہما رنگ شوترتے اور ججر بید کی انتہ سا لکھا اور اسکندہ پوران کی رینو کا مہاتم اور مباحثہ مین وبتا تری ... اور پولست جی مندرجہ پدم ہنورت پوران کے اور مباحثہ مین بہشٹ تیا جمہ اور اگست جی مندرجہ اوتر کھنڈ پدم پوران کے اور ساتو نیہ پٹھل یعنی فصل بگیان تنتر اور ستائیسوین فصل بیار زنی تنتر اور بیرانٹ سنگہنا اور قول برہما جی مندرجہ بھوش پوران اور پدم سنگھنا اور رودر جال تنتر اور جم سنگہتا اور برہمنر ادوی اور شودر کملاکر اور کایستھ تتس پردیپ اور کایستھ کوستہہ اور بھاش معنفہ گنگا بھٹ اور فصل اچار ادھیائے اشلوک نمبر ۲۸ مین متاکشرا کے صاف لکھا ہی کہ کایستھ چھتری برن ہین۔ دوسری وجہ یہ ہی کہ کایستھ اگر شودر برن ہوتے تو

سری پرتاب پرتاب کا لیست نے جو مہاراج ادے کے پہلے اسمدہ تک کیا تھا ہرگز اسمدہ بعد برس رہنے کے
مجاز نہوتے اور اوس وقت کے برہمن بھی اونکو ایسے جگ کرنے کی شاستر اجازت نہیں دیتے تھے
شریک جگ نہیں ہوتے اسواسطے کہ سواے چھتری کے یہ جگ شودر شاستر انہیں کر سکتا ہے۔
بعدہ ہرنارائن دیب عرف بھرب سنگہ دیب پسر خورد درب نارائن دیب سنہ ۹۱۳ فصلی و سنہ ۱۵۰۵ عیسوی سے
سنہ ۹۲۷ فصلی و سنہ ۱۵۱۹ عیسوی تک چودہ برس راجہ رہے یہ راجہ ابراہیم لودی بادشاہ کے عہد
میں مر گئے اور سلطان ابراہیم لودی سنہ ۱۵۲۶ عیسوی میں بابر بادشاہ کی لڑائی میں مارا گیا۔
بعدہ اونکے روپ نرائن سنہ ۹۲۷ فصلی و سنہ ۱۵۱۹ عیسوی سے سنہ ۹۴۱ فصلی و سنہ ۱۵۳۳ عیسوی تک چودہ
برس راجہ رہے یہ راجہ ظہیر الدین محمد بابر بادشاہ کے وقت میں زندہ تھے ہمایون بادشاہ کے وقت میں مر گئے۔
بابر بادشاہ سنہ ۹۳۲ ہجری میں ہندوستان کا بادشاہ ہوا اور ۲۶ دسمبر سنہ ۱۵۳۰ عیسوی اور سنہ ۹۳۷
ہجری میں جمادی الاول کے مہینے میں دوشنبہ کے دن انتقال کر گیا یہ بادشاہ شعر بھی کہتا تھا
ایک شعر اوسکا راقم کو یاد ہے لکھا جاتا ہے۔ شعر

نوروز و نوبہار و مے و دلبری خوش ست	بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست

تاریخ انتقال بابر بادشاہ کی یہ ہے۔ تاریخ

شہ چو فردوس مکان رضوان زمن تاریخ جست	گفتمش فردوس دائم جاے بابر بادشاہ

تاریخ دیگر۔ بہشت روزی باد۔ سنہ ہجری۔

ہمایون بادشاہ ۹ جمادی الاول سنہ ۹۳۷ ہجری میں تخت نشین ہوا تاریخ جلوس کی یہ ہے

تاریخ

محمد ہمایون شہ نیک بخت	کز خیر الملوک ست اندر سلوک
بہ مسند بادشاہے نشست	شد شش سال تاریخ خیر الملوک

سنہ ۹۴۷ ہجری میں فرید خان نے ہمایون بادشاہ کو شکست دی اور خود ہندوستان کا بادشاہ ہو گیا اور شیر شاہ کے لقب سے مشہور کیا یہ بادشاہ بہادر و سخی و عادل و حسین تھا اس بادشاہ کے وقت میں ملک محمد جایسی مصنف مثنوی پدماوت جو زبان بھاکھا میں ہے موجود تھے اور وہ مثنوی سنہ ۹۴۷ ہجری میں تصنیف کی گئی تھی۔

تاریخ جلوس شیر شاہ بادشاہ کی یہہ ہے۔ تاریخ۔

شیر شاہ چون بہ تخت نشست	شیر و بز شد ز عدل او مانوس
بادل شاد گفت ہاتف غیب	خسرو دین و داد سال جلوس ۹۴۷

اس بادشاہ نے سنہ ۹۵۲ ہجری میں بمقام [illegible] جان بحق تسلیم کی تاریخ وفات کی اوسکے یہہ ہے۔

تاریخ

چو شیر شاہ بحکم خدای عز و جل	بسوخت ز آتش باروت و جان بحق بسپرد
بخواست فرد تاریخ او ز پیر خرد	بگفت ہاتف سال وفات ز آتش مرد ۹۵۲

بعد اوسکے کنس نرائن دیب سنہ ۹۴۷ فصلی سے سنہ ۹۶۱ فصلی و سنہ ۱۵۴۸ عیسوی و سنہ ۹۵۵ ہجری تک چودہ برس راجہ رہے یہ راجہ سلطان سلیم شاہ پسر شیر شاہ کے عہد میں موجود تھے سلیم شاہ نے سنہ ۹۶۰ ہجری میں ۲۵ ماہ جمادی الاول کو انتقال کیا تاریخ وفات کی یہہ ہے۔ مصرع۔

شد شاہ سلیم جارہ ہمای عدم سنہ ہجری

بعد اوسکے بہادر خان عدلی بادشاہ ہوا اوسکے وقت میں ہمایون بادشاہ ایران سے لوٹ کر سنہ ۹۶۲ ہجری میں پھر تخت نشین ہندوستان کا ہوا اوسی سال میں کتب خانہ کی چھت سے گر کر انتقال کیا تاریخ انتقال کی اوسکے یہہ ہے۔

تاریخ

ہمایون بادشاہ آن شاہ عادل	کہ فیض خسرو [illegible] افتاد

قضا از بہر تاریخش رقم زد	۰	ہمایون بادشاہ از بہ

راجہ بھب سنگہ دیب کے خاندان مین سنہ ۱۲۴۸ عیسوی و سنہ [illegible] فصلی سے سنہ [illegible] عیسوی تک دو سو برس اور نو مہینے ریاست رہی اور نو شخص کے بعد دیگرے راجہ ہوئے پھر بعد اس خاندان کے ریاست کی دیوار مسمار ہو گئی۔

بعض پنجیکار کا قول یہ ہے کہ اس خاندان مین سنہ ۹۵۲ فصلی تک ریاست رہی اور بعد اوسکے ایک شخص کایستھ جسکا خطاب مجموعہ دار تھا سنہ ۹۵۲ فصلی سے سنہ ۹۵۶ فصلی تک انتظام راج کا کرتا رہا اور سنہ ۹۵۶ فصلی سے سنہ ۹۶۵ فصلی تک نو برس ترہت مین کوئی راجہ نہین رہا اور بعض پنجیکار کا قول ہے کہ سنہ ۹۶۵ فصلی تک مہاراج بھب سنگہ دیب کے خاندان مین ریاست رہی بعد اوسکے مہیش ٹھاکر کے خاندان مین ریاست ترہت کی آئی۔

اور بعض کا قول یہ ہے کہ سنہ ۹۵۶ فصلی سے سنہ ۹۵۹ فصلی تک تین برس ترہت مین مجلس خان کی حکومت رہی یہ مجلس خان ذات کا متھل برہمن تھا دربار سلطانی سے اسکو خطاب خانی کا ملا تھا۔

اور بعض پنجیکار کا یہ قول ہے کہ نو برس آٹھ مہینے سات روز یعنی سنہ ۹۵۶ فصلی سے سنہ ۹۶۵ فصلی تک قوم راجپوت بھور راج ریاست پر ترہت کی قابض رہے۔

نام راجگان قوم راجپوت بھور

بیرن نارائن اور انکو روپ نارائن بھی کہتے ہین	اون بسنگا	کرسنگہ	کو شیشر سنگہ	من متھہ سنگہ
۸ ماہ	۱ ماہ	۳ برس ۸ ماہ	۵ برس	۷ یوم

حال خاندان مہاراجہ دربھنگہ

مہیش ٹھاکر [illegible] ٹھاکرین دوبہ ٹھاکر برہمن سروتری ساکن ضلع [illegible] کے [illegible] مین [illegible] تھے اور سیکڑون بیدیارتھی یعنی طالب العلم اونسے علم تحصیل کرکے درجہ کمال کو پہنچے

اونہین کے بیدیا رتھیون سے ایک شخص گھونندن رائے برہمن متھل ساکن موضع رام پور پرگنہ گورہ ۱۶
صدی عیسوی مین ابو المظفر جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے عہد مین دہلی کو گئے اور رفتہ رفتہ بوسیلہ
لیاقت علمی دربار شاہی مین گذر ہوا اکبر بادشاہ نے بوجہ اس بات کے کہ گھونندن رائے چند مرتبہ دربار شاہی
کے پنڈتون سے بحث علمی مین غالب آئے تھے خوش ہوکر خطاب پنڈت رائے و ریاست ترہت رگھونندن
رائے کو بہ جیت سنہ ۹۸۵ فصلی مین جو مطابق سنہ ۱۵۷۸ عیسوی کے ہوتا ہے عطا کیا اور رگھونندن رائے نے
دہلی سے آکر اپنے گرو مہیش ٹھاکر کو وہ ریاست عطیہ سلطانی نذر کی او سکو مہیش ٹھاکر نے کسی وجہ
واپس دیا تھوڑے زمانہ کے بعد گوپال ٹھاکر پسر مہیش ٹھاکر موصوف نے حیات مین اپنے باپ کی دربار
شاہی سے لیاقت و استعداد انتظام امورات زمینداری کا اپنے استحقاق ثابت کرکے فرمان ریاست
ترہت کا سر نو اپنے مہیش ٹھاکر کے نام سے حاصل کیا۔

اکبر بادشاہ ۲ ماہ ربیع الثانی سنہ ۹۶۳ ہجری مین جو موافق ۱۴ فروری سنہ ۱۵۵۶ عیسوی اور ۱۹
پھاگن سمت ۱۶۱۲ و ساکھ ۱۴۷۷ کے تھا کچھ کم چودہ برس کی عمر مین تخت نشین ہوا تاریخ جلوس کی یہ ہے
مصرع جلوس خداوند عالم پناہ۔ سنہ ۹۶۳ ہجری۔ اس بادشاہ نے قریب باون برس کے سلطنت
کرکے ۱۲ اکتوبر قدیمی سنہ ۱۶۰۵ عیسوی مین جو موافق ۳۰ کاتک سمت ۱۶۶۲ و ساکھ ۱۵۲۷ و تیرھوین ماہ
جمادی الثانی شب چہارشنبہ سنہ ۱۰۱۴ ہجری کے تھا انتقال کیا تاریخ انتقال کی یہ ہے۔ مصرع الف
کشید ملائک ز فوت اکبر شاہ + سنہ ۱۰۱۴ ہجری۔ ودیگر گشت تاریخ فوت اکبر شاہ + سنہ ۱۰۱۴ ہجری

تیسری تاریخ بادشاہ عالم جاوید اکبر بادشاہ + سنہ ۱۰۱۴ ہجری۔

جسوقت اکبر بادشاہ ہندوستان کے تخت پر جلوس فرماتا اوسوقت انگلستان مین ملکہ الزبتھ
تخت نشین تھین اور اسی بادشاہ کے عہد مین انگریزون نے سنہ ۱۵۹۹ عیسوی مین شہر لندن مین کوٹھی
مہاجنی کی بنائی اور ۳۱ دسمبر سنہ ۱۵۹۹ع پہلی ملکہ الزبتھ سے سند بغیہ تجارت میعادی پندرہ برس کی

کو لیکہ بقول بعض مورخ کے تین ۳ لاکھ روپے سے اور بقول بعض مورخ کے سات لاکھ کی پونجی سے ہندوستان مشرقی مین سوداگری شروع کی اوسمین دوسو ہندرہ آدمیون کی شرکت تھی اونمین ارل کمبرلینڈ رئیس و افسر تھا انجام کاروبار اوس کوٹھی مہاجنی کا چوبیس ۲۴ صاحبان ڈائرکٹر کے متعلق تھا سال بھر مین انکی چار مرتبہ کمیٹی ہوتی تھی اوسکا نام کورٹ آف پروپرائٹرس تھا (یعنی مالکون کی کچہری) اوسمین جو شخص پچاس ہزار روپیہ کا حصہ دار تھا وہ راے دیستا تھا اور اسکا روبکار مین چوبیس ۲۴ آدمی بیس ۲۰ ہزار روپے سے کم کے حصہ دار تھے ان لوگون کا لقب کورٹ آف ڈائرکٹرس تھا (یعنی مہتممون کی کچہری) اور سنہ ۱۸۳۳ عیسوی کے پہلے کئی دفعہ شاہ انگلستان کی طرف سے کمپنی کو سندین ملین سنہ ۱۸۳۳ عیسوی مین لارڈ ولیم بنٹنک کے وقت مین پھر بیس ۲۰ برس کے لیے سند دی گئی اور اس سند کی رو سے چین کی تجارت کمپنی کے ہاتھ سے جاتی رہی۔

اور اسی سال مین ہندوستانیون کو انگریزی زبان سکھلانے کا حکم ہوا اور بجاے فارسی کے اردو جاری ہوئی اور اسی گورنر کے وقت مین ہندو عورتون کے ستی ہونے کا دستور موقوف ہوگیا۔

احسن التواریخ مین لکھا ہوا ہے کہ ماہ مئی سنہ ۱۴۹۸ عیسوی سے آمد و رفت انگریزون کی ہندوستان مین شروع ہوئی (اوسوقت ہندوستان مین سکندر لودی بادشاہ تھا)۔

سنہ ۱۶۳۹ عیسوی مین انگریزون نے راجہ چندرگری کی اجازت سے قلعہ مدراس بنایا اور اوسکا نام فورٹ سینٹ جارج رکھا اور عظیم الشان کے وقت مین سنہ ۱۶۹۶ عیسوی مین کمپنی کی طرف سے کلکتہ مین ایک قلعہ بنایا گیا اور اوسکا نام فورٹ ولیم رکھا۔ ۳ مئی سنہ ۱۷۶۵ عیسوی کو لارڈ کلایو گورنر جنرل ہوکر ہندوستان مین آئے جس روز لارڈ کلایو کلکتہ مین پہونچے اوسی روز شجاع الدولہ سے مقام کوڑہ جہان آباد مین لڑائی ہوئی۔

اسی گورنر کے وقت سے انگریزون کو ترقی ہونے لگی یہانتک کہ شاہ عالم بادشاہ سے عہدہ

تینون صوبے یعنی اوڑیسہ عظیم آباد و بنگالہ انگریزون کے سپرد ہوئے۔

۱۳ اپریل ۱۷۷۲ء کو سپاہیل وارن ہسٹنگس صاحب گورنر جنرل مقرر ہوکر ہندوستان مین آئے اور وجہ گورنر ہونے کی یہ ہوئی کہ ۱۷۷۳ء مین لندن مین جب پارلیمنٹ نے دیکھا کہ کمپنی بہت قرضدار ہوگئی ہے اور نوکرونکی تنخواہ مین کمی کرکے ملک کا انتظام خراب کرتی ہے تو قانون جاری کیا کہ ڈھائی لاکھ روپیہ سالانہ کا گورنر جنرل پانچ برس کے لیے ہو اور اوسکی کونسل مین اسی ہزار روپیہ سالانہ کے چار ممبر بادشاہی کی منظوری سے مقرر ہوون اور کلکتہ مین سپریم کورٹ مقرر ہوئے

اور اسی بادشاہ کے عہد مین مسٹر فنچ صاحب انگلستان سے ہندوستان مین آئے تھے اور دربار شاہی مین بھی حاضر ہوئے تھے

اسی بادشاہ کے ۳۷ جلوس مین جو مطابق ۱۰۰۱ھ و ۱۵۹۲ء کے تھا گوسائین تلسی داس نے رامائن لکھنی شروع کی تھی اور مولانا عبدالقادر و شیخ محمد سلطان نے بحکم اکبر شاہ کے ادہیات رامائن کو زبان سنسکرت سے فارسی نظم مین ترجمہ کیا اوس رامائن کو راقم نے دیکھا و پڑھا ہے مگر وہ رامائن گم ہوگئی۔

اور اسی بادشاہ کے عہد مین نقیب خان و مولانا عبدالقادر و شیخ سلطان نے پوتھی مہابھارت کو و حاجی ابراہیم نے اتھرون وید کو و مولانا شیری نے پوتھی ہربنس کو و شیخ فیضی نے حساب لیلاوتی کو فارسی مین ترجمہ کیا۔

اور اسی بادشاہ کے عہد سلطنت مین راجہ ٹوڈرمل نے ۱۵۸۲ء مین جو بندوبست کیا تھا اوس بندوبست سے ملک بنگالہ کا خراج ایک کرور چھ لاکھ ترانوے ہزار ایک سو باون روپیہ مقرر ہوئے تھے۔

الغرض مہیش ٹھاکر آخر ۱۵۷۱ء مین جو موافق ۹۷۸ فصلی کے تھا بارہ برس تک زمینداری ترہت پر قابض رہکر پانچ بیٹے چھوڑ کر بنارس گئے اور وہان انتقال کیا۔

نام پانچون بیٹون کا مہیش ٹھاکر کے یہ ہین

اول - رام چندر ٹھاکر بلاشادی کیے ہوئے مرگئے اور گدی نشین نہین ہوئے۔

دوم - گوپال ٹھاکر ۹۷۸ فصلی مین مہیش ٹھاکر کے قائم مقام ہوئے اور ستر برس تک زندہ رہکر ۱۵۸۱ء مین جو مطابق ۹۸۸ فصلی کے تھا بنارس جاکر انتقال کر گئے۔

سوم - اجیت ٹھاکر یہ لاولد مرگئے اور گدی نشین نہین ہوئے -

چہارم - پرانند ٹھاکر جو گوپال ٹھاکر کے قائم مقام ہوئے تھے وہ بھی لاولد مرگئے -

پنجم - سومبنک ٹھاکر برادر گوپال ٹھاکر سنہ ۹۹۲ فصلی مین قائم مقام پرانند ٹھاکر کے ہوئے سنہ ۱۵۸۴

عیسوی مین جو موافق سنہ ۱۰۱۴ فصلی کے تھا تیئیس برس مسند نشین رہکر مرگئے -

بعد اوسکے پرسوتم ٹھاکر بیٹے سومبنک ٹھاکر کے سنہ ۱۰۱۴ فصلی مین قائم مقام ہوئے سنہ ۱۶۱۶ عیسوی تک جو مطابق

سنہ ۱۰۲۳ فصلی کے تھا آٹھ برس مسند نشین رہکر انتقال کرگئے -

زمانہ انکی جانشینی کا جہانگیر بادشاہ کے وقت مین تھا اور اوسی بادشاہ کے وقت مین انتقال کیا -

جہانگیر بادشاہ سنہ ۱۶۰۵ عیسوی مین جو موافق سنہ ۱۰۱۴ ہجری کے تھا تخت نشین ہوا تھا اور سنہ ۱۰۳۷ مین سفر

ہجری و سنہ ۱۶۲۷ عیسوی مین باسٹھہ برس کی عمر مین مرگیا -

تاریخ وفات کی یہ ہے مصرع ع جہانگیر از جہان حزم سفر کرد + سنہ ۱۰۳۷

اور اسی بادشاہ کے سنہ ۲۱ جلوس مین عبدالرحیم خانخانان بیرم خان کے بیٹے کو بہتر برس کی عمر مین سفر آخرت

درپیش آیا اور واقعات بابری کا یہی شخص مترجم تھا اور اسی بادشاہ کے وقت مین سنہ ۱۶۱۵ عیسوی مطابق

سنہ ۱۰۲۴ ہجری مین مسٹر ٹامس رو صاحب ایلچی جیمس اول بادشاہ انگلستان کا ہندوستان مین آیا تھا اور اسی

بادشاہ کے سنہ ۱۹ جلوس مین جو موافق سمت ۱۶۸۰ و سنہ ۱۶۲۳ عیسوی کے تھا گوسائین تلسی داس نے بنارس مین انتقال کیا

بعد اوسکے نارائن ٹھاکر بھائی اونکے سنہ ۱۰۲۳ فصلی مین قائم مقام ہوئے سنہ ۱۶۴۴ عیسوی تک جو مطابق سنہ [illegible] فصلی کے

تھا ۲۹ برس قابض ریاست رہے شاہجہان بادشاہ کے وقت مین ریاست انکو حاصل ہوئی تھی اور اسی

بادشاہ کے عہد مین انتقال کیا - یہ بادشاہ نہایت قدردان و رعایا پرور و انصاف پسند تھا -

شاہجہان بادشاہ سنہ ۱۶۲۸ عیسوی مین جو موافق سنہ ۱۰۳۷ ہجری کے تھا تخت نشین ہوا اور سنہ [illegible] عیسوی کے

جو موافق سنہ [illegible] ہجری کے تھا انتقال کیا تاریخ وفات بادشاہ کی

تاریخ

سالِ تاریخ فوتِ شاہ جہان	رضی اللہ گفت اشرف خان

اس بادشاہ کے عہد مین جسوقت شایستہ خان خلف یمین الدولہ آصف خان خانخانان صوبہ دار بنگالہ تھا اوسوقت غلہ بہت ارزان تھا ایک روپیہ کا آٹھ من چانول بکتا تھا اس سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ اوسوقت بنگالہ مین تجارت غلہ کی بہت کم تھی اور عام لوگون کے پاس بہ سبب ارزانی غلہ کے روپیہ بہت کم تھا اور یہ صوبہ دار سنہ ۱۶۷۷ عیسوی مین بعہد عالمگیر بادشاہ عہدہ صوبہ داری سے مستوفی ہوا بعد اوسکے ابراہیم خان صوبہ دار بنگالہ مقرر ہوا۔

بعد اوسکے سندر ٹھاکر جو بھائی نارائن ٹھاکر کے تھے سنہ ۱۰۴۹ فصلی مین گدی نشین ہوئے اکیس ۲۱ برس زندہ رہکر سنہ ۱۶۶۰ عیسوی مین جو مطابق سنہ ۱۰۶۹ فصلی کے تھا اورنگزیب عالمگیر بادشاہ کے وقت مین انتقال کیا

اوسکے بعد مناتھ ٹھاکر بڑے بیٹے اونکے سنہ ۱۰۶۹ فصلی مین قائم مقام ہوئے سنہ ۱۶۹۴ عیسوی مین جو مطابق سنہ ۱۱۰۲ فصلی کے تھا تینتیس ۳۳ برس زندہ رہکر لاولد مر گئے۔

اوسکے بعد نرپت ٹھاکر بھائی اونکے سنہ ۱۱۰۲ فصلی مین قائم مقام ہوئے سنہ ۱۷۰۲ عیسوی مین جو مطابق سنہ ۱۱۱۰ فصلی کے تھا ۸ برس ریاست کرکے مر گئے۔

بعد اوسکے رگھو سنگھ بیٹے نرپت ٹھاکر کے سنہ ۱۷۰۲ عیسوی مین جو موافق سنہ ۱۱۱۰ فصلی کے تھا قائم مقام ہوئے یہ راجہ اورنگزیب عالمگیر بادشاہ کے وقت مین مسند نشین ہوئے تھے اس راجہ کے وقت مین نواب زین الدین احمد خان برادر مہابت جنگ کے ترہت مین آئے تھے اور قصبہ بھوارہ مین جہان گڑھی راجہ کی تھی بہت عرصہ تک قبضہ کیا تھا۔ یہ بات تاریخ سیر المتاخرین کے صفحہ ۲۲۵ مین لکھی ہوئی ہی۔

عالمگیر بادشاہ سنہ ۱۶۵۸ عیسوی مین جو مطابق سنہ ۱۰۶۸ ہجری کے تھا تخت نشین ہوا اور ۲۸ ذیقعدہ روز جمعہ سنہ ۱۱۱۸ ہجری مین جو موافق ۲۰ ماہ فروری سنہ ۱۷۰۷ عیسوی و سنہ ۱۱۱۴ فصلی کے تھا سینتالیس ۴۷ برس

برس سلطنت کرکے انتقال کیا تاریخ انتقال بادشاہ کی یہ ہے

مصرع برفت از جہان بادشاہ ولی ۱۱۱۸ہجری -

یہ بادشاہ بڑا عاقل اور بیدار مغز تھا مگر مزاج مین تعصب مذہبی بہت رکھتا تھا - اس بادشاہ کا حال مسٹر ملی اور صاحب فرانسیسی نے اپنے سفرنامہ مین بہت صراحت سے لکھا ہے -

مہاراج دربھنگہ کے خاندان کے لوگون مین سے پہلے پہل راگھو سنگہ کو خطاب راجگی کا عالمگیر بادشاہ کے وقت مین ملا تھا -

راجہ راگھو سنگہ نے نواب مہابت جنگ مرشد آباد کو بہت سے روپے نذرانہ مین دیکر ٹھیکہ مقرری سرکار ترہت کا ایک لاکھ روپے جمع سالانہ پر حاصل کیا اور راجہ موصوف نے دہر دیوان نواب مہابت جنگ کو پچاس ہزار روپے سالانہ علاوہ جمع مقرری کے نذرانہ دیا کرتے تھے کسی نے نواب مہابت جنگ سے اس بات کی شکایت کی کہ سرکار ترہت کی آمدنی بہت زیادہ ہے ٹھیکہ مقرری مین جو ایک لاکھ روپیہ جمع مشخص کردی گئی ہے بہت کم ہے آخر نتیجہ اوسکا یہ ہوا کہ اس شکایت پر سنہ ۱۷۴۳ عیسوی مین سرکار ترہت کی جمع سات لاکھ اونہتر ہزار دو سو ستانوے روپے قائم ہوئی نواب کی مہربانی سے ترہت کی تحصیل کی خدمت اور چند موضع بطور نانکار اور رقم سہ دہی (جو قرینے سے معلوم ہوتا ہے کہ فی سیکڑا کچھ دستور مقرر کیا گیا تھا) باین شرط دی گئی کہ ترہت مین جاکر رعایا کی پرورش کرین اور ضلع کو آباد کرین چنانچہ راجہ راگھو سنگہ نے اون شرائط کی تعمیل کی اور راج استھان اپنا موضع بھوارہ پرگنہ گوپال پور مین جو متصل سب ڈویژن مدھوبنی کے ہے قائم کیا اور وہان تک نشان گڑھی کا موجود ہے -

راجہ راگھو سنگہ ۱۷۳۶ عیسوی مین جو شروع ۱۱۴۳ فصلی کا تھا ستائیس برس راج کرکے انتقال کرگئے نسبت مین کہ یہ راجہ صاحب شجاع اور دلیر اور سخی تھے -

بعد اسکے راجہ بشن سنگہ بیٹے اونکے ۱۱۴۳ فصلی مین قائم مقام ہوئے ۱۷۳۶ عیسوی مین جو مطابق

سنہ ۱۲۴۳ فصلی کے تھا مسند نشین رہکر لا ولد مر گئے۔

بعد اوسکے راجہ نرندر سنگھ شین سنگھ کے بھائی سنہ ۱۲۴۳ فصلی مین قائم مقام ہوئے نواب محمد علی وردی خان مخاطب بخطاب مہاتب جنگ کے حکم سے چند رقم دستورات کا انکو عطا کیا گیا راجہ نرندر سنگھ لا ولد تھے سنہ ۱۷۹۰ عیسوی مین جو موافق سنہ ۱۱۹۷ فصلی کے تھا انتقال کر گئے اور نواب مہاتب جنگ نے سنہ ۱۱۶۰ ہجری مین جسکے مطابق سنہ ۱۱۶۰ فصلی ہوتا ہی انتقال کیا۔

یہ راجا اکیس برس مسند نشین رہے تھے۔

کہتے مین کہ ایک مرتبہ راجہ صاحب بھاری ستھ عامل سلطانی سے جو واسطے ایصال خزانہ بادشاہی کے آیا تھا اوس سے گندہپے گھاٹ پر پرگنہ گوپال پور مین لڑے تھے مخالفین سے بہت سخت لڑائی ہوئی مگر راجہ صاحب فتحیاب ہوئے اور راجہ صاحب موصوف نے ہزارہا بیگھے اراضی اور مواضعات مستکم برہمن و منت و فقرا کو بطور برہموتر و شبوتر و فقرانہ و مدد خرچ کے عطا کیے کہ آجتک وہ جائداد اونکے وارثون کے قبضہ مین موجود ہی۔

بعدہ راجہ پرتاب سنگھ سنہ ۱۱۶۲ فصلی مین گدی نشین ہوئے راجہ پرتاب سنگھ کو راجہ نرندر سنگھ نے بسبب اپنی لا ولدی کے گرتریہ پوترا اپنا مقرر کیا۔

سنہ ۱۷۶۲ عیسوی مین جو موافق سنہ [illegible] فصلی کے تھا راجہ پرتاب سنگھ [illegible] ہوا اور [illegible] سے تعلقہ [illegible] گئین آکر مقیم ہوئے اوسوقت سے آجتک سکونت راجگان راجبنسی [illegible] قرار پائی اور رقم [illegible] جو نواب مہاتب جنگ نے راجہ رگھو سنگھ کو دی تھی نواب [illegible] علی خان [illegible] دستخطی بحال و منظور فرمایا۔

سنہ [illegible] عیسوی مین جو مطابق سنہ [illegible] فصلی کے تھا سرکار [illegible] رقم دستورات مالکانہ کو ضبط کر لیا مگر وس مدد خرچ [illegible] پرداخت [illegible] راجہ نرندر سنگھ [illegible] و مواضع [illegible] پرداخت ہوتی [illegible] برادر زادہ پرتاب سنگھ کے چھوڑ دیے اور ہزار روپیہ ماہانہ [illegible] صاحب [illegible] مقرر کیا۔

راجہ پرتاب سنگہ نے ۱۸۲۶ء عیسوی مین جو موافق سنہ ۱۲۳۳ فصلی کے تھا ۱۴ برس مسند نشینی کے بعد انتقال کیا یہ راجہ صاحب نہایت جواد و عالی ہمت و سخی بے مثال تھے قوم برہمن و اہل ہنود اپنے عملوں کے بڑے قدردان تھے چنانچہ منت میتھلے کو تعلقہ چھوروت پرگنہ بھالا جو بوقت اٹھارہ ہزار روپیہ کی تحصیل کا محال ہے اور تعلقہ سوروناپرگنہ نادیگر جو چودہ ہزار روپیہ کی تحصیل کا محال ہے مورد نامذکور کے منت کو دیا اور بھوانی دت مصر دیوان کو اپنے چند مواضع و ہزار ہا بیگھے زمین و دیگر مواضعات برہمنوں کو عطا کیے۔ بعد اوسکے راجہ مادہو سنگہ بھائی راجہ پرتاب سنگہ کے سنہ ۱۲۳۳ فصلی مین قائم مقام ہوئے چھ برس کے بعد سرکار انگلشیہ کی طرف سے انتظام بندوبست کا اونکے ساتھ کیا گیا تاریخ مسند نشینی سے اپنی راجہ مادہو سنگہ نے دو برس کے بعد واسطے واگذاشت دستورات وغیرہ جائداد مضبوطہ کے جو پہلے سے ضبط تھی گورنمنٹ مین درخواست کی۔

سنہ کے پر گورنر جنرل کلکتہ سے تحقیقات ہونے کا حکم ہوا اور سند طلب کی گئی چونکہ سند شاہیہ تھی اسواسطے راجہ صاحب نے داخل کرنے سے انکار کیا اور حوالہ مداخلت و مقابضت پرانی کیا اور یہ بیان کیا کہ ملاحظہ سے دفتر قانون گو کے حال استحقاق دستورات و قدامت کا ظاہر ہوگا اور ایک نقشہ اس طور پر داخل کیا جس سے معلوم ہوتا تھا کہ ایام ضبطی تک اسقدر زر دستورات وصول ہوسکتا تھا کہ وہ بسبب ضبطی کے وصول نہین ہوا اسی قدر پر بابت بقیات مثبت سال گذشتہ کے مبلغ ایک لاکھ ترانوے ہزار روپیہ ۱۹۳۰۰۰ مقام ترہت کے خزانہ سے سنہ عیسوی مین راجہ صاحب کو دیے گئے اور ماہ مئی ۱۸۳۸ء عیسوی مین صاحب کلکٹر ضلع نے دستورات انکی واگذاشت کے ضبط کرنے کی رپورٹ کی اور یہ سفارش کی کہ بجائے اوسکے راجہ صاحب کو ایک ہزار روپیہ ماہوار دیا جاوے جیسا کہ بندوبست مسٹر ہارٹ صاحب ۱۸۴۱ء عیسوی مین دیا گیا تھا بعد ازان صاحب کلکٹر بہادر نے پھر رپورٹ اس مضمون کی کی کہ راجہ صاحب شرائط سند عطا نامہ دستورات کے بجا نہین لائے بعد دوسرے سال بندوبست سرکار ترہت کا جمع دو لاکھ چھیانوے ہزار ایکسو اکاسی روپیہ راجہ صاحب

ساتھ کیا گیا اور [illegible] عیسوی کے ماہ ستمبر مین گورنر جنرل نے مالکون سے واسطے بندوبست دہسالہ
کے راے طلب کی تھی اوسوقت مہاراجہ صاحب نے گورنر جنرل کی حضور مین درخواست کی کہ مقرری اجارہ
ہمارے نام سے ترہت کا بحال ہے اور جب تک زرمالکانہ اور زردستورات نہین ملیگا تب تک ہم
بندوبست نہین لینگے اس وجہ سے زمینداری راجہ صاحب کی ساتھ فیض الدین و برکت اللہ کے بندوبست
کی گئی تھوڑے روز کے بعد بورڈ ریونیو نے رقم دستورات و زرمالکانہ راجہ صاحب کو بحال و منظور کیا تب ماہ
نومبر [illegible] عیسوی مین فیض اللہ نے اپنے حصۂ زمینداری سے استعفا دیا اور اس مضمون کی درخواست
کی کہ راجہ مادہو سنگہ صاحب رعایا کو مالگذاری کے دینے سے منع کرتے ہین اسوجہ سے ہم ماہ اسن کی قسط
مین صرف مبلغ چھہ ہزار روپیہ وصول کرسکے حالانکہ وہ قسط چوبیس ہزار روپیہ کی تھی تب صاحب کلکٹر نے
پھر بھی راجہ مادہو سنگہ سے واسطے لینے بندوبست کے استفسار کیا اور یہ لکھا کہ فیض الدین نے استعفا
دیا اور برکت اللہ گھوڑے سے گر کر شہر پٹنہ مین مرگیا اوسکے وارث اجارہ لینے سے انکار کرتے ہین
مگر راجہ صاحب نے باین عذر انکار کیا کہ بوجہ لیے جانے مقرری اعلیٰ پور و سرکار ترہت کے ہم اجارہ نہین لے
سکتے ہین تب درمیان [illegible] و [illegible] عیسوی کے چند ٹھیکہ دار ہوتے گئے [illegible] عیسوی مین راجہ صاحب
سے پھر استفسار کیا گیا اور بعد منہائی زرمالکانہ اور دستورات کے بجمع مبلغ ایک لاکھ اٹھہ ہزار پانچسو
چھہ روپیہ کے بندوبست کرنا سرکار نے منظور کیا مگر راجہ صاحب نے قبول نہ کیا اور بجواب اوسکے یہ لکھا
کہ ایک لاکھ اڑتالیس ہزار دوسو ستائیس روپیہ ہمکو جمع دینا منظور ہے بشرطیکہ بعوض اوس مقرری کے
جو [illegible] لی گئی ہے چھہ ہزار ایکسو چوہتر روپیہ مجرا دیے جائین - کلکٹر نے اس استدعا کو منظور نہین کیا دوسرے
لوگون سے کے ساتھ ٹھیکہ کا بندوبست کیا آخر راجہ صاحب نے دس ہزار روپیہ بیشی دینے
قبول کیے تب منظوری صاحبان بورڈ ریونیو زمینداری ترہت کی انکے ساتھ بندوبست
زر [illegible] کی گئی

راجہ مادہو سنگہ چھتیس برس یعنی سنہ ۱۸۱۹ عیسوی تک جو مطابق ۱۳ ماہ اساڑھ سنہ ۱۲۲۶ فصلی کے تمام مسند نشین رہے بعد اسکے بنارس جاکر تاریخ ستائیس ماہ کاتک سنہ ۱۲۲۶ فصلی مین انتقال کیا۔

یہ راجہ صاحب بڑے دانشمند اور عاقل تھے اپنے راج ریاست کا انتظام اور بند و بست بہت اچھی طرح سے کرتے تھے انہین کے وقت سے اس راج ریاست مین ترقی شروع ہوئی راجہ صاحب موصوف نے لالہ جیون رام اپنے دیوان کو اونکی لیاقت اور کارگذاری و خیرخواہی و دانشمندی و خوش انتظامی کے سبب سے موضع ہربہرپور پرگنہ بہروارہ و موضع مرزاپور وغیرہ پرگنہ مہلا عطا کیا

اونکے پانچ بیٹے تھے

اول۔ راج کنوار بابو کشن سنگہ و بحیات راجہ مادہو سنگہ کے لاولد مر گئے۔

دوم۔ مہاراجہ چھتر سنگہ۔

سوم۔ راج کنوار بابو کیرت سنگہ۔

چہارم۔ راج کنوار بابو گوبند سنگہ۔

پنجم۔ راج کنوار بابو رامپت سنگہ۔

مہاراج کنوار بابو کیرت سنگہ کو صرف محاصل پرگنہ چندی و مہاراج کنوار بابو گوبند سنگہ کو صرف محاصل پرگنہ پرہاریپور راگھو و مہاراج کنوار بابو رامپت سنگہ کو صرف محاصل پرگنہ بکہپ واسطے خورش و پوشش کے ملا تھا۔

مہاراج کنوار بابو گوبند سنگہ موصوف نے سنہ ۱۸۲۳ عیسوی مین انتقال کیا۔

مہاراجہ چھتر سنگہ بہادر سنہ ۱۸۵۸ عیسوی تک جو مطابق ۴ ماہ بیساکھ سنہ ۱۲۶۵ فصلی کے تمام ۳۹ برس گدی نشین رہے یہ مہاراجہ صاحب بڑے رئیس و قدردان و عالی ہمت و رعیت پرور و منتظم تھے منجملہ جد راقم کو کہ لیاقت علمی و دیانت و صفت خیرخواہی و نیک نیتی

سے معمور تھے منشی اپنا مقرر کیا او سوقت سے مہاراجہ مہیشر سنگھ بہادر کے عہد تک اس سلسلہ پر سرفراز رہے۔

اسی وقت والی نیپال نے تمام ترائی تک پہاڑون مین عمل اپنا کر لیا تھا و ۱۸۱۵ عیسوی مین جو مطابق ۱۲۲۲ فصلی کے تھا جنرل اکٹرلونی صاحب نے ستلج کے اس پار شملہ سے بیس کوس پچھم ملون کے قلعہ مین نیپالیون کی فوج کو شکست دی تھی اوس لڑائی مین مہاراجہ چھتر سنگھ بہادر نے سرکار گورنمنٹ بنگال کو کئی لاکھ روپے نقد اور سپاہ واسطے مدد کے دی تھی اور گورنمنٹ مین اونکی بڑی نیکنامی اور خیرخواہی ثابت ہوئی۔

۱۸۳۹ عیسوی مطابق ۱۲۴۶ فصلی مین مہاراجہ چھتر سنگھ بہادر نے بوجہ کبرسنی و ضعف بدنی و بیماری کے رودر سنگھ اپنے بڑے بیٹے کو راج سپرد کیا او سوقت مہاراج رودر سنگھ کی عمر تیس ۳۰ برس کی تھی۔

مہاراجہ چھتر سنگھ نے اپنے چھوٹے بیٹے بابو باسدیو سنگھ کو واسطے پرورش کے صرف محاصل مواضعات پرگنہ ہبیلی و چار مکان و دو ہاتھی اور کمرہ اونکے رہنے کے واسطے دیا تھا اور اونکے نام سے داخل خارج ہونے کے لیے بھی درخواست کی تھی بابو باسدیو سنگھ نے از روے دہرم شاستر نصف راج کا دعوی کیا اور مہاراجہ رودر سنگھ کی طرف سے جواب دیا گیا کہ بموجب دستور خاندان اور کلاچار کے راج تقسیم ہونا نہین چاہیے اور اوس بنیاد پر واسطے دلاپانے چوبیس لاکھ چھیالیس ہزار نوسو اٹھاون روپے کے بابو باسدیو سنگھ نے عدالت ضلع ترہت مین نالش دائر کی مسٹر پگل صاحب جج بہادر نے فیصلہ کیا کہ مہاراج رودر سنگھ بہادر مستحق راج ہین اور بابو باسدیو سنگھ کو صرف استحقاق پانے محاصل پرگنہ ہبیلی بطور پرورش کے ہے اسکا اپیل صدر دیوانی مقام کلکتہ مین ہوا فیصلہ ضلع کا بحال رہا اور مہاراجہ رودر سنگھ بہادر

گدی نشین رہے علی ہذا القیاس بابو گنیشدت سنگہ پسر راجکنوار بابو گوبند سنگہ نے بھی بدعوی تقسیم زمینداری راج دیوانی مین نالش کی تھی آخر وہ مقدمہ بھی بہ سبیل اپیل خاص و عام ولایت تک پہونچکر ڈسمس ہو گیا۔

مہاراجہ رودر سنگہ بہادر نے سنہ ۱۸۵۰ عیسوی مین جو موافق ۱۴ اگہن سنہ ۱۲۵۸ فصلی کے تھا توار کے دن دس برس دس مہینے دس روز مسند نشین رہکر انتقال کیا۔ راجہ صاحب بڑے عالی ہمت تھے مہاراجہ مہیشر سنگہ اپنے بڑے بیٹے کی شادی مین نو لاکھ روپے خرچ کیے اور اپنے نوکرون و قرابتدارون کو دوشالے دیے دریاے موہنی پر جو ایک بڑی جنگل مین واقع ہے بصرف زر کثیر ایک پل پختہ خشتی ایسا مضبوط بنوایا کہ آجتک باوجود مرور سنین کثیر و کثرت آمد سیلاب کے ایک کنکری کو بھی نقصان نہین پہونچا اوس پل کی تاریخ مولوی امیر علی آلہ آبادی نے یہ لکھی ہے

تاریخ پل موہنی تصنیف مولوی امیر علی آلہ آبادی متخلص بہ امیر

والی ترہت مہاراجہ بہادر رودر سنگہ	ساخت از بہر ثواب پدر این پل را بنا
گفت سال ہجریش ہاتف رہ حفظ جہان ۱۲۶۳	در سن ہجریش گفتا پل زہے راہ رضا ۱۲۸۱
گفت سال عیسویش کشتی دریای فیض ۱۲۶۵	در سنین سمتش خوش منتفعے حد نجا ۱۵۰۰

اس تاریخ کے صلہ مین مہاراجہ صاحب بہادر نے پانچ سو روپے اور ایک جوڑا دوشالہ عطا کیا تھا اور مقام نرگونہ مین ایک [illegible] اور دربھنگہ مین ایک تالاب مسمی بہ لچھمی ساگر کھدوایا اور چند تالاب اپنی زمینداری مین کے دیہاتون مین طیار کرائے مزاج مین انکے نہایت درجہ کی ریاست و کمال درجہ کی مروت اور غربا پروری کی ہمت تھی مگر بوجہ نااتفاقی کے انتظام راج کا اچھا نہ ہونے روپے کے قرضدار ہوگئے تھے۔

اونکے چار بیٹے تھے

اول - مہاراجہ مہیشر سنگہ -

دوم - مہاراج کنوار بابو گونیسر سنگہ -

سوم - مہاراج کنوار بابو شر سیر سنگہ -

چہارم - مہاراج کنوار بابو گومیسر سنگہ -

مہاراجہ مہیشر سنگہ بہادر بڑے بیٹے اونکے سنہ ۱۲ فصلی مین گدی نشین ہوئے -

مہاراجہ مہیشر سنگہ بہادر کی طبیعت کے دریا مین جوش سخاوت تہا مزاج مین حلم ورحم انتہا درجہ کا تہا اور صورت وشکل مین بہت اچہے تہے چہرہ و بشرہ سے آثار ریاست نمایان تہے اور ستارہ اقبال اونکی پیشانی سے چمکتا تہا اور باعتبار صورت پراین منصب اونکی اونکے قامت پر نہایت مزیب تہا مگر بوجہ متعلقون کے یہ راج ریاست قرضدار زر کثیر کی ہوگئی تہی کہ وہ عہد مین کورٹ آف وارڈس کے ادا کیا گیا مہاراجہ صاحب بہادر اکثر اوقات مقام جہنجہار پور پرگنہ نارید گر مین رونق افروز رہتے تہے ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۸۶۰ عیسوی کو جو مطابق ۲۱ ماہ آسن ثانی سنہ ۱۲ فصلی کے تہا دس برس آٹہ مہینے نوروز مسند نشین رہکر روز اتوار کو انتقال کیا -

	اونکے دو بیٹے ہوئے	

اول - مہاراجہ لچمیسر سنگہ بہادر -

دوم - مہاراج کنوار بابو رمیسر سنگہ -

مہاراجہ لچمیسر سنگہ بہادر ۲۵ ستمبر سنہ ۱۸۵۸ عیسوی و ۳ آسن سنہ ۱۲۶۶ فصلی کو پیدا ہوئے اور مہاراجہ مہیسر سنگہ کے مرنے کے وقت عمر اونکی دو برس ۲۰ یوم کی تہی بسبب نابالغی مہاراجہ لچمیسر سنگہ بہادر کے راج ریاست تحت انتظام مین کورٹ آف وارڈس سرکار عالی کے در آیا اوس وقت یہ ریاست ستر لاکہ روپیہ کی قرضدار تہی اور زمینداری متعلقہ راج سے ستر لاکہ روپیہ

ی آمدنی تھی۔

مہاراجہ لچھمیشر سنگھ بہادر اور مہاراج کنوار بابو رمیشر سنگھ دونون بھائیون نے بنارس کے کالج مین علم انگریزی
مین تعلیم پائی جب کورٹ آف وارڈس نے ریاست کا چارج لیا تھا اوسوقت مکانات سکونت مہاراجہ
صاحب ممدوح کچھ پختہ و کچھ خام تھے اور قریب اوسکے اور اور لوگون کے مکانات تھے مسٹر فرانگ
صاحب منیجر کورٹ آف وارڈس نے بڑی کوشش و صرف زر کثیر سے اون مکانون کے مالکون
کو راضی کر کے اور قیمت دیکے اونکے مکانون کو اوٹھوا دیا اور اوس جگہ مین یعنی گرد و پیش ڈیوڑھی
مہاراجہ صاحب بہادر خانہ باغ جدید مسمی بہ رام باغ و شام باغ و دل خوش کت باغ و کمرہ نشست نظر
مہاراجہ صاحب بہادر نابالغ کے بہت تکلف سے بنوایا وہ قابل دید و شنید ہین اور وہ زمین کہ
جسمین باغ بنوائے گئے ہین تخمیناً پچیس ایکڑ کے قریب ہوگی۔

سوای ان باغون کے ایک اور باغ جسکے اندر کمرہ و مکانات خاص رہنے کے ہین مسمی بہ آنند باغ
نہایت عمدہ و پر فضا و پر کیفیت بہ تجویز مہاراجہ صاحب بہادر بنوایا گیا ہے۔

مہاراجہ صاحب بہادر کی ڈیوڑھی سے پورب غرباً شرقاً ایک بازار بسایا گیا ہے جسمین دو رویہ دکانین
پختہ باہتمام انجنیر سرکاری بنوائی گئی ہین کہ وہ قابل دید ہے۔

راج کی زمینداری ضلع ترہت اور مونگیر و پورنیہ و بھاگلپور مین ہے ضلع ترہت مین زیادہ زمینداری
پرگنات جرئیل دہائی و اعلی پور و بچھور و بھور و گور و دھرور و گوپال پور و پچھم تحت مین ہے او نارہ گرہ
مین بھاگلپور کے ہے اور پرگنہ دھرم پور ضلع پورنیہ مین ہے اور ضلع مونگیر و بھاگلپور مین جو ملکی کھرک پور ہے
ابو المظفر جلال الدین سلطان عالی گہر شاہ عالم بادشاہ نے سنہ ۱۷۶۵ عیسوی مین جو مطابق سنہ ۱۱۷۳
فصلی کے تھا پرگنہ دھرم پور راجہ پرتاب سنگھ کو عطا کیا تھا۔

یہ بادشاہ سنہ ۱۱۷۳ ہجری مین جو موافق سنہ ۱۷۵۹ عیسوی کے تھا تخت نشین ہوا

۷ ماہ رمضان ۱۲۷۷ ہجری مین جو مطابق ۱۸۶۱ عیسوی کے تھا انتقال کیا۔

دیکھنے سے کاغذات کلکٹری ضلع دربھنگہ کے معلوم ہوا کہ اس راج کی سالانہ آمدنی اسوقت یعنی بوقت ۱۸۶۱ عیسوی کے جو مطابق ۱۲۶۹ فصلی کے ہے بائیس لاکھ تہتر ہزار چار سو تینتیس روپے ہین اور راقم نے جو عہد مہاراجہ لچھمیشر سنگھ بہادر سے پوچھا تو انہون نے فرمایا کہ اب ہمارے راج کی آمدنی تخمیناً پچیس لاکھ روپیہ ہوگی۔

تنخواہ وغیرہ چار لاکھ تیس ہزار آٹھ سو اٹھہ روپیہ مالگذاری سواے رود سس و پبلک ورکس کے خزانہ سرکار کو ادا کیے جاتے ہین اور جو بھائی مہاراج کنور بابو گوپیشر سنگھ و مہاراج کنور بابو بشیشر سنگھ و مہاراج کنور بابو گوبیشر سنگھ ولدان مہاراجہ رودر سنگھ بہادر متوفی اور بابو گردھاری سنگھ و بابو درگا دت سنگھ جانشین مہاراج کنور بابو کیرت سنگھ متوفی و بابو گنیش دت سنگھ پسر راج کنور بابو گوبند سنگھ و بابو پونیت سنگھ و بابو سوبھیت سنگھ عرف کنتو بابو وغیرہ معارفان راج کنور بابو رامیت سنگھ اور رانیون اور بیٹیون کو صرف واسطے تصرف محاصل بنظر خورش و پوشش کے اور جو جو مواضعات برہمنون اور مستحقون و پنڈتون کو خیرات مین دیے گئے ہین اون سب پرگنون اور مواضعات کی آمدنی سواے آمدنی راج کے جسکی تعداد اوپر لکھی گئی ہے تخمیناً قریب سولہ سترہ ہزار روپیے کے ہوگی۔

اور دستور قدیم اس خاندان کا یہ ہے کہ جسقدر محاصل کی زمینداری بابوون و مہارانیون و بیٹیون کو دیجاتی ہے وہ واسطے خورش و پوشش کے اونکے قبضہ مین رہتی ہے مگر جب اونکے خاندان مین وارث یعنی فرزند صلبی کوئی نہین ہوتا ہے تو وہ زمینداری عطیہ راج اور کبھی وہ زمینداری جو بعوض خانہ داری اونکی ہو وہ سب راج مین داخل کر لیجاتی ہے۔

۱۸۶۲ عیسوی کے پہلے چوالیس لاکھ چھتیس ہزار روپیہ انتظام سے کورٹ آف وارڈس کے خزانہ کلکٹری مین جمع کیے گئے تھے مگر ۱۸۶۵ عیسوی مین جو موافق ۱۲۷۲ فصلی کے تھا قحط مین تینتیس لاکھ روپیہ بمد خیرات خرچ مین آئے۔

راج کے سرمایہ سے خاص دربھنگہ مین ایک بہت عمدہ اول درجے کا شفاخانہ یعنی اسپتال بنوایا
گیا ہے اسکے بنوانے مین چوبیس ہزار روپئے خرچ ہوئے ہین اور ایک اصطبل بھی بہت بہتر تعمیر ہوا ہے
اور ایک اسپتال کرگ پور ضلع بھاگلپور مین بھی طیار ہوا ہے اوسکے بننے مین چھتیس ہزار روپئے خرچ ہوئے ہین
اور ایک انگریزی اسکول جسمین چودہ ہزار نوسو روپئے خرچ ہوئے ہین خاص دربھنگہ مین بنوایا
گیا ہے اور اس اسکول کے واسطے گورنمنٹ نے بہ تحریک مہاراجہ صاحب بہادر منظور کیا ہے کہ
انٹرنس کے درجے کی کتابین پڑھائی جاوین اور امتحان لڑکون کا پٹنہ کے کالج مین لیا جاوے۔
اور دیہاتی بائیس اسکولون اور پاٹ سالون کا خرچ خزانہ راج سے دیا جاتا ہے۔
اور سوائے اسکے راج سے چند اسپتال و چند اسکول و چند پاٹ سالون کا چندہ دیا جاتا ہے۔
ایکسو پچاس میل کی سڑک راج کے خرچ سے بنائی گئی ہے تفصیل اوسکی یہ ہے۔

سڑک ضلع پورنیہ — سڑک جے نگر — سڑک از مقام جھنجھارپور تا متصل نیپال — سڑک کمرا — سڑک بھیم باند — سڑک تا کرزتی

ان سڑکون کے دونون کنارون پر قریب بیس ہزار کے درخت ہر اقسام لگائے گئے ہین۔
کرگ پور متعلقہ ضلع مونگیر مین آب پاشی کے لیے نہر کھدوائی جاتی ہے۔
دربھنگہ سے مظفرپور تک جو سڑک سرکاری ہے اوس سڑک پر جہان جہان دریا و چور و نالے ہین
پل سرکاری بنے ہوئے ہین مگر اس ضلع کے دس مقامون مین پل آہنی خرچ سے مہاراجہ صاحب
بہادر کے باہتمام کورٹ آف وارڈس حسب تفصیل ذیل بنائے گئے ہین۔
اول بیرونچیا کے چور مین راج سے باہتمام کورٹ آف وارڈس ایک پل آہنی ماہ جولائی ۱۸۷۳ء
مین بنوایا گیا ہے اوسمین ایک لاکھ اٹھاون ہزار ایک سو سات روپئے سات آنے خرچ ہوئے ہین۔
دوم باہتمام کورٹ آف وارڈس خاص دربھنگہ مین دریائے گھوتی پر متصل موہن گرپور۔
سوم ... گھاٹ پر کیولا ندی مین۔

چہارم۔ پیرا گھاٹ پر بلان دریا مین۔

پنجم۔ باٹ گھاٹ مین کیولا ندی پر۔

ششم۔ تلجوگا پر۔

ہفتم۔ برہم پور پرگنہ اعلی پور کے بھوہتی بلان مین۔

ہشتم۔ موضع سنگرام پرگنہ پچھی کے دریاے بلان مین۔

نہم۔ موضع لوہنا پرگنہ لواتوان مین۔

دہم۔ موضع نرہیا پرگنہ اعلے پور مین۔ اوران آہنی پلون کے سواے بہت بڑے بڑے پل پختہ بھی مہاراجہ صاحب بہادر دربھنگہ کے روپے سے بنائے گئے ہین۔

پہلے پہل جو حاکم گورنمنٹ کی طرف سے واسطے انتظام راج ریاست کے مقرر ہوئے وہ مسٹر پی کسبرٹ صاحب ڈپٹی کلکٹر مقام مظفرپور تھے تاریخ ۲۳ ماہ اکتوبر سنہ ۱۸۶۰ عیسوی روز منگل کو مقام دربھنگہ مین آئے بعدہ مسٹر جیمس فرلانگ صاحب منیجر بمشاہرہ پچیس سو روپیہ کے مقرر ہوئے نہم ماہ فروری سنہ ۱۸۶۱ عیسوی کو چارج لیا بابو اسونوس دہر و بابو گریس چندر داس بابو مدسودن مین و بابو چندر سیکر بوس بنگالیان اور منشی مہابیر پرشاد کے بعد دیگرے اسسٹنٹ منیجر مقرر ہوئے و مسٹر جارج انندرسین صاحب اہل کوٹھی کمنول بھی ایک سال چھ مہینے کے واسطے قائم مقام منیجر ہوئے تھے اون سبھون نے انتظام راج ریاست کا مناسب طور پر کیا۔

مسٹر فرلانگ صاحب نہایت حوصلہ مند و اہل سخاوت و عالی ہمت و صاحب دانش و خیر اندیش مہاراجہ بہادر کے تھے حسن سلوک سے اپنے ایسا انتظام راج ریاست کا کیا کہ ہر فرد بشر خوش ہوگیا جب مسٹر فرلانگ صاحب بہادر بیمار ہوکر سنہ [illegible] عیسوی مین ولایت کو گئے اثنای راہ مین بمقام [illegible] جو قدو جراحم کہتے ہین ۔ وہ درمیان ملک عرب و ایشیا کے واقع ہے جہاز پر انتقال

تب لفٹنٹ کرنیل جیمس بران صاحب منیجر مقرر ہو کر آئے۔

بعد چندے مسٹر برن صاحب تخمیناً دو برس کی رخصت لیکر ولایت گئے اور مسٹر منیجر آرسی منی صاحب منیجر مقرر ہوئے بعدہ پھر مسٹر برن صاحب آئے و مسٹر آرسی منی صاحب برخواست ہوئے اور عہدہ اسسٹنٹ منیجری پر مسٹر جارج ڈبلیو لولین صاحب مقرر رہے۔

کیفیت مسند نشینی وراجگی جناب مہاراجہ لچھمیسر سنگھ صاحب بہادر

جناب مہاراجہ صاحب بہادر حسب الحکم گورنمنٹ واسطے حاصل کرنے خلعت مہاراجگی اور چھوڑ لینے انتظام کورٹ آف وارڈس ۲۲ ماہ ستمبر ۱۸۸۰ عیسوی مطابق ۲۲ آسن اول ۱۲۸۸ فصلی روز دوشنبہ کو مع ارکان دولت وعزیزان واقران ذی عزت خود ریل گاڑی پر دربھنگہ سے مقام عظیم آباد مین دربار مین جناب مسٹر سی بس بیلی صاحب بہادر لفٹنٹ گورنر بنگال کے کہ اسی کام کے واسطے عظیم آباد مین رونق افروز ہوئے تھے حاضر ہوئے ۵ ستمبر ۱۸۸۰ عیسوی مطابق ۵ آسن اول ۱۲۸۸ فصلی روز پنجشنبہ کو اکیس برس کی عمر مین حضور سے نواب لفٹنٹ گورنر بہادر کے مقام کالج اسکول مین عظیم آباد کے خلعت راجگی کا پہنایا گیا۔

اس دربار مین مہاراجہ مہیشر بخش سنگھ بہادر ڈومراؤن۔

مہاراجہ راج انند کشور سنگھ بہادر بتیا۔

مہاراجہ کرشن پرتاب ساہی ہتھوا۔

راجہ شیوراج نندن سنگھ بہادر شیوہر۔

مہاراج کنور بابو سکم نارائن سنگھ پسر مہاراجہ جوپرکاش سنگھ بہادر دیو۔

اور جناب مسٹر سی ٹی منگان صاحب بہادر کمشنر مال ورصاحب جج بہادر وصاحب کمشنر بہادر مجسٹریٹ بہادر پٹنہ و بابو درگا گتی پرنسپل اسسٹنٹ کمشنر و سید لطف علی خان و سید محمد حسن خان و بہت سے

پٹنہ اور جناب مسٹر ریواول صاحب کلکٹر و مجسٹریٹ بہادر و مسٹر لی صاحب ایجنٹ مجسٹریٹ دربھنگہ
و مسٹر ایم فینوگن صاحب مہتمم بندوبست راج دربھنگہ و راے منواری لعل ساہو بہادر و راے گوبردھن لعل
ساہو بہادر مہاجنان دربھنگہ و بابو جگن خان بہادر مدار المہام راج پرسونی و بابو کیدارناتھ منڈ وجہ
وکیل عدالت دیوانی مظفرپور شریک تھے جناب مہاراجہ صاحب بہادر نے نجات پانے کے شکریہ
مین بہت سے روپے پٹنہ مین خیرات کیے۔

بعد اوسکے ۲۰ ماہ ستمبر سنہ مذکور روز اتوار کے چار بجے دنکو مہاراجہ صاحب بہادر سپیشل ریل گاڑی
سے معاودت فرما کر اسٹیشن دربھنگہ تک پہونچے وہان ایک خیمہ ایستادہ تھا اوسمین رونق افروز ہوے
وہان سے پانچ بجے اوس بڑے ہاتھی پر جسپر جھول کمخواب کی اور ہودج طلائی تھا سوار ہوئے
اور جلو مین اونکے مہاراج کنوار بابو رمیشر سنگھ ایک ہاتھی پر جسپر ایک خوبصورت جھول کارچوبی
اور ہودج نقرئی تھا اور دوسرے ہاتھی پر جسپر جھول باناتی و ہودج نقرئی تھا بابو سورسیر سنگھ
برادر عموی مہاراجہ صاحب بہادر کے اور تیسرے ہاتھی پر مصاحبان مہاراجہ صاحب بہادر سوار تھے
سوا ان سواریون کے ایک سکھپال نقرئی و تین ہوادار نقرئی بھی ساتھ تھے اور آگے سواری کے ہاتھی
کے قریب دو سو آدمیون کے سوار اور نیزہ بردار و پیدل نقرئی نیزہ ہاتھ مین لیے ہوئے جلو ریز تھے
اور انگریزی باجا تکلف کے ساتھ بجتا جاتا تھا اور ایک ہاتھی پر روشن چوکی بھی بڑے مزے سے
بجتی جاتی تھی اور آگے ان سب لوگون کے ایک نشان کارچوبی ایک بڑے ہاتھی پر تھا اور ڈنکہ شتری بجتا
جاتا تھا اور پیچھے سواری کے پچیس یا تیس ہاتھیون کا حلقہ ساتھ تھا الغرض ایک تزک کے ساتھ اسٹیشن سے
دولتخانہ کو روانہ ہوئے اس سواری کے جلوس کے دیکھنے کے واسطے پچاس ساٹھ ہزار آدمیون کی
اسٹیشن سے دردولت تک بھیڑ بھاڑ تھی قریب شام بدولتسرائے مین پہونچکر تھوڑی دیر ٹھہرے بعد اوسکے
گھڑ ایستادہ سے ایک فٹن پر جسمین چوکڑی جوتی ہوئی تھی سوار ہوکر آنند باغ کو تشریف لے گئے ۱۹ ماہ ستمبر

سنہ مذکور کو جناب مسٹر ایس بیلی صاحب لفٹنٹ گورنر بہادر کی آمد کی خبر سنکر جناب مہاراجہ صاحب بہادر خلعت سرکاری پہنے ہوئے اور مہاراج کنوار بابو رمیشر سنگھ اور مہاراج کنوار بابو گومیشر سنگھ و مہاراج کنوار بابو شریشر سنگھ و مہاراج کنوار بابو گومیشر سنگھ و مولوی عبد الکریم خان منصف اول و بابو جوگیندر چندر ملک منصف دوم و انوار علی خان و مسٹر [illegible] صاحب جائنٹ مجسٹریٹ و مسٹر [illegible] صاحب منیجر راج دربھنگہ و بابو لچھمی نراین ڈپٹی انسپکٹر [illegible] اور چند انگریز وردی سپاہانہ پہنے ہوئے اسٹیشن پر استقبال کو پہلے سے حاضر تھے اور راقم بھی وہیں ساتھ موجود تھا اسی دن ساڑھے پانچ بجے دن کے جناب نواب لفٹنٹ گورنر صاحب بہادر ریل گاڑی پر اسٹیشن دربھنگہ تک پہنچے مسٹر سی بی [illegible] صاحب کمشنر اضلاع بہار اور مسٹر ایچ وارل صاحب بہادر کلکٹر و مسٹر [illegible] صاحب سکرٹری ساتھ تھے جناب نواب لفٹنٹ گورنر صاحب بہادر چار گھوڑے کی گاڑی پر مہاراجہ صاحب بہادر کے ساتھ سوار ہوکر نرگونہ میں کی مہاراجی کوٹھی میں داخل ہوئے۔

۳۰ ماہ ستمبر سنہ مذکور روز پنجشنبہ کو ہائی سکول کے مکان میں جو پہلے سے آراستہ کیا گیا تھا دربار گورنری ہوا دس بجے سے بارہ بجے تک انتظام دربار کا رہا اس دربار میں تمام رؤسا ہندو و مسلمان و انگریز اور جناب مہاراجہ صاحب بہادر موجود تھے ساڑھے گیارہ بجے جناب نواب لفٹنٹ گورنر صاحب بہادر تشریف لائے اور کارروائی دربار کی ہونے لگی دس بارہ منٹ کے بعد جناب نواب لفٹنٹ گورنر صاحب بہادر نے برخاست فرمائی اور نرگونہ کی کوٹھی میں تشریف فرما ہوئے بعد اوسکے مجلس برخاست ہوئی سب لوگ کچھ بعد بارہ بجے اپنے اپنے گھر کو چلے گئے۔

یکم اکتوبر سنہ مذکور روز چہارشنبہ کو گیارہ بجے پانچ منٹ کے بعد جناب نواب لفٹنٹ گورنر صاحب بہادر ریل گاڑی پر سوار ہوکر مقام دربھنگہ سے تشریف لے گئے۔

[illegible] دربار [illegible] کے مقام میں تخمینا اٹھائیس ہزار روپیہ جناب مہاراجہ صاحب بہادر نے خرچ خیرات کیے

اور حکم سے جناب نواب [illegible] صاحب کلکٹر بہادر [illegible] نے مبلغ [illegible] لاکھ روپیہ
جو محاصل زمینداری راج سے کورٹ آف وارڈس کی تحویل مین تھے مہاراجہ صاحب بہادر کے
حوالے کیے۔

مہاراجہ لچھمیسر سنگہ بہادر [illegible] مہارت و قابلیت مین [illegible] انگریزی [illegible] جانتے ہین اُردو
مین بھی بقدر ضرورت مہارت رکھتے ہین مہاراجہ صاحب بہادر کو انگریزون سے بہت ربط ہے
[illegible] صاحب کو [illegible] اپنے [illegible] ایک سو روپیہ ماہواری سے مقرر کیا ہے انتظام
راج کا [illegible] صاحب [illegible] جس طرح مناسب [illegible] چاہتے ہین ویسا کرتے ہین البتہ مہاراجہ
صاحب بہادر انگریزی [illegible] کے بڑے قدردان ہین [illegible] ہے کہ جب سے مہاراجہ لچھمیسر سنگہ بہادر
جلوہ فرماے مسند ریاست ہوے ہین اور انتظام کے گھوڑے کی باگ اپنے ہاتھ مین لی ہے
انگریزی لوگ و بنگالی انگریزی دان [illegible] بڑے بڑے عہدون پر مامور ہوے ہین اور ہوتے جاتے ہین
ابھی تک ہندوستانیون کے نصیبون کے چراغ نے فتیلہ التفات سے اونکے روشنی نہین پائی
آخر [illegible] مین [illegible] ٹھاکر سے مہاراجہ لچھمیسر سنگہ بہادر تک ۱۸۸۵ عیسوی مطابق ۱۲۹۳ فصلی
سے نہایت ۱۸۸۵ عیسوی جو شروع ۱۲۹۳ فصلی کا ہوتا ہے تین سو اونتیس برس [illegible] راج ریاست کا
گذرا ہے اور سترہ شخص اسوقت تک [illegible] راج ریاست پر یکے بعد دیگرے مسندنشین ہوتے گئے۔

ضلع ترہت مین برہمن بہت کثرت سے رہتے ہین انکے چار درجے ہین ۔ اول سروتری ۔ دوم جوگ
سوم پنجی بدھیہ ۔ چہارم گرہست ۔ اکثر لوگ زمینداری رکھتے ہین اور کھیتی کرتے ہین اس قوم کے
لوگ مچھلی اور ترشی اور دہی کثرت سے کہاتے ہین شراب و تمباکو نہین پیتے ہین لہسن پیاز گاجر
نہین کہاتے بیل والی گاڑی پر سوار نہین ہوتے اور اپنے ہاتہ سے ہل نہین جوتتے ہین
اس قوم کے لوگ علم موسیقی کو بھی کچھہ کچھہ حاصل کرتے ہین اس قوم مین بڑے بڑے پنڈت
شاستردان زمانہ سابق مین ہوئے ہین اور اب بھی موجود ہین ۔

صوبہ بہار مین ترہت جسکو سنسکرت مین متھلا دیس کہتے ہین مخزن علم و معدن فضل گنا جاتا ہے
چنانچہ چین کے رہنے والے اپنے علم کا ابتدا اسی دیس کو بتاتے ہین ۔

मिताक्षरा	मीमांसा	विवादचिन्तामणि	दायभाग	द्वैतनिर्णय
متاکچھرا	ممانگسا	بیادچنتامن	دائی بہاگ	دویت نرنی
द्वैतपरिशिष्ट	कल्पतरु	न्याय	व्याकरण	स्मृतितत्त्व
دویت پرشیشٹ	کلپ ترو	نیائی	بیاکرن	اسمرتتو

ज्योतिस	गणित	वेद	शिक्षा	इतिहास	नीति
جوتش	گنت	وید	سکچھیا	اتہاس	نیت
भूगोल	खगोल	संगीत	चंद्रकला	काव्य	कोश
بھوگول	کھگول	سنگیت	چندرکلا	کاب	کوش
अलंकार	छन्द	पुराण	उपपुराण		
النکار	چھندشاستر	پوران	اوپ پوران		

وغیرہ علوم اس ضلع میں جاری ہیں۔

متھلا کے پنڈتون سے بنارس و ندیا و شانتی پور کے پنڈت علما تفوق نہین رکھتے چنانچہ زمانۂ سابق مین بردوباچسپت مصر برہمن متھل نہایت صاحب علم گذرے ہین جسکو تخمیناً ترجمہ آٹھ نو سو برس کا گذرا ہوگا اونھون نے بید انت و نیای و سانکھ و مانگشا و پاتانجل و سانکھ وغیرہ چھون شاستر کا ٹیکا یعنی شرح لکھی تھی اور سانکھہ تتو کومدی اونھین کی تصنیف کی ہوئی ہو بعد اونکے گنگیس اوپدیا بھی بڑے صاحب علم ہوئے جسکو تخمیناً سات آٹھ سو برس گذرے ہونگے نیای شاستر مین گرنتھ چنتامنی انھین کی تصنیف کی ہوئی ہو جو نہایت مستند شمار کیجاتی ہو اور اوسوقت مول یعنی بنیاد نیای شاستر کی وہی گرنتھ چنتامنی شمار کی جاتی ہو بنارس و ندیا و متھلا مین بالفعل اسی گرنتھ کو پڑھکر پنڈت کہلاتے ہین۔

سرومن بھٹاچارج بنگالی نے بنگالے سے ترہت مین آکر پکچھدھر مصر برہمن متھل نیایک یعنی علم نیای کے جاننے والے سے علم تحصیل کرکے بنگالے مین جاکر اسی چنتامنی گرنتھ کا ٹیکا یعنی شرح لکھی تھی اور رگھناتھ بھٹاچارج اور جگدیس ترکالنکار اور گدادھر بھٹاچارج بنگالی و رگھوناتھ [illegible] برہمن متھل ساکن موضع مگرونی پرگنہ ہاٹی نے اوس ٹیکا کا بھی ٹیکا کیا

[illegible] وہ سب موجود واہ زکی ہرنے [illegible] تک [illegible] بڑے عالم ہوئے ہین [illegible]

[illegible] چنتامنی کے چار رون حصہ [illegible] پہلا حصہ [illegible]

[illegible] دوسرا حصہ [illegible] تیسرا [illegible] چوتھا حصہ

[illegible] مین جاری ہوا [illegible] ہوتے ہین [illegible]

[illegible] پنڈت [illegible] پورے بنارس [illegible] اوسکو پڑھا نہین سکتے ہین [illegible]

[illegible] سکتے ہین —

[illegible] مصر [illegible] شاستر [illegible] تصنیف کی تھی [illegible]

[illegible] مین چودہ ہزار روپے خزانہ شاہی سے مرحمت ہوئے —

[illegible] زمانہ گذرا ہوگا کہ [illegible] اپیست مصر [illegible]

[illegible] مین [illegible] تصنیف کی [illegible]

[illegible] عالم ہوئے [illegible] تصنیف کی تھی [illegible]

[illegible] اپیست مصر و گنیشب مصر کا نام [illegible] اپیست مصر [illegible] شاستر مین

[illegible] تصنیف کی تھی جسکا نام کرت مہارتب [illegible] حصہ [illegible] چنتامنی [illegible]

[illegible] چنتامنی — چوتھا حصہ [illegible] چنتامنی [illegible] حصہ [illegible] چھٹا حصہ [illegible]

[illegible] جاری ہین —

[illegible] ہوگا کہ [illegible] ٹھاکر [illegible] مستقل علم [illegible]

[illegible] پنڈت اور کبیشر یعنی شاعر تھے [illegible] سنگھ [illegible] سنگھ [illegible]

[illegible] ٹھاکر [illegible] بنا گیر [illegible] ٹھاکر [illegible]

[illegible] ایک گرنتھ یعنی کتاب [illegible] ٹھاکر [illegible] کا ہے —

اور قریب ڈیڑہ سو برس کے گذرا ہوگا کہ مدن اوپادیا و لچھمن ناتھہ اوپادیا بڑے پنڈت نامی اور صاحب کتب گذشتہ یعنی سدہ کاحل گذرے ہین

اپجل اوپادیا اور دہرندرلو پادیا و گوکل ناتھہ اوپادیا و اومان پت اوپادیا و رگہو ناتھہ اوپادیا بڑے بڑے نامی پنڈت ہوئے ہین ان لوگون کے گھر موضع گنہولی پرگنہ ہالی مین تھے۔

منتخب کتب برہمنان حال صاحب علم اور نامی کہ نام جو راقم کو معلوم ہو سکے بہ نشان سکونت و کیفیت علمی کے درج کیے جاتے ہین۔

نام پنڈتان ویدک یعنی وید کے جاننے والونکے

ٹیکا ناتھہ جہا ساکن موضع بھوپور پرگنہ گوپال پور

کہتے ہین کہ یجروید و بیاکرن و تنتر شاستر و دہرم شاستر جانتے ہین و ہرنی دہر جہا انکے باپ بنارس مین سرکار انگلشیہ کی طرف سے حاکم عدالت کورٹ اپیل کے تھے انہین سے بچھا ناتھہ جہا ساکن موضع بسام پرگنہ دہرورنے علم تحصیل کیا کہ سرکار انگلشیہ کی طرف سے عدالت صدر دیوانی کلکتہ مین پنڈت عدالت مقرر ہوئے تھے اور مکناٹن صاحب نے انہین بچھا ناتھہ جہا کی مدد سے داے بہاگ و متاکچھرا و مہاگنشا و وتک چندرکا وغیرہ کا ترجمہ کیا تھا کہ دس کتاب کا نام مکناٹن نامشہور ہوا اور عدالت کی کارروائی مین جاری ہے۔

بیدناتھی مصر ساکن موضع ماموں بھٹ پرگنہ لونوان

سنا ہے کہ یجروید جانتے ہین مہاراجہ صاحب دربہنگہ کے دربار مین رہتے ہین۔

اجودہیا ناتھہ مصر ساکن موضع لوتا پرگنہ برانتہہ سیوم

پنڈتون سے سنا ہے کہ شام وید جانتے ہین اور تنتر شاستر مین بھی دخل رکہتے ہین مہاراجہ صاحب

دربھنگہ کے دربار میں رہتے ہیں اور انھیں سے مہاراجہ صاحب نے علم شاستر پڑھا ہے

بیا جھا ساکن موضع چتریا پرگنہ پچھم بھاگ

کہتے ہیں کہ اکثر شاستر وید جانتے تھے مہاراجہ صاحب بھنگہ کے دربار میں رہتے تھے مر گئے۔

گاری جھا ساکن موضع کدوار پرگنہ دھمورہ

شاستر وید جانتے ہیں

رام لعل جھا ساکن موضع بلارن پرگنہ بیل

جیوتش وید جانتے ہیں مہاراجہ صاحب دربھنگہ کے دربار میں رہتے ہیں

گردھاری جھا مشتری ساکن موضع بھوان پرگنہ دھمورہ

جیوتش وید جانتے تھے مر گئے

گوشائیں جھا مشتری برادر حقیقی گردھاری جھا مذکور

شہرہ ہے کہ لیاقت علمی اچھی ہے

راجہ مصر پیپرور دمن ساکن موضع خرابی پرگنہ پچھم بھاگ متصل قصبہ دربھنگہ

جیوتش وید جانتے ہیں انکی لیاقت علمی اچھی ہے اور اکثر … ہے

ببوجن جھا ساکن موضع … پرگنہ جرال

شاستر جیوتش وید جانتے ہیں لیاقت علمی اچھی رکھتے ہیں

دھرناتھ مصر ساکن موضع چتریا پرگنہ پچھم بھاگ متصل دربھنگہ

کہتے ہیں کہ جیوتش وید جانتے ہیں انکی لیاقت علمی اچھی ہے۔

منگی لال … ساکن موضع سباپا پرگنہ رکھی

شاستر وید جانتے ہیں لیاقت علمی انکی اچھی ہے

چھیکا جھا ساکن موضع دھنکور پرگنہ بھرواره

کہتے ہین کہ انکی لیاقت علمی بہت اچھی ہے۔

جانکی جھا ساکن موضع برنگر پرگنہ ہائی

علم اچھا تھا لیاقت علمی بہت اچھی تھی مر گئے۔

ڈیگمن جھا ساکن موضع لم بہدر پور پرگنہ اوگھاره

علم انکا اچھا تھا لیاقت علمی بہت اچھی تھی مر گئے۔

ہیرامن جھا ساکن موضع بنی پٹی پرگنہ جربل

سنا ہی کہ علم انکا اچھا ہی لیاقت علمی بہت اچھی ہے۔

چنچل جھا ساکن موضع ست لکھا پرگنہ جربل

کہتے ہین کہ علم انکا اچھا ہی لیاقت علمی بہت اچھی ہے۔

لچھمی دت جھا ساکن موضع بدہ پور پرگنہ بھرواره

مشہور ہی کہ ججر وید جانتے ہین علم اچھا ہے آدمی سلیم الطبع ہین۔

مکند ٹھاکر ساکن موضع ست لکھا پرگنہ جربل

سنا ہی کہ علم انکا اچھا ہی لیاقت علمی قابل تعریف کے ہے۔

نام پنڈتان مہانگشاک یعنی مہانگشا کے جاننے والون کے

جوگ دت جھا سروتری ساکن موضع اوجہان پرگنہ دھر

کہتے ہین کہ مہانگشنہ کے عالم ہین آدمی نہایت خوب ہین۔

منوہر مصر ساکن موضع گندھوار پرگنہ ہائی

مشہور ہی کہ مہانگشنہ مین یہ بھی لیاقت اچھی رکھتے ہین۔

چتر دہر مصر ساکن موضع پتکا پرگنہ مرسیا

یہ پنڈت مانگشا و بیاکرن اچھا جانتے ہین۔ تم سے انسے ملاقات ہے۔

نام پنڈتان نیایک یعنی علم نیاے کے جاننے والون کے

کمنائی جھا ساکن موضع مگرونی پرگنہ ہاٹی

یہ پنڈت نامی اور نہایت ذی علم ہین مہاراجہ صاحب دربھنگہ کے دربار مین رہتے ہین راقم سے انسے ملاقات ہے۔

بیو جن او جھا ساکن موضع سیلکور پرگنہ ہاٹی

پہلے مہاراجہ صاحب جمو کے دربار مین رہتے تھے چھ ہزار روپے سالانہ پاتے تھے نیدن جھا اونکے باپ مہاراجہ نیپال کے دربار مین رہتے تھے مہاراجہ نیپال نے موضع متھری علاقہ ترائی نیپال عنایت کیا کہ آجتک اونکے قبضے مین ہے آجکل مہاراجہ لچھمیسر سنگہ بہادر کی سرکار مین رہتے ہین اور یہ علم نیاے و بیاکرن و ویدانت و سانکھیہ مین بڑے عالم ہین راقم سے انسے ملاقات ہے۔

بھیو مصر بسیر گنگا دہر مصر ساکن موضع ستگاؤ پرگنہ جرایل

مہاراجہ صاحب بتیا کے دربار مین رہتے ہین جگدیس مصر مورث اعلی اونکے مہاراجہ پونا کے دربار مین رہتے تھے کہتے ہین کہ ایک مرتبہ اوس ضلع کے پنڈتوں سے بحث علمی مین غالب آئے اوسکے صلے مین مہاراجہ صاحب پونا نے ایک موضع عنایت کیا کہ آجتک اونکے وارثون کے قبضے اور تصرف مین ہے۔

بوجن جہا پسر جگدہر جہا ساکن موضع اوجان پرگنہ دہرور

سنا ہی کہ برہمن سروتری ہین نہایت ذی علم اور نامی ہین -

سدہی جہا عرف سدہانند جہا ساکن موضع نگرونی پرگنہ ہاٹی

سنا ہی کہ مظفرپور سرکاری اسکول مین پہلے مقرر تھے اب بابو گردہاری سنگہ کے دربار مین بمقام مدہونی رہتے ہین انکا علم اچہا ہے -

ریدناتہہ جہا ساکن موضع بکونی پرگنہ ترہتہہ

کہتے ہین کہ مہاراجہ صاحب دربہنگہ کے دربار رہتے ہین نہایت ذی علم اور رئیس و شریف ہین -

بسناتہہ جہا ساکن موضع اندہرا ٹہادہی پرگنہ جبدی

سنا ہو کہ پہلے متام دربہن پرگنہ سرلسیا مین بابو پرمیشری پرشاد نارائن کے دربار مین رہتے تھے آجکل مہاراجہ لچہمیسر سنگہ بہادر کی سرکار مین رہتے ہین -

کنتو جہا ساکن موضع نروار پرگنہ دہرور

مہاراجہ صاحب دربہنگہ کے دربار مین رہتے ہین علم انکا اچہا ہے راقم سے انسے ملاقات ہے

سسناتہہ جہا ساکن موضع بلکہور پرگنہ ہاٹی

مہاراجہ صاحب دربہنگہ کے دربار مین رہتے تھے مرگئے

سیام سندر ٹہاکر ساکن موضع مدہا انضلاع پورنیہ پرگنہ دہرم پور

علم نیای مین نامی پنڈت تھے مرگئے

جومن جہا [illegible]

علم نیای مین نامی پنڈت [illegible]

سری ناتہہ [illegible]

راجہ ایا انند سنگہ بہادر بندیلے کے دربار مین رہتے تھے مرگئے۔

بھائی جی ٹھاکر ساکن موضع پانڈوپرا پرگنہ اوتن

سنا ہے کہ آجکل مہاراجہ صاحب بہادر جودھپور کی سرکار مین رہتے ہین۔

رتی ناتھ جہا ساکن موضع جبینا پور متصل بھگانون پرگنہ کمبند

سنا ہے کہ باپ انکے ارت ناتھ جہا مسی نیایک تھے ایک کتاب دہرم شاستر کی کہ جسکا نام کرت چنتامن ہے تصنیف کی ہوئی انکی متھلا مین جاری ہے۔

پرمیسری دت جہا ساکن موضع بہاولی پرگنہ ترہتہ

سنا ہے کہ مہاراجہ صاحب متھوا کے دربار مین رہتے ہین نامی پنڈت ہین اور سنا ہے کہ انکا ون ...

اراضی مہاراجہ متھوانے انکو عطا کی ہے۔

مہری ناتھ جہا ساکن موضع بھکوتی پرگنہ ترہتہ

علم بہت ہے نامی پنڈت ہین۔

جیپال جہا ساکن موضع بھکوتی پرگنہ ترہتہ

کہتے ہین کہ مہاراجہ رنجیت سنگہ بہادر لاہور کی سرکار مین نوکر تھے پنڈت نامی ہین

دیوکی نندن جہا ساکن موضع بگہا پرگنہ ...

پنڈت نامی ہین علم اچھا ہے۔

راجا جہا ساکن موضع [illegible] پرگنہ [illegible]

سنا ہے کہ نیائے شاستر مین انکا علم اچھا ہے پنڈت نامی ہین

جہا ساکن موضع [illegible] پرگنہ [illegible]

سنتے ہین کہ پنڈت نامی ہین نیائے شاستر [illegible] ہین

سری ناتھ مصر ساکن موضع چاندپورا پرگنہ لونی

سنا ہی کہ پنڈت نامی ہین نیاے شاستر اچھا جانتے ہین۔

ننوان چودھری ساکن موضع چاندپورا پرگنہ لونی

سنا ہی کہ نیاے شاستر بھی اچھا جانتے ہین۔

کیلاس جھا ساکن موضع پکھوار پرگنہ ہاٹی

سنا ہی کہ نیاے شاستر مین مشہور اور نامی پنڈت ہین۔

گوپی ناتھ جھا ساکن موضع کوڈیا پرگنہ ترسٹھ

کہتے ہین کہ پہلے انھون نے بچوبا ساکن موضع پکھوار سے نیاے شاستر پڑہا تھا بعد اوسکے ندیا

سانتی پور جا کر ترقی علم مین کی آدمی ذی علم لائق ہین۔

دولا جھا ساکن موضع جاہوتی پرگنہ ترسٹھ

سنا ہی کہ نیاے شاستر مین انکو اچھی لیاقت ہی یہ وکی نندن جھا ساکن موضع مبگرائی پہلے انھین سے

علم تحصیل کر کے ندیا سانتی پور مین جا کر علم شاستر ہی حاصل کیا ہے۔

سنگم لال جھا ساکن اسبنت پرگنہ بھرواڑہ

سنا ہی کہ نیاے شاستر مین انکو اچھی لیاقت ہی اسوقت بنارس مین مقیم ہین۔

گنیش دت مصر ساکن موضع براہم پرگنہ ہاٹی

نیاے شاستر مین عمدہ پنڈت ہین۔

رگھوبر جھا ساکن موضع لوانی پرگنہ اگہاپور

سنا ہی کہ آجکل مہاراجہ جلپور کی سرکار سے عدالت کے پنڈت ہین۔

جیونا تھ جھا ساکن موضع لوانی پرگنہ اگہاپور

انکا علم اچھا ہے۔

سدن مصر ترہی ساکن موضع لعل گنج پرگنہ دہرور

نیائے شاستر مین انکو لیاقت اچھی ہے۔

جسپت جہا شرتری ساکن موضع اعل گنج پرگنہ دہرور

نیائے مین یہ بھی پنڈت نامی ہین۔

فقیر جہا شرتری ساکن موضع اوجان پرگنہ دہرور

نیائے شاستر اچھا جانتے ہین۔

ہنومان جہا ساکن موضع ہٹارو پوبلی پرگنہ لوانوان

انکو بھی نیائے شاستر مین لیاقت اچھی ہے۔

مدسودن مصر ساکن موضع بہرام پرگنہ گبہ بل پور

یہ بھی نیائے شاستر اچھا جانتے ہین اور اسلوک اچھا کہتے ہین

سمناتھ جہا ساکن موضع گیمان پرگنہ نرسنگہ پور کوٹھا

یہ نیائے شاستر مین مشہور پنڈت تھے مرگئے

رودرمن جہا ساکن موضع جو نگر پرگنہ دہرم پور

یہ بھی پنڈت نامی ہین۔

موہمری مصر ساکن موضع بلیا پرگنہ ہائی

نامی پنڈت ہین اور بیجر ودیہ بھی جانتے ہین۔

پران دھن مصر ساکن موضع جین پور پرگنہ گبہ

یہ بھی مشہور پنڈت ہین۔

نام پنڈتان بیاکرن یعنی بیاکرن کے جاننے والون کے

مودناتھ جھا ساکن موضع اوجان پرگنہ دہرو

مہاراجہ صاحب دربھنگہ کے دربار مین رہتے تھے سرو تری برہمن تھے مرگئے۔

بابو کرشن سنگہ ٹھاکر ساکن موضع بھور پرگنہ گوپال پور

دولتمند آدمی ہین ہمیشہ اپنے گھر پر رہتے ہین پنڈت نامی اور لائق آدمی ہین۔

بیاری جھا ساکن موضع نکٹا ردہ پور پرگنہ جریل

مہاراجہ صاحب دربھنگہ کے دربار مین رہتے ہین علم انکا اچھا ہے۔

بلی جھا ساکن موضع ہرنگر پرگنہ ہاٹی

کہتے ہین کہ بیاکرن اچھا جانتے ہین اور نیائے و فارسی و انگریزی مین کچھ مہارت رکھتے مین دادا انکے چیندردت جھا نہایت صاحب علم اور صاحب توقیر تھے دیار مغربی کسی راجہ سے دو موضع حاصل کیے تھے کہ آجتک ونکے قبضے مین ہین۔

بسناتھ جھا ساکن موضع منڈول پرگنہ ہاٹی

سنا ہے کہ مہاراجہ صاحب جیپور کے دربار مین رہتے ہین نہایت صاحب علم ہین۔

گردہاری جھا ساکن موضع ست لکھا پرگنہ جریل

سنا ہے کہ آجکل مہاراجہ جمو کے دربار مین رہتے ہین۔

سنتوکھی پاٹک ساکن موضع ست لکھا پرگنہ جریل

انکا علم اچھا ہے بیاکرن مین نامی پنڈت ہین۔

نرسنگ دت جھا ساکن موضع پوکھر دنی پرگنہ ہبرپل

انکا علم اچھا ہے بیاکرن مین بہت اچھی لیاقت رکھتے ہین۔

ببو ننداں جھا ساکن موضع ہرنگر پرگنہ جبریل

علم بہت اچھا ہے پنڈت نامی ہین۔

بانی جھا ساکن موضع کوبلکاہ پرگنہ بہور

بیاکرن اچھا جانتے ہین پنڈت ذی علم اور نامی ہین۔

منوہر جھا ساکن موضع ست لکھا پرگنہ جبریل

مہاراجہ صاحب بتیا کے دربار مین رہتے ہین۔

گوپال جھا ساکن موضع رہیکا پرگنہ جبریل

ترہٹ مین بابو پرمیسری پرشاد نارائن کے یہان رہتے ہین۔

بیجی لال جھا ساکن موضع رہیکا پرگنہ جبریل

انکا علم بہت اچھا ہے نامی پنڈت ہین۔

ڈہکسر جھا ساکن موضع رام بہدرپور پرگنہ اوگھارہ

بیاکرن اور نیاے و مہاگنٹ پڑہے ہوئے مین بابو گونیسر سنگہ صاحب مہاراجہ مہیسر سنگہ صاحب بہادر کے بچپا کے دربار مین رہتے ہین باپ انکے روہنی دت جھا علم نجوم مین نامی آدمی تھے۔

مہتا جھا ساکن موضع گوڑول پرگنہ لبارہ

نامی پنڈت تھے مہاراجہ صاحب بتیا کے دربار مین رہتے تھے مرگئے۔

نند ناتھ جھا ساکن موضع گوڑول پرگنہ لبارہ

مظفرپور کے سرکاری اسکول مین نوکر ہین۔

ہردی ناتھ جھا ساکن موضع گوڑول پرگنہ لبارہ

سنا ہی کہ مہاراجہ صاحب بہرتپور کی سرکار مین رہتے ہین علم انکو اچھا ہے۔

فتوری مصر ساکن موضع بلیا پرگنہ باڑی

بیاکرن مین نامی پنڈت ہین۔

مکنت ناتھہ ٹھاکر ساکن موضع اتھری پرگنہ ترسٹھہ

سنا ہی کہ ابھی ٹھاکر انکے باپ اور دادا بھی انکے بڑے پنڈت تھے والد نے انکے مہاراجہ صاحب بہادر نیپال کی سرکار سے دو موضع حاصل کیے کہ آجتک انکے وارثون کے قبضے مین ہین۔

ہیرالال مصر ساکن موضع نونور پرگنہ پچھی

علم بیاکرن مین نامی پنڈت ہین۔

درگادت جھا ساکن موضع ٹیکٹار پرگنہ جربلیا

اچھے پنڈت تھے مرگئے باپ انکے گوری دت جھا علم نجوم مین یکتا تھے۔

بھوانند جھا ساکن موضع کویلکھ پرگنہ بھور

پنڈت نامی ہین علم انکا اچھا ہے۔

گنیشدت مصر ساکن موضع جہنجھار پور پرگنہ ناردیگر

مہاراجہ صاحب دربھنگہ یعنی مہاراجہ لچھمیسر سنگھ بہادر کو بیاکرن پڑھاتے ہین اور ہمیشہ شامل مہاراجہ صاحب بہادر کے رہتے ہین۔

سدانند مصر ساکن موضع نونور پرگنہ پچھی

بیاکرن جانتے ہین علم نجوم مین بھی مہارت رکھتے ہین پرشن یعنی عمر جفر کا جاننے والا اس ضلع مین ایسا دوسرا شخص نہین ہی آجکل مہاراج کمار بابو گونیشر سنگھ کے دربار مین رہتے ہین وہان یوسف پاتے ہین قمر سے انسے ملاقات ہے۔

روپ ناتھ پاٹک ساکن موضع سوارتھہ پرگنہ ہائی

بیاکرن اچھا جانتے ہین ۔

پران ناتھ پاٹک ساکن موضع دھنوتیا پرگنہ لوتن

مہاراجہ سر جنگ بہادر نیپال کے دربار مین رہتے ہین بحث علمی مین انکو نہایت قوت ہے ۔

مدہوسودن جھا ساکن موضع مکندپٹی پرگنہ ہائی

ساہتیہ دہرم شاستر و کوکہ شاستر یعنی لغت اور کاب شاستر یعنی فن شاعری بخوبی جانتے ہین
مہاراجہ صاحب بہادر ریوان کے دربار مین رہتے ہین اور خاندانی پنڈت ہین ۔

بودہ ناتھ جھا ساکن موضع نونور پرگنہ پچہی

لیاقت علمی بہت اچھی رکھتے ہین ۔

گوپال ٹھاکر سروتری ساکن موضع اوجان پرگنہ دہرور

بیاکرن مین اچھی لیاقت رکھتے ہین اور ایک تعرایف و نئی ہے کہ کسی سے کچھ علاقہ نہین ہوتے ہین

برکھہ ناتھ جھا سروتری ساکن موضع اوجان پرگنہ دہرور

بیاکرن مین اچھی لیاقت رکھتے ہین ۔

جوڑاون جھا ساکن موضع سکہرا پرگنہ لوانوان

بیاکرن مین اچھی لیاقت رکھتے ہین ۔

نندی جھا ساکن موضع ہنگر پرگنہ ہائی

نامی پنڈت مین انکی جھا انکے باپ بھی بڑے نامی پنڈت تھے ۔

دوارکا جھا ساکن موضع ٹٹرا پرگنہ لوانوان

بیاکرن مین اچھی لیاقت علمی رکھتے ہین ۔

گودرجھا ساکن موضع لوہنا پرگنہ لواڑوان

بیاکرن اچھا جانتے ہین مہاراج کنوار بابو رمیشر سنگہ جو اسونت اسسٹنٹ مجسٹریٹ باختیار درجہ اول ضلع دربھنگہ کے ہین اونکے دربار مین رہتے ہین۔

گھنشام مصر ساکن موضع گلرول پرگنہ جریل

مقام مدہوبنی پرگنہ ہاٹی کے پاٹھ سالے مین نوکر ہین صاحب علم اچھے ہین۔

سریدہرپاٹک ساکن موضع کولیکہ پرگنہ بھور

یہ بھی بیاکرن مین نامی پنڈت اور مشہور ہین۔

مادہب جھا ساکن موضع شاہ پور پرگنہ بہرواڑہ

مہاراجہ صاحب بہادر دربھنگہ کے دربار مین رہتے تھے علم انکا اچھا تھا آدمی مشہور تھے مرگئے۔

نندن جھا ساکن موضع بینی پٹی پرگنہ جریل

انکا علم اچھا ہے آدمی مشہور ہین۔

سمبھودت جھا ساکن موضع اتہری پرگنہ بہلا

بیاکرن پڑھے ہوئے مین مشہور آدمی ہین انکا علم اچھا ہے۔

دہرنی دہر جھا ساکن موضع مدہی پور پرگنہ بچھی

بیاکرن مین نامی پنڈت ہین علم انکا بہت اچھا ہے۔

بھگوت ٹھاکر ساکن موضع بچھی پرگنہ ہاٹی

پروہت مہاراجہ صاحب بہادر دربھنگہ کے ہین۔

رجی مصر ساکن موضع سوراٹھہ پرگنہ ہاٹی

یہ بھی بیاکرن مین نامی آدمی ہین۔

ہری پال جھا ساکن موضع سرحد شاہپور پرگنہ ہاٹی

بیاکرن اچھا جانتے ہین مشہور بنڈت ہین۔

تتھا جھا ساکن موضع نروجہ بھاری پرگنہ بہرواره

لیاقت علمی بہت اچھی رکھتے ہین۔

کنوز جھا ساکن موضع بکوتی پرگنہ ترسٹھہ

انکا علم بہت اچھا ہے ذی علم آدمی ہین۔

رگھوناتھ جھا ساکن موضع لگمان پرگنہ دبھر

لیاقت علمی انکی بہت اچھی ہے۔

گوپال جھا ساکن موضع کنار مدنپور پرگنہ جرلی

انکا علم اچھا ہے لیاقت علم بہت اچھی ہے۔

مدھوسودن جھا ساکن موضع ست لکھا پرگنہ جرلی

مشہور ہیکہ لیاقت علمی انکی اچھی ہے۔

جرنجیو مصر ساکن موضع ترونی پرگنہ پڑہار پور راگھو

بہت اچھا علم رکھتے ہین۔

ہری کرشن مصر ساکن موضع بہار پرگنہ بھالا

آجکل نیپال مین رہتے ہین انکا علم اچھا ہے۔

ہری رام مصر ساکن موضع کوٹھیار پام پرگنہ او

بیاکرن و منتر شاستر کے عالم ہین راقم سے انسے ملاقات ہے۔

بھیو مصر ساکن موضع سنگھوارا پرگنہ بہرواره

انکی لیاقت علمی بہت اچھی ہی آجکل مہاراجہ بھیم سنگہ بہادر کی سرکار مین رہتے ہین راقم سے انسے ملاقات ہی

سادھو مصر ساکن موضع کوملکیہ پرگنہ جھو

انکی لیاقت علمی قابل تعریف کے ہے ۔

کیدارناتہہ جہا ساکن موضع اکھری پرگنہ ترسٹھہ

سنا ہی کہ مہارانیہ صاحب بہادر اندور کی سرکار مین رہتے ہین بھوودت جہا باپ انکے مہاراجہ صاحب

بہادر ریوا کے دربار مین رہتے ہین یہ دونون باپ بیٹے نامی پنڈت ہین ۔

سری کانت وتہ دوبہ برہمن پچھان ساکن موضع داتا پور پرگنہ رنی

یہ بیاکرن و جوتش و دہرم شاستر جانتے ہین آدمی مشروغ و نامی آدمی ہین ۔

اندرمن جہا ساکن موضع اتہری پرگنہ ترسٹھہ

لیاقت علمی انکی اچھی ہے ۔

نام پنڈتان جوتش یعنی علم نجوم کے جاننے والون کے

نیلامبر جہا جواب بنارس مین رہتے ہین

پہلے انکے باپ متہلا مین رہتے تھے علم نجوم اور رصد داشت جانتے ہین اور اس علم مین بہت سی کتابین تصنیف کی ہین اور بہت کتابین علم نجوم تصنیفی سابق پر حاشیہ یعنی ٹیکا کیا ہی سنا ہے کہ مہاراجہ الور کی طرف سے بیدیارتہیون کے پڑھانے کے لیے بنارس مین رہتے ہین تہوڑے دنون سے بنارس مین سکونت اختیار کی ہے ۔

فتور جہا ساکن موضع موسنا پرگنہ ہاٹی گمر

علم نجوم جانتے تھے مرگئے ۔

ہیرن جہا ساکن موضع تہروتی پرگنہ ہاٹی

علم نجوم جانتے ہیں ہمیشہ اپنے گھر پر رہتے ہیں۔

روہنی دت جہا ساکن موضع پنوار پرگنہ بھور

علم نجوم اچھا جانتے ہیں مہاراج کنوار بابو تریسر سنگھ مہاراجہ چھپیشر سنگھ بہادر کے بھائی کے دربار میں رہتے ہیں

تکمیہ جہا ساکن موضع ٹوالی پرگنہ ٹلے پور

علم نجوم اچھا جانتے تھے مہاراجہ صاحب دربھنگہ کے دربار میں رہتے تھے مر گئے۔

روہنی دت جہا ساکن موضع رام بھدرپور پرگنہ گنہا گوہار

علم انکا اچھا تھا نامی نجومی تھے مر گئے۔

بالادت جہا ساکن موضع رام بھدرپور پرگنہ اُدھجارہ

علم انکا اچھا تھا مشہور آدمی تھے انکو متر شاستر میں بھی دخل تمام تھے راقم سے انسے ملاقات تھی۔

گوکل جہا ساکن موضع منڈول پرگنہ ہائی

علم نجوم اچھا جانتے تھے مہاراجہ صاحب بہادر الور کے یہاں رہتے تھے مر گئے۔

دوکھہ موچن جہا ساکن موضع رام بھدرپور پرگنہ اوگہنہ

سنا ہے کہ انکی لیاقت علمی بہت اچھی ہے علم نجوم اچھا جانتے ہیں مہاراجہ صاحب بہادر ریاں کی سرکار میں رہتے ہیں

کرشن من جہا ساکن موضع کولکھہ پرگنہ بھچور

انکی لیاقت علمی بہت اچھی ہے۔

دوارکاناتھ جہا ساکن موضع چہنڈ پرگنہ لوانوان

علم نجوم اچھا جانتے ہیں مشہور آدمی ہیں۔

گیادت جہا ساکن موضع کولکھہ پرگنہ بھور

انکا علم اچھا ہے مشہور آدمی ہیں۔

بنوی مصر ساکن موضع چیندو پرگنہ لوانوان
علم اچھا ہے مشہور آدمی ہین۔

مکند جھا ساکن موضع مکرندا پرگنہ لوانوان
انکا علم اچھا ہے مشہور آدمی ہین۔

بیدانند ٹھاکر ساکن موضع مہیا مجھتا پرگنہ دہرہ
علم انکا اچھا ہے مشہور آدمی ہین۔

راسبہاری مصر برہمن شاکدیپی ساکن موضع گموہیان پٹہ سبت مٹلپر پرگنہ بساوہ
کہتے ہین کہ یہ بیاکرن و دہرم شاستر و جوتش اچھا جانتے ہین مشہور آدمی ہین بیدی نہین کرتے ہین

بابو جی پاٹک ساکن موضع مادہوپور پرگنہ شاہجہانپور
انکا علم اچھا ہے مشہور آدمی ہین۔

سری ناتھ ٹھاکر ساکن موضع بنداج پرگنہ بنداج
انکا علم اچھا ہے مشہور آدمی ہین۔

اچیندبر جھا ساکن موضع مہنام پوہری پرگنہ ہاوی
انکا علم اچھا ہے مشہور آدمی ہین۔

بابولال مصر عرف بیدہ ناتھ مصر ساکن محلہ لال باغ قصبہ دربھنگہ
عالم نجوم بخوبی جانتے ہین زمینداری بھی رکھتے ہین اونکے خاندان مین سب کے سب صاحب علم ہوتے آئے
ہین اپنی نہایت عزت دار ہین رام مصر بیٹے اونکے علم نجوم مین اچھی لیاقت رکھتے ہین۔

بیبارے مصر ساکن موضع گنگولیا پرگنہ لسبارہ
علم نجوم اچھا جانتے ہین اسکول مین مظفرپور کے علم نجوم کی کتابین پڑھاتے ہین۔

گدھاری مصر ساکن موضع کوملیا پرگنہ بھجوہ

نامبرکہ علم نجوم اچھا جانتے ہین مہاراجہ صاحب بہادر دیوان [illegible] کے دربار مین رہتے ہین مہاراجہ بشناتھ سنگھ نے ایک موضع عنایت کیا تھا اور مہاراجہ رگھوراج سنگھ پسر مہاراجہ بشناتھ سنگھ [illegible] سوماگی تی نے عوض موازی باون بیگہہ زمین موضع متھوری مین دی تھی کہ اب تک ان کے قبضہ و دخل مین ہے۔

بھانا جھا ساکن موضع پاکھوار پرگنہ بالی

علم نجوم اور کوس و کتاب شاستر مین عمدہ پنڈت ہین راقم سے اُنسے ملاقات ہے

سری ناتھ جھا ساکن موضع راگھوپور پرگنہ ہاٹی

علم نجوم مین اچھے واقف کار ہین۔

کرشن من ٹھاکر ساکن موضع بیرول پرگنہ اَٹی [illegible]

علم نجوم جانتے اچھے مرد ہین۔

جدو ناتھ جھا ساکن موضع مرکیا پرگنہ بچھور

نجومی مین لیاقت اچھی رکھتے ہین۔

منولال جھا ساکن موضع سہوڑا پرگنہ سہوڑا

علم نجوم مین اچھی لیاقت رکھتے ہین۔

کنکر جھا ساکن موضع پتور پرگنہ اوگھارہ

لیاقت علمی انکی اچھی ہے۔

بچکن ٹھاکر ساکن موضع پنارج پرگنہ پنارج

علم نجوم مین لیاقت اچھی رکھتے ہین راقم سے اُنسے ملاقات ہے۔

[illegible] من جھا [illegible] ساکن موضع [illegible] پرگنہ لولوان

صاحب علم جلتیق ہین۔

ندی جہا ساکن موضع رام بھدرپور پرگنہ اوگھارہ

علم انکا اچھا ہے۔

جاگیسر جہا ساکن موضع رام بھدرپور پرگنہ اوگھارہ

علم نجوم کے علاوہ ذہن بھی رسا رکھتے ہین۔

رام نرائن چودہری ساکن موضع پوتا پرگنہ جریلہ

نجوم بین اور آدمی لائق ہین۔

ببو جہا ساکن موضع مہناتھ پور پرگنہ جریلہ

جوتشی اچھے ہین۔

چھکوری جہا ساکن موضع رانٹی پرگنہ ہاٹی

جوتشی اچھے تھے۔

لال جہا ساکن موضع لوانی پرگنہ اعلے پور

علم انکا اچھا ہے۔

جیمن جہا ساکن موضع کچھوا پرگنہ بہروارہ

علم انکا اچھا ہے نامی آدمی ہین۔

مکند جہا ساکن موضع کچھوا پرگنہ بہروارہ

پنڈت ذی علم ہین مشہور آدمی ہین۔

بجالیا دت جہا ساکن موضع کچھوا پرگنہ بہروارہ

علم نجوم اچھا جانتے ہین۔

یہان سے کیفیت اون لوگون کی لکھی جاتی ہے جو اس ضلع مین شاکلدیپی بید نامی تھے اور ہین۔

بیدہ ناران مصر قوم برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ متعلقہ دربھنگہ

یہ شخص بیدک کے علم کو خوب جانتے تھے دوا اچھی کرتے تھے اکثر لوگ انکے ہاتھہ سے شفا پاتے تھے مہاراجہ چھتر سنگہ بہادر کے وقت مین برلیع دربار کے بید تھے راقم نے انکو دیکھا تھا مر گئے اس خاندان مین اب کوئی نہین ہے۔

جیو ناراین مصر برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ متعلقہ دربھنگہ

یہ بہت اچھے او نامی بید تھے بیمار زیادہ دوا اچھی کرتے تھے دست شفا رکھتے تھے بوڑھے ہوکر مر گئے

رامدت مصر ساکن محلہ مصر ٹولہ قوم برہمن شاکلدیپی

یہ بھی نہایت عمدہ بید تھے تشخیص انکی بہت اچھی تھی مزاج مین انکے ریاست بہت تھی جہان جہان اچھا تھا علاج بہت کم کرتے تھے بوڑھے ہوکر مر گئے دو لڑکے مصر و بیالے مصر و سو مصر اونکے وارث موجود ہین۔

پنڈت منوہر مصر برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

یہ صاحب علم بید تھے بیدک کے سوا دھرم شاستر وغیرہ مین بھی انکو دخل تھا علاج بہت اچھا کرتے تھے بوڑھے ہوکر مر گئے۔

دیوراج ناراین پاٹک برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

یہ بھی علاج اچھا کرتے تھے نامی بید تھے وضع انکی بہت اچھی تھی انکے بیٹے درباری پاٹک بھی بہت اچھے اخلاق کے آدمی ہین تشخیص انکی بہت اچھی ہے آدمی خوش مزاج اور وضعدار ہین انگریزی بھی کچھ جانتے ہین۔

مہادیو مصر برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

یہ بھی نامی بید ... دوا اچھی کرتے تھے آدمی خوش تقریر اور خوش وضع تھے ... منتر ... [illegible]

پران مصر برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

یہ بھی اچھے بید تھے تشخیص انکی اکثر بید ورتا اچھی تھی دوا اچھی دیتے تھے دست شفا رکھتے تھے بوڑھے ہوکر مر گئے۔

لال جی مصر برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

یہ بھی دربھنگہ کے بیدون مین اچھے بید تھے بہت تجربہ کار تھے بڑی بڑی سخت بیماریون کا علاج انکے ہاتھ سے ہوا اکثر لوگ شفا پاگئے نامی بید تھے تپ لرزہ کا علاج یہ بہت خوب کرتے تھے بوڑھے ہوکر مر گئے تبدبنس مصر [illegible] انکے بیٹے نامی بید اور صاحب علم اس خاندان مین وہی رام مصر اور زیادہ انکے نہایت ہوشیار سلیم الطبع صاحب تشخیص و دست شفا بید موجود ہین

برہمانند مصر عرف ٹون مصر برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

تشخیص انکی بہت اچھی تھی دوا اچھی کرتے تھے مشہور بید تھے بوڑھے ہوکر مر گئے

موہن مصر برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

یہ پرانے اور بوڑھے بید ہین تشخیص انکی بہت اچھی ہے مزاج مین طمع بہت کم ہے۔

جیتو لال مصر برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ سابق ساکن چک بیڈولیا پرگنہ سرسیا

یہ بید تجربہ کار ہوشیار شناسندہ مرض و تشخیص کنندہ اسباب و [illegible] صحت مین۔

چونی مصر برہمن شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

یہ بھی اس زمانہ کے بیدون مین اچھے بید ہین دوا اچھی کرتے ہین مزاج مین انکے خلق و مروت ہے۔

بال مکند مصر ولد جمو برہمن مصر شاکلدیپی ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

یہ بھی دربھنگہ مین علاج کرتے ہین اکثر لوگ انکی دوا کرتے ہین احتیاط کے پابند ہین تشخیص اچھی ہے اچھے بید ہین۔

تبارک چند مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع مالتی [illegible] بیڈولیا پرگنہ سرسیا

یہ بھی اچھے بید تھے پرگنہ سرلیسا کے اکثر دیہاتون مین انکی بیدائی جاری تھی علاج کرنے کا طور خوب جانتے تھے مر گئے۔

رام پرشاد پانڈے ساکن رائپور بنڈولیا پرگنہ سیرلیسا

بید اچھے ہین تشخیص اچھی ہے بہت لوگون کی دوا کرتے ہین مشہور آدمی ہین۔

ہردیو مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع چھولیا پرگنہ نگی

بیاکرن اچھا جانتے ہین اور بیدائی بھی انکی اچھی ہے نامی بید ہین۔

رگھوبنس مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع چک بنڈولیا پرگنہ سیرلیسا

یہ بھی بڑے پنڈت و بید ہین بیاکرن وغیرہ مین اچھا دخل رکھتے ہین مشہور بید ہین تشخیص اچھی ہے

برہمدت مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع چک بنڈولیا پرگنہ سیرلیسا

یہ بھی پنڈت ہین بیاکرن جانتے ہین بیدائی انکی بہت اچھی کہہ موتی ہین بابو گرجا دھاری سنگھ و بابو درگادت سنگھ کے دربار مین رہتے ہین دو روپیہ یومیہ پاتے ہین۔

نرسنگھ پانڈے برہمن شاکلدیپی ساکن موضع چک بنڈولیا پرگنہ سیرلیسا

انکی بیدائی بہت اچھی ہے اکثر بیمارون کا انکے یہان مجمع رہتا ہے زندہ ہین۔

بھوانی دت مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع چک بنڈولیا پرگنہ سیرلیسا

بیدائی انکی اچھی ہے دوا اچھی کرتے ہین مشہور آدمی ہین۔

اننت بہاری مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع بھٹا پرگنہ برار کوارگھو

یہ عمدہ بید ہین مشکل مرضون مین اچھے لوگ انہین کی دوا کرتے ہین مہاراجہ لچھمیسر سنگھ بہادر کے دربار مین بھی انکا معالجہ ہوتا ہے مہاراجہ نرندر سنگھ بہادر کے عہد سے تا عہد مہاراجہ مادھو سنگھ بہادر ہاں گمنت مصر مورث اعلی انکے راج بید تھے اور چندرہ مواضعات مسلہ بھٹا جاگیر ان موت ملا ہے

اور دو موضع دیپ چند عامل سلطانی سے حاصل کیے تھے کہ وہ سب مواضعات بسبب کشاکشی
معاملات کے انکے ہاتھ سے نکل گئے رمان کانت مصر کے بیٹے منیار چند مصر بیدائی میں بڑے
مشہور اور نامی گذرے ہیں اور تا عہد مہاراجہ چھتر سنگہ بہادر کے راج بید رہے اور رمانت بہاری
پسر کنہائی مصر نبیرہ گنیشدت مصر پروتے منیار چند مصر کے ہیں بیاکرن بھی جانتے ہیں۔

منون مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع بہٹا پرگنہ بہارپور اگھو

یہ بھی ایک بید ہیں علاج اچھا کرتے ہیں تشخیص اچھی ہے۔

بہرتہہ مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع چک نندولیا پرگنہ مسریا

یہ بھی اچھے بید ہیں بیاکرن میں بھی دخل اچھا ہے۔

اٹل بہاری مصر ساکن موضع موسیرپور پرگنہ بالا گنج

یہ بید مختی ہیں اکثر بیمار انکی دوا کے احاطہ سے باہر نہیں نکل سکتے ہیں۔

ترلوکنا تھہ مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موسیرپور پرگنہ بالا گنج

یہ بھی بید اچھے ہیں اکثر لوگ انکو واسطے معالجہ بیماروں کے بلا یا کرتے ہیں۔

جمنا پرشاد برہمن شاکلدیپی ساکن موضع دہوی پرگنہ ہنگی

دوا کرنے کا طریقہ انکو بہت اچھا معلوم ہے علم بید کو اچھی طرح سے جانتے ہیں اور بیاکرن بھی جانتے ہیں

بشن مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع دہوی پرگنہ ہنگی

یہ بھی بید اہل علم ہیں تشخیص انکی اچھی ہے دوا اچھی کرتے ہیں بیاکرن میں بھی دخل رکھتے ہیں

منیانند مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع گمہول پرگنہ بہوجپور

دوا انکی بہت اچھی ہوتی ہے بیمار کا علاج اچھا کرتے ہیں صاحب علم بید ہیں۔

اندرجیت مصر شاکلدیپی ساکن موضع گمہول پرگنہ بھوجپور

یہی مشہور اور نامی بید ہین علم بید کا اچھا جانتے ہین۔

رام ناتھ مصر برہمن شاکلدیپی ساکن موضع اکوداٹھ بسیلہ پرگنہ بساڑہ

یہ بید اچھے ہین دوا کرنے کا طریقہ انکا اچھا ہے۔

یہان سے کیفیت اون لوگونکی لکھی جاتی ہے جو اس ضلع مین کبیشر نامی گذرے اور موجود ہین

بھینا ناتھ مصر عرف اچاجی دوبہ ساکن موضع سمرولی پرگنہ بھورہ

یہ بڑے پنڈت اور کبیشر نامی تھے اور شنکر مصر انکے بیٹے بھی مشہور پنڈت تھے ان سبھوں کو
قریب پانچ سو برس کے ہوا ہوگا کہ ہو گئے۔

بیدیاپت ٹھاکر ساکن موضع سوراٹھ پرگنہ ہاٹی

یہ بھی بڑے پنڈت نامی اور کبیشر تھے مہاراجہ دیپ سنگھ و مہاراج شیو سنگھ کے وقت مین
موجود تھے نہین بانی انکی بہت مشہور ہے۔

گوبند ٹھاکر ساکن موضع رانٹی پرگنہ ہاٹی

زمانہ سابق مین نامی پنڈت اور مشہور کبیشر تھے ہزارہا بیشن بانی تصنیف کی ہوئی انکی موجود ہین۔

چھکوڑی مصر ساکن موضع ست لکھا پرگنہ جرہل

یہ کبیشر نامی اور پنڈت تھے نیای شاستر بھی جانتے تھے صوبہ مہاراجہ کلیان سنگھ عظیم آباد کے گورنر
تھے مہاراجہ مادہو سنگھ عظیم آباد سے انکو اپنے ساتھ لے آئے انکے وارث بہو مصر نیالک موجود ہین

فتوری جھا ساکن موضع شاہ پور پرگنہ ہاٹی

یہ لکھے پڑھے ہوئے آدمی نہین ہین مگر ذہن رسا رکھتے ہین کبت اور گیت بھی اچھے
بنانے مین یہ علم انکو خداداد ہے۔

دہرم نارائن مصر شاکلدیپی برہمن ساکن محلہ مصر ٹولہ متعلقہ دربھنگہ

صاحب علم تھے کبیشر نامی تھے پریم لتا ایک گرنتھ تصنیف کی ہوئی انکی موجود ہے - ایک کبت
انکی جو راقم کو یاد ہے لکھی جاتی ہے -

कवित्त युगलध्यान

फूलतें गुन्हाई कै बनाई रचीस चोपा ठो मुकुट जड़ाऊ जड़े पन्न
मोरके वदन कलाधरतें सरसकलाको धेरमामे रसलोने
मुखटोने मनचोरके॥ [illegible] लालवेंदी [illegible] स्केनिल
[illegible]
[illegible]
[illegible]

گوردت کب ساکن موضع باسدیو پرگنہ ننگی

یہ بھی کبیشر ذی علم اور مشہور تھے مہاراجہ مادہو سنگھ کے وقت مین موجود تھے -

جولال مہاراج قوم بہانٹ ساکن موضع ساگی پرگنہ علی پور

کبتائی انکی اچھی تھی مرگئے مہاراجہ نیپال کی سرکار مین رہتے تھے -

گوپال چودہری برہمن سنتھل ساکن موضع کو ملکھہ پرگنہ بھور

کبیشر ذی علم ہین اور بیاکرن مین بھی اچھا دخل ہے راقم سے انسے ملاقات ہے -

گوکل مصر ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

یہ بھی کبیشر تھے دہرم نارائن مصر کے بعد انکا زمانہ تھا -

شام سندر مہاراج قوم بہانٹ ساکن موضع مدہ پور ٹلکی پرگنہ جونی ضلع بہار
انکو علم فارسی و عربی اور انگریزی و سنسکرت مین اچھا دخل ہے ہر زبان مین کبت کہتے ہین

ہر زبان کی کبت بنا سبرے اعرف چالپا دت رائے کبیشر ساکن موضع گھونی پرگنہ میور کی زبانی سنی جو

لالہ گھولال کایتہ سریباستب ساکن محلہ عمر ٹولہ قصبہ دھنگہ

فارسی مین اچھی لیاقت رکھتے تھے اور کبیشر نامی تھے مہاراجہ مادہو سنگہ بہادر کے دربار مین کسی اچھی خدمت پر مامور تھے کبت و گیت مین مورث تخلص کرتے تھے پاربتی سوئمبر و رکمنی سوئمبر تصنیف کی ہوئی انکی موجود ہے ایک کبت اونکی جو راقم کو یاد ہے لکھی جاتی ہے -

कवित्त पावस घनघोर घटा घहरान फिरें हहरान हीयान मैं के
डरैं छिन ते दलनाथ चूर कौ दर्प करनु कामन के करसैं ॥
लुकि लोग कदा दुरमोर रहै बिजुरी जाल जाल अंध सें
तरसैं नागमूरति पी पियबिना दरसाबद राबद रावरसैं ॥ १ ॥

چند اجھا ساکن موضع مندارج پرگنہ پنڈارج

یہ بہت اچھے کبیشر ہین اور انھون نے سیاحی بھی خوب کی ہے راقم سے انسے ملاقات ہے مہاراجہ لچھمیسر سنگہ بہادر کے دربار مین رہتے ہین -

پیارے رائے قوم بھانٹ ساکن موضع بہیو رملکی پرگنہ جھی

یہ شام سندر مہاراج کے بڑے بھائی تھے مرگئے مشہور کبیشر تھے انکی کبت بھی راقم نے سنی ہے -

گوبند پرکاش نارائن چودھری ساکن موضع لوہا پرگنہ پالی

یہ صاحب [illegible] اور صاحب معاش ہین [illegible] شوق [illegible] ہے بہو کبت اچھی [illegible] ہین

[illegible] لال جھا [illegible] ساکن موضع [illegible] پرگنہ [illegible]

[illegible] ہے -

بیان ہے کیفیت اون لوگونکی لکھی جاتی ہے جو اس ضلع مین ہندو قوم کے بڑے بڑے سدہ اور مہاتما گذرے ہین ـ

بابا صاحب رام داس بیراگی چرہوجی استھل دہاری موضع بجاڑہی پرگنہ پنڈارج کے یہ بڑے صاحب کرامات تھے ہزارہا بھجن اور پد وغیرہ تصنیف کیے ہوئے انکے مشہور ہین اس استھل مین زمینداری وغیرہ ہے اسوقت بڑی آمدنی ہے تیس چالیس ہزار روپے آمدنی سالانہ کی کم نہین ہے اور اسوقت اس استھل مین مہنت بدیہ داس موجود ہین ـ

بابا راجارام ناگہ سادہی

استھل انکا موضع سوبھنکپور پرگنہ پچم بہیگو مین دریاے باگمتی کے کنارے پر دربھنگہ مین ہے اس استھل مین حاجتمندونکی حاجت خوب برآتی ہے باباجی بڑے صاحب کمال تھے ایک مرتبہ کوئی عورت دوپہر رات کے بعد کہ شب تاریک تھی دریاے باگمتی مین پانی بہرنے کو گئی اوسوقت بابا راجارام اپنے استھل کے صحن مین ٹہلتے تھے اوسوقت عورت سے پوچھا کہ کون ہے عورت نے خوف کہا کر کہا ہم مرد مین پانی بہرتے ہین اوسپر باباجی نے کہا کہ اگر تو مرد ہے تو مرد رہ چنانچہ وہ عورت بشکل مرد ہوگئی جب پانی لیکر اپنے گہر کو گئی اور لوگون سے یہ کیفیت بیان کی تو لوگون نے سمجھا کہ یہ کرامات باباجی کی ہے وہ عورت جو بشکل مرد کے ہوگئی تھی مع دو چار آدمیون کے اوسیوقت باباجی کی خدمت مین آئی اور قدم پر گر پڑی باباجی نے کہا کہ اگر یہ عورت تھی تو اپنے کو مرد کیون کہا تھا اسواسطے مرد ہوگئی اگر یہ عورت ہے تو پہر عورت ہوجائیگی چنانچہ وہ اوسیوقت پہر بصورت عورت کے در آئی مہاراجہ نرندر سنگہ کے عہد مین کہین سے آکر اب دریا سوبھنکپور مین رہگئے اور یہ استھل بالفعل ماتحت سنگمت موضع میناری پرگنہ بہارہ کے ہے وہ استھل بھی بڑے ایک مہاتما بابا منون رام کا ہی

بابامنون رام و بابا راجارام ایک ہی زمانے مین تھے دونون استھل کی آمدنی اسوقت تخمیناً پچیس ہزار روپیہ تک ہوگی اور بیناری کے آستھانمین بالفعل گنیش رام اس گدی نشین ہین۔

گوشائین لچھمن ناتھ استھل ناہری موضع پہراین پرگنہ ہلہنی گوپالپور

گوشائین جی برہمن متوسل تھے بیدخانہ رہتے تھے بھجن تصنیف کیا ہوا انکا مشہور عوام ہے راقم کو گوشائین جی سے ملاقات تھی لڑکپن مین انکو دیکھا تھا جوگ شاستر مین بڑے کامل گذرے ہین منجملہ اشٹانگ جوگ کے پرانایام مین بہت دخل رکھتے تھے نام و صراحت آٹھون جوگ کی ذیل مین لکھی جاتی ہے

پہلا سنجم یعنی انتظام کرم کانڈ کے اور اسکے دس انگ یعنی فروع ہین۔

دوسرا نیم یعنی عہد کرنے اور مقید کرنے کے۔

تیسرا آسن یعنی طریق نشست وقت جوگ کے اور اسکے چوراسی انگ یعنی فروع ہین۔

چوتھا پرانایام یعنی اٹکے کرنے سے خون کا جب پیدا ہوتا ہے ہر ایک تکون وقت پیدا ہوتی ہے اسکے تین انگ ہین

پانچوان پرتیاہار ضبط کرنا حواس کا اور اسکے پانچ انگ یعنی فروع ہین۔

چھٹا دھارنا یعنی حد سے زیادہ مطلب کی طرف توجہ رکھنا اور ایک ہزار چھ سو پانتر انگ دم کے تصور کو سینہ مین روکنا اور انتہا یہانتک کہ پانچ ہزار ایک سو چوراسی ماتر انگ دم کی نوبت پونچے۔

ساتوان دھیان گورو کو پرمیشر کے سمجھکر اونکا دھیان کرنا۔

آٹھوان سمادھ جب پانچ ہزار ایک سو چوراسی ماتر انگ دم کا ذکر اور رکھ روکنے دھیان کرنے کی نوبت پونچیگی تب سب خیال دنیا یعنی دل سے دور ہوجائین گے اور خودی یعنی وجود کا نقش ایک کو ٹھیرانا سمادھ کہلاتا ہے اپنے اصل سے ملجانا ہے۔

گوشائین جی کے بعد اس استھل کے گوشائین سچن ناتھ جی استھل ناہری تھے جو بعد ترولی کے اس استھان پر ہاجی پور میں گئے

یہ گوسائین جی کمہی برہمن متاہل ہین علم شاستری مین دخل بخوبی رکھتے ہین جو لوگ کرم اچھا [illegible] ہین
مزاج مین رحم بہت بڑا آدمی نامی اور مشہور آدمی ہین جوان ہین اسوقت تیس برس کے قریب عمر ہوگی
ایک استھل انکا موضع بنگاوان مین بھی ہے گوسائین جی اکثر وہان بھی مقیم رہتے ہین مسافرون اور
فقیرون کو کھانا خوب دیتے ہین یعنی سدابرت ہمیشہ دیتے ہین۔

گوسائین بیسمبر داس بیراگی چیلہ [illegible] جی استھلداری بھولکاہی پرگنہ [illegible]

یہ بڑے سدھ و نامی گرامی تھے ہزار دانہ کا بالا المشی کا ہر وقت جپتے رہتے تھے کرامتین انکی اس ضلع مین [illegible]

گوسائین سادھو رام داس بیراگی لشکری استھلداری گنگا ساگر متصل بھوارا پرگنہ [illegible]

یہ بھی بڑے صاحب کرامات تھے اس استھل مین اسوقت تخمیناً پانچ ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی ہے

گوسائین نیرنت رام استھلداری موضع مو پرگنہ بالا گنج

یہ سادھو بڑے سدھ و صاحب کشف تھے کرامتین انکی بہت مشہور ہین دو سو برس ہوئے
کہ انتقال کر گئے [illegible] مگر کا اس استھان مین رکھا ہوا ہے
سمبت سال [illegible] لکھا ہوا ہے۔

مہنت [illegible] رام بیراگی [illegible] استھلداری موضع سوپول گوڈیل پرگنہ [illegible]

یہ بڑے سادھو تھے کرامات انکی مشہور ہین مہاراجہ [illegible] سنگھ کے زمانے مین موجود تھے اسوقت اس
مین تخمیناً تین ہزار روپیہ کی معاش سے آمدنی ہوگی [illegible] آٹھ سو برس سے یہ استھان قائم ہے

رام [illegible] بیراگی [illegible] برہمن [illegible] موضع [illegible] پرگنہ [illegible] گنج

[illegible] صاحب کرامات تھے [illegible]
[illegible] والد کے گور [illegible]
فارسی و عربی اچھا جانتے تھے [illegible] مین [illegible] کے سرشتہ دار ہوئے تھے اور [illegible]

...کے ایک بنی ہی ... یہ کہ انکا معمول تھا کہ اپنے مکان سے تین کوس کے فاصلے پر گنگا جی اشنان کو ہر روز جایا کرتے تھے ایک مرتبہ بیمار ہوئے گنگا جی کے اشنان سے معذور ہوئے تب اونہون نے گنگا جی کو مخاطب کر کے یہ بات کہی کہ اے گنگا جی جب تک ہمکو قوت تھی اور صحیح تھے ہم تمہارے درشن کو روزانہ حاضر ہوا کرتے تھے اب ہم مجبور ہین اگر آپ تشریف لاوین تو ہم درشن کرین کہتے ہین کہ یہ بات اونکی مقبول ہوئی گنگا جی اپنے مقام سے ہٹ کر اونکے مکان کے پاس آئین اور اونہون نے اشنان کیا جب سے گنگا جی اوسی مقام مین ہین۔

بینی مادہو تیواری پسر رام دیال تیواری ساکن موضع منوکور

یہ بھی بڑے پنڈت نامی تھے ہمیشہ بھجن اور توجہ مین مصروف رہا کرتے تھے اہل باطن و صاحب کرامات تھے فارسی بھی جانتے تھے بھجن کا بہت شوق تھا سیکڑون بھجن انکے بنائے ہوئے موجود ہین راقم کے گورو تھے انکے وارثون مین سے ایک شخص بہاری لعل تیواری اب موجود ہین

گوشائین تارادت رام استھل دہاری موضع کمرندا پرگنہ لوانوان

یہ بھی برہمن استھل بڑے پنڈت تھے گھر کو چھوڑ کر بیراگی ہوگئے صاحب کرامات تھے انتقال کر گئے۔

گوشائین روہنی دت جہا استھلداری موضع ترولی پرگنہ برہار پور رگھو

یہ برہمن استھل تھے بیراگی ہوگئے گھر کو چھوڑ دیا پرانایام جوگ مین بڑے کامل تھے تاطمع نیز تھے۔

یہانسے کیفیت اون لوگونکی لکھی جاتی ہے جو اس ضلع مین مخدوم یا سالک اہل اللہ گذرے ہین

مخدوم سید شاہ تاج الدین ولد سید شاہ بندگی آلہ داد سید حسینی

یہ بزرگ عالی نسب عالی حسب تھے سلسلہ نسبت کا انکی بتوسط دو چار کرسی کے حضرت محبوب سبحانی سید عبد القادر جیلانی تک پہونچا ہے مخدوم شاہ نصیر الدین محمود چراغ دہلوی کے ہمشیرزادہ تھے

اونکے ساتھ نسباً و حسباً و کراماتاً کسی مخدوم یا سالک کو اس ضلع کے نسبت نہین ہے مزار سے اونکے اہل باطن آجتک فیض اوٹھاتے ہین اہل حاجت کی حاجت برآتی ہے اور احوال مین مخدوم شاہ نصیر الدین چراغ دہلوی کے کتاب آثار الصنادید مین یہ لکھا ہوا ہے کہ حضرت عبد اللہ یافعی نے حضرت مخدوم جہانیان سے طواف کعبہ مین پوچھا تھا کہ دہلی مین کون بزرگ ہین مخدوم صاحب نے جواب دیا کہ اس زمانہ مین شیخ نصیر الدین محمود سے دہلی کا چراغ روشن ہے جب سے لقب اونکا چراغ دہلوی ہوگیا اونکی اولاد مین شاہ سعادت علی و شاہ دوستدار علی و شاہ جواد علی و مولوی مرشد حسن و امیر حسن زندہ اور موجود ہین مزار اونکا چک تاجپور عرف بزرگ وار پرگنہ کسمبہ مین واقع ہے

مخدوم شاہ برکت اللہ قتال

یہ بزرگ سادات سے عالی نسب تھے ریاضت مین سابقین سے بھی دو چار قدم بڑھ گئے تھے صاحب کشف و کرامات تھے تمام اولیاے نامدارون کے ساتھ عقیدت خاص رکھتے تھے اونکے مزار سے بقایا مسلمانون کے فیض خاص جاری ہے اونکے مزار کے قریب سنگ سیاہ کے ٹکڑے رکھے ہوئے ہین اونکو عوام الناس زہر مہرہ کہتے ہین مریض لوگ اوسکو گھسکر پیتے اور زخم پر لگانے سے شفا پاتے ہین مخدوم گنج جو ایک محلہ دربھنگہ کا ہے اونکی خانقاہ کے خرچ کیواسطے بادشاہ وقت کی طرف سے بطور انعام دیا گیا تھا اور سرکار انگریزی نے بھی آخر تک قانون دوام ۱۸۱۹ء ضبط کر کے واگذاشت کیا کہ آج تک اونکے وارثونکے قبضہ مین ہے اولاد سے اونکی قاضی ظہور الدین حسین ایک شخص بڑے نامی ہوگئے اونکی اولاد مین اب شاہ ... یاسین حسین عرف شبراتی زندہ و موجود ہین اونکے گھر مین مخدوم صاحب کا خرقہ و تسبیح وغیرہ موجود ہے مزار اونکا محلہ مخدوم گنج مین ہے اونکی وفات کے زمانے کو پانچ سو برس سے کم نہین ہوا ہوگا۔

مخدوم شاہ سلطان حسین

یہ بزرگ ایک بڑے ولی نامدار تھے حسب بیان مسلمانون کے مقبول درگاہ پروردگار تھے اونکی خانقاہ کے صرف کے واسطے راجہ دیپ سنگھ پسر راجہ سیوسنگھ نے بہت بیگہ زمین دربنگہ مین نذر درگاہ کی تھی کہ ابتک اونکی خانقاہ کے قبضہ مین موجود ہے اور آگے کچھ حال راقم کو معلوم نہین مزار ونکا محلہ شاہ سوپن نیا جس دربنگہ مین ہے۔

مخدوم شاہ عبداللہ پسر مخدوم شاہ برکت اللہ قتال

یہ شیخ بڑے بزرگ تھے راقم کو معلوم نہین کہ انکی اولاد ہے کوئی ہو یا نہین لوگ کہتے ہین کہ شاہ خرم علی مختار پسر شاہ جعفر علی ساکن محلہ مفتی متعلقہ قصبہ دربنگہ اونکی اولاد مین مزار اونکا محلہ مفتی مین ہے

مولانا مخدوم سید شاہ محمد افضل

یہ بزرگ عالی نسب اعلیٰ حسب ولی نامدار تھے عالم وعامل باوقار تھے ومتوکل تھے عبادت سے سروکار تھا دوسرا کوئی کام نہین کرتے تھے جب عالمگیر بادشاہ دہلی کو ابوالحسن تاناشاہ بادشاہ دکھن سے جنگ تھی اور بارہ برس تک عالمگیر بادشاہ لڑتے لڑتے عاجز آیا تب بمشورہ وزیر اعظم واسطے استمداد کے حضور مین انکے کہ حضرت بھی اوسوقت تک دہلی مین تشریف رکھتے تھے آیا اونکی دعا سے وہ لڑائی فتح ہوئی اوسکے صلہ مین عالمگیر بادشاہ نے عرض کیا کہ ممالک محروسہ سے جو علاقہ اور مناصب وعہدے ہاے سلطانی سے جو عہدہ یا منصب یا جو اسباب اور جسقدر نقد درکار ہو قبول کیا جائے آپنے قبول نہین کیا اور جنات بھی تابع عمل تھے۔

نقل ہے کہ ایک سوداگر کی جورو کو کہ بہت خوبصورت تھی مرشد آباد سے ایک جن اوٹھا لے گیا جب وہ سوداگر آپکے حضور مین آیا تو آپنے حاضرات کی جنات حاضر کئے آپنے جورو اوسکی اوسکے حوالہ کی سوداگر کو دلوادی اولاد ات اونکی مولوی محمد مرشد حسن وسید تفضیل امام متوطن دہرم پور پرگنہ نوان پرگنہ سمرسیا میت زندہ وموجود ہین مزار اونکا اوسی دہرم پور پرگنہ نوان مین ہے بابا شاہ

کی طرف سے موضع شمس الدین پور پرگنہ سرسیا اونکی خانقاہ کے خرچ کے واسطے سرشیدن کرکے دیا گیا تھا کہ اتبک اونکے وارثون کے قبضہ مین ہے —

مولانا قاضی سید محمد اشرف

برادر خرد حقیقی مولانا سید شاہ محمد فضل کے تھے عالمگیر بادشاہ نے بعد فتح جنگ ابوالحسن عرف تاناشاہ بادشاہ دکن کے عہدہ قضای علاقہ تاجپور پرگنہ سرسیا بعد انکار کرنے مولانا مخدوم سید شاہ محمد فضل کے باصرار تمام انکو دیا تھا آدمی بزرگ و عالم اور درویش کامل تھے سید محمد مرشد حسن کامل وغیرہ اشخاص اونکی اولاد مین سے زندہ اور موجود ہین —

مولانا سید شہاب الدین

اولاد سے مخدوم سید شاہ تاج الدین اہل مزار تاجپور عرف بزرگ دوار پرگنہ کسمہ کے تھے یہ بزرگ صاحب کشف و کرامات تھے اور مزار انکا اوسی تاجپور مین ہے —

مولانا سید محمد صفی

اولاد سے مخدوم سید شاہ تاج الدین موصوف کے تھے یہ بڑے عالم تھے اپنے زمانے مین صدہا آدمی کو علم ظاہر پڑہا کے عالم بنایا اور صدہا شخص کو علم باطنی سکھلایا اور مخدوم شاہ سید تاج الدین کے سجادہ نشین تھے اتبک اونکے مزار پر کبھی کبھی رات کو شیر یا بائی آیا کرتا ہے اور تین آوازین دیکر چلا جاتا ہے کسی کو کچھ ضرر نہین پونچتا ہے آدمیون نے اوس موضع کے اوس شیر کو آتے جاتے ہوے آنکھونسے دیکھا ہے —

مولانا سید دیوان شاہ تاج محمد

یہ پوتے تھے حضرت مخدوم سید شاہ تاج الدین اہل مزار متبرک تاجپور عرف بزرگ دوار پرگنہ کسمہ کے اور یہ ایک بڑے ولی نامی و نامور اور جلیل القدر گرامی تھے مزار انکا اوسی جگہ تاجپور مین ہے —

مخدوم حضرت دیوان شاہ وزارہ اہل مزار تاجپور پرگنہ کسمہ

یہ بزرگ بڑے نامی اور صاحب کشف وکرامات ہوئے ہین اور [illegible] ہین حضرت مخدوم شہاب الدین
سہروردی پیر ومرشد حضرت مصلح الدین شیخ سعدی شیرازی مصنف گلستان وبوستان کے تھے
چنانچہ مخدوم شیخ سعدی نے بوستان مین یہ شعر لکھا ہی ؎ مرا پیر دانائے مرشد شہاب ٭ دو اندرز
فرمود بر روی آب ٭ یکے آنکہ بر خویش خود بین مباش ٭ دگر آنکہ بر غیر بد بین مباش ٭ منجملہ اونکی
کرامات کے ایک بات ہی کہ اونھون نے اپنی دعا سے اپنی بیٹی کو بیٹا بنایا تھا اور اوس لڑکے کا نام
شاہ نجم الدین تھا جب شاہ نجم الدین جوان ہوئے تو چھاتیان اونکی مثل عورتون کے بڑی بڑی تھین
اونکے پوتون مین سے شاہ غلام غوث وشاہ شیر علی وحاجی شاہ شرف الدین حسین تھے مرگئے اب شاہ
رفیع الدین حسین اونکے پرپوتون مین سے زندہ وموجود ہین اور نواسون سے اونکے شاہ سعادت علی
وسید محمد مرشد حسن زندہ وموجود ہین۔

مولانا شاہ بہار الدین احمد نقشبند اہل مزار محلہ چھٹیا ہی متعلقہ دربھنگہ

یہ بزرگ نقشبندیہ طریق مین سالک تھے کہتے ہین کہ مولانا صاحب بزور قدرت قدسیہ ہر جمعہ کو واسطے
ادای نماز جمعہ کے ہندوستان سے بیت اللہ شریف کو جاتے تھے سنہ ۱۱۱۱ فصلی مین سرہند وطن مالوف
سے دربھنگہ مین آکر مقیم ہوئے تھے واللہ اعلم بالصواب۔

مولانا شیخ محمد اسمعیل ولد مولانا شاہ بہار الدین احمد نقشبند

یہ بزرگ قدم بقدم اپنے باپ کے تھے اپنے حجرہ سے کبھی باہر نہین نکلتے تھے طوائف بازاری کو
کبھی نہین دیکھا تھا ایک مرتبہ کسی تقریب سے باہر نکلنے کا اتفاق ہوا اتفاقاً چند کسبیان حسین وجمیل کو
نفیس کپڑے پہنے ہوئے دیکھ کر متعجب ہوئے اور نہایت گھبرائے اور کہنے لگے کہ کیا قیامت آگئی
ہی کہ عورتون کو [illegible] نہین [illegible] لوگون نے عرض کیا کہ یہ سب [illegible] شرفا کی
نہین ہین [illegible] بیبیان نہین [illegible] لاحول پڑھ [illegible] کیا کہ [illegible] ہاتھ [illegible]

... کچھ اولاد انکی ... سے باہر ... مزار ان کا محلہ ... میں ... کے ہے۔

مولانا شیخ محمد جد امجد مولانا محمد اسمٰعیل

ان بزرگ میں یہ صفت تھی کہ زاویہ نشین تھے یاد الٰہی میں مصروف رہا کرتے تھے انکے خاندان میں کوئی باقی نہیں

مخدوم شاہ صوفی اہل مزار مقام ہرسنگھ پور دیوکا پرگنہ دہرور

یہ بزرگ جب ہرسنگھ پور میں آئے تو وہاں کے زمینداروں سے لڑائی ہوئی وہیں بڑا کشت و خون ہوا آخر حضرت شاہ صاحب فتحیاب ہوئے اور ہرسنگھ پور شیخ کے قبضہ میں رہا انکی کچھ کرامات راقم کو معلوم نہیں انکے وارثوں سے میر غیرت حسین و شاہ ... الدین حسین ہرسنگھ پور میں موجود ہیں ہرسنگھ پور دیوکا بجائے سولہ آنے کے تین آنے کا موضع ہے۔

قاضی علیم الدین سید علوی یا شیخ انصاری

یہ بزرگ شرفائے ... میں سے تھے دربار میں سلطان روم کے قاضی ہوئے تھے صاحب کشف و کرامات تھے ایکدفعہ کسی سوداگر کے سات جہاز طوفان میں پڑ گئے دریائے شور میں غرق ہو گئے تھے حسب التماس اس سوداگر کے قاضی صاحب نے رحم کر کے سمندر پر اعلام کیا سمندر میں ایک جزرا تلاطم پیدا ہوا دریا جوش میں آیا جب جوش دریا کم ہوا تو سیکڑوں جہاز مع اسباب خشکی پر پڑے ہوئے نظر آئے جب یہ خبر سلطان روم کو پہنچی تو سلطان نے کچھ خوف سے اپنے ملک محروسہ سے انکے اخراج ... کا حکم دیا تب سے وہ ہندوستان میں آئے شہر الور پرگنہ کسمنہ میں مقیم ہوئے موضع ... انکی خانقاہ کے ... وابستہ بادشاہ وقت کی طرف سے ... آجتک حاجی فخر الدین انکے ... مزار ... میں ہیں ... میں سے انکے شاہ سعادت علی و ... [illegible] ... سون میں [illegible]

مزار اونکا اوسی موضع منہراپور میں ہے۔

مخدوم شاہ دانیال شطاری

یہ بزرگ ایک ولی نامی وگرامی تھے مزار انکا موضع بیلا درگاہ پرگنہ سریا میں ہی اور انکی اولاد میں سے سید نور محمد و شاہ الطاف حسین وغیرہ اشخاص اوسی موضع میں زندہ و موجود ہیں۔

مخدوم شاہ عبد الرحمن شطاری

یہ بزرگ صاحب کشف وکرامات تھے اپنے وقت میں عزیز الوجود تھے مزار انکا قصبہ مظفرپور محلہ سریا گنج میں ہے۔

مخدوم شاہ ابو الفتح سرمست

یہ بزرگ بڑے ولی نامی وگرامی تھے ہر وقت کیفیت جذبیہ طاری رہتی تھی کرامات اونکی مشہور ہیں مزار اونکا موضع تنگول علاقہ حاجی پور میں ہے۔

خاص دولہ

یہ بزرگ مجذوب تھے انکا معمول تھا کہ ایک جگہ مرکر مدفون ہوتے تھے تو دوسری جگہ پر زندہ ہوکر موجود ہوجاتے تھے مگر جب آخر کو مرے تو حسب وصیت انکے مولانا محمد صفی نے اونکے جنازہ کی نماز پڑھی تب سے یہ انتقال اونکا [illegible] ہوگیا مزار اونکا موضع [illegible] پرگنہ [illegible] قصبہ [illegible] سے قریب ہی انکے مزار پر میلہ بھی ہوا کرتا ہے۔

مخدوم شاہ جلال الدین بخاری

یہ بزرگ [illegible] مزار انکا [illegible] درگاہ پرگنہ [illegible] اونکی [illegible]

[illegible]

[illegible] شاہ [illegible]

یہ فقیر تھا جسکے ... زندگی مین سیاحت کیا کرتے تھے انکی توجہ سے ... سے بندگان الٰہی کی حاجت
روائی ہوتی ہے اور انکے پاس ایک کشتی تھی جو کوئی مریض اوس سے پانی پیتا تھا صحیح ہوجاتا تھا چنانچہ
وہ کشتی آجتک انکے مجاور کے پاس موجود ہے مزار اونکا خاص دربھنگہ مین پوکھر دگھی سے جنوب
جنوبی پر واقع ہے یہ مجرد تھے انکی اولاد کوئی نہین ہے۔

حاجی حرمین

حاجی پور مین ایک مزار پختہ حاجی حرمین کا ہے وہان حاجتمند حاضر ہوا کرتے ہین اور اپنی مراد پاتے ہین

دودھیلا پیر

حاجی پور مین ایک مزار دودھیلا پیر کا ہے وہان بھی لوگ حاجت پیش کرتے ہین اور مراد کو پہونچتے ہین

مخدوم شاہ نعمت اللہ زاہدی اہل مزار مہوہ پرگنہ سریسا

یہ بزرگ میرٹھ سے مہوہ مین تشریف لائے تھے صاحب کشف و کرامات تھے ایک روز عبدالرحمن اپنے
بیٹے کو اونکی شادی کے وقت بہ سبب ملاحظہ کرنے بعض امور خلاف شرع کے بددعا دی چنانچہ عبدالرحمن
انکے بیٹے نے جان بحق تسلیم کی اونکی اولاد مین سے کچھ لوگ جا بجا مقام مہوہ مین رہتے ہین مگر شریف ہین

شاہ عبداللطیف غازی

یہ بزرگ ولی کامل تھے خاص دربھنگہ مین دریا باگمتی کے کنارے پر کالی استھان سے پچھم ایک غار مین جسکا
نام اب تک خانقاہ مشہور ہے رہتے تھے مزار بھی انکا مقام بنگلہ گدہ مین دریاے باگمتی کے کنارے پر ہے۔

مخدوم شاہ داؤد

مزار انکا محلہ بنگلہ گدہ متصلہ دربھنگہ متصل مسجد شاہ روح الغنی کے ہے آدمی بزرگ تھے حال و حکایت کچھ معلوم نہین ہے

مولانا خان محمد نقشبند

یہ بزرگ روشن کامل تھے نقشبندیہ طریقہ کی ریاضت کرتے تھے کرامات اونکی کچھ راقم السطور کو معلوم نہین

[...] نعمان محمد عرف لعل باغ میں تھا اولاد میں [...] شاہ انوار علی و شاہ اختیار علی تھے اونکے بھی مر گئے مگر شاہ اختیار علی کے ایک نواسے حشمت علی موجود ہیں۔

سید شاہ طالب حسین ولد سید شاہ کلب حسین ابن سید شاہ قدرت اللہ ابن سید شاہ محمد نجیب ابن مولانا سید شاہ قطب الدین ابن سید شاہ کبیر الدین ابن سید شاہ چندن شہید ابن مخدوم سید شاہ بہمن ابن مخدوم سید شاہ نظام الدین اہل مزار میرٹھ اولاد امام زید شہید ابن امام زین العابدین کے سید حسنی و حسینی تھے۔

شریف و عالی خاندان تھے صاحب ریاضت و کشف و کرامات تھے رات بھر شغل و مراقبہ و اوراد میں بسر کرتے تھے ایک مرتبہ دوپہر رات کو وظیفہ سے اوٹھکر شاہ واحد علی برادر علاتی کلاں سے اپنے کہنے لگے کہ ہمکو جدی شاہ محمد افضل قدس سرہ خبر دیتے ہیں کہ سید عنایت حسین برادر خرد ہمارا لاہور میں ایک مسجد کے اندر عارضہ چیچک میں مبتلا ہے اسپر شاہ واحد علی نے کہا کہ یہ سب خواب و خیال ہے کہاں شاہ محمد افضل اور کہاں تم جواب میں اونکے شاہ طالب حسین نے فرمایا کہ اس تاریخ کو لکھ رکھو جب عنایت حسین آوینگے تب تحقیق کر لیجیو چنانچہ شاہ واحد علی نے اوس تاریخ کو ایک کتاب میں لکھ رکھا بعد ایک سال کے جب حاجی سید عنایت حسین تشریف لائے تو شاہ واحد علی نے مقام مظفرپور میں جا کر دریافت کیا معلوم ہوا کہ واقع میں اوس تاریخ کو عارضہ چیچک میں لاہور میں مبتلا تھے اور نشان داغ چیچک کے چہرہ پر عیاں تھے

سید شاہ فضل حسین

سید عالی النسب والا حسب عالی خاندان تھے ہر وقت ذکر الٰہی میں مصروف رہتے تھے شغل پاس انفاس کے مشتاق تھے مزار اونکا مقام چک تاجپور عرف بزرگ دوار پرگنہ کسبہ میں قریب مزار شاہ تاج الدین کے ہے یہ بزرگ برادر خرد سید شاہ طالب حسین کے تھے۔

حافظ سید صابر حسین غفر اللہ لہ پسر سید شاہ طالب حسین

یہ باوجود عالم ہونے کے بجز ذکر و فکر و شغل و مراقبہ کے کوئی دوسرا کام نہین رکھتے تھے حافظ قرآن تھے اور قرآن کو حافظ خدا بخش عرف حافظ بھموا سپوری سے یاد کیا تھا قواعد قراءت بخوبی جانتے تھے قرآن ترتیل کے ساتھ پڑھتے تھے دربھنگہ مین بعارضہ طحال بیمار ہو کر انتقال کر گئے مزار اونکا مزار سے مخدوم شاہ برکت اللہ قتال کے پچھم طرف شاہراہ کے ہے راقم سے بھی ملاقات تھی۔

پیر دمڑیا اہل مزار میناپور پرگنہ جرمپوا

صاحب کشف و کرامات تھے آگے حال انکا راقم کو معلوم نہین ہے۔

قاضی سعد اللہ شہید اہل مزار چک خواجہ پور چکلہ رنی پرگنہ لبارہ عرف سعد پور

ایک کراماتی شہید ہین صاحب تاثیر ہین جو کوئی اونکے مزار سے مدد چاہتا ہے اوسکی مراد پوری ہوتی ہے اولاد سے اونکی شیخ ... ادر حسین زندہ و موجود ہین قاضی صاحب شریف و نجیب عالی خاندان تھے شہادت کا حال اونکی راقم کو معلوم نہین ہے کہ کسطرح شہید ہوئے تھے۔

سید محمد غوث اہل مزار بکھری بزرگ پرگنہ سریسا

یہ بزرگ بھی ایک ولی نامی تھے انکی اولاد مین سے موضع بکھری بزرگ مین کچھ لوگ موجود ہین نام اون سبھون کا راقم کو معلوم نہین۔

سید شاہ محمد ہیبت ابن سید شاہ مبارک

یہ بزرگ باہر سے تشریف لائے تھے شیخ بڑھی ساکن موضع کواڈی پرگنہ سریسا قانون گو سرکار نے انکو اپنے پاس رکھا اور تعلیم کی اور اپنی بیٹی سے شادی کر دی اور موضع دیرم پور اپنی بیٹی کو جہیز مین دیا اور تا زیست اونکا مسکن موضع دیرم پور مین قرار پایا اولاد بھی اونکی اوسی دیرم پور مین ہے یہ بزرگ صاحب کشف و کرامات تھے انکی بیٹی کی اولاد مین سے مولوی محمد محسن حسین اور سید عبد العزیز و اقبال حسین زندہ و موجود ہین اور پوتون اونکے مین سید شاہ حسین ہین

سید شاہ بایزید [illegible]

سپاہی فوج سلطانی مین رسالہ دار تھے ظاہر اسباب مین درویشی کا نہ تھا مگر تعین ہوتا تھا امیرون کی طرح پر اوقات بسر کرتے تھے جب وہ مرگئے اور جنازہ اونکا واسطے دفن کے قبر پر لے گئے تو اسقدر چنبیلی کے پھول اونکی نعش پر برسے کہ تمام قبر پھولون سے بھر گئی مزار اونکا دھرم پور مین ہے

مخدوم شاہ تاج اہل مزار مقام تاجپور پرگنہ بھور متصل الیورہ پرگنہ شاہ علی پور

ایک بڑے ولی اوس دیار مین مشہور ہین مزار اونکا بہت اونچا اور ام کی باغ مین واقع ہے آسیب زدہ لوگ دور دور سے اونکے مزار پر آتے ہین جب سامنا مزار کا اوس شخص آسیب زدہ سے ہوجاتا ہے تو فورًا وہ آسیب اوس مریض کے سر پر کھیلنے لگتا ہے آخر دفعہ ہوجاتا ہے۔

مولوی شاہ عماد الدین ساکن چک مجاہد چکلہ گرجول پرگنہ کسبارہ

صاحب دل و صاحب نسبت و شاغل و ذاکر تھے ابو العلائی طریقہ تھا مرید و خلیفہ جناب شاہ حسن علی کے تھے راجہ صاحب بتہوا اونکے شاگرد او معتقد تھے اونہین سے اونکے اخراجات کی مدد ہوتی تھی فارسی و اُردو کے شاعر تھے تخلص اونکا باطن تھا شعر صوفیانہ کہتے تھے مثنوی بحر المواج اونکی تصنیفات سے ہے اونکی اولاد مین سے مولوی برکت اللہ عرف بوتل و مولوی رحمۃ اللہ وغیرہ زندہ و موجود ہین

سید ابدال

یہ بزرگ ولی و صاحب کرامات تھے مرد شریف و نجیب تھے مزار اونکا دہوا چکلہ نئی پرگنہ کسبارہ مین مظفر پور سے دکھن و پورب گوشہ پر دو کوس کے فاصلے پر واقع ہے اونکے مزار پر ساونون کے مہینے مین ایک چھوٹا خوبصورت میلا ہوتا ہے اکثر لوگ رؤسا و عمال کچہری مظفر پور کے اوس میلے مین آیا کرتے ہین راقم بھی ایک مرتبہ اوس میلہ مین گیا ہے۔

مخدوم شاہ فیاض شطاری اہل مزار مقام نیا کسبارہ متصل موضع بکھرا پرگنہ رتی

عبداللہ شطاری کے خلیفہ تھے قادریہ شطاریہ طریقہ رکھتے تھے اور دادا اسکے مخدوم شرف الدین بہاری بن مخدوم احمد یحیٰی منیری کے تھے اور حال کشف وکرامات انکا راقم کو معلوم نہین ہے۔

دیوان شاہ علی اہل مزار جندا ہا پرگنہ سریا

سن ہجری ٦٢٢

یہ بزرگ ولی مادرزاد تھے کہتے ہین کہ ابوالفتح سرمست نے بعد ولادت کے انکو منگوا کر دیکھا اور دریا مین جاکر پھینک آئے جب وے ماں باپ مضطر ہوئے گریہ وزاری کرنے لگے تب ایک ہفتہ کے بعد خضر سے مانگ کر انکو اونکی ماں اور باپ کے حوالے کر دیا جو کچھ اونکو عرفان وعلم حاصل ہوا وہ تعلیم سے حضرت خضر کے تھا۔

شاہ غلام مصطفیٰ قادری۔

یہ اولاد مین حضرت عبداللہ بیتھی کے مین سنبھل مرادآباد سے دربھنگہ مین آئے تھے آخرش رہ گئے آدمی بزرگ ومرتاض وشریف ونجیب عالی خاندان تھے صاحب کشف وکرامات تھے مزار اونکا موضع بازید پور پرگنہ بھیم بھیگہ مین برلب دریاے باگمتی متصل گھاٹ قلعہ کے واقع ہے وارثون سے اونکے شاہ وزارت علی وغیرہ زندہ اور موجود ہین۔ شاہ غلام مصطفیٰ نے ۱۱۰۸ھ ہجری موافق ۱۱۰۵ فصلی مین اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ کے عہد مین دربھنگہ مین آئے تھے۔

مخدوم شاہ عبداللہ اہل مزار موضع نیانی یکتا پرگنہ عمادپور

یہ بزرگ ولی صاحب کرامات وپارسا تھے خاص دولہ اہل مزار مقام دامودر پور پرگنہ کسبہ سے انسے بہت محبت تھی اکثر خاص دولہ انکی ملاقات کو موضع یکتہ پرگنہ عمادپور کو جایا کرتے تھے مزار انکا بھی اوسی موضع مین ہے وارثون سے انکے شاہ عبدالجلیل وشاہ عبدالحکیم ساکنان قادرآباد پرگنہ عمادپور یا بالاگنج زندہ ہین۔

عائشہ شاہ درویش اہل مزار محلہ مولانا شرف الدین حسین دربھنگہ

یہ بزرگ درویش مجذوب تھے جو کوئی بیمار ہوتا تھا وہ کچھ مٹھائی وغیرہ کھانے کی چیز اونکے واسطے نذر لاتا تھا اگر اوس چیز کو وہ لے لیتے تھے تو اوسی وقت سے اوسکو صحت ہونے لگتی تھی یہانتک کہ وہ ریض بخوبی تندرست ہوجاتا تھا اور جس مریض کی نذر نہین لی وہ زندگی سے مایوس ہوجاتا تھا آخر کو مرجاتا تھا یہی اونکی کرامات تھی حالت جذب مین جو کچھ کلام موضوع و مہمل جانتے تھے بولا کرتے تھے راقم نے اونکو دیکھا تھا۔

یہانسے بیان اون عالمون کا ہے جو علوم عربی و فارسی و اردو کے جاننے والے ہین

اس کتاب کا منشا یہ ہے کہ کامل لوگون کا مذکور کیا جاوے باین نظر راقم السطور کچھ تھوڑے سے عالمان عربی و فارسی کے حال کو قلمبند کرتا ہے تاکہ یہ کتاب جو علم تاریخ مین ہے علمای عربی و فارسی کے حال سے خالی نرہے

مُلّا ابوالحسن

اولاد سے مخدوم شاہ برکت اللہ قتال اہل مزار مخدوم گنج متعلقہ دربھنگہ کے ایک بڑے عالم تھے دربار مین عالمگیر بادشاہ دہلی کے کسی خدمت پر سرفراز تھے زیب النسا بیگم دختر شاہ عالمگیر بادشاہ کو پڑھاتے تھے اسی سبب سے قاضی جار اللہ اونکے بیٹے کو ایک سو ایک مواضع ضلع ترہت مین التمغا ملے تھے جسکے باعث سے اونکے گھر مین ہمیشہ دولت و اقبال رہا اب وہ معاش اونکے خاندان سے زائل ہوگئی انکے خاندان مین شیخ حشمت علی عرف ملّا جاہ اور شیخ فراست علی وغیرہ بہت لوگ موجود ہین یہ لوگ شریف و عالی خاندان ہین انہین کے گھر مین موے مبارک مسلمانون نے بنوبہ کا دہر سال دوازدہم ربیع الاول کو لوگ جمع ہو کر زیارت کرتے ہین۔

مولانا ہدایت اللہ ساکن محلہ حسن پورہ متعلقہ تیرہ بادشاہ

ایک بڑے عالم جامع معقول و منقول تھے ... اعیان ... سے کے

انکے شاگردون مین سے بہت لوگ عالم بڑے صاحب تصانیف و صاحب درس ہوئے مثلا ملا ...
شرح اونکی تصنیف سے ہے اور میر زاہد کے رسالہ پر بھی انکا ایک حاشیہ ہے سنہ [illegible] ہجری مین یہ مرگئے مزار انکا
محلہ حسن چک مذکور مین ہے۔

مولوی فضل علی ساکن دربھنگہ

مرد شریف و نجیب عالی خاندان بڑے درجے کے عالم تھے فاضل نامی اور عصر مین گرامی تھے
خصوصًا علم فقہ کے بڑے محقق تھے صاحب تصنیف تھے علم صرف مین ایک رسالہ مسمی بفوائد الفیضیہ
اونکی یادگار ہے۔

مولوی شرف الدین حسین ولد مولوی سبحان الدین ساکن قصبہ دربھنگہ

ذی علم و شریف و نجیب و عالی خاندان تھے قطع نظر علوم عربیہ کے فارسی کے شاعر تھے چنانچہ
ایک دیوان فارسی تصنیف سے اونکی یادگار ہے اور ماہر تخلص کرتے تھے راقم کو کوئی شعر اونکا
دستیاب نہین ہوا اور جامع مسجد دربھنگہ کی سند متولیت منجانب بادشاہ وقت کے انکے نام سے تھی

مولوی محمد صلاح ولد شاہ غلام مجتبی ساکن قصبہ دربھنگہ

ایک عالم تھے ابتدائی عملداری مین سرکار انگلشیہ کی طرف سے مفتی عدالت مظفرپور کے تھے اور صاحب
تصنیف تھے فیاضیہ شرح کافیہ کی تصنیف سے اونکی ہے اور اشعار فارسی بھی کہا کرتے تھے تخلص
اپنا خاموش رکھتے تھے چند غزلین منتخب اونکے دیوان کی ذیل مین لکھی جاتی ہین مولوی صاحب
نے سنہ [illegible] ہجری مین انتقال فرمایا مولوی شرف الدین حسین نے تاریخ اونکی وفات کی دیکھو
رحمۃ اللہ علیہ ... لکھی ہے۔

غزل مولوی محمد صلاح متخلص بہ خاموش

عشقت بہ فلک رساند ما را — ہجرت بزمین نشاند ما را

اندوه دلی بپای جان بود — در عشق چرا که پس ماند ما را

بخت از همه دورتر نشانید — گر بار به پیش خواند ما را

شور لب لعلِ دل فروزت — در دیده نمک فشاند ما را

در راه عشق طپیدنی نیست — گو بال و پر نماند ما را

از خویش گذشته ایم خاموش — قاصد چه خبر رساند ما را

غزل دیگر مولوی صاحب در منقبت حضرت علیؑ

کار با کثرت ندارد خاطرِ والای من — جامهٔ توحید این تنگ است بر بالای من

بس که چشمم بر فرازِ کوه وحدت گریه کرد — شد بدل تا لوح نامِ حضرتِ موسیٰی من

بسکه چون منصور از وحدت نمید اندر دلم — میشود سرِ انا الحق فاش از غوغای من

بسکه عمرم صرف شد در فکرِ زلفِ گلرخان — تنگ دارد صبح محشر در دل از شبهای من

کلبهٔ تارِ من از شمعی بجا گیرد فروغ — مهر و مه گم میکند ره در شبِ یلدای من

بسکه من کسب صفا در خاکساری کرده ام — رازِ دل چون آینه پیداست از سیمای من

خاکِ راهِ خاکساری افسرِ فرقم بس است — رفعت و نازد بگردون همتِ والای من

عقدهٔ من حل نشد از ناخنِ تدبیرِ چرخ — جوهرِ فرد است گویا جسم غم پیمای من

بر سوادِ خامهٔ من هست چشمِ مهر و ماه — خاکِ پاکِ هند باشد مولد و ماوای من

طفلِ ابجد خوانِ عشقم نیست غم گر شود — صد فلاطون از تلامیذِ دلِ شیدای من

گرچه من یک قطره ام لیک از قطره هم کمترم — میزند پهلو بدریا گوهرِ یکتای من

ثبت شد تا اسمِ پاکش بر بیاضِ دیده ام — می تراود رازِ وحدت خامهٔ انشای من

تشنه سرگرم در فکرِ تمنای اردلم — آبِ حیوان می چکد در آتشِ سودای من

مولانا محمد امام شاہ ابن مولوی محمد صلاح ساکن دربھنگہ

یہ عالم المعی و فاضل لوذعی نامی وگرامی صاحب تصنیف تھے تنویر الحساب انکی تصنیفات سے ہے یہ بزرگ آدمی شریف و متقی و پرہیزگار تھے ذات انکی مرجع خاص و عام دربھنگہ کی تھی دور دور کے آدمی علم پڑھنے کے واسطے سفر اختیار کر کے اونکے پاس آتے تھے بہت لوگ اونکے شاگردون مین سے عالم ہوئے سرکار انگلشیہ کی طرف سے ابتدائے عملداری مین جب منصفی صدر دین کا لقب کمشنر تھا عہدہ منصفی پر مقام حاجیپور و دسنگہ سرائے کے سرفراز تھے راقم نے ان بزرگ سے علم عربی پڑھا تھا آپنے سنہ ۱۲۶۵ ہجری مین انتقال فرمایا تاریخ انتقال کی اونکے مولوی خیر الدین حسین متخلص برق نے یہ کہی تھی -

تاریخ

قدوۂ علمائے عالم حضرت استاد چون ۔ باصلوٰۃ و صوم شادان کرد در جنت مقام
برق آن دم سال نقلش از درون غیب گفت ۔ بود در دنیا امام و ہم بہ جنت شد امام ۱۲۶۵ھ

مولانا محمد بہرام شاہ

یہ برادر خرد حقیقی مولانا امام شاہ کے تھے متانت و اخلاق اور اعتبار ظاہری انھون نے دربھنگہ مین ایسا پیدا کیا تھا کہ مثل مولانا امام شاہ کے لوگ انکی بھی تعظیم و تکریم کرتے تھے اور خوشنویس ہفت قلم تھے راقم نے دیوان حافظ انسے پڑھا تھا آدمی ذی مقدور تھے تاریخ ۱۹ ربیع الثانی سنہ ۱۲۸۹ ہجری روز جمعہ کو انتقال کیا مولوی ابو الحسن اونکے بیٹے زندہ ہین مولوی صاحب شعر بھی کہا کرتے تھے آہ تخلص رکھتے تھے اور محمد نور الحسن اونکے پوتے عہدۂ سب رجسٹراری پر متقرر ہین اور قوم کے شریف ہین -

مولوی تفضل حسین ولد مولوی فضل علی ساکن محلہ تاجیون متعلقہ دربھنگہ

علم انکا اچھا تھا فیاض اور فقیر دوست تھے ہر وقت انکے گھر پر دس بیس مسافر و سیاح و فقیر

جمع رہتے تھے اور سبکو وہ اپنے پاس سے کھانا دیتے تھے اور انواع و اقسام سے خدمت کیا کرتے تھے مولوی صاحب کو باب نماز کچھ آمدنی نہ تھی توکل پر اوقات تھی مگر جو کچھ کہ توکل سے آتا تھا اوسکو فقرا و مساکین کی خدمت مین خرچ کرتے تھے اور بہت شریف و نجیب و عالی خاندان تھے جمعے کے دن نماز پڑھکر جس حالت مین کہ مسجد مین قرآن تلاوت کرتے تھے انتقال کر گئے اور عجیب تر یہ بات ہے کہ اونھون نے عمر طبعی پائی نہین پایا ۔

مولوی منیر الدین حسین ساکن محلہ میر منجن متعلقہ دربھنگہ ولد شاہ محمد حیات

متخلص بہ برق اولاد سے شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی کے تھے دربھنگے کے عالمون سے ایک بڑے عالم نامی گرامی تھے انکا علم بہت اچھا تھا صاحب تصنیف تھے منیف الفرائض و منیر الفتاوی و فوائد رضیہ اونکی تصانیف سے ہی مقام مونگیر مین منصفی کا عہدہ انجام کرتے تھے آدمی بزرگ تھے بوڑھے ہوکر مر گئے راقم نے انکو دیکھا تھا شریف و نجیب و عالی خاندان تھے آنکے پانچ بیٹے ہوئے معین الدین حسین و رضی الدین حسین و زکی الدین حسین و صفی الدین حسین و نعیم الدین حسین چنانچہ معین الدین حسین بگذاشت حافظ مختار الدین حسین اپنے بیٹے کے مر گئے اور مولوی رضی الدین حسین مقام موتیہارے مین چندے منصفی کرکے مر گئے اور مولوی صفی الدین حسین کہ آدمی لائق اور صاحب استعداد و شاعر و شاگرد مولوی مرشد حسن کامل کے تھے اور نعت مین شعر اچھا کہتے تھے مر گئے اب مولوی سید زکی الدین حسین و حافظ مختار الدین حسین زندہ و موجود ہین ۔

مولوی شہباز علی ساکن موضع بزرگ وار پرگنہ تشمہ

سید عالی خاندان تھے علم ظاہری بھی اچھا تھا مذہب شیعہ رکھتے تھے شاہ دوستدار علی اونکے بیٹے زندہ ہین ۔

مولوی غلام امام ولد قاضی محمد اشرف ساکن موضع دہرم پور ستانوان پرگنہ بہرا
انکو بہت بڑا علم تھا علم فقہ اپنے زمانے مین ایسا جانتے تھے کہ دوسرا انہین جانتا تھا سوای علم
فقہ کے علم فرائض و اصول کے بھی بڑے مشاق تھے آدمی محتاط و نوجوان تھے جوانی مین
قضا کر گئے اولاد اونکی کوئی نہین ہے مزار اونکا موضع دہرم پور ستانوان پرگنہ پسیا مین ہے۔

مولوی فقیر محمد ساکن قصبہ دربھنگہ

ایک نامی آدمی تھے علم و شرح ریہ کو بخوبی جانتے تھے اکثر شغل درس و تدریس علم کا رکھتے
تھے انتقال کر گئے راقم کو اونکی اولاد کا حال معلوم نہین ہے مگر آدمی شریف تھے۔

مولوی جناب علی ولد میر تراب علی

یہ ہمشیرزادے حقیقی و شاگرد مولوی امام شاہ کے تھے عالم تھے اور فرائض خوب جانتے تھے
انتقال کر گئے کہتے ہین کہ اولاد سے مخدوم شاہ سلطان کے تھے شریف و نجیب تھے۔

مولوی امیر حسن ساکن قصبہ دربھنگہ

یہ ہمشیرزادے و داماد و شاگرد مولانا امام شاہ کے تھے فقہ و فرائض و صرف و نحو مین دخل کامل
رکھتے تھے راقم نے بھی اونسے کچھ عربی پڑھی تھی جوانی مین مر گئے آدمی نیک اور شریف تھے

مولوی [illegible] حسین ساکن موضع جیور پرگنہ سہوڑہ

یہ بھی شاگرد مولانا امام شاہ کے تھے صرف و نحو و فقہ و فرائض جانتے تھے آدمی منحنی و بے
[illegible] گویا و متعزر تھے [illegible]۔

مولانا [illegible] ساکن قصبہ [illegible]

[illegible]
[illegible]

شعر بھی اردو و فارسی مین کہا کرتے تھے اور مخاص تخلص فرماتے تھے راقم السطور نے انکو دیکھا تھا راقم کے دادا کی ملاقات کے لیئے اکثر آیا کرتے تھے اور تصنیفات سے انکی کوئی شعر انکا راقم کو دستیاب نہین ہوا شریف و نجیب عالی خاندان تھے۔

مولوی سید احمد علی ساکن قصبۂ دربھنگہ

اصل رہنے والے بہار کے تھے شاہ ریاض الدین حسین کی بہن سے اونکی شادی ہوئی تھی اس سبب سے اونھون نے دربھنگے مین سکونت اختیار کی تھی علم انکو اچھا تھا مزاج مین انکے تفریح تھی مرثیہ بھی کہا کرتے تھے مر گئے۔

مولوی مقبول علی ساکن محلۂ شیر محمد پرگنۂ حویلی دربھنگہ

عالم صاحب استعداد ہین صرف و نحو و فقہ و فرائض جانتے ہین آدمی نیک اور خلیق ہین راقم سے انسے ملاقات و محبت ہی۔

مولوی علی احمد ساکن محلۂ مغلپورہ پرگنۂ حویلی دربھنگہ

یہ بھی صرف و نحو و فرائض جانتے ہین صاحب استعداد ہین و شاہ علی حبیب سجادہ نشین پھلواری کے مرید ہین۔

حکیم شیخ تہور علی قوم کمبوہ ساکن محلۂ سوداگر متعلقۂ دربھنگہ

شریف و نجیب و نامی اور آدمی فصیح و بلیغ و مقرر و گویا و ممتاز و ذی مقدور و عالی خاندان تھے علم طبابت کو بخوبی جانتے تھے اور علاج اچھا کرتے تھے صاحب اخلاق و اشفاق تھے ہر جوان و پیر و طفل سے اخلاق مساوی رکھتے تھے علم صرف و نحو و منطق و فقہ و ریاضی و نباتات و طب مین دخل کامل رکھتے تھے باپ انکے ملا فخر الدین حسین مرحوم ... ذی سلیقہ عالی تھے اور دادا بھی انکے ملا افضل علی مرحوم مرد سخی و متعبد رہے ...

... تھے بڑے متواضع و خاکسار تھے ... اونھوں نے بسبب اس بات کے کہ وضع اونکی آزادانہ تھی اور تجرد منظور خاطر تھا شادی اپنی نکی اور لاولد مر گئے اونکے مال و اسباب کا ابن علی و عنایت علی ماموں زاد و خالہ زاد بھائیوں کو اونکے ملا اون لوگوں نے آپس میں لڑ بھڑ کے اور مقدمہ لڑ کے سب کو برباد کر دیا راقم نے حکیم صاحب کو بچشم خود دیکھا تھا اور اونکی ملاقات کو کبھی کبھی جایا کرتا تھا۔

کالی کمار متر کائستھ بنگالی ڈاکٹر

شریف و نجیب عزت دار خاندانی خوش اخلاق مروت دار سلیم الرائے رحیم دل سخی قدردان شرفا میں بڑے بڑے مشکل مرضوں کا علاج کیا ہے اور کرتے ہیں اکثر لوگ انکے ہاتھ سے شفا پاتے ہیں اور بہت لوگ انکے قائل ہیں پہلے گورنمنٹ آف وارڈس راج دربھنگہ کی طرف سے اسپتال میں راج دربھنگہ کے ڈاکٹری کے عہدے پر مامور تھے مگر کسی سبب سے استعفا دیا اب دربار میں مہاراجہ لچھمیشور سنگھ بہادر کے نوکر ہیں راقم سے انسے بخوبی ملاقات و محبت ہے۔

مولوی حکیم سید محمد مرشد حسن تخلص کامل ولد سید شاہ طالب حسین ساکن دھرم پور تستا نوان پرگنہ پسارہ متعلقہ دربھنگہ

شرفا و نجبا سے اہل اسلام سے اس ضلع کے عالی درجے کے شریف و نجیب عالی خاندان ذی عزت و جلیل المرتبت میں سلسلہ انکے نسبت آبائی کا حضرت امام زید شہید ابن امام زین العابدین ابن حضرت امام حسین شہید دشت کربلا تک پہونچتا ہے اور نسبت نانہالی حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی سید عبد القادر جیلانی و حضرت مخدوم مرشد و شہاب الدین سہروردی تک منتہی ہوتا ہے مولوی صاحب ممدوح [illegible] تحقیق [illegible] معقولات و منقولات [illegible] عالم منقولات کے [illegible] خوب [illegible] زمانہ بہت [illegible] بہاری [illegible] عربیہ کی

شاگردون کو پڑھاتے ہین کیفیت تحصیل علوم کی اونکی یہ ہو کہ مولوی صاحب نے علم صرف ونحو
مولوی محمد حمید عظیم آبادی سے اور علم منطق وحکمت وفلسفہ مولانا سراج الدین لکھنوی ومولانا
واجد علی بنارسی وعلامۂ عصر مولانا فضل حق خیرآبادی سے وعلم فقہ مولوی معین الدین کڑوی
سے اور علم فرائض واصول وحدیث وتفسیر مولانا تراب علی لکھنوی سے تحصیل کیا ہو اور
حساب وریاضی کا حال معلوم نہین کہ کس سے تحصیل کیا ہو اور سوا ان علوم مذکورہ
کے علم طب کے بھی بڑے مشتاق ہین تمام کتابین علم طب کی مولانا محمد ابراہیم بن حکیم محمد یعقوب
لکھنوی سے پڑھی ہین اور سات برس لکھنؤ مین رہکر ساتھ حکیم محمد ابراہیم صاحب استاد کے مطب
کیا ہو مریضون کا علاج بھی کرتے ہین تشخیص بہت خوب ہو دست شفا بھی خدا نے دیا ہو اور نظم
فارسی دان ہین فارسی کی نثر نویسی مین انکو بڑی قوت حاصل ہو نثر رنگین وسلیس ونمکین و
مطول ومختصر جس وضع مین چاہیے بہت جلد تھوڑے عرصے مین لکھ دیتے ہین سوا ایک
مولوی صاحب اردو مین ایک شاعر بے نظیر ہین خواجہ محمد وزیر لکھنوی کے شاگرد رشید ہین
کلام انکا مثل کلام خواجہ محمد وزیر کے فصیح ومليح ومتین وشیرین ونمکین ہوتا ہو عاشقانہ ومعنی بند
دونون وضع مین غزلین کہتے ہین راقم کو انسے بہت صحبت رہی ہو اکثر شاعرون مین شریک
ہوا کرتا ہون اور شعرگوئی مین مشورہ بھی انہین سے لیتا ہون اور مولوی صاحب موصوف کی
تصنیف ہین قواعد فارسی مین ایک رسالہ مسمی بہ مخزن التفہیم وقواعد اردو مین ایک رسالہ
مسمی بہ اصول کامل وفن طبابت مین ایک قرابادین مسمی بہ معالجات ... اور ... نثر
مین ایک کتاب مسمی برحمت کامل ولغت عربی وفارسی واردو مین ایک رسالہ مسمی بہ
انیس الطالبین اور ایک دیوان غزلون کا اور ایک قصیدہ ... مین ... ہمراہ
... کی ... نعت مین حضرت ... ...

اور ابداً و صحیح سے انکے سوا قطب الدین جد امجد لٹ زمانے مین شاہجہان بادشاہ کے منصب ہفت ہزاری پر سرافراز تھے۔

غزل تصنیفی مولوی محمد مرشد حسن متخلص بکامل ہو

خیالِ زلف مین تا مجکو پیچ و تاب رہا
ختن مین چین مین تاتار مین خراب رہا

خیالِ یار جو بھولا سرشتہ اب رہا
یہ آفتاب گیا تو یہ آفتاب رہا

عوض شراب کے جامِ شرابِ ناب رہا
اس آفتاب کے بدلے یہ ماہتاب رہا

ہوئی جو شام تو اولٹی نقاب چہرے سے
غروب چار پہر روز آفتاب رہا

نہ سر کی چاند سے کمتر ہے کاکلِ شبگون
گہن مین چار پہر رات ماہتاب رہا

حرم مین دیر مین کعبے مین اور کلیسا مین
کہان کہان نہ ترے واسطے خراب رہا

کمی ہوئی نہ کبھی موج بے قراری کی
ہمیشہ بارہ یہ دریای اضطراب رہا

جیسے نہ ران کسی شہسوار کی اسپہ
مدام اہلقِ ایام بدرکاب رہا

پیا کیے وہ ہمیشہ شرابِ غیرون مین
مدام آتشِ غیرت سے دل کباب رہا

تپِ فراق سے ہر ہر رگ اپنی تڑپا کی
تمام جسم مین مثلِ دلِ اضطراب رہا

گئی نہ شامتِ بخت اپنی اپنے سر سے کبھی
ہمیشہ سایہ فگن سر پہ یہ سحاب رہا

دہانِ تنگ کی توصیف ہو سکی نہ کبھی
سوالِ یار کا کامل سے بھی جواب رہا

ودیگر

آ گیا سر تک جو دریا دیدۂ پر آب کا
بال کی بھونری پہ شک ہونے لگا گرداب کا

عکس ہو جس سے اگر قاتل دلِ بیتاب کا
ہو ترے خنجر مین عالم ماہی بے آب کا

سیرِ دریا کے لیے جاتا ہے وہ مضطرب لشکر
مردمِ آبی بجا مین دائرہ گرداب کا

باندھ دیتا ہی جھڑی رونے پہ آجاتا ہی جب — ابر بن جاتا ہے پردہ دیدۂ پرآب کا

دھوپ مین جاتا ہون سوے بحر جب مین تو اُن — مچھلیان کہتی ہین اوچھانا حباب آب کا

توسنِ عمرِ روان چلتا نہین اب ساقیا — تازیانہ لائیو موجِ شرابِ ناب کا

اشتیاقِ نامۂ محبوب مین اسے نامہ بر — رات بھر گونجا کیا نوٹین دلِ بیتاب کا

بے ترے تارِ شعاعی پر ہی شک تارِ اشک — مہرِ تابان پر گمان ہے دیدۂ پرآب کا

جلوہ گر جس وقت سے ہین آپ اے رشکِ قمر — ہر گلِ قالین پہ دھوکا ہی گلِ مہتاب کا

کم نہین اکسیر سے ترکِ ہواے مال و جاہ — کشتہ سیماب ہے مرنا دلِ بیتاب کا

غسل کو جس رات اُترا بحر مین وہ ماہ رو — ہالۂ مہتاب حلقہ بن گیا گرداب کا

اسقدر رویا کہ آخر آپ بھی رونے لگے — دیکھیے چھینٹا ہمارے دیدۂ پرآب کا

وقتِ گریہ دل جو پیکر نکلے ہمراہِ سرشک — سرمہ بنجائے سویدا دیدۂ پرآب کا

کیون ہم رویا کرین گلچین کہ بس محتاج ہے — چار گلزارِ عناصر آنسوون کی آب کا

مر گئے ہین چاند سا مکھڑا کسیکا دیکھکر — چاہیے ہمکو کفن بھی چادرِ مہتاب کا

پوچھتا ہے جب کوئی کہتا ہے ہر طفلِ سرشک — رہنے والا ہون سوادِ دیدۂ پرآب کا

جب گرے دریا پہ وہ مثلِ نسیمِ صبحِ باغ — کھل گیا اسکے لبون غنچہ حبابِ آب کا

تھی مقابر مین جو راحت بعدِ مرگ آئی گلبدن — تکیۂ مدفن [illegible] گرداب کا

ذوقِ مےخواری جو ہوگا وقتِ سیرِ آبِ جو — مانگتے [illegible]

[illegible] شب ہوا وہ شمع رو تا لبِ جو — ہوگیا روشن [illegible]

[illegible] تے مین وہ رشکِ قمر — [illegible]

[illegible] درد دل سے [illegible] — [illegible]

جیسے … دریا پہ وہ نور …
چشم میں آگیا حلقہ ہر اک گرداب کا

چشمہ … اچھلتے ہیں …
چھوٹتے ہر حوض میں فوارہ جیسے آب کا

دیگر

سبزۂ خط نکل آیا تو تماشا ہوگا
طوطی آئینۂ رخسار سے پیدا ہوگا

راگ سننے کا ترے شوق جو پیدا ہوگا
پردۂ دیدۂ مژگان کا پردا ہوگا

دیکھکر مجھکو یہ ہوجائیگی پانی پانی
بلبلا عنبل و گل پانی کا قطرہ ہوگا

مری مٹی میں بھی رونق رہیگی …
جب بخارا اٹھیگا اک ابر کا ٹکڑا ہوگا

بات کرنیکا اگر قصد کروگے … سیر
گوش گل بنکے وہن باغ میں گویا ہوگا

داستان اپنی سناتا ہوں تو وہ کہتے ہیں
ایسا افسانہ جو کہیگا تو قصہ ہوگا

درد و داد و غم و فریاد و بکا ہونگے ہم
رو تری تربت پہ مری اک نیا میلا ہوگا

تا بہ سر … آنا مرے ان کو بھی ذرا
کوچۂ گیسوئے جانان میں ٹہلتا ہوگا

… اگر حشر کو بھی
جام اک ہاتھ میں اک ہاتھ میں شیشا ہوگا

پیا … وان …
ترے سینے سے جو شبنم کو دوپٹا ہوگا

دیکھتا ہوں جو تو … مجھے
گر مری نظروں سے دیکھیگا تو اندھا ہوگا

دیکھ لیں گے تمہیں ہم چشم تصور سے صنم
غم نہیں ہمکو اگر بیچ میں پردا ہوگا

… حبشی … کا حل
بس وہی ہوگا مقدر میں جو لکھا ہوگا

مولوی شاہ احمد اللہ ساکن مظفر پور … پرگنہ بسارہ

… سید احمد شہید کے گروہ میں ہمیشہ … مولوی عبد القادر کی مسجد میں … اور لوگوں کو مرید بھی کیا کرتے

ی ذات سے مسلمانون کو بہت ہدایت ہوتی ہے۔

مولوی ابو محمد ساکن موضع بہ پورا پرگنہ بھرواره

آدمی شریف و نجیب و عالم و وکیل عدالت اکبر نگر پورے کے تھے تحریر انکی بہت زبردست تھی مرگئے انکے بیٹے مولوی نور زندہ و موجود ہین۔

مولوی سید علیم الدین ساکن موضع نگر نوتھا ضلع پٹنہ حال اقامت مکھری پرگنہ بہارہ

مولوی صاحب بڑے عالم ہین علم معقولات منقولات کو بخوبی جانتے ہین اور علم حدیث مین مولوی نذیر حسین محدث دہلوی کے شاگرد ہین آدمی شریف و نجیب عالیخاندان ہین اخلاق ظاہری انکا بہت اچھا ہے انکے اپنے گھر کی معاش جو ضلع پٹنہ مین ہے تخمینا مبلغ چار ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی سے کم نہوگی۔

حکیم سید ولایت حسین

حکیم صاحب اصل رہنے والے مقام مئو ضلع اعظم آباد کے ہین حکیم مولوی محمد یعقوب لکھنوی کے شاگرد ہین دس بارہ برس سے دربھنگے مین بذریعہ طبابت مقیم ہین طبیب ذی علم و صاحب استعداد و خلیق و مہذب ہین علاج کا بھی ڈھنگ اچھا ہے اکثر لوگ اس دربھنگے کے اونکا علاج کرتے ہین حکیم صاحب صادق علی خان کے یہان نوکر ہین دست شفا رکھتے ہین۔

مولوی شیخ عبدالعزیز پسر شیخ احمد اللہ ساکن موضع رحیم آباد تعلقہ ویزان تاجپور

علم انکو اچھا ہے معقول و منقول دونون جانتے ہین چندے بلدہ شاہجہان آباد مین رہکر علم حدیث مولوی سید نذیر حسین شاہجہان آبادی سے تحصیل کیا ہے۔

مولوی اشرف حسین ساکن موضع بھوانی پور عرف بہ پورا پرگنہ بھرواره

مرد شریف و صاحب علم و صاحب اخلاق و ممتاز و اہل روزگار تھے مرگئے برادرزادے انکے [illegible] تجمل حسین عرف [illegible] زندہ و موجود ہین۔

مولوی عبد الغفور ساکن موضع بھوانی پور عرف بھد پورا پرگنہ بھرواره آدمی شریف و نجیب و عالم با استعداد تھے لکھنؤ مین علم حاصل کیا تھا عالم جوانی مین مرگئے انکی کوئی اولاد نہین ہی۔

مولوی محمد شفیع ولد شیخ ولایت حسین ساکن موضع قاضی بھیٹرہ پرگنہ نانپور انکو بھی علم بہت اچھا ہی آدمی شریف و نجیب عالیخاندان ہین انھون نے علم معقول و منقول مولوی سخاوت علی جونپوری سے حاصل کیا ہی اور طبیب بھی اچھے ہین۔

حکیم سید تجمل حسین

اصل رہنے والے بستی بارہ کے ہین سید ہین دس بارہ برس سے مع اہل و عیال دربھنگہ مین مقیم ہین پیشہ طبابت کا کرتے ہین شیخ نجم الدین حسین زمیندار موضع بہرولیا پرگنہ بھرواره کے مرید ہین آدمی نہایت سلیم و نیک بخت و منکسر المزاج تواضع کن تواضع پسند خوش اخلاق مروت دار محبت شعار پابند وضع محب اہل بیت ہین علاج بہت جی لگا کر کرتے ہین اکثر لوگ انکے ہاتھ سے شفا پاتے ہین راقم سے انسے ملاقات ہی بیماریون مین اکثر انکا علاج کیا ہی۔

مولوی سید عبد الحی ولد سید نبی بخش ساکن محلہ میر منجن متعلقہ دربھنگہ مرد شریف و نجیب و عالی خاندان ہین علم صرف و نحو و فقہ و فرائض مین دخل رکھتے ہین اکثر منشیانہ مین اچھا دخل رکھتے ہین آدمی صاحب استعداد ہین صاحب اخلاق ہین ظاہر وضع کی ایک آزاد [illegible] ہین شعر گوئی مین مولوی سید محمد مرشد حسن کامل کے شاگرد ہین شعر اچھا کہتے ہین راقم نے مشاعرون مین اکثر شعر پڑھتے ہوئے دیکھا اور سنا ہی ذبیح تخلص کرتے ہین غزل اونکی یہ ہی۔

غزل [illegible] مولوی سید عبد الحی تخلص ذبیح شاگرد مولوی سید محمد مرشد حسن کامل

شب غم مین نہ تیرے [illegible] تا سحر ٹھہرے	اگر ٹھہرے تو ٹھہرے کوئی دم کب لی پھر ٹھہرے

نہ ازسا حسین ہمکو بتاوے کوئی گر ٹھہرے ۔ پڑی ٹھہرے کوئی یا دور ٹھہرے یا نشتر ٹھہرے
سپہر حسنِ خوبی آپ عالم مین اگر ٹھہرے ۔ تو رخسارے بھی دونون غیرت شمس و قمر ٹھہرے
مرے پہلو مین دم بھر تو اگر اسے ستمگر ٹھہرے ۔ ابھی دل کو قرار آسکے ابھی اپنا جگر ٹھہرے
غم و رنج و الم کو لے چلے ہم ساتھ ہستی سے ۔ رہ ملکِ عدم مین یہ ہمارے ہم سفر ٹھہرے
خدا چاہے تو وہ دن بھی دکھلاوے آسمان ہمکو ۔ کہ میرے گھر پہ بھی اک رات آکر وہ قمر ٹھہرے
دمِ نظارہ تہرانے لگے وہ رعبِ حسنِ عارض سے ۔ کسیکا کب تمھارے روبرو پلنے نظر ٹھہرے
ہوئے ہین ناتوان ایسے چلے جب کوئی جانانکو ۔ تو اک اک گام پر ہم ضعف سے دو دو پہر ٹھہرے
ابھی جاتے رہین دونون جو وہ رشکِ مسیح آئے ۔ نہ دردِ دل کبھی اٹھے نہ پھر سوزِ جگر ٹھہرے
جو پیری آئے تو حسنِ جوانی کیون نہ گھٹ جائے ۔ چراغِ شام کی کب روشنی وقتِ سحر ٹھہرے
نگاہِ قہر کی بوچھار ہم پر روز رہتی ہے ۔ ہمین جور و جفائے یار کے مدِ نظر ٹھہرے
تجھی کو ہر جگہ ہم نے نئے انداز مین پایا ۔ حرم مین دیر مین کعبے مین بتخانے مین گر ٹھہرے
صفائے حسن کا عالم یہی دیکھے اگر کوئی ۔ پھسل جائے نہ ہرگز روئے انور پر نظر ٹھہرے
جو او ٹھنے بیٹھنے مین اسطرح سے یہ لچکتی ہے ۔ دمِ رفتار پھر کیونکر تری نازک کمر ٹھہرے
کوئی قادر ہی کب اپنی بھلائی یا برائی پر ۔ خدا کے قبضۂ قدرت مین ساری خیر و شر ٹھہرے
اسیرانِ بلا ہرگز نہ چھوٹے قیدِ گیسو سے ۔ یہ کالا جھلنی نہ وہی جسمین عمر بھر ٹھہرے
کبھی میٹھے نہ ٹھہرے کوئی کما کر امتحان کر لے ۔ مقابل مین لبِ شیرین کے کیسے نیشکر ٹھہرے
ابھی آئے ابھی گھر کو چلے گھبرا کے کیون ایسا ۔ بنسے بولے نہ کچھ ہم سے نہ تم دو اک پہر ٹھہرے
بچائے وار سے تیغِ قضا کے روک لے اسکو ۔ تو لین بجان بجگہ ہم مول اگر ایسی سپر ٹھہرے
زمین سے لامکان تک یار کو ہم ڈھونڈھ کر بیٹھے ۔ پتا کیونکر لگے اوسکا کہین جسکا نہ گھر ٹھہرے

در دندان کی گر اونکے صفت لکھنے کوئی — تو آنسو کی طرح سیپ کے قد رانکھون مین گہر ٹھہرے

نہین ممکن کہ مضمونِ خیالِ [illegible] سخنور سے — دہانِ یار ٹھہرے یا کبھی اوسکی کمر ٹھہرے

جسے دیکھا تامل سے اوسے [illegible] عیب مین پایا — زمانے مین بہت کم قدردان و ذی ہنر ٹھہرے

ذبیح ہمکو بجا اشرِ عمل سے کیا تردد ہو — شفیعِ عاصیان جب حضرت خیر البشر ٹھہرے

دیگر

تمھین سب باغ خوبی کا گلِ رعنا سمجھتے ہین — تمھارے عاشقون کو بلبلِ شیدا سمجھتے ہین

کسی کی سرد مہری سے جو شب بھر روتے ہین — ہر اک قطرے کو اپنے اشک کے اولا سمجھتے ہین

دمِ نظارہ رخسارہ آتش ناک بنتی کو — اسی آتش کا ہم اک شمع و شعلا سمجھتے ہین

رہا کرتے ہین شاکر ہم ہمیشہ اپنی قسمت پر — قناعت کو خدا کی نعمتِ عظمیٰ سمجھتے ہین

[illegible] اسے پاک نے جنکو غنی دل کا بنایا ہی — وہ کب آنکھون مین قدر دولتِ دنیا سمجھتے ہین

تمھارے بام کو گر آسمان سمجھین تو زیبا ہی — تمھین جب [illegible] کہتے ہین چاند کا ٹکڑا سمجھتے ہین

[illegible] کو جانتے اچھا جو اپنے کو برا سمجھے — برے وہ لوگ ہین جو آپکو اچھا سمجھتے ہین

خوشی سے [illegible] غلط ہوتا ہے جب آنے کو کہتے ہین — تمھارے جھوٹے وعدے کو بھی ہم سچا سمجھتے ہین

[illegible] ہمیشہ مگر پیارے ہو نظرون مین — [illegible] کو برائی پر بھی ہم اچھا سمجھتے ہین

دہن کو [illegible] کو [illegible] دانتون کو — لبِ شیرین کو ہم اونکے شکر پارا سمجھتے ہین

[illegible] — [illegible] ہم اونکے کرم [illegible] سمجھتے ہین

[illegible] — [illegible] سمجھتے ہین

[illegible] — [illegible] سمجھتے ہین

[illegible] — [illegible] سمجھتے ہین

خطا کرتے ہین کہتے مشک اذفر ہین جو گیسو کو
غلط سمجھے ہین وہ جو عنبر سارا سمجھتے ہین

برابر کون موزون طبع ان دونو نکو لکھتا ہے
قد بالا کو سرو باغ سے اونچا سمجھتے ہین

خدا نے کیا ہی نورانی بنایا اُنکے پیکر کو
سراپا ہم بتون کو نور کا پتلا سمجھتے ہین

حسینان جہان ہر دم جو تیرے گرد رہتے ہین
تجھے ہم چاند اونکو چاند کا ہالا سمجھتے ہین

جواہر خانۂ قدرت کا او بت اپنے خالق کے
لبون کو لعل تیرے دانت کو ہیرا سمجھتے ہین

جوان ہونے پہ شعلہ بن کے عالم کو جلاؤ گے
تمھین بچپن مین سب آتش کا پرکالا سمجھتے ہین

زمین و آسمان کا فرق ہم پاتے ہین دونو مین
رخ انور کے آگے مہر کو ذرا سمجھتے ہین

سوے گلزار ہم مے نوش جب نشے مین جاتے ہین
گل لالہ کو ساغر سرو کو مینا سمجھتے ہین

ادا سے دیکھکر منہ وہ چھپا لیتے ہین [illegible]
ہمین جب [illegible] شیدا [illegible] زیبا سمجھتے ہین

مولوی عبد الودود دلبر مولوی عبد الحکیم [illegible]

یہ جوان خوشرو و خوش پوشاک و صاحب استعداد مجرد [illegible] زبان عربی [illegible] جانتے مین آدمی خلیق و سلیم الطبع و محمود الوضع ہین شعر بھی کہا کرتے ہین مولوی [illegible] کامل کے شاگرد ہین بسمل تخلص کرتے ہین تھوڑا عرصہ ہوا کہ امتحان دیکر سند [illegible] منصفی کی حاصل کی ہے۔

غزل لطیفی مولوی عبد الودود دلبر [illegible]

نشیلی آنکھون مین سرمہ لگا کے اٹھتے ہین
وہ آج فتنۂ محشر جگا کے اٹھتے ہین

سوال بوسہ پہ وہ منہ بنا کے اٹھتے ہین
[illegible] اٹھتے ہین

بھی تو زیر قدم [illegible] فرشتے نورانی
تمہاری [illegible] آنکھین [illegible] اٹھتے ہین

[illegible] آرزو [illegible]
[illegible] اٹھتے ہین

وہ تار گیسو ... / وہ بے سبب ... تیور کی ...

کبھی شب آتی ہے شمع رو او سحر کو بھی
کہ روز شام سے ہم لو لگائے بیٹھے ہین

کمان دست دعا کا ہے ہر گھڑی ان کو
ہم اپنی زیست سے یان ہاتھ اوٹھائے بیٹھے ہین

او نہیں بخیر و تکو و دگر سے سنبل خلد
جو اون کے کوچے مین دھونی رمائے بیٹھے ہین

او پھر بھی ہاتھ کوئی چھوڑ دے سر ہی کا
کہ ہم بھی دیر سے گردن جھکائے بیٹھے ہین

بہ سنگ بوسے سے دم بھر مین ہم چھڑا اونگے
عبث وہ پان کا لاکھا جمائے بیٹھے ہین

کسی کے خون جگر پر ہے اونکا دانت غرض
جو لب پر اپنے وہ لاکھا جمائے بیٹھے ہین

لگے لپٹنے کے جھوٹے اشارے ناحق مین
امید وصل سے ہم ہاتھ اوٹھائے بیٹھے ہین

کسی کے خانہ زنجیر مین ہے کیسا ماتم
کہ آپ سوگ مین زیور بڑھائے بیٹھے ہین

اوٹھو جنازہ عاشق کو تم بھی دو کاندھا
کہ لوگ اوٹھانے کو اوسکے آئے بیٹھے ہین

کبھی تو دامن پاکیزہ چھوٹے ... حضور
ہم اپنے خون جگر مین نہائے بیٹھے ہین

شب وصال یہ کیون موج شوق گھٹ گئی گیا تو
دو لائی اوڑھے ہوئے منہ چھپائے بیٹھے ہین

وہان اوڑاتے ہین ہولی مین وہ عبیر و گلال
ہم اپنے سر پہ یہان خاک اوڑائے بیٹھے ہین

یہان تو فکر ہے غسل و کفن کی عاشق کے
وہان بدلتے ہین کپڑے نہائے بیٹھے ہین

شب فراق مین کی ہے جو موت کی دعوت
چراغ داغ جگر ہم جلائے بیٹھے ہین

فرشتگان اجل بھی ہین شوق حیران ہین
نہ آئین آپ کہ لینے پہ آئے بیٹھے ہین

سنا ہے کو ... غزل تم بھی جا کے اے بسمل
کہ لوگ بزم مین مشتاق آئے بیٹھے ہین

دیگر

کیا تھا عشق کیا تھا وصل سمجھکر
جو سمجھتا تھا ہر اب ہی ... سمجھکر

مسیحا بھی نخاک پر جاکے بیٹھے | ہمارا عارضہ مشکل سمجھکر
نظر آیا جو نقش پاے دلبر | لپٹ کر روے پنا دل سمجھکر
نکیلی وضع جسکی دیکھتا ہون | لپٹ جاتا ہون مین قاتل سمجھکر
تڑپتے برق کو دیکھا جو اوسنے | چھپائی آنکھ میرا دل سمجھکر
کہیگا حشر مین کچھ خون ناحق | لگانا تیغ او قاتل سمجھکر
جو دیکھی حشر مین خلقت کی کثرت | مین دوڑا کوچۂ قاتل سمجھکر
تلاش یار مین آئے عدم سے | جہان کو صورت محفل سمجھکر
کوئی جب توڑتا ہے غنچۂ گل | مین رو دیتا ہون اپنا دل سمجھکر
کہین رہوا انہو چھینٹون نے قاتل | تڑپنا خون مین و بسمل سمجھکر

مولوی فضل حق ساکن موضع چھپرا تولہ غوث نگر پرگنہ حاجیپور

مرد شریف مین قوم کے شیخ ہین مولوی سید مراد علی بہادر بھاگلپوری کے مرید ہین علم صرف نحو و فقہ جانتے ہین عہدہ پیشی ججی پر بمقام بھیرم کے معمور ہین آدمی خوب ہین شغل و مراقبے مین مصروف رہتے ہین

مولوی سید عبدالرحمن ساکن موضع چوریار پرگنہ بسارہ

نجیب و شریف و صحیح النسب قوم سادات سے ہین علم صرف و نحو و فقہ و حدیث و تفسیر جانتے ہین اور یہ مرید اور شاگرد ہین مولوی منیرالدین حسین کے اور برادرزادہ ہین مولوی سید امداد علی خان بہادر بھاگلپوری کے اور عہدۂ منصب ججی پر بمقام بارہ کے سرفراز ہین آدمی صاحب علم و صاحب استعداد ہین اور عربی و فارسی دونون زبانون مین شعر کہا ہے مین قصیدے عربی کے اونکی تصنیف سے دیکھے گئے ہین

مولوی حکیم شیخ شرافت علی ساکن موضع [illegible] پرگنہ [illegible]

بانہ باستعداد تھے علوم متداولہ مین دخل رکھتے تھے طبیعت شگفتہ تھا اور درس دیا کرتے تھے تمھدی کی مسجد مین وعظ بھی کہا کرتے تھے بیمارون کے علاج سے اپنی اوقات گذاری کرتے تھے قوم کے شیخ تھے آخر عمر مین بابو پیسیری پرشاد نارائن سنگہ زمیندار نرہن کے دربار مین نوکر ہوگئے تھے مرگئے —

ملا محمد علی ساکن موضع سیسو پرگنہ پنڈارچ

یہ عالم منطقی و فقیہ مین متقی و نمازی و پرہیزگار مین توکل پر انکی اوقات ہے علم اچھا ہے آدمی کم سخن مین —

مولوی الہداد ساکن موضع سوول پرگنہ کسمہ

ایک اچھے عالم ہین مدرسہ عالیہ مقام کلکتہ کے مدرس ہین اور وہین منشی الٰہی بخش پیشکار سابق صدر دیوانی کی بیٹی سے شادی کرکے رہگئے ہین —

مولوی محسن علی پسر منشی غلام یحییٰ ساکن خیرجک پرگنہ بلکی

انکو بہت بڑا علم تھا مولوی فضل حق خیرآبادی سے لکھنؤ مین علم معقولات پڑھا تھا بعد اوسکے حرمین شریفین مین جاکر چندسے مکہ و مدینہ سے بھی علم حاصل کیا تھا اور بھی مصر تک جاکر علمای مصر سے علم حاصل کیا آدمی جوان تھے اور نہایت ذہین و فطین و محقق و مقرر تھے عارضہ جنون مین مبتلا ہوکر یک بیک کنوین مین گرکر مرگئے —

میر نعمت علی ساکن محلہ الہ سیتاپت متعلقہ دربھنگہ

یہ آدمی شریف تھے نیک اور صاحب اخلاق تھے فن شاعری سے شوق رکھتے تھے کچھ فارسی کچھ اردو دونون مین شعر کہتے تھے نیازی تخلص کرتے تھے اکثر اوقات صحبت مین مولوی مرشد حسن کامل کی انکو دیکھا تھا ایک تاریخ مکان زیارت گاہ موے مبارک پیغمبر کی جسکو

[illegible] مین جسیحی موضع بریول مین بنایا تہا [illegible]

تاریخ مکان زیارتگاہ موے مبارک تصنیفی میر نعمت علی متخلص نیازی

چو نجم الدین بنا کرد این مکان را	زہی نیک جای فیض بہر ما مین
نیازی این گل تاریخ جستہ	زیارتگاہ موی احمد ست آمین

حکیم آغا علیخان ساکن مظفرپور چکلہ نی پرگنہ لبارہ

اصل رہنے والے لکھنؤ کے ہین مگر ایک مدت سے مظفرپور مین رہتے ہین اور یہین کے ہو رہے ہین طبیب صاحب استعداد مین بڑے حکیم کہلاتے ہین علاج کرنے کا طریقہ بہت اچھا ہے اصول سے علاج کرتے ہین اونکے علاج سے لوگ شفا پاتے ہین صرف و نحو و منطق و علم طب جانتے ہین صاحب اخلاق و مروت ہین مگر عوام کے معالجے کی طرف کم رکہتے ہین چیدہ چیدہ آدمیونکی دوا کرتے ہین مذہب شیعہ بلا تعصب رکہتے ہین اونکی کوئی اولاد نہین ہے آدمی صاحب مقدور ہین —

حکیم سید نوازش علی پسر حکیم سید سلامت علی سابق صدر امین مظفرپور ساکن مظفرپور

یہ بھی طبابت کرتے ہین آدمی صاحب استعداد و صاحب شعور ہین کبر و نخوت سے دور ہین علاج کرنے کا ڈہنگ اچھا ہے طامع نہین ہین اخلاق کا رنگ اچھا ہے معالجے سے اوقات گذاری ہے مذہب شیعہ رکہتے ہین علم معقول لکھنؤ مین پڑھا تھا اب میلان طبیعت کا اونکی طرف تصوف کی ہے

حکیم محمد حاجی ساکن چکلہ نظام چکلہ گہول پرگنہ لبا

بسبب تجربہ کار ہین بالفعل مظفرپور مین طبابت کرتے ہین اکثر مریض اونکے علاج سے شفا پاتے ہین طبابت سے تخمیناً چارسو روپیہ ماہوار کی آمدنی اونکے پاس ہے تو وہ مقدور ہزار روپیہ کی آمدنی کی طاقت رکہتی مگر بسبب فضول خرچی بدمذاقی کارخانہ کوئی [illegible]

علم اونکی اولاد ورثہ کو نہ پہونچا وہ متانت مین شہرہ ہین و عالیخاندان مین حکیم شاہ محمد کی حسن
کریم چچا کے قرابت دار ہین مذہب سنت جماعت رکھتے ہین۔

منشی سمبودت کایستہ اشٹہانا ساکن موضع موسالو پرگنہ بلیا

مرد شریف و نجیب عالی خاندان تھے علوم عربیہ و فارسیہ سب کچھ جانتے تھے اپنی برادری مین طاق تھے منشی گیری مین شہرۂ آفاق تھے راجہ پیارے لال عظیم آبادی کے شاگرد تھے دربار مین مہاراجہ چیتر سنگہ بہادر کے نوکر تھے مرگئے راقم کو معلوم نہین کہ اونکے وارث ہین یا نہین

لالہ بودہ سین سنگہ کایستہ اشٹہ ساکن کیر چکیت پرگنہ لوریب بہکو متصل بہوروا

بڑے صاحب علم تھے سیکڑون ہندو اور مسلمان اونکے شاگرد تھے مرد شریف و نجیب تھے اونکی ذی علمی کا حال راقم نے اپنے دادا سے سنا تھا اونکے وارث لوگ موجود ہین کچھ کچھ پڑھے ہوئے ہین۔

لالہ گوپال لعل کایستہ اشٹہ ساکن موضع رحمت پور پرگنہ سیر بلیا

مرد شریف و نجیب تھے علم فارسی مین بڑے صاحب استعداد تھے ہر وقت درس و تدریس کتب فارسی سے شغل رکھتے تھے بڑے فیاض تھے شاگردون سے اونکے کوئی جاہل نرہا اونکے سات بیٹے تھے اور موضع رحمت پور کے مالک تھے خوش اوقات تھے کسی کے محتاج نہ تھے اور اطراف و جوانب کے لوگ اونکی عزت کرتے تھے جو

وارث اونکے موجود ہین۔

تیسرا حصہ

ترہت کی زمین نہایت سرد ہوا گرمی کی فصل مین پھاگن کے مہینے سے ابتدا گرمی کی ہوتی ہے اور روز بروز بڑھتی جاتی ہے چیت کے مہینے تک کچھ گرمی اور کچھ سردی دونونکا اثر رہتا ہے بیساکھ مین گرمی زیادہ پڑتی ہے مگر شب کو کسیقدر سردی محسوس ہوتی ہے کہ حاجت ایک دولائی یا چادر کے اوڑھنے کی ہوتی ہے جیٹھ مین گرمی زیادہ ہوجاتی ہے سردی کا اثر باقی نہین رہتا ہے مگر ایسی گرمی نہین ہوتی ہے کہ تحمل نہو سکے اور اس ضلع مین لو نہین چلتی مگر کبھی کبھی آندھی آتی ہے اور کچھ پانی بھی برستا ہے اولے بھی گرتے ہین ابتدا اساڑھ سے پانی برسنے لگتا ہے بجلی کڑکنے لگتی ہے بادل جھوم جھوم کر گھر آتے ہین تالاب اور پوکھرے اور چور اور گڑھے بھر جاتے ہین دریاؤنکو خوب جوش آتا ہے گھر سے باہر نکل کر جدھر آنکھ اوٹھائیے عالم آب نظر آتا ہے ساون بھادون مین ہفتہ ہفتہ تک جھڑی لگتی ہے رات دن پانی برستا ہے گھر سے باہر نکلنے کی ممانعت نہین ملتی کنوار مین

برسات کا خاتمہ ہو جاتا ہو تو تھوڑا مختصر۔ بلکہ پانی بہت کم برستا ہو تو کمترین برسات کا اثر باقی نہیں رہتا ہی جاڑے کی آمد ہوتی ہے تو اس ضلع میں خوب ٹھنڈا کا جاڑا پڑتا ہے بسنت پنچمی سے فصل بہار کی آمد ہوتی ہی درخت۔ نئے نئے شگوفہ لاتے ہیں تمام ملک سرسبز نظر آتا ہے آب و ہوا یہاں کے رہنے والوں کے واسطے موافق ہی تپ لرزہ و حال میں اکثر لوگ بیمار ہوتے ہیں یرقان اور تپ دق و سل کی بیماری بہت کم ہوتی ہی امراض بائو و بیان اکثر ہوتے ہیں اس ضلع میں آدمی عاقل و دانشمند و ذہین و بیوقوف خوبصورت و بدشکل توانا و ناتوان زور آور و کمزور ہر قسم کے پیدا ہوتے ہیں اشراف اس ضلع کے اردو بولتے ہیں مگر اردو انکا قاعدوں کے مطابق صحیح نہیں ہے مذکر کو مونث و مونث کو مذکر سوائے اسکے اکثر الفاظ اہل زبان کے محاورے کے خلاف بولتے ہیں مگر خاص خاص لوگ مستثنیٰ ہیں اور دیہاتی گنواری ہندی اور پنڈتان متحمل اور کایست متحمل ایک قسم کی ہندی جو اکثر الفاظ اور تربیت کی خاص ہندی سے ملی ہوئی ہے بولتے ہیں۔

گنواری ہندی کی مثال

ایہہ نک کے نام تیسنک کون گام گھر اچھ کمائی کا جاب ہیت آپ اچھی کردن

متحمل کے پنڈت و کایست متحمل بولی کی مثال

اپنیک کی سگیان ٹھیک کتی ابستہت تھک کون کار دیکھ بہت اہلون اچھ

اپنے کہیا ذہر بہت

کس قسم کا غلہ اس ضلع میں پیدا ہوتا ہے

اردو شالی · جو · مسور · گیہون · ارہر · ...

... · گہوں · ماتا پا · ... · مٹر · جوار

ماش چنا بھٹ دانس گینجد یعنی تل کورتھی خشخاس

سرسون مڈوہ گیہون میتھہ سجے رائی توریلی

مگر وہان جوبد ازاوقات اس ضلع کے آدمیون کا ہے عموماً سب جگہہ وخصوصاً پرگنات اعلی پور ونار دیگر دجربل و بریل وہائی وبجہور ودہرورہ وہاوی وعلاوہ ایکی علاقہ مین کثرت سے ہوتا ہی اور بہت تہوڑی محنت سے پیدا ہوتا ہے اور پانی سے سینچنے کی اکثر مقامون مین حاجت نہین ہوتی ہی اور مڈوہ جو بد ازاوقات غریبون کا ہے اس ضلع کے پرگنات سرلیا دبارہ وکسمہ دجاکھر وجرہوا ومرواہ خورد وکلان مین زیادہ ہوتا ہے علی ہذا القیاس جوار کلان یعنی مکی بھی انھین پرگنات مین جہان مڈوہ ہوتا ہی زیادہ پیدا ہوتی ہے اور سوائے غلہ کے اس ضلع کے پرگنات سرلیا ولیا دہاجی پور کے علاقہ مین شکرقند سوتھنی آلو خشخاش تماکو کثرت سے ہوتے ہین اور تماکو قیمتی اجناس مین سے مشہور ہے اور اس ضلع مین زراعت نیل کی بہت کثرت سے ہوتی ہے بہت کوٹھیان نیل کی ہین اکثر زمین مزروعہ جسمین غلہ بخوبی ہوتا تھا وہ نیل کی زراعت مین درائی ہی اس سبب سے کاشتکاری کرنے والونکو اچھی زمین جسمین خوب غلہ ہوسکے میسر نہین آتی ہے بدانست راقم وجہہ گرانی اور قحط کی اس ضلع مین سوائے اسکے اور کوئی نظر نہین آتی ہے۔

کیفیت اقسام میوہ جات

آم	کٹہل	بیل	شفتالو	[illegible] ریوڑی	ناشپاتی
لیچو	گلاب جامن	انار ترش و شیرین		شریفیا	کھرنی
پھالسا	بیر	نارنجیا یعنی ناریل	کرونده	پنیالا	بڑہل

عباسی   الچمی   شفتالو   پپیتا   امرود   انناس ناشپاتی

کیلا   انجیر   سیتاپھل   انناس   کیولا   نارنگی

شربتی   کرنا   مٹھا لیمون جسکو چکوترا بھی کہتے ہین   سپاری   امرت

لیمون کشمیری   لیمون کاغذی   خربزہ   تربز   پھوٹ   کمرکھ

کثرت سے ہوتی ہین مگر آم یہان کے میوون مین نہایت عمدہ اور انواع و اقسام طرح کے ہوتے ہین ہر آم ذائقہ و رنگ و بو و صورت مین مختلف ہوتا ہے کوئی میٹھا و کوئی پھیکا و کوئی ترش کسی سے کافور کی بو اور کسی سے گلاب کی بو اور کسی سے کیوڑے کی بو آتی ہے کوئی سرخ اور کوئی سبز اور کوئی زرد اور کوئی سفید و سیاہ اور کوئی ملیار رنگ کا ہوتا ہے ایک چھٹانک سے ڈیڑھ سیر تک کا بعض آم ہوتا ہے اس ضلع کے آدمی آم کے نہایت قدردان ہین ایک آم جسکو مہاراج پسند کہتے ہین وہ بھی نہایت نفیس اور عمدہ ہے کافور کی بو اس سے آتی ہے اور ایک درخت مین تین قسم کا آم ہوتا ہے زرد اور سرخ اور سبز اور شیرینی مین بتاشے شیرینی مین قند و نبات سے زیادہ میٹھا ہے اور زیادہ تر صفت اس آم کی یہ ہے کہ پکا ہوا پھل اسکا بہت مدت تک رہتا ہے جلد اسکی سیاہ ہو جاتی ہے مگر اندر سے سخت و شیرین اپنے ذائقہ پر قائم رہتا ہے۔

کٹہل [illegible] نہایت فربہ اور نفیس ہوتا ہے [illegible] [illegible] ایک قسم کا ہوتا ہے۔

کیفیت اقسام [illegible]

دھان   ارہری   ایرا   گنا   کتارہ   بجہرہ [illegible]

اور ایکھ کے پونڈے سفید و سیاہ بھی امیرون کے باغ مین لگائے ہین بہت اچھے ہوتے ہین گڑ یہان کثرت سے بنایا جاتا ہے مگر اوسکے بنانے مین ایسی بے احتیاطی کیجاتی ہے کہ نہایت تلخ و سیاہ ہوجاتا ہے اور رنگ اونکے گڑ سے بیشک خراب ہوتا ہے شکر یہان بہت اچھی ہوتی ہی اور ابھی یہان بنتا ہے اور اچھا ہوتا ہے چینی یہان کچی ہوتیکی یعنی سرخ وسفید دونون قسم کی بہت کثرت سے بنائی جاتی ہر بڑے بڑے گودام چینی کے خاصکر ضلع دربھنگا وسب ڈویژن مدہوبنی کے ہین مصری بھی یہان بنتی ہے مگر کالپی کی ایسی مصری نہین بنتی مٹھائی اس ضلع مین بہت اچھی بنتی ہی جسکی تفصیل لکھی جاتی ہے

کیفیت اقسام شیرینی

جلیبی	لڈو چند اقسام کے	گلاب جامن	بتاشا	دربہشت
یعنی برفی	الائچی دانہ	اندرسا کھجلا پیڑا	منڈا	گھیور
چھینا بڑا	رس گلا	بوندیا	انگور دانہ	امرتی ریوڑی
شکرپارہ	مونگوا	تاج خانی	لونار	[illegible]
سگے	دہ بڑا	لائی	کنتی	کھجولی کے لڈو لڈوری ۔

اور اس ضلع مین از قسم ترکاری بہت چیزین ہوتی ہین ۔

کیفیت ترکاریونکے اقسام کی

گاجر	مولی	شلجم	پھول گوبھی	اول گوبھی ڈوال
کرونکا	سلاو	بیگن	سیم	کھیرا چچینڈا
رام تورئی جسکو بھنڈی بھی کہتے ہین		ترتزی یعنی کھیرا	ڈوال	کوہڑا

جسکو کہیں پہاڑی بھی کہتے ہیں کدو ریری مِیٹھا جسکو موبج کو حلوہ بھی کہتے ہیں
کریلا کیلا لہسہ امرتی ککڑی آلو پلول
کھیرا تروئی کیچ چچینڈل گورمی ٹیکونی اور
ساگ بھی بہت قسم کے ہوتے ہیں۔

کیفیت ساگ اور سبزیون کی

چولائی کرمی۔ لونی گدھاری تھرمسا خرفا
نونئے ٹھوا سرسون کا ساگ سرہنجی لال ساگ
باندھو ساگ پالک کوسم میتھی سویا چنسو
چندسنئے سفید گدہ پورنیا لونا جھلا تھوا چینڈنا۔
یہ بات قابل یاد رکھنے کے ہی کہ سفید گدہ پورنا کا ساگ اکثر کھانے سے آنکھ کی روشنی
مین ترقی ہوتی ہی آزمودہ اور مجرب ہے۔

کیفیت ابازیر یعنی مصالح معمولہ و مستعملہ کی

دھنیان لہسن پیاز سفید و سرخ ہلدی ادرک سونف
زیرہ سفید و سیاہ مرچاسے پودینہ گندنا۔ تیزپات
اور مرچ سیاہ اور لونگ و الائچی خورد و کلان اور دارچینی اور ستاھون سے آتی ہین
اور اس ضلع مین پھولون کے قسم سے بہت پھول ہوتے ہین۔

کیفیت پھولون کے اقسام کی

رائے بیل نیوی بیلا موتیا چنبیلی سفید و زرد جوہی گلاب
سیوتی سوسن نرگس مولسری بھالسری مالتی

اپراجتا خوشبو گل تیاپذر کنول ہارسنگار گیندا جعفری

چمپا اندر کنول جسکو سوگندھ راج بھی کہتے ہین اگست اوڑھول سفید

اوڑھول سرخ جھومکا کیوڑا دوپہریا سورج مکھی گل مخمل

گل نوبیان جٹا دھاری گل داؤدی گل الائچی گل عجائب

عشق پیچا لجالو گل کسم گل [illegible] کیتکی کوہ ور تیا

گل مہدی روپ منجری ۔ سوا اسکے انگریزی پھول کئی قسم

کے باغچون مین لوگون کے موجود ہین مگر کسم کو کسان لوگ اپنے کھیتون مین بوتے ہین

اور پھول اسکا کپڑا رنگنے مین کام آتا ہے اس ضلع کی عورتین اس کے پھول سے رنگے

ہوئے کپڑے کو بہت پسند کرتی ہین اور واقعی مین بہت اچھی چیز ہے امیر و غریب کو

تیسری اور ہارسنگار اور گیندے کا پھول بھی کپڑا رنگنے کے کام مین آتا ہے ۔

اس ضلع کی زمین نشیب اور تالاب مین جہان پانی سال بھر رہتا ہی کھانا کثرت سے پیدا

ہوتا ہی یہان سے دور دور کے شہرون اور ملکون مین بیوپاری لوگ لیجاتے ہین اور نفع

زیادہ اوٹھاتے ہین اور زمین نشیب مین سنگھاڑا اور کسیرو چچینڈا یہ عمدہ و مزہ دار چیزین بہ

پیدا ہوتی ہین ۔

کیفیت جانوران وحشی کی

اس ضلع مین جانوران کی قسم سے گائے بیل بھینس

بکری خصی گھوڑا گھوڑی میڈھا کتا بلی گیدڑ

بھیڑ یا یعنی ہونڈار گدہا سور خرگوش کثرت سے

پیدا ہوتے ہین مگر اس ضلع مین عمدہ اسپ [illegible] جگہ [illegible] گائے بھینس [illegible] عمدہ پیدا

ہوتے ہین نذور دور کے تاجر یہان سے خرید کر کے لیجاتے ہین اور یہ بڈھا پرگنہ نانپور علاقہ سب ڈویزن سیتامڑھی کا بہت اچھا ہوتا ہے علی ہذا القیاس گھوڑا گھوڑی بھی اس ضلع مین عموماً سب جگہ و خصوصاً سرسیا پرگنہ مین بہت بہتر و چالاک خوبصورت قدم باز جاندار ہوتے ہین اور آب و ہوا پرگنہ سرسیا کی گھوڑون کے لئے بہت مناسب واقع ہے چنانچہ اصطبل سرکاری بھی مقام پوسا پرگنہ سرسیا مین جو مظفرپور سے دکھن پورب واقع ہے بنے ہوئے ہین دوسرے سال مقام پوسا کے اصطبل سے بہت جانور طیار ہو کر اور ضلع مین بھیجے جاتے ہین اور موضع اختیار پرگنہ بیرا مین شکاری کتے بھی ہوتے ہین ـ

کیفیت اون جانورون کی جنکو لوگ شوق سے پالتے ہین

اس ضلع مین اون چڑیون کی قسم سے جنکو لوگ شوق سے پالتے ہین اور اونکا تماشا دیکھتے ہین ـ

بٹیرا	دہیل	طوطا	لال	بلبل		
بٹیر	مرغ	کبوتر	ہدہد	تیتر	بیا	چیٹی
سیرچ	کویل	بھوجنگا	مینا	کھنجن	فاختہ	قمری
بھنگراج	سرولی	شکرخورا	پنک جسکو پروی بھی کہتے ہین			پپیہا
سہنک یعنی نیلکنٹھ ـ	طاؤس	بط	خونٹی			شامان

کیفیت جانوران شکاری جنکو لوگ واسطے شکار کے پالتے ہین

لگر جگر	شاہین	شکرا	جرہ	باسا	بہرکٹا	باز
	کوہی ـ	دلیسر	دوتی	تری بچہ		باسین

کیفیت [illegible]

کنکاری سونڈو گیبر کوڑیر گوتار لوہا سارنگ گھونگھل
دابل گیری چیچ ڈیگھونچ سیل لال سر گرگڑا
سلی کرمان مہوکھا ہاریل گنجشک خانگی و صحرائی بالوی
سرخاب بگلا بن کھرکھر تیتر کبوتر فاختہ
جھلا جسکو کسیا بھی کہتے ہین مینا گودیا بن مرغی چاہا ادھاری
چاہا کسیرہا چاہا بھرکھا چاہا سرگین چاہا ٹھیری چاہا سنجیل
چاہا گونبار چاہا پھلکا چاہا ٹسواری چاہا ردلی چاہا گھڑا
چاہا نگرہا چاہا پٹ سری بوتر ٹوکری جیہور کھبرا
مجیٹھا کابور واق طکیل ڈومر ارون بنجرم
سنکھار اسی کو سکچور بھی کہتے ہین کلنگ کرکرا تیجہا چینی رو
چرس بگلو مگر مرغ و بن مرغی اور بگلا و مینا و فاختہ اور بط و کوہا و واق اس ضلع
کے ہندو نہین کھاتے ہین سواے انکے کوٹلے اور یہ چیلین گرگڑے گدھ چیلیں
ہترانگا بھٹرتہا کچ پچیا بہت سے طیور ہوتے ہین جو کھانے کے کام مین نہین
آتے ہین

سانپ اس ضلع مین بہت اقسام کے ہوتے ہین۔

کیفیت حشرات الارض

کرہن کرتیا کاکا دھامن سکرا دیو تریہ بھرا
پانڈی گبھوکرتیا گرنگواری ناگ ہرہرا دومونہا
سکرا دراد خوشصورت و بدصورت زہردار و بیزہر [illegible] اقسام کی

سانپ ہوتے ہین مگر افعی و اژدگار اس ضلع مین پیدا نہین ہوتے ہین سوا اسکے اور اقسام کے حشرات الارض بھی اس ضلع مین ہین۔

بچھو	کنکھجورے	گوہ سلائی	ہزار پایا	اوٹن چھپکلی
گرگٹ	مینڈک	مینڈکی خورد	چوہے	چھچھوندر گھونس
نیولے	گلہری	گوہی	لومڑی	پیدا ہوتے ہین

ہاتھی اس ضلع مین پیدا نہین ہوتے ہین مگر نیپال کہ اس ضلع سے قریب ہی اوسمین پیدا ہوتے ہین صادق علیخان رئیس دربھنگہ کے یہان ایک ہاتھی بہت عمدہ ہی اور جگہ ایسا ہاتھی نظر نہین آتا ہے مہاراجہ سر جنگ بہادر نیپال نے اوس ہاتھی کے بیس ہزار قیمت اور ایک ہاتھی حسب پسند اونکے اپنے فیلخانہ سے خانصاحب کو دیتے تھے مگر خانصاحب نے ہاتھی اپنا علحدہ نہین کیا البتہ یہ ہاتھی فی زمانہ غنیمت ہی راجہ لیلانند سنگھ بہادر راجہ بندیلی ضلع پورنیہ نے اوس ہاتھی کو منگوا کر دیکھا تھا اوسکو دیکھکر بہت خوش ہوئے پچیس ہزار روپیہ معرفت جمعدار سید ارشاد حسین دہرم پوری پرگنہ سرسیا کے دینا قبول کرتے تھے مگر خانصاحب نے چالیس ہزار روپیہ طلب کیے اسلیے وہ ہاتھی علحدہ نہین ہوا

اس ضلع کا دودہ دہی اور گھی بھی اچھا ہوتا ہے مگر دہی جنگیرون و چھانچھہ کا جمایا ہوا نہایت عمدہ اور مزہ دار ہوتا ہی کہ کسی ملک مین میسر نہین آتا ہے جس کسی نے یہانکا دہی کھایا ہی کہ دہی مزہ جانتا ہی اور لطف یہ ہی کہ چھانچھہ و جنگیرون کا جمایا ہوا دہی پندرہ و بیس روز تک نہین بگڑتا ہے۔

کیفیت جاڑون کے موسم کی

اس ضلع مین جاڑون کی دو موسم خوشنما گرم [illegible] سرسبزی الغرض [illegible]

طرح کے پیدا ہوتے ہین اور باسمتی چاول یہان کے بہت اچھے ہوتے ہین اسقدر کہ اپنی خوشبو سے

کی طرح گھی کو جذب کرتے ہین اس قطع مین پلاو اسی باسمتی کا پکتا ہے۔

کیفیت درختون کے اقسام کی

اونچے درختون کے اقسام سے اس ضلع مین ہین۔

ببل	پاکڑ	برگد	املی	چھیتون	اسوک	سیمل
نیب یعنی نیم	بکائن	اڑرا	ساکھو	شیشم	گولر	پھرہد
بکہر	گمہار	مہوا	سنبھالو	ڈھبرا	کچنار	سرس
املتاس	تاڑ	کھجور	کدم	ڈہل	دھوپ سرن	
نامرہ	پیرار	سہجنا	توں	ببول	پلاس	تیندو
کٹہل	سہوڑا	سرو	لسوڑہ	جبیت	چندن	ہاڑ
بہیڑا	آنولا	ریٹھا۔				

میوہ دار اور غیر میوہ دار بہت اقسام کے ہوتے ہین مگر تاڑون کی ایسی کثرت ہے کہ جس گانون مین دیکھیے سو دو سو تاڑ موجود ہین کوئی ایسا گانون دیکھنے مین نہین آتا کہ جہان کچہ درخت تاڑ کے نہوین ـــ تاڑ ایک عجیب چیز ہے کہ اس ضلع کے آدمی اوس سے بہت سا کام لیتے ہین اور فائدہ اوٹھاتے ہین جب تک پھل اوسکا خام رہتا ہے اوسکا گودا اونکا کھاتے ہین اور وہ البتہ ٹھنڈا اور شیرین ہوتا ہے [illegible] جب پختہ ہوجاتا ہے تب گنوار لوگ شیرہ اوسکا نکالکر کھاتے ہین [illegible] گڑ مین [illegible] مٹہائی بنتی ہے [illegible] اور اسکے شیرہ [illegible] تاڑی بھی [illegible] بہت [illegible]

کی وہ کانین جاری ہین تانبہ رنگ سیسہ کا ٹنگن بہت عمدہ ہوتا ہے

اس ضلع مین بانس بہت کثرت سے ہوتے ہین امیر اور غریب سب لوگ یہان کے بانسون کا چھپر بناتے ہین اور سوا اسکے بہت سے کامون کے لئے درکار ہوتے ہین اور قیمتی چیزون سے ہین بڑے بانس دس ۱۰ بارہ ۱۲ روپیہ سیکڑے کے حساب سے بکتے ہین اور اوس سے چھوٹے بانس چھ سات روپیہ سیکڑے کے حساب سے میسر آتے ہین

اس ضلع مین شیشم اور ساکھو کی لکڑی کثرت سے ملتی ہے تمام لوگ انھین لکڑیون سے تعمیر مکانات کا کام لیتے ہین مگر پہلے چار چار پانچ پانچ روپیہ کو ایک ایک ساکھو جو فورا میسر آتا تھا اب جب سے والی نیپال نے لکڑی کا اہتمام اپنے ہاتھ مین لیا ہے تب سے بہت گران ہوگیا ہے اب سو سو ۱۰۰ اسی ۸۰ روپیہ مین ایک ایک بمشکل ملتا ہے ۔

اس ضلع مین خاص دربھنگا مین مدھوبنی اور نگاڈی اور رتھ عمدہ و مضبوط اور خوشنما بنتا ہین ۔

کیفیت دریاؤن کی

دیکھنے سے دوسرے حصہ مقالہ ماتم کے معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ قدیم مین اس ضلع مین پندرہ ۱۵ دریا جاری تھے ۔

कौशिकी کوسی	कमला کملا	विश्वमती بشوتی	भुदसी بھولی	गिरिका گیریکا
जनकीधरा جنادھیکا	दुग्धवती دوگندہوتی	व्याघ्रवती بیاگھرتی	वरजा برجا	माण्डला منڈلا
दन्तावती دنابتی	लक्ष्मणवती لکمندی	[illegible] اگرتی عرف [illegible]		महसरा بچھوڈان

نندکی جسکو سنگرای کہتے ہین۔ शालिग्रामी डारहकी

مگر اب بسبب گذر جانے مدت کثیر کے ان دریاؤن کے نامون مین تبدل و تغیر ہوگیا ہی ہم تحقیق نہین لکھ سکتے ہین کہ ان دریاؤن کو اب کیا کہتے ہین اور کس دریا کا کیا نام ہی مگر اسوقت ضلع ترہت مین جتنے دریا ہی جس نام سے جاری ہین وہ بقید نام ذیل مین لکھے جاتے ہین

کملا	جیوچھ	بکیا	حوارہی	نزان	کدزا بیا
کھروکی	بلان	باگمتی	لکندی	کپڑادنا	کرہیہ
نابجوگا	دھمرا	کلیانی دلی	گنڈک	کوسی	گنگا جمنی

بعض دریا مین سال بھر پانی رہتا ہی اور کشتی چلتی ہی بعض بعض دریا مین صرف برسات کے موسم مین کشتی چلتی ہی کاتک مین دریا گھوک پور تماشی مین میلا انسان کا بڑا اسیلہ ہوتا ہے دور دور کے لوگ کثرت سے آیا کرتے ہین اور سواے ان دریاؤن کے پرگنہ سرسیہ مین اس ضلع کے داد کھال اور بیلا دو بڑے بڑے چود ہین کہ پانی ہمیشہ اون مین بھرا رہتا ہی کبھی خشک نہین ہوتا ہی چڑیون کا شکار اوسمین خوب ہوتا ہی اور ہر ایک چود ادسمین سے تخمینا بارہ بارہ ۱۲ چودہ چودہ کوس کے گرد مین ہی۔

کیفیت اقوام انسان

اس ضلع مین ہر قوم کے آدمی رہتے ہین۔

برہمن میتھل	برہمن ساکلدیپی	برہمن قنوجیہ	برہمن سروریہ
برہمن بھومان جسکو بھومیار بھی کہتے ہین		راجپوت	اگروالہ
رستوگی	نیوارہ	کھتری	کایستہ سری باستہ	کایستہ امشٹ

کالیستھ گور کالیستھ ماتھر کالیستھ امبشٹا کالیستھ عمل بتا پیشہ گوکران شامل ہیں —

شیخ	سید	مغل	پٹھان	جولاہے	بیرسکار
کوری	دھانک	حجام	مالی	اگرہری	کیوٹ
امانت	ملاح	بیس بنیان	حلوائی	باتھم	کانڈو
کسیرا	نوتیار	رونیار	کسیربانی	کلال	کمہار
ٹربا	گوری	ونہیہر	کہار	سیندوریا	کھنڈو
گوالہ	سونڈی	تیلی	گہاری	کھٹک	پٹوہ
لہیری	بڑھی	باسی	سونار	ڈھنکار	لوہار
بہرلوال	کستہ بنیان	گڑیری	چمار	خاکروب	ڈومرا
دھوبی	جامن	دوسادھ	بزئی	تمبولی	شہی
بند	بانتر	تانتی	تتمان	لونیہ	بیلدار
صیقل گر	درزی	نٹ	سن چریا	سوزیا	کرڑیا
انگوری	بنجھو	کنجر	کوڑیریا	ڈھاڑہی	قوال
مراثی	ہجرا	بھانڈ	بھانٹ	ڈفالی	دھامن

اور جب سے عملداری سرکار انگلشیہ کی ہوئی ہر تب سے اس ضلع میں عیسائی کرشٹان بھی بہت ہیں —

اس ضلع کی شریف قوم ہندو اور مسلمان کے سوائے جتنی قوم کے لوگ ہیں وہ سب ایک ایک پیشہ خاص کرتے ہیں یعنی کوئی کپڑا بنتا ہے اور کوئی کپڑا سیتا ہے کوئی ترکاری بیچتا ہے کوئی تیل بیچتا ہے کوئی درزگری کا روزگار کرتا ہے علیٰ ہذا القیاس بہت پیشہ کی بیان نہیں موجود ہیں

دونو جہرہ پیشہ کو ہمیشہ سے کرتی آئی ہے اور خاندان کے لوگ اوسی پیشہ کو کیا کرتے ہین اوس پیشہ کو چہوڑکر دوسرا پیشہ اختیار نہین کرتے ہین اور اونکی شادی بیاہ اوسی پیشہ کے آدمیون مین ہوا کرتی ہین۔

اس ضلع کا جب کوئی شریف بذریعہ نوکری یا تجارت کے مال وزر قدر معقول پیدا کرتا ہے تو اپنے قرابتدار و رشتہ دار قریب کی حتی الوسع پرداخت کرتا ہے اس ضلع کے آدمی حلیم و سلیم متحمل المزاج اور ملنسار ہوتے ہین۔

یہان سے کیفیت منڈل و گڈھی و قلعہ و تالاب و مسجد وغیرہ تعمیرات زمانہ قدیم کی لکھی جاتی ہے

جنک پور

اس ضلع دربہنگہ مین ایک عمدہ پرستش گاہ ہے اور نہایت متبرک و تعظیم کی جگہ ہے یہان بہت سے منڈل بنے ہوئے ہین اور نہایت مضبوط بنے ہوئے ہین اون منڈلون مین مورتین سری رام چندر جی و لچھمن جی و جانکی جی و ہنومان جی وغیرہ دیوتاؤن کی موجود ہین یہ سب مورتین زمانہ قدیم سے ان منڈلون مین ہین اور جنک پور مین چیت کے مہینے مین ہر سال رامنومی کے دن بڑا میلا ہوتا ہے کہتے ہین کہ اس مقام مین شہر مہتبر تالاب کہ زمانہ قدیم مین راجہ جنک کے پورب سیتا نامہ تہا دیوا اور پچہم گنگا سر تہا دیوا اور پورب دکہن کے گوشہ پر کوپیسر تہا دیوا اور دکہن طرف کلیان ایسر تہا دیوا اور پچہم طرف جلیسر تہا دیوا اور اوتر طرف جلادیو نامہ تہا دیوا اور پچہم اوتر کے گوشہ پر مستھلیسر تہا دیوا اور دکہن و پچہم کے گوشہ پر سب تہادیو دھوگ مندرا تہا دیوا زگرجادہی کے استھان ہین کہ نشان اونکے علٰحدہ علٰحدہ تفصیل اس کتاب مین لکہے جاتے ہین اور جنک پور سے دکہن بہیا نام کہ چوکی اور دکہن و پچہم کے گوشہ پر گرتم اکہنڈ پچہم طرف بالمیک اور اوتر طرف سپاہ ولنگ کی تہیا یعنی ریاضت کرنیکی جگہہ متبرک ہے اور درمیان ست

پانچ چھہ کوس کے فاصلہ پر اوتر و پورب کے گوشہ پر یہ دھنکھ چھیتر یعنی سری جانکی جی کے سوئمبر
مین جو دھنکھ کہ مہاراجہ رام چندر نے توڑا تھا اوسکا ایک حصہ ٹوٹ کر اوسی مقام مین جا گرا تھا
وہ ابھی تک موجود ہے اوسکا لوگ درشن کرتے ہین مہارانی میشر لتا مہاراجہ چھمیر سنگھ بہادر کی ان
نے اوس جگہ پر ایک مکان پختہ مسافرون کے رہنے کیواسطے بنوا دیا ہے

سیتامڈھی

اس مقام مین چند منڈل پختہ ہین اون منڈلون مین مورتین رامچندر و لچھمن و جانکی و مہادیو
و مہابیر کی ہین چیت کے مہینے مین رام نومی کا میلا ہوتا ہے اس میلہ مین خلقت کثیر کا اژدہام
ہوتا ہے اور ہزارہا بیل اوسمین بکتے ہین اور یہ جگہ ہندوون کے نزدیک بہت متبرک ہے وجہ اوسکی
یہ ہے کہ جس وقت راجہ سرودھج عرف جنک جی نے سونیکا ہل اپنے ہاتھ سے جوتا تھا اوس وقت
پھالے سے جو زمین اوکھڑی اوس زمین سے ایک گھڑا نکل آیا اوسمین سے ایک لڑکی
چھوٹی عمر کی نکلی جسکا نام سیتا رکھا گیا حقیقت مین یہی مقام مولد و مظہر سیتا کا ہے اسواسطے
ہندو لوگ اس جگہ کو متبرک جانتے ہین اور اسی سبب سے اس مقام کا نام سیتامڈھی
کہا جاتا ہے اور وجہ تسمیہ سیتا کی یہ ہے کہ سیتا سنسکرت مین ہل کے پھالہ کو کہتے ہین چونکہ ہل کے
چلانے کے وقت سیتا زمین سے ظاہر ہوئین اسواسطے اونکو سیتا کہتے ہین اور سیتا کا نام جانکی
بھی ہے اوسکی وجہ یہ ہے کہ مہاراج جنک نے اونکو مثل بیٹی کے پالا تھا اسواسطے جانکی کہلائی
ہین اب اس مقام مین سرکار انگلشیہ کی طرف سے محکمہ منصفی و سب ڈویزن ضلع مظفرپور
کا ہے۔۔

منہرجہادلیہ

موضع [illegible] پرگنہ [illegible] علاقہ سب ڈویزن [illegible] مین ایک گدھی ہے اوس گدھی پر ایک

مندر ان دیوی کا ہی لوگ کہتے ہین کہ گوتم رشی یا راجہ ہیراٹ نے بنوایا تھی اب وہ کھنڈ ہی تھوڑا سا رہ گیا ہی
اسمین کس مہادیو کا نام کیا ہی معلوم نہین ۔

سیلا ناتھہ مہادیو جی

موضع بجنگر پرگنہ پچھور مین سیلا ناتھہ مہادیو کا ایک منڈل تھا وہ منڈل گر گیا مہادیو پانی کے اندر ہین اوس سے پورب پہاڑ کے گوشہ پر پاؤ کوس کے فاصلہ پر تھوڑی زمین نشیب ہی تحقیقات کامل سے معلوم ہوا کہ ترتیا جگ مین جس وقت مین رامچندر و لچھمن جی جنگ لیو مین آئے تھے اوس وقت اوس جگہہ پر کسی تقریب سے گئے تھے اسلیے وہ جگہہ بہت متبرک سمجھی جاتی ہی اور ہندو شاستر مین اوس جگہہ کو دوسری تیرتھ کہتے ہین بہ ماہ کاتک کو سیلا ناتھہ مہادیو کے منڈل کے نزدیک میلا ہوتا ہی ۔

کپلیشر ناتھہ مہادیو جی

موضع مکاڑول پرگنہ جبریل مین کپلیشر ناتھہ مہادیو کا سندر استھان ہے لوگ کہتے ہین کہ کپل منی نے یہ استھاپن کیا تھا ۔

سنگمیشر ناتھہ مہادیو جی

موضع سنگمیشر پور پرگنہ نسکھہ پور کوڈہ علاقہ سب ڈویزن ... پور امین سنگمیشر ناتھہ مہادیو کا مندر ہی یہان بڑا میلہ ہوتا ہی یہ جگہہ مشہور ہی ۔

جیشٹیشر ناتھہ مہادیو

موضع اڈیرہ پرگنہ جبریل مین جیشٹیشر ناتھہ مہادیو ہین یہ استھان بہت روز کا ہی ۔

الیسان ناتھہ مہادیو

موضع دہامی پرگنہ مہوا مین الیسان ناتھہ مہادیو کا منڈل ... منڈل بہت پرانا ہی اور ...

بہت روز کے ہین لوگ کہتے ہین کہ تخمیناً چار سو برس کے یہ مہادیو استہاپت کیے ہوی ہونگے کس نے استھاپت کیا تھا یہ معلوم نہین ہوا۔

مہادیو

موضع دیکولی پرگنہ بیراین موضع کمرولی کے پورب ایک مہادیو کا منڈل ہی اوسمین ایک مہادیو جی ہین مہادیو کا نام کیا ہی اور کس نے استھاپن کیا تھا معلوم نہین ہوا۔

بھیرب ناتھہ مہادیو جی

موضع راج کھنڈ پرگنہ ترسٹھہ مین بھیرب ناتھہ مہادیو کا منڈل اور یہ منڈل بہت پرانا اور یہ مہادیو بہت روز کے ہین۔

مہادیو جی

موضع دہرہرا مہادیو مٹھہ پرگنہ نارنگیر مین ایک مہادیو کا منڈل یہ مورت مہادیو کی بہت پرانی ہی یہان شیوراتری کے روز بڑا میلا ہوتا ہی مہادیو کا نام معلوم نہین۔

بھوبھنیسر ناتھہ مہادیو

موضع ناہر بھگوتی پور پرگنہ ہاٹی مین ایک منڈل مہادیو کا ہی مہادیو کا نام بھوبھنیسر مہادیو ہے اور کس نے استھاپن کیا ہی معلوم نہین۔

سیدھیسر ناتھہ مہادیو و سبید ھیسری دیبی

موضع سرواہیڑا باجی پرگنہ سوربین سیدھیسر ناتھہ مہادیو اور سبید ھیسری دیبی جب ناتھہ [illegible] استھاپت کیے ہوئے ہین

[illegible] ناتھہ مہادیو جی

[illegible]

نہوایا ہوا بہت مدت کا یہ منڈل ہے

درعلیشر ناتھ مہادیو

موضع دیکولی متعلقہ پرگنہ سنبھل میں ایک مہادیو ہیں لوگ کہتے ہیں کہ پہلے اس مقام میں ایک منڈل تھا وہ گر گیا اوس منڈل سے کہ چوکھٹ میں بخط ہندی یہ لکھا ہوا تھا کہ ترتیا جگ میں سکھدیو ساہو نے منڈل بنوائے تھے اور مہادیو استھاپت کیا تھا اگرچہ اس بات پر اطمینان نہیں ہوتا مگر درحقیقت یہ مہادیو ترتیا جگ کے استھاپت کیے ہوئے ہوں تو اس میں کچھ شک نہیں مگر یہ مہادیو بہت روز کے ہیں مندر اب وہاں نہیں ہے مگر کرسی پختہ اس منڈل کی اب تک موجود ہے اور اوس جگہ پر ایک درخت پیپل کا بھی بہت مدت کا موجود ہے اور اوس مہادیو کے جلدھری میں پرنالہ دار گوشہ پر بخط ہندی لکھا ہوا ہے کہ ۱۳ البسوہ زمین سنبت [illegible] موضع بیرا میں دی گئی۔

راج راجیشر مہادیو اور راج راجیسری دیبی

موضع دوگھر پرگنہ بہجوئی میں مہادیو اور پاربتی کی دو مورتیں ایک ہی پتھر میں ہیں مہادیو کا نام راج راجیشر اور دیبی کا نام راج راجیسری ہے اور اس منڈل کے پاس ایک درخت پھول کا جسکا نام جنگل مشہور ہے موجود ہے پھول اسکا خوشرنگ و خوشبودار ہوتا ہے اور یہ پھول کا درخت اس ضلع میں سوائے اس مقام کے دوسری جگہ پایا نہیں جاتا ہے۔

بوڑھا ناتھ مہادیو جی

موضع لبوڑا پرگنہ ہاٹی میں ایک مورت مہادیو کی ہے مہادیو کا نام بوڑھا ناتھ ہے

برہمان الیشر مہادیو جی

موضع رنگپوری پرگنہ بہجوئی میں ایک منڈل مہادیو کا ہے کہتے ہیں کہ جس مندر میں [illegible] بدال [illegible] نے اس مہادیو کو استھاپن کیا تھا [illegible] راجہ

مہادیو کا نام ہر روز یہاں ... بڑا میلا ہوتا ہے۔

مہادیو

موضع کیوس پرگنہ سرلیا میں ایک مہا بیوہن مہادیو کا کیا نام ہے اور کس نے استھاپت کیا تھا معلوم نہیں مگر تحقیقات سے اس قدر معلوم ہوا کہ یہ مہادیو اندازاً چار سو برس کے استھاپت کیے ہوئے ہونگے وہاں میلا بھی ہوتا ہے۔

تلکیسر ناتھ مہادیو

موضع تلکیسر پرگنہ ... میں ایک مہادیو ہیں وہاں منڈل پختہ پورانا ہے لوگ کہتے ہیں کہ راجہ بینو نے یہ مہادیو استھاپت کیا تھا جسکو تخمیناً پانچ سو برس گذرے ہونگے اس جگہ پر گڈھی راجہ کی جو تخمیناً ڈیڑھ سو برس گیہ میں ہو کی ایک موجود ہے۔

جاگیسر ناتھ مہادیو اور لشن

موضع مہادیو شیمہ پرگنہ اعلیٰ پور میں مہادیو اور لشن ہیں سابق کا مندل گر گیا مہادیو کا نام جاگیسر ناتھ ہے یہ مہادیو تخمیناً پانچ چھ سو برس کے ہونگے۔

سومیسر ناتھ مہادیو جی

موضع انگسی پرگنہ بھی میں ایک شوالہ مہادیو کا ہے مہادیو کا نام سومیسر ناتھ ہے۔

مہادیو جی

موضع میں پرگنہ اعلیٰ پور میں ایک مہادیو ہیں کوئی مکان اور مندل وہاں نہیں ہے۔

پرسمن ناتھ مہادیو جی

موضع ... پرگنہ بھی میں ایک مہادیو کا مندل پختہ بنا ہوا ہے اس میں مہادیو ہیں مہادیو کا نام پرسمن ناتھ ہے۔

جلیسر ناتھہ مہادیوجی

موضع ٹھاپرگنہ نوتن مین ایک مہادیو کا مندل ہے نام جلیسر ناتھہ ہے۔

کوسیسر ناتھہ مہادیو

موضع روتاپرگنہ ہرنی مین ایک مہادیو ہین اس استھان مین سائلون کی حاجت بہت جلد بر آتی ہے۔

مہادیو پرلیسٹ لنگ

موضع ساٹھہ پرگنہ ملکی مین ایک مہادیو پرلیسٹ لنگ ہین لوگ کہتے ہین کہ بیدیاپت ٹھاکر برہمن میتھل جو مہاراج شیو سنگھہ کے وقت مین نامی پنڈت تھے اور وہ شیو بھگت تھے مرنے کے وقت واسطے گنگا اشنان کے گھر سے اپنے چلے جب تین کوس گنگا کا کنارہ باقی رہگیا تب اوس وقت بیدیاپت ٹھاکر نے گنگا کا دھیان کرکے اوسی جگہہ پر قیام کیا اوسکے صبح ہوکر دریای گنگا وہان بہنے لگا اور بیدیاپت ٹھاکر نے اوسمین اشنان کرکے جان بحق تسلیم کی اوسی جگہہ پر اونکو سنسکار دیا گیا اوسی جگہ پر مہادیو کا پرلیسٹ لنگ ہے۔

کنگیسر ناتھہ مہادیوجی

موضع لکھن پور پرگنہ ترسٹھہ مین ایک مہادیو کا مندل ہے مہادیو کا نام کنگیسر ناتھہ ہے لوگ کہتے ہین کہ گوتم منی نے یہ مہادیو استھاپن کیا تھا۔

بیدلیسر ناتھہ مہادیوجی

موضع لوہنان پرگنہ لوانوان مین یک مہادیو کا مندل ہے نام بیدلیسر ناتھہ ہے۔

مادھوایسر مہادیوجی

موضع ... سنگھہ مین محلہ سیب گنج مین مہاراجہ ... سنگھہ بہادر کے ... مندل

بنوایا ہوا مہاراجہ مادھو سنگھ بہادر کا ہے مہادیو جی اوسمین ہین اونکا نام بڑے دوالیسر ہے۔

اوڑیسی ناتھ مہادیو جی

موضع رہیکا پرگنہ جرپل مین ایک سنگل مہادیو کا ہے لوگ کہتے ہین کہ راجہ راگھو سنگھ کی بان گڑھی ٹھکراین نے یہ مہادیو استھاپن کیا تھا۔

مہادیو

موضع لدئی پرگنہ آہس مین ایک مہادیو ہین لوگ کہتے ہین کہ یہ مہادیو بہت روز کے استھاپت کئے ہوئے ہین وہان سنگل پختہ موجود ہے۔

بعدلیسر ناتھ مہادیو

موضع پھپی پرگنہ بادی مین ایک مہادیو ہین سابق کا سنگل گر گیا لوگ کہتے ہین کہ یہ مہادیو دو ڈہائی سو برس سے یہان موجود ہین۔

اودلیسر ناتھ مہادیو

موضع سمراؤن پرگنہ بادی مین پورب طرف پیپل کے درخت کے نیچے ایک مہادیو ہین نام اونکا اودلیسر ناتھ ہے وہان سنگل نہین ہے یہ مہادیو بہت روز کے ہین کسنے استھاپت کیا معلوم نہین

بیالیسر مہادیو

یہ مہادیو حاجی پور مین ایک کنوئین مین ہین کہتے ہین کہ زمانہ سابق مین ان مہادیو کی بہت کثرت سے پوجا ہوتا تھا عالمگیر بادشاہ نے حکم کیا کہ ان مہادیو کو اکھاڑ کر پھینک دو جو عالم نے وہان کے مہادیو کے کھودنے مین بہت کوشش کی مگر جس قدر کھودتے تھے اوس قدر مہادیو نیچے زمین کے دھنستے جاتے تھے یہان تک کہ کھودتے کھودتے ایک کنوان ہو گیا تب لاچار ہوکر عالمگیر نے حکم اوس کنوئین کے بند کر دینے کا کیا آخر وہ کنوان بھر دیا گیا مگر وہ مہادیو

شہزادہ منہ کے بند ہی زمین سے باہر نکلا اور اب تک موجود ہی۔

چھن متا دیبی مشہور کالکا دیبی

موضع ادچھینہ پرگنہ جریل مین ایک دیبی کا مندل ہی دیبی کا نام چھن متا اور کوئی کالکا بھی کہتے ہین کالی داس جو ایک بڑے پنڈت نامی راجہ بھوج کے وقت مین گذرے ہین انکو اس دیبی کی توجہ سے ایک رات مین علم عطا ہوا تھا یہانتک کہ بڑے پنڈت نامی ہوگئے۔

کالی بھگوتی

موضع سکھر اسھوا پرگنہ ہاردیگر مین ایک کالی کی مورت ہی دسہرہ مین بڑا میلا ہوتا ہی لوگ کہتے ہین کہ یہ مورت بہت مدت کی ہی۔

گرجا دیبی

موضع بھو لہر پرگنہ بھالا مین گرجا دیبی کی مورت ہی یہ جگہہ بہت قدیمی اور مشہور ہی یہ بھی استھان ہی کہ جہان سری جانکی جی نے اپنے بیاہ کے پہلے اس استھان مین آکر پوجا کی تھی چنانچہ گوسائین تلسی داس نے رامائن کے بال کانڈ مین یہ چوپائی لکھی ہی۔

चौपाई

सेवत तोहि सुलभ फल चारी। बरदायनि त्रिपुरारि पियारी॥
देबि पूजि पद कमल तुम्हारे। सुर नर मुनि सब होहिं सुखारे॥
मोर मनोरथु जानहु नीकें। बसहु सदा उर पुर सबही कें॥
कीन्हेउँ प्रगट न कारन तेहीं। अस कहि चरन गहे बैदेहीं॥
बिनय प्रेम बस भई भवानी। खसी माल मूरति मुसुकानी॥

بھگوتی

موضع کونچھ پرگنہ ... میں ایک ... دیبی کی مورت ہے نام کیا ہے معلوم نہیں۔

اوگرتارا دیبی

موضع مہسی پرگنہ کمب کٹ میں اُگرتارا دیبی کی مورت ہے۔

چنڈی دیبی

موضع چنڈی پور میں جو بنگانوں مہسی سے آٹھ دس کوس پورب ہے چنڈی دیبی کی مورت ہے اور مندل ہے۔

دیبی

موضع برسام پرگنہ دہرورہ میں ایک مندل ہے جس میں مورت دیبی کی ہے نام معلوم نہیں ہے۔

دیبی

موضع سمہوہ پرگنہ ہاٹی میں پیپل کے درخت کے نیچے ایک دیبی کی مورت ہے سابق کو مندل تھا اب وہ گر گیا دیبی کا نام کیا ہے معلوم نہیں ہے۔

جوگ نندرا دیبی

موضع بھٹا پرگنہ گوتن میں ایک دیبی کی مورت ہے دیبی کا نام جوگ نندرا ہے۔

بان السری دیبی

موضع نگرندا پرگنہ لوانا میں ایک مندل ہے اور جس میں دیبی کی مورت ہے دیبی کا نام بان السری ہے لوگ کہتے ہیں کہ ... کے بڑے بھائی بان سنگھ نے یہ مندل بنوایا تھا اور دیبی استھاپن کیا تھا مگر ... چار سو برس کا زمانہ گذرا ہے۔

... دیبی

[illegible] ... ایک مندل ہے اور ... ہے شروع ...

مین سرکار انگلشیہ کی طرف سے مسٹر کیلیک صاحب بہادر جج [illegible] جب پہلے پہل دربھنگہ مین تشریف لاکے کچہری کرتے تھے بعد ازان سرکار بنگالی سررشتہ دار کے ساتھ ایک برہمن بنگالی بربقہ عالی جسکا نام شنکر ٹھاکر تھا اونسے یہ مندل کا مورت قائم کی جسکو تخمینا ڈیڑھ سو برس ہوا ہوگا یہ جگہ بہت متبرک اور پرستشگاہ تمام اقوام ہنود ہے اور اوس منڈل مین ہزارون روپیہ کا مال چڑھ [illegible] اس منڈل مین مہاراجہ صاحب بہادر بھنگہ بھی درشن کو ہر سال آیا کرتے ہین اہتمام اس مندل کا ہیرالال مصر و پرسن مصر دونون بھائی برہمن کے علاوہ ہر پرشن مصر و ہیرالال مصر آدمی لائق اور خلیق اور شریف و نجیب ہین اور اس منڈل کی پچھم طرف درگا جی کا بھی استہان ہے اور دنیا کے بھی چند مندلین ہین—

بلچھہ مرونی دیبی

دربھنگہ کے محلون سے مرزاپور کے محلہ مین ایک مندل دیبی کا ہے دیبی کا نام بلچھہ مرونی ہے وجہ تسمیہ یہ ہے کہ سنہ ۱۲۸۸ فصلی مین چیت کے مہینے مین جھنجھیا ہی اوکھر پر بروز دہم ماہ ذیحجہ عید کے دن قربانی کے وقت ہندو اور مسلمان سے لڑائی ہوئی تھی تلوار چلی تھی ایک مسلمان دائی بیچ مارا گیا اور چند مسلمان زخمی ہوئے تیرش مسلمان [illegible] ہوگئے اور چند مسلمان قید ہوئے ہندو فتحیاب ہوئے اوس لڑائی کے تھوڑے روز بعد جھنجھیا ہی اوکھر کے پچھم طرف ایک تو یہ مٹی کھودتا تھا اوس وقت مورت دیبی کی زمین سے نکلی کثرت سے ہندو لوگ یہ خبر سنکر جمع ہوئے اور اوس مورت کو مٹی سے باہر نکالا کر پانی سے دھوکر صاف کیا وہان سے لوٹھا کر لے آئے اور سرکر ایک مندر پختہ بنا کر اوسمین رکھا [illegible] مشہور کیا اسی سبب سے بلچھہ مرونی مشہور ہوا یہ مورت سیاہ پتھر کی [illegible] تمام لوگ [illegible] کرتے ہین کہ جھنجھیا ہی اوکھر بہت پرانا پوکھر ہے [illegible]

اور اوس جگہ پر پہلے ایک مندر تھا مسلمان ہونے کے بعد شاید ادمی مندل بنا دیے ہیں۔

رکت مالا دیبی

موضع جھنجھارپور پرگنہ مارہر نگر مین ایک دیبی کا مندل ہے جسمین مورت بڑی دیبی کا نام رکت مالا ہے یہ مندل مرار اہے کسکا بنوایا ہوا ہے ہم کو معلوم نہین۔

اہلا استھان

موضع چھوٹیا پرگنہ جریل مین اہلا استھان ہے اس جگہ پر مہاراجہ چھتر سنگ بہادر نے ایک مندر نہایت عمدہ بنوا دیا ہے اور اوسکے پچھم پاؤ کوس کے فاصلہ پر گوتم کونڈ ہی کہ وہان ہندو لوگ جیت کے مہینے مین رام نومی کے دن بنظر ثواب اشنان کیا کرتے ہین اور بڑا میلا ہوتا ہے شیو پران کے حصہ دوم کے اٹھوین کھنڈ مین لکھا ہے کہ یہ غالبا یہی کنڈ ہے مقدار ایک ہاتھ کے ہے اور اوسکو گوتم رکھی نے کھودا ہے اور اوس کنڈ کے قریب ایک بڑا استھان آباد ہوا اور گوتم رکھی مہاراج جنک کے پروہت تھے۔

جی منگلا دیبی

موضع رجور پرگنہ ہوسادی مین جی منگلا دیبی کی مورت ہے اور مندل ایک گڈھی پر ہے اور جی منگلا گڈھی کر کے مشہور ہے اور یہ مورت دیبی کی بہت پرانی ہے۔

مندر نورتن

محلہ رام پور مین دربھنگا کے ایک مندل موسومہ نورتن بنوایا ہوا رام دیال مہتہ کھتری کا ہے یہ مندل نہایت عمدہ ہے اس مندل مین رامچندر و لچھمن جی اور جانکی اور مہادیو کی مورتین ہین قریب تنو برس کے ہوا ہوگا کہ یہ مندل بنوایا گیا ہے اب کچھ مرمت طلب ہو گیا ہے۔

چامونڈا دیبی

موضع کمرا پرگنہ گڈھ چاؤ مین ایک گڈھی تخمینا پانچ بیگھہ مین ہوگی اوس گڈھی کے چارون طرف

خالی ہوا اس گڈھی پر بہت درخت پیپل کے ہیں اور درخت سے لگے ہوئے ایک مندر ہے دیوی کی مورت

ہی وہاں متصل میں ہے پرگنہ گندہ چاوند انہیں دیبی کے نام سے مشہور ہے اور اس گڈھی سے کئی گئے ہے

معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ سابق میں کسی راجا کا وہاں مکان تھا اور یہ دیبی اس راجہ کے وقت کی ہے

مرلی منوہر

موضع سوبھکھپور میں دریاے باگمتی کے کنارہ پچھم طرف مرلی منوہر کی مورت ہے لوگ کہتے ہیں

کہ یہ مورت تخمیناً ڈیڑھ سو برس کی ہوگی سابق کا مندل موجود ہے

رام مندر

دربھنگا میں مہاراجہ صاحب بہادر دربھنگا کے گڑھ میں مہاراجہ رودر سنگہ بہادر نے ایک مندر

نام رام مندل ہے نہایت مضبوط بنوایا تھا کہ موجود ہے

استھل موسومہ بھبوت داس

دربھنگا میں محلہ رام چوک میں بھبوت داس کا ایک استھل ہے وہاں ایک مندل ہے رام لچھمن

اور لچھمن و جانکی کی مورتیں ہیں لوگ کہتے ہیں کہ یہ استھل بہت پرانا ہے تخمیناً ڈیڑھ سو برس

گذرا ہوگا

کپل منی اور سنوان جی

محلہ کبیرآباد میں دریاے باگمتی کے پورب دربھنگا میں ایک استھل ہے وہاں کپل منی و ہنومان جی

کی مورتیں اشٹ دھات کی ہیں پہلے سرکار انگلشیہ کی طرف سے کچھ ... ...

میں ... سالانہ بطور خرچ ... ان پجاریوں وغیرہ کے مقرر تھا کہ وہ ... ...

... موقوف ہے بسبب ... زمانہ لانگ ... ...

موقوف ہے یہ استھل بھی تخمیناً ڈیڑھ سو برس کا ہوگا

استھان سوناتھوا

دربھنگا میں محلہ شمشیر گنج میں سوہا کے پور گھاٹ کے ورے دریائے باگمتی کے کنارے پر ایک استھان سو
سوناتھوا کا ہے اوس میں رام لچھمن جانکی کی مورتیں ہیں لوگ کہتے ہیں کہ یہ استھل تخمیناً اندازہ ۱۵۰
برس کا ہوگا۔

لچھمین نارائن

مقام ترونڈھا پرگنہ علی پور میں لچھمین نارائن کی مورت ہے لوگ کہتے ہیں کہ یہ مورت بہت وقت کی ہے

چتربھج نارائن اور کالی جی

مظفرپور چکلہ ٹی پرگنہ بسارہ محلہ کنھولی میں چتربھج نارائن کی مورت ہے کس شخص نے کس سال میں
میں استھاپن کیا تھا معلوم نہیں اور اوسی مندر کے قریب کالی جی کی بھی مورت اور مندل ہے

رام مندل اور شیو مندل

مظفرپور میں یہ دونوں مندل [illegible] کے بنوائے ہوئے شیو سہائے ساہو مہاجن مظفرپور کے ہیں یہ دونوں
مندل سنگی بہت بلند اور خوبصورت بنے ہوئے ہیں ان دونوں مندلوں کے قریب ایک تالاب بھی پختہ
سنگی بہت اچھا کھدوایا ہوا ہے بوجہ [illegible] وقت کا [illegible] البتہ یہ تالاب قابل دید کے ہے۔

رام بھدر استھان

یہ استھان حاجی پور میں ہے اصل نام اس جگہ کا رام بھدر ہے اس جگہ پر رام جی و لچھمن جی نے
حجامت بنوائی تھی اور اس جگہ پر دونوں کے نشان ہیں اوسکا لوگ درشن کرتے ہیں۔

گدی

[illegible] مظفرپور پرگنہ [illegible] ایک گدی پرانی ہے لوگ کہتے ہیں کہ یہ گدی راجہ جنک
کی [illegible]

گڈھی

موضع جی نگر پرگنہ بحیورہ میں نشان ایک گڈھی کا پایا جاتا ہے لوگ کہتے ہیں کہ سنہ ۱۲ ہجری میں علاء الدین نواب بنگالہ نے گڈھی بنوائی تھی۔

نولا گڈھی

موضع نولاگڈھ پرگنہ نیپور میں ایک گڈھی ہے تخمیناً ڈھائی تین سو بیگھہ میں ہوگی اس گڈھی کے اندر دو تالاب بھی ہیں پرانے ہیں چاروں گھاٹ اون تالابوں کے پختہ ہیں لوگ کہتے ہیں کہ یہ گڈھی نل کی بنائی ہوئی ہے۔

مانگر گڈھ

موضع مانگر گڈھ پرگنہ جیپور میں ایک گڈھی پرانی ہے تخمیناً ڈیڑھ سو بیگھہ میں ہے وہ گڈھی ہوگی اسکے اندر ایک بت دیوکا سنڈل مراد میں مہادیو موجود ہیں وہاں شیوراتری کے روز بڑا میلا ہوتا ہے یہ گڈھی کس راجہ کی بنوائی ہوئی ہے معلوم نہیں۔

گڈھی

موضع گھاٹی پرگنہ ہاٹی میں سات گڈھیاں ہیں ان گڈھیوں کے حلقہ میں بہت تالاب ہیں لوگ کہتے ہیں کہ یہ گڈھی راجہ کنسیری کی ہے اور اسی راجہ کی ایک گڈھی موضع مانگیا پرگنہ جرحل اور ایک موضع جگت پرگنہ جرحل میں ہے سنا ہے کہ اون دونوں گڈھیوں میں خزانہ مدفون ہے۔

گڈھی

موضع گذھوا پرگنہ ہاٹی میں ایک گڈھی تخمیناً پانچ بیگھہ کی ہوگی اور اسکی ... لوگ کہتے ہیں کہ یہ گڈھی راجہ ... کی ہے۔

گڈھی موضع گجھٹیہ

موضع ... پرگنہ ... میں ایک گڈھی پورانی ہے اور اوسکے چہار طرف کھائی ہے مشہور ہے کہ یہ گڈھی راجا
کی بنوائی ہے اور وہ قوم کا ... تھا اور یہ گڈھی تخمیناً پندرہ سولہ بگھہ کی ہوگی۔

گڈھی موسومہ موضع نبیالبارہ پرگنہ رتی

یہ گڈھی بنوائی ہوئی ایک شخص لسباڑہ نامی راجا کی ہے بسبب امتداد زمانہ کے وہ گڈھی منہدم ہوگئی ہے مگر ابھی تک بلندی اور نشانی اوسکی موجود ہے اوس مقام میں ایک ٹاٹ بسی ہر لاسی ... موجود ہے اور وہاں ایک بڑا تالاب کہدوایا ہوا زمانہ قدیم کا پایا جاتا ہے لوگ کہتے ہیں کہ یہ گڈھی لسباڑہ نے اونھیں کا آباد کیا ہوا ہے۔

گڈھی

موضع بارلج پور پرگنہ جبدی میں ایک گڈھی پورانی ہے یہ گڈھی تخمیناً حلقہ میں دو میل کے ہوگی چار طرف اوسکے کھائی عمیق و وسیع ہے لوگ کہتے ہیں کہ یہ گڈھی راجہ بل کی بنوائی ہوئی ہے راجہ بل ... کے زمانہ میں بنوایا تھا سنہ ۱۲... فصلی کے پھاگن مہینے میں مسٹر گری ... صاحب جنٹ مجسٹریٹ ... کے جنگل کٹواکر تھوڑا سا اوس گڈھی کو کھدوا لیا تھا اوسکے اندر نشان ... اور چار ... ایک مکان پختہ کا پایا گیا آخر بند کر دیا گیا۔

گڈھی کونڑہانس

موضع کلیان پور ... پرگنہ ہاڑی میں ایک گڈھی پورانی تخمیناً پچیس بیگہ کی ہوگی اور تخمیناً بیس ہاتھ بلند ہوگی لوگ کہتے ہیں کہ اس گڈھی کے اندر خزانہ ہے کس راجہ کی یہ گڈھی ہے معلوم نہیں ہے ... گڈھی کے چہار طرف چھ تالاب ہیں۔

گڈھی موضع باڑی ڈیہہ

موضع باڑی ڈیہہ پرگنہ ہاڑی میں ایک گڈھی بنوائی ہوئی راجہ ... کی ہے اور راجہ ... قوم کا

پاسبان تھا یہ گڑھی اب تک موجود ہے تخمیناً پچیس بیگہ میں ہوگی تحقیقات سے معلوم ہوا کہ یہ گڑھی پانسو برس سے زیادہ کی بنوائی ہوئی ہے اور راجہ ہرواہ ہمیشہ اسی گڑھی میں رہتا تھا۔

گڑھی گوپ گڑھ

یہ گڑھی موضع کمل ... پرگنہ بیداسچ میں واقع ہے کہتے ہیں کہ یہ گڑھی مہاراجہ دھرمانگد کی بنوائی ہوئی ہے اور مہاراج دھرمانگد بہت سے اگلے راجاؤں میں سے پہلے راجہ تھے یہ گڑھی تخمیناً اسی بیگہ میں ہوگی اور اس پر بہت زمانہ سے مالتی کے پھول کا ایک درخت ہے۔

گڑھی

موضع گھوگرا پرگنہ لدواری میں ایک گڑھی ہے تخمیناً پچاس بیگہ میں ہوگی یہ گڑھی راجہ انوپ دیپ کی بنوائی ہوئی ہے چاروں طرف اسکے نشان کھائی کا موجود ہے

گڑھی

موضع ... دھرواہ پرگنہ تانا پور میں ایک گڑھی ہے یہ گڑھی تخمیناً اسی بیگہ کے ہوگی لوگ کہتے ہیں کہ یہ گڑھی بھی راجہ انوپ دیپ کی بنوائی ہوئی ہے چاروں طرف نشان کھائی کا ابتک موجود ہے

قلعہ دربھنگا

مقام دربھنگہ میں برلب دریاے باگمتی پورب جانب ایک قلعہ جو شاہجہان بادشاہ ہندوستان کے زمانہ کے پہلے سے تھا اب وہ منہدم ہوگیا مگر نشان اوسکا موجود ہے اوس مقام میں اب ایک ... طرف سے سرکار انگلشیہ کے قائم ہے اوسمیں پادری اور کرسٹین رہتے ہیں اور عیسائی لوگ اوسمیں تاربیت ہوتے ہیں۔

قلعہ حاجی پور

مشہور ہے کہ سلطان شمس الدین حاجی الیاس نے جو وہاں کا حاکم تھا ایک قلعہ اور اندر اوسکے ایک

مسجد ... جو اب تک موجود ... پایا ...

مسجد حاجی پور

حاجی پور مین ایک مسجد پختہ ہی اوس مسجد مین ایک سیاہ پتھر کے اوپر یہ عبارت بخط سنسکرت و فارسی جس سے سنہ ۱۰۴۸ ہجری نکلتا ہی لکھی ہوئی ہی اور یہ مسجد عہد مین شاہجہان بادشاہ ہندوستان کے بنائی گئی تھی مگر بنانے والے مسجد کا پتا اچھی طرح نہین لگتا ہی کہ وہ کون شخص تھا مگر فقرہ اوس عبارت ہندی مین جس سے تاریخ نکلتی ہی نام مسجد بنانے والے کا (مقصود) معلوم ہوتا ہی

[illegible]

ترجمہ

[illegible]

عمرت لوتین تے ہر لو منتھ ان بچار ... سن مسجد مقصود کو تب سے نذر بساک

مسجد دربھنگا

دربھنگا مین جو ضلع تھا ملک کے اندر شاہجہان بادشاہ کے عہد مین نواب مرزا خان نے ایک مسجد سقفی یعنی چھت والی بنائی تھی و بتاریخ عبد الوہاب مسجد مولوی سبحان اللہ بن مولوی ... مولوی شمس الدین حسین کو متولی مقرر کیا تھا بعد وفات عالمگیر بادشاہ کے وقت مین نواب معصوم خان نے اوس مسجد سقفی کو توڑ کر مسجد گنبد دار بنوائی اور بابت فیصلہ مرقومہ نوزدہم شہر صفر المظفر سنہ ۱۲۳۰ جلوس مطابق ششم اکبر شاہ سنہ ۱۹ فصلی کے دیکھنے سے معلوم ہوتی ہی اور بعض محققین کہتے ہیں سال سے سنا ہی کہ یہ مسجد سنہ ۱۱۰۷ فصلی کے پہلے بنائی گئی تھی اور اب تک موجود ہی

مسجد ... بھنگا

[illegible] مسجد ... بنائی ... [illegible]

[illegible]

عیدگاہ دربھنگا

شہر دربھنگا محلہ قادر اباد مین ایک عیدگاہ ہے وہ آخر عہد مین عالمگیر بادشاہ کے بنوائی گئی تھی۔ ایک سند اوس مین کی کہ جس پر وہ عیدگاہ ہے تقریبًا ایک مقدمہ متدائرہ عدالت کے راقم کے ہاتھ بذریعہ وکالت کے آئی تھی اوس سند پر مُہر تھی اوسکے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ یہ مسجد قبل سنہ کے بنائی گئی تھی۔

مسجد و عیدگاہ و گنج شہیدان ناگربسی

مقام ناگربسی محلہ نورگنج پرگنہ کسمہ مین ایک مسجد بنوائی ہوئی کسی بادشاہ کی نہایت عمدہ موجود ہے اور ایک عیدگاہ بھی وہان بہت پورانی ور اوسی عیدگاہ کے قریب گنج شہیدان ہے اوس گنج شہیدان مین ایک مزار اونچا نواب تاج الشیخ کا ہے یہ نواب تاج الشیخ جلال الدین محمد اکبر بادشاہ غازی کے وقت مین قاضی یا عامل سلطانی تھے واسطے سر کرنے شنجھے برہمن متعلق ٹکدار زمیندار ساکن شیخ پور پرگنہ کسمہ کے کہ اوسنے خزانہ سلطانی دینا بند کردیا تھا طرف سے بادشاہ کے مع فوج متعین ہوئے تھے اوس زمیندار سے لڑائی ہوئی اوسمین نواب تاج الشیخ او تمام لشکر کے آدمی سب کام آگئے اونھین کا گنج شہیدان ہے بعد اوسکے بادشاہ کی طرف سے ایک شخص قرابت دار راجہ مان سنگہ سوائی جے پور کا تعینات ہوکر آیا اور بڑی لڑائی ہوئی اوسمین وہ زمیندار باغی رن مین مارا گیا اور تمام اسباب اوسکا ضبطی سرکار مین در آیا اور قریب اوس گنج شہیدان کے ایک مزار بی بی کا ہے اوسکا یہ حال ہے کہ ایک قاضی سلطانی ناگربسی مین رہتے تھے اونکے مکان مین آگ لگی بیبیان نے گھر سے نکلنے کا قصد کیا مگر قاضی نے نکلنے نہین دیا آخر وہ سب جلکر مر گئین اور زمین مین مدفون ہوئین ایک مدت تک اونکے مزار سے پانی پانی کی آواز آیا کرتی تھی ایک شخص دانشمند نے قرآن کو دواکر اون بیبیون کے نام سے وقف کر دیا اوس تاریخ سے وہ آواز موقوف ہو گئی۔

کیفیت تالاب

خاص دربھنگا مین ایک تالاب گنگا ساگر دوسرا انہاری تیسرا سوکھی دگھی جو تھا ہراہی یہ سب تالاب بہت وسیع ہین کہتے ہین کہ یہ سب تالاب کھودوائے ہوئے مہاراج سوبی سنگہ کے ہین مگر راقم کے نزدیک اس امر مین تامل ہی کس واسطے کہ مہاراجہ سوبی سنگہ تین برس نو مہینا مسند راج پر بیٹھے تھے بعدہ انتقال کیا اتنے عرصہ قلیل مین اسقدر تالاب کا کھودوانا البتہ دشوار معلوم ہوتا ہی ہو سکتا ہی کہ ان تالابون مین سے چند تالاب باہتمام مہاراج سوبی سنگہ جس وقت راجہ نہ ہوئے تھے بعہد دیب سنگہ دیوا اونکے باپ سے کھودوائے گئے ہون تو عجب نہین یا چند تالاب اسمین سے ماقبل راجہ دیب سنگہ و چند تالاب بعہد راجہ سوبی سنگہ و چند تالاب بعد راجہ سوبی سنگہ کے دوسرے دوسرے راجون کے عہد مین طیار کیے گئے ہون مگر ابتدا و اہتمام و تکمیل اوسکی بعہد راجہ سوبی سنگہ ہوئی ہو تو یہ امر تعجبات سے نہین ہی بلکہ غور کرنے سے یہی امر قابل اعتبار و دلیل کے ہی واللہ اعلم بالصواب و بعضون کا قول یہ ہی کہ تالاب گنگا ساگر کھودوایا ہوا مہاراجہ گنگا دیب پسر مہاراجہ ناٹپ دیب کا ہی یہ سب تالاب قریب پانسو برس کے ہونگے۔

تالاب مرزا خان و تالاب دگھی موسومہ نظام شاہ و تالاب چھمین ساگر

خاص دربھنگا مین تین تالاب اور بھی موجود ہین ایک کا نام مرزا خان کا تالاب اور دوسرے کا نام نظام شاہ کی دگھی اور تیسرے کا نام چھمین ساگر ہی اور وہ دونون تالاب بہت قدیم کے ہین اور چھمین ساگر تالاب کھودوایا ہوا مہاراجہ رودر سنگہ بہادر کا ہی مرزا خان نے شاہجہان بادشاہ کے وقت مین وہ تالاب کھودوایا تھا اور محققین کے بیان سے سنا ہی کہ نظام شاہ کی دگھی مہاراجہ سوبی سنگہ کے وقت مین کھودوا گیا تھا۔

لال تالاب

اسی ضلع کے خطہ مین ایک تالاب متصل مکان راقم کے دکھن طرف خاص دربھنگا مین اہتمام سے مسٹر ایے بی میکڈونل صاحب بہادر مجسٹریٹ وکلکٹر ضلع دربھنگا کے کھودوایا گیا نام اسکا لال تالاب ہے یہ تالاب بہت بہتر ہے تخمیناً نو دس بیگھہ کا ہوگا اسکی حفاظت کیواسطے ایک نوکر سرکاری تعین رہتا ہے اسمین کوئی غسل کرنے نہین پاتا ہے پانی اسکا بہت بہتر ہے آمین جاٹھہ نہین ہے۔

تالاب

موضع بیرول پرگنہ ہاٹی مین ایک تالاب بہت وسیع ہے مشہور عوام ہے کہ یہ تالاب کھودوایا راجہ سوی سنگہ کا ہے۔

بارپوکھر

موضع بار پرگنہ اچ مین ایک تالاب بہت وسیع اور عمیق ہے لوگ کہتے ہین کہ یہ تالاب راجہ سوی سنگہ کا کھودوایا ہوا ہے نام اسکا بارپوکھر ہے یہ تالاب تخمیناً دو سو بیگھہ مین ہوگا اور بنیاد اسکا نو لگہ ہے۔

تالاب

موضع ساگرپور پرگنہ ہاٹی مین ایک تالاب بہت وسیع ہے اور عمدہ ہے تخمیناً چالیس یا پچاس بیگھہ کا ہوگا اگرچہ تحقیق کرنے مین کوشش کی گئی مگر معلوم نہین ہوا کہ کسکا کھودوایا ہے۔

تالاب

موضع رہام پرگنہ بھور مین ایک تالاب وسیع تخمیناً ساٹھہ ستر بیگھہ کا ہے کسکا کھودوایا ہے راقم کو معلوم نہین

تالاب بھوری

موضع ... پرگنہ بھوارہ مین ایک تالاب اسّی یا پچاسی بیگھہ کا ہوگا لوگ کہتے ہین کہ یہ تالاب

راجہ سوی سنگھ کا کھدوایا ہوا ہے

تالاب

موضع رانئی پرگنہ ہاٹی مین ایک تالاب پورانا تخمیناً پچاس ساٹھہ بیگھہ کا ہوگا لوگ کہتے ہین کہ یہ تالاب کھدوایا ہوا مہارانی کرمان دئی کا ہے۔

تالاب

موضع سنگرام پرگنہ بچھی مین ایک تالاب پورانا اور وسیع تخمیناً ستر اسّی بیگھہ کا ہے کسکا کھدوایا ہوا ہے معلوم نہین۔

تالاب جرہٹیا

موضع جرہٹیا پرگنہ ہاٹی مین ایک تالاب ہے یہ تالاب راجہ بھیرب سنگھ دیو عرف ہزارین کا کھدوایا ہوا ہے یہ تالاب نہایت عمدہ اور بہت عمیق ہے اسمین تہرکی جاٹھہ ہے۔

تالاب رجوکھر

موضع لمار پرگنہ پرہارپور راگھوپور مین ایک تالاب نہایت بہتر اور وسیع ہے نام اسکا رجوکھر ہے تخمیناً ساٹھہ ستر بیگھہ کا ہوگا لوگ کہتے ہین کہ یہ تالاب مہاراجہ سوی سنگھ کا کھدوایا ہوا ہے۔

تالاب موسومہ بہ رجوکھر ثانی

موضع کیوٹی پرگنہ بندارج مین ایک تالاب ہے وسعت اسکی تخمیناً بیس بیگھہ ہوگی کہتے ہین کہ یہ تالاب بھی مہاراجہ سوی سنگھ کا کھدوایا ہوا ہے نام اس تالاب کا بھی رجوکھر ہے۔

تالاب موسومہ بہ گھوڑ دوڑ

اس ضلع مین تین مقاموں مین تین تالاب بہت بڑے بڑے ہین کہ ان تینون کا نام گھوڑ دوڑ ہے اور تخمیناً تینون تالاب لمبان مین ایک ایک کوس کے ہونگے منجملہ اونکے ایک موضع ہنرا پرگنہ

پڑھار پور رگھو میں ۔ دوسرا موضع بھروارہ پرگنہ بھروارہ میں اور تیسرا موضع بیلا پرگنہ اعلی پور میں بتا کتے ہیں کہ یہ تینون تالاب راجہ سوی سنگھ کے کھدوائے ہوئے ہیں ۔

تالاب موسومہ سیتارا

موضع ہرپور ٹواہی پرگنہ ہاٹی میں ایک تالاب پورا تخمیناً ساٹھ ستر بگیہ کا ہوگا ۔

تالاب

موضع لہرا پرگنہ پڑھار پور رگھو میں متصل کوٹھی نیل کے یعنی کوٹھی نیل کے دکھن طرف ایک تالاب تخمیناً ساٹھ بگیہ کا ہوگا مشہور ہے کہ یہ تالاب کھدوایا ہوا مہاراج ہر سنگھ دیو کا ہے ۔

تالاب برہت دیئی

موضع بٹھا پرگنہ پرھار پور رگھو میں ایک تالاب پورا تخمیناً سو بگیہ کا ہوگا لوگ کہتے ہیں کہ یہ تالاب مہاراجہ چھب سنگھ دیو کی رانی اور مہاراجہ شیو سنگھ کے پردادے کا کھدوایا ہوا ہے اور بالکل سنہ میں اس تالاب کی بانکی اندر بنچتہ ہے رانی کا نام برہت دیئی تھا ۔

تالاب

موضع لوانوان پرگنہ لوانوان میں ایک تالاب پورا تخمیناً ۔ چالیس پچاس بگیہ کا ہوگا نام اسکا نہیں جانتے اور کسکا کھدوایا ہوا ہے معلوم نہیں ۔

تالاب جوڑاون و کنکلی

موضع انیھر پرگنہ ٹرہی میں دو تالاب بہت پرانی اور وسیع ہیں ایک کا نام جوڑاون دوسری کا نام کنکلی ہے تخمیناً ۔ پچاس ساٹھ بگیہ کے ہونگے کسکے کھدوائے ہوئے ہیں معلوم نہیں ۔

تالاب جونکر تالاث

موضع برہم پور پرگنہ بھروارہ میں ایک تالاب بہت وسیع تخمیناً [illegible] بگیہ کا ہے اسے

تالاب کا بھی نام ہے جو کہ ... کسکا کھدوایا ہوا ہے معلوم نہین ۔

تالاب بہین ڈیہی

موضع باسوٹی پرگنہ بھالا مین ایک تالاب ہے نام اوسکا بہین ڈیہی ہے تخمیناً پچاس ساٹھ بیگہ کا ہوگا اور کسکا کھدوایا ہوا ہے معلوم نہین ۔

تالاب

موضع رسیکا پرگنہ جریل مین ایک تالاب تخمیناً دس پندرہ بیگہ کا ہے یہ تالاب رانی پدماوتی کا کھدوایا ہوا ہے رانی پدماوتی راجہ نرندر سنگہ کی رانی تھین ۔

تالاب جانو مالو

موضع میبی کھوا پرگنہ اجلی ... مین ایک تالاب پورا ہے نام اوسکا جانو مالو ہے یہ تالاب تخمیناً ساٹھ ستر بیگہ کا ہوگا جانو مالو دونون بہن تھین انھون نے کھدوایا تھا ۔

تالاب موسومہ ٹہرکی پوکھر

موضع شنکرپور گنسی پرگنہ بھرواڑہ مین ایک تالاب ہے تخمیناً باون بیگہ کا ہوگا لوگ کہتے ہین کہ راجہ سوی سنگہ کا کھدوایا ہوا ہے ۔

تالاب چندرسار

موضع سمری پرگنہ بھرواڑہ مین ایک تالاب بہت وسیع اور عمدہ ہے تخمیناً پچاس ساٹھ بیگہ کا ہوگا لوگ کہتے ہین کہ راجہ سوی سنگہ کا کھدوایا ہے نام اسکا چندرسار ہے ۔

تالاب موسومہ گادھا و سورجا

موضع ... پرگنہ رام چاند مین دو تالاب بہت وسیع و ویرانی مین ایک کا نام گادھا اور دوسرے کا نام سورجا ہے اور ... بھی کہتے ہین تخمیناً پانسو برس کے یہ دونون تالاب ہین کسکے کھدوائے ہوئے

…ے مین معلوم نہین —

تالاب

موضع سمری پرگنہ جریل مین ایک تالاب پورانا ہی تخمیناً چھتیس تیس بیگھہ کا ہوگا نام کیا ہی اور کسکا کھودوایا ہوا ہی معلوم نہین —

تالاب لکھن سار

موضع تارالاہی پرگنہ فرخ پور مین ایک تالاب عمدہ نہایت عمدہ اور وسیع ہی تخمیناً ستر اسی بیگھہ کا ہوگا لوگ کہتے ہین کہ چار پانچ سو برس کا یہ تالاب ہی رانی لکھما دئی جو خاندان مین راجہ سوی سنگہ کے تھین انھین کا کھودوایا ہوا ہی نام اسکا لکھن سار ہے —

تالاب گھوڑدوڑ

موضع دگھیار پرگنہ تاردیگر مین تلجو کا ندی کے قریب ایک تالاب تخمیناً پچاس ساٹھہ بیگھہ کا ہوگا نام اوسکا گھوڑدوڑ ہی بہت زمانہ قدیم کا یہ تالاب ہی —

تالاب دیگھار

موضع بیدھی پور پرگنہ لوانوان مین ایک تالاب نہایت عمدہ اور وسیع ہی تخمیناً پچاس ساٹھہ بیگھہ کا ہوگا نام اوسکا دیگھار ہی اسکے دکھن طرف مہادیو کے مندل کا نشان پایا جاتا ہی یعنی مندل گر گیا زمین کے برابر ہو گیا اور اینٹین وغیرہ موجود ہین یہ پوکھر و مندل کسنے کھودوائے اور بنوائے تھے معلوم نہین

تالاب سرہہ

موضع سمرام پرگنہ ہاوی مین ایک بڑا تالاب پورانا ہی کسکا کھودوایا ہوا ہی ظاہر نہین ہوتا ہی نام اسکا سرہہ ہی تخمیناً ستر بیگھہ کا یہ پوکھر ہوگا اس وقت بھیدا اسکا اٹھارہ بیگھہ کا ہی — جن سے سنا ہی کہ اوسمین پچیس تیس بیگھہ — ہاتھہ تک پانی رہتا ہی —

تالاب

موضع شوی سنگھ پور پرگنہ سوڑہ مین جو بھگات بفاصلہ تین کوس کے دکھن اور پورب کو واقع ہے ایک تالاب بہت وسیع ستر اسی بگیھ کا ہے کا۔

تالاب مہادئی

موضع چندو پرگنہ لوانو ان مین ایک تالاب اسی طرح کا ہے لوگ کہتے ہین کہ دونون تالاب رانی سوبھنا نے جو راجہ سوی سنگھ کے خاندان مین تھین اپنے وقت مین کھودوایا تھا قریب پانسو برس کے اندر ہوگا نام ان دونون تالابون کے مہادئی مشہور ہین۔

تالاب مجلا

موضع اوبھر بھار پرگنہ نگی مین ایک تالاب وسیع و بہت بہتر ہے لوگ کہتے ہین کہ یہ تالاب کھودوایا مجلس خان برہمن مہتل کا ہے نام اس تالاب کا مجلا ہے تخمینا تین سو برس سے کچھ زیادہ ہوا ہوگا جو یہ پکھر کھودوایا گیا تھا۔

تالاب مہادئی

موضع اوپر را دوپور پرگنہ جریل مین ایک تالاب پورنا ہے تخمینا چھبیس تیس بگیھہ کا ہے نام اسکا مہادئی مشہور ہے۔

تالاب

موضع بھول پرگنہ ترشہتہ مین ایک تالاب بہت عمدہ و وسیع ہے تخمینا ساٹھہ ستر بگیھہ کا یہ تالاب مشہور ہے کہ یہ تالاب بھی راجہ سوی سنگھ کا کھودوایا ہوا ہے۔

تالاب مہادئی

موضع لکھہ پرگنہ لوام مین ایک تالاب پورانا ہے تخمینا ۲۶ بگیھہ کا ہوگا نام اسکا بھی مہادئی ہے

تالاب ہرواہی

موضع ہرواہی پرگنہ لوانوان مین ایک تالاب بہت پورانا ہی تخمیناً پندرہ بیگہ کا ہوگا لوگ کہتے ہین کہ ہرچند ٹھاکر برہمن متہل کا کھودوایا ہی یہ تالاب بہت پورانا ہی۔

تالاب بھوارا

موضع بھوارا پرگنہ بھرواڑہ مین ایک تالاب تخمیناً ساٹھہ بیگہ کا ہی لوگ کہتے ہین کہ یہ پوکھر راجہ شو سنگہ کا کھودوایا ہوا ہی۔

تالاب بیرسائر

موضع بیرسائر پرگنہ ہاٹی مین ایک تالاب پرانا ہی تخمیناً پچیس بیگہ کا ہوگا اوسمین پتھر کی ایک لاٹھہ ہے اوس پر ایک اشلوک بخط سنسکرت جسکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہی کہ مہاراج ناتب دیب نے یہ تالاب کھودوایا تھا لکھا ہوا ہی۔

تالاب اکورا

موضع اکورا پرگنہ لامعلوم علاقہ ترائی نیپال مین جنک پور سے تین کوس دکھن طرف ایک تالاب پرانا ہی تخمیناً تیس چالیس بیگہ کا ہوگا کہتے ہین کہ اکور ٹھاکر برہمن متہل کا یہ تالاب کھودوایا ہوا ہے سوا ان تالابون مرقومہ بالا کے ہزارہا تالاب وسطہ و خورد اس ضلع مین موجود ہین اگر ان سب تالابون کی کیفیتین علحدہ علحدہ لکھی جائین تو ایک دفتر جداگانہ تیار ہو جائیگا اسلئے نہین لکھا

بیان حالات قحط

[illegible] ہت مین راقم کے وقت مین دو مرتبہ قحط ہوا ایک تو سنہ ۱۲۳۰ فصلی مین اگرچہ اس قحط کے کئی برس سے پانی کی کمی ہوتی آتی تھی اور بسبب کم پیدا ہونے غلہ کے روز بروز غلہ گران ہوتا [illegible] ہوتا تھا مگر سنہ ۱۲۳۷ فصلی مین آغاز گرانی کی شروع ہوئی سنہ ۱۲۳۸ فصلی مین بالکل [illegible]

وکاشتکاری تھی بسبب عدم دستیابی غلہ کے خدا کو اپنی جان سپرد کرنے لگے ہزاروں آدمی بھوکے
اوٹھا اوٹھا کے مر گئے ہزاروں جان بلب ہو گئے سیکڑوں نے تبدیل مذہب کی کوئی ہندو
مسلمان ہو گیا اور کوئی فاقہ کے مارے نصرانی ہو گیا اکثر غریب لوگ برگد کے درخت کا پھل جسکو
پکوہا کہتے ہیں کھا کے جان بچانے لگے ہزاروں آدمی گھاس پھوس کر کھانے لگے ہزاروں آدمی
کلکٹر نے سب لنگر کھولے کسیکو پیٹ بھر کے یعنی صدقہ و خیرات نہیں دیتا تھا کوئی کسیکی خبر نہیں لیتا تھا سرکار
کی طرف سے کچھ لوگ بچا ہوا کھانا جا بجا پاتے تھے۔

جناب مہارانی صاحبہ بتیا و دربھنگا نے اس قحط میں بڑی ہمت کی تھی انکی طرف سے غریبوں کو
چاول اور پونڈ میں مونا تھا راے نندی پت مہتہ بہادر و چمن چودہری و گوپال داس نے مظفر پور
میں چند روز تک دروازہ خیرات کا کھولا تھا مگر آخر کو انجام و انصرام نہیں ہو سکا لاکھوں آدمی بھوک
سے مر گئے قوم لونیہ یک قلم گذر گئے یہانتک کہ ہڈیاں انکی کثرت فاقہ سے نمک کی طرح گھل گئیں
عورتیں انکی مسلمان ہو گئیں الغرض جتنے چھوٹی قوم کے لوگ جو مزدوری کر کے اوقات بسر
کرتے تھے اور کاشتکار جو سواے کاشتکاری کے کچھ معاش ملکیت و تجارت نہیں رکھتے تھے
یا وہ لوگ جنکی اوقات نوکری یا گدائی پر تھی وہ لوگ بالکل اس قحط میں مر گئے و گذر گئے انکے
لڑکوں کا پتا نہ لگا کیا ہو گئے اور کہاں گئے صرف شریف لوگ کیا ہندو اور کیا مسلمان جنکے
پاس کچھ معاش یا کچھ روپیہ یا کچھ غلہ تھا یا کسی قسم کی نوکری کا تعلق رکھتے تھے اوس آفت ناگہانی
سے ساتھ عزت و حرمت کے محفوظ رہے اور حملہ شیر قحط سے جان بر ہوئے مگر اونکا بھی دیوالہ
نکل گیا اور بعد قحط کے کئی برس تک ہوش میں نہیں آئے اس قحط سالی میں کبھی کبھی پانی
بھی برستا تھا مگر ۔ ۔ ۔ سانوان کودون جا بجا ہوا تھا محض خشک سالی نہ تھی مگر گرانی کا
یہ حال تھا کہ چاول وغیرہ اجناس کے نرخ گھٹتے گھٹتے فی روپیہ پانچ سیر تک پہنچ گیا تھا موٹے

زمین چاول دونون ایک ہی نرخ کو بکتے تھے شہرون مین آمد غلہ کی تھی اگرچہ گرانی اور جنسون
کی آمد زیادہ تھی دیہات مین غلہ کی صورت نظر نہین آتی تھی اسلیے دیہاتی لوگ بالکل تباہ ہوگئے
اوس سال مین نواب مستطاب معلی القاب مسٹر لارڈ میو صاحب گورنر جنرل ہند اور جناب
آنریبل سیسل بیڈن صاحب لفٹننٹ گورنر احاطہ بنگال مین منصب گورنری و گورنری جنرلی پر منجانب
ملکہ معظمہ دام اقبالہا کے سرفراز تھے گورنمنٹ کی طرف سے اس قحط مین کچھ اچھی طرح التفات
نہین کی گئی چنانچہ صوبہ اوڑیسہ کی اکثر رعایا بھی بسبب نہین ملنے غلہ کے اور نہین ہونے خبرگیری
کے تباہ اور برباد ہوگئی۔

دوسرا قحط

دوسرا قحط سنہ ۱۲۸۱ فصلی مین ہوا اس قحط مین لارڈ نارتھ بروک صاحب گورنر جنرل بہادر و مسٹر
سر رچرڈ ٹمپل صاحب بہادر لفٹننٹ گورنر زیب افزاے مسند گورنری کے تھے اس قحط مین
گورنمنٹ نے پرورش رعایا پر ایسی کمر ہمت کی باندھی کہ کسی بادشاہ ہندوستان نے ایسی
ہمت نہ کی۔

واضح رہے کہ جس قدر روپے اس قحط مین سرکار کے انتظام سے خرچ کیے گئے وہ بالکل
روپیے خزانہ سرکاری کے نہ تھے بلکہ وہ روپے ذی راجگان و والیان تابعین سلطنت و زمینداران
و مہاجنان و حکام متعہد و غیر متعہد و عمالان سررشتہ و وکلا و مختاران کچہری و دوکانداران و تجار
و مزدوران و بنگالیان عالی ہمم ساکنان ہندوستان و انگلستان و اشخاص سلطنت و ملک
[illegible] چندہ کے دیے گئے تھے [illegible] نظر [illegible] بنگالہ مین [illegible]
[illegible] سینہ [illegible] مین [illegible] مین [illegible]

مظفرپور کے زرچندہ مین عـــ ..... روپیہ ہزار اور خاص دربھنگہ کے زرچندہ مین پانچہزار روپیہ
کورٹ آف وارڈس سے راج دربھنگا کے دیئے گئے تھے باقی اور لوگون نے دیئے تھے سرکار
نے کمال ہوشیاری و بیدار مغزی سے ایک ایک فرد بشر کی خبرگیری و دستگیری کی اور خبرگیری
و انتظام مین کسی طرح سے غفلت نہین ہوئی جسکا نتیجہ نکلا کہ ایک فرد بشر بھی بسبب غفلت حکام و نہ بھوک
ندلے اس قحط مین بھوکھ سے نہ مرا راقم کے نزدیک جیسے اس قحط مین سرکار نے ہملوگ ہندوستانی
کی ہمدردی کی اور ہماری مصیبت مین سرکار کام آئی ایسی ہمدردی کسی بادشاہ سلف سے
بھی رعایا کے ساتھ صادر نہین ہوئی ہوگی اس قحط کا اثر ضلع سارن و ضلع گورکھپور و ضلع چمپارن
و ضلع ترہت یعنی ضلع دربھنگا و ضلع مظفرپور و ضلع پٹنہ و ضلع پورنیہ و بھاگلپور و مونگیر و گیا جی مین تھا
نہین کم کہین زیادہ تھا مگر ضلع ترہت مین دربھنگا و مدھوبنی و سیتامڑھی کے علاقہ مین اسکا بڑا زور
و شور تھا کس واسطے کہ اس علاقہ مین کچھ غلہ پیدا نہین ہوا تھا اور سب ڈویزن حاجیپور مظفرپور و
تاجپور مین اثر اسکا کم تھا کیونکہ ان ڈویزنون کے پرگنات مین فصل بھدوی بخوبی ہوئی تھی صرف
وہان نہین ہوا تھا مگر شکرقند بہت کثرت سے پیدا ہوئی تھی اسی سبب سے اوس علاقہ کے حکام
نے بھی تقسیم غلہ مین کم توجہی کی تھی قحط کا انتظام ماہ دسمبر سنہ ۱۸۷۳ع سے شروع ہوا دربھنگا کے
ڈویزن کے علاقہ مین صدر مقام دربھنگا تھا اور حاکم اوسکے جناب مسٹر سی بی مکڈونل صاحب
بہادر جائنٹ مجسٹریٹ اس مقام کے تھے اور ماتحت اس دربھنگہ کے بارہ سرکلین واسطے انتظام
قحط کے مقرر ہوئی تھین۔

اوّل سرکل دربھنگا

اسکے حاکم مسٹر ایچ آر ہنڈری صاحب باختیار مجسٹریٹ رلیف سپرنٹنڈنٹ تھے اور ایک کمیٹی قائم
ہوئی تھی کہ روزانہ اجلاس بمکان اسکول ... دربھنگا ہوا کرتا تھا اور کمیٹی کے ماتحت ...

دیبی پرشاد و حافظ عبدالکریم خان سررشتہ‌دار منصفی اور سید یار علی و مولوی نواب جان جائنٹ سیکرٹری
وایس پریسیڈنٹ مقرر کیے گئے تھے اور اس دربھنگا کے بھی چار حصہ مقرر کیے گئے اور انتظام
ایک ایک حصہ کا ایک ایک سپرنٹنڈنٹ سے متعلق کیا گیا تھا اور ان سپرنٹنڈنٹون کے ماتحت جتنے محلے تھے
اونمین سے ہر محلہ مین ایک ایک آدمی لائق منتخب ہوکر ممبر مقرر کیا گیا تمام ممبران محلہ کے ہر روز
اپنے محلہ کی گشتی کرکے ہر بیوہ اور بیکس اور غریب اور لولے و لنگڑے و مریضون سے دریافت کیا
کرتے تھے کہ کون کون بھوکھون مرتا ہے اور کسکو کھانا نہین ہے جب اونکو معلوم ہوتا تھا کہ اونکے
محلہ مین اتنے آدمی بھوکے یا بیمار یا معذور ہین جو اپنی کوشش اور محنت سے اپنا رزق بہم نہین پہونچا
سکتے تھے تو اونکا نام فہرست مین مندرج کرکے بہ منظوری وایس پریسیڈنٹ اونکو غلہ دیتے تھے راقم
بھی انھین محلہ موسومہ لالہ منہرن لال کا ممبر تھا اور غلہ کی تقسیم کا یہ قاعدہ مقرر کیا گیا تھا کہ ہر ہفتہ مین
اشخاص بالغ کو فی کس ساڑھے تین سیر چاول اور چودہ چھٹانک دال اور سات پیسہ نقد اور اشخاص
نابالغ کو دو سیر چاول اور سات چھٹانک دال اور تین پیسہ نقد دیے جاتے تھے اور ہر ہفتہ جمع خرچ
ممبران محلہ لکھکر دستخط کرکے وایس پریسیڈنٹ کے پاس بھیجتے تھے اور وایس پریسیڈنٹ تمام
ممبران کے حسابون کو ملاحظہ کرکے خلاصہ اوسکا ایک جمع خرچ گوشوارہ مین مندرج کرکے دستخط
سے اپنے مرتب کرکے حضور مین جناب مسٹر اسے آر ہنڈرسی صاحب بہادر اسسٹنٹ مجسٹریٹ
بہادر کے داخل کیا کرتے تھے اور واسطے انتظام رفع قحط کے اپنے اپنے محلہ کے ہر ممبر اپنا منصب
کمیٹی مین ظاہر کرتا تھا جو بات کمیٹی مین قرار پاتی تھی اور جناب مسٹر اسے آر ہنڈرسی صاحب اوسکو
منظور فرماتے تھے وہی بات صادر ہوتی تھی سواے اون ممبرون کے سایر ان محمد خان کوتوال
و شتاب رای اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس حاکم جانچ کے مقرر تھے اونکا کام یہ تھا کہ محلہ کے ہر ممبرون
کے پاس جاکر اونکے حساب روز خیرات لینے والے کو ملاحظہ کرتے رہا کرتے تھے۔۔

ہر سرکار میں تین تین دو دو چار چار گھاٹ بنائے گئے تھے جہاں ہزاروں من چاول و [illegible] روزانہ
تقسیم ہوتی موجود ہوا کرتے تھے چلپا پڑتی اور بسبب نہ [illegible] پٹنہ و مونگیر و کلکتہ و مرشدآباد
و ڈھاکہ وغیرہ سے منگوائے گئے تھے ہر سرکل کے علاقہ چھوٹے چھوٹے گودام دیہاتوں میں
بنے تھے اور ہر سرکل میں اسپتال و چند سرکاروں میں [illegible] بنائے گئے تھے اون کل تھانوں
میں [illegible] ڈاکٹر و [illegible] دو نسخے بنانے والے تعینات کیے گئے تھے اور سیول سرجن جو
سب کا نگران تھا ہر مقام میں ہر روز کیواسطے برابر جایا کرتا تھا چنانچہ دربھنگا کے سرکل سے
علاقہ مقام [illegible] پرگنہ پچھم بھاگ میں ایک گھاٹ لگوایا تھا جسمیں لاکھوں من غلوں کا داخل خارج ہوا
کرتا تھا اور دوسرا لگوایا مقام محمد [illegible] پرگنہ [illegible] دربھنگا میں متصل تھانہ دریائے باگمتی کے کنارے
پر وہاں گھاٹ کے پاس تھا ہزاروں من غلہ یہاں سے ہر روز تقسیم کئے جاتے تھے۔
قصبہ [illegible] مقام [illegible] تالاب پر تھا کہ [illegible] سپاہیان پلٹن اور مزدوران تیاری سڑک وغیرہ کو
سرکار سے غلہ دئیے جاتے تھے۔
چوتھا گھاٹ [illegible] تالاب پر تھا اوس سے [illegible] کو غلے دیئے جاتے تھے تالاب [illegible]
[illegible] کے باغ میں اور صادق علیخان رئیس قصبہ [illegible] کے باغ میں دو لنگر خانے بڑے بڑے
تیار کیے گئے تھے اور اون لنگر خانوں میں ہزاروں آدمی لڑکے و جوان و بوڈھے عورت و مرد
بیمار [illegible] تھے اور اونکو دونوں وقت خشکہ اور دال اور گوشت اور ترکاری اور دودھ [illegible]
اور مصری حسب حال اونکے دیے جاتے تھے اور ڈاکٹر صاحب سرکار کی طرف سے اونکا
معائنہ کرتے تھے [illegible] سرکار سے اونکو دی جاتی [illegible] کے واسطے [illegible]
[illegible] کی [illegible] بنتے تھے اور وہاں بہتر [illegible]

مقرر تھے۔

دوم سرکل محمد پور

وہان کے حاکم مسٹر ایسے ڈیلو پال صاحب ریلیف سپرنٹنڈنٹ و بابو بنجبہاری چیتور جیہ نیب بھوبی
کلکٹر و مسٹر اے ڈیلو تکی صاحب اسسٹنٹ مقرر تھے وہان بھی ایک گولہ تھا۔

سوم سرکل بھیاگھاٹ

وہان کا انتظام مسٹر اے فران ٹیس صاحب ریلیف سپرنٹنڈنٹ و کنور لچھمن سنگہ اسسٹنٹ
سپرنٹنڈنٹ کو مفوض تھا وہان بھی ایک بڑا گولہ تھا۔

چہارم سرکل وارث نگر پرگنہ جاکھر متصل بینا پور

وہان کا انتظام ہاتھہ مین بابو انوداپرشاد گھوس ڈپٹی کلکٹر ریلیف سپرنٹنڈنٹ کے تھا او وہان
بھی ایک بڑا گولہ تھا۔

پنجم سرکل موضع بندھار پرگنہ جاکھر

انتظام اوسکا ہاتھہ مین مسٹر آر گورڈن صاحب سپرنٹنڈنٹ اور مسٹر کلاوڈری صاحب اسسٹنٹ
سپرنٹنڈنٹ کے تھا وہان بھی ایک بڑا گولہ و کارخانہ تھا اور انتظام کارخانہ کا ایک ڈاکٹر شاہی منصبدار
کے متعلقہ مفوض تھا۔

ششم سرکل موضع اہرا پرگنہ پرچار پور راگھو

وہان کا انتظام مسٹر ساوجر صاحب سپرنٹنڈنٹ اور مسٹر اے این گیس صاحب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ
کے متعلقہ تھا اور وہان کے گولہ دار مسٹر ملک صاحب تھے۔

ہفتم سرکل موضع وسوتہ پرگنہ ہادون

وہان کا انتظام مسٹر سی ار سمرال صاحب سپرنٹنڈنٹ مسٹر اے ... ڈبلی صاحب اسسٹنٹ

سپرنٹنڈنٹ کے علاقہ تھی۔

ہشتم سرکل موضع گھنگند پرگنہ ہادی

وہان کا انتظام جی ایچ اسمتھ صاحب سپرنٹنڈنٹ کے ہاتھہ مین تھا۔

نہم سرکل موضع روہار پرگنہ ہادی

وہان ابتدائی انتظام راقم کو معلوم نہین کہ کسکے ہاتھہ مین تھا مگر آخر کو مسٹر ریڈی صاحب سپرنٹنڈنٹ وسوت و کنور لچھمین سنگہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کے ہاتھہ مین تھا۔

دہم سرکل موضع سنگیا پرگنہ جگنی

وہان کا انتظام بابو رام الکھی چتور جہ سپرنٹنڈنٹ کے ہاتھہ مین تھا۔

یازدہم سرکل موضع ہرنی پرگنہ ہرنی

وہان کا انتظام پہلے سید محسن خان رسالدار سپرنٹنڈنٹ کے ہاتھہ مین تھا مگر وہ بیمار ہوکر چلے گئے تب بجائے اونکے راے حکم چند سپرنٹنڈنٹ مقرر ہوئے۔

دوازدہم سرکل موضع حسن پور پرگنہ پنڈری

وہان کا انتظام ہاتھہ مین بابو سیملانند کور جہ ریلیف سپرنٹنڈنٹ کے تھا اور موضع ہاٹی مین بھی ایک ڈویزن مقرر کیا گیا تھا وہان قریب چار لاکھہ من کے ہر قسم کے غلہ موجود تھے اور وہان کا انتظام پہلے ہاتھہ مین مسٹر مکون صاحب اور بعدہ مسٹر اے ڈبلو کلی صاحب بہادر اور بابو جگنا کے تھا اور سرکل رونا بار و سنگیا و سرکل حسن پور و سرکل ہرنی ماتحت سرکل ہاٹی کے تھے ان سرکلون کے سبب سے دیہات نہین ہر بہر انتظام مین آدمیون کو بہت آسانی سے میسر ہوتا تھا یہانتک کہ بالکل آدمیوں کے دل سے خوف قحط کا زائل ہوگیا تھا بلکہ تمام لوگ یہ سمجھتے تھے کہ یا اس قحط مین قحط واقع نہین ہوا۔

اور جو لوگ اس قحط کے انتظام مین پابند سلسلہ نوکری کے تھے اور وہ اپنی نوکری کے حیثیت سے نفع اوٹھاتے تھے وہ بھی چاہتے تھے کہ قحط اور یہ انتظام ہمیشہ قائم رہے۔

ایام قحط مین اس ضلع کے کوئی شخص فاقہ کش نظر نہین آتا تھا اور بھوکون کے مارے مرنا تو محال تھا جو لوگ بیمار تھے وہ اس قحط کے ایام مین اچھے ہوکر تازہ و تندرست ہو گئے کوئی شخص دبلا پتلا نحیف و ناتوان ڈھونڈھنے سے نہین ملتا تھا اسی طرح ڈویژن مدھوبنی اور سیتامڑھی وغیرہ کے علاقہ مین سڑکین قائم ہوئی تھین کہ اون سڑکون کے ذریعہ سے اوس علاقہ کے آدمیونکو دانا پانی اچھی طرح پر میسر ہوتا تھا چونکہ ڈویژن حاجی پور اور تاجپور مین اثر قحط کا کم تھا اسلیے وہانکے حاکم نے بھی انتظام قحط و تقسیم غلہ و دینے مین تقاوی کے بہت کم توجہ کی اس سبب سے اس علاقہ کے آدمی اگرچہ بھوکھون کے مارے مر نہ سکے مگر اس قحط مین اونکی تکلیف سے گذرتی تھی۔

اس قحط مین سرکاری غلہ نرخ مفصلہ ذیل پر بکتا تھا اور قرض بھی اونکو دیا جاتا تھا۔

چاول دھانی بیش گندم کے کول سے چاول صاف بوٹ مونگ جو لوبیا جکلائی

۱۶ سیر ۱۴ سیر ۱۸ سیر ۱۸ سیر ۳۰ سیر ۲۰ سیر

اور اس قحط مین ایک بڑا اہتمام غربا کی پرورش کا یہ ہوا کہ شہر اور دیہات مین جہان جہان چاہیے تھا وہان بھی اور جہان جہان نہ چاہیے تھا وہان بھی پوکھرے کھدوائے گئے اور جہان پہلے سے تھے وہ صاف کردیے گئے کہ اس ذریعہ سے لاکھون آدمی کام مین لگ گئے بعوض مزدوری کے اونکو غلہ سستے بھاو سے دیے جاتے تھے اس سبب سے لاکھون کو رزق میسر ہوا اور پوکھرے کھدوانیکا انتظام ایک ایک سپرنٹنڈنٹ یا انسپکٹر کے ہاتھ مین دیا گیا تھا اور غلہ مزدوری کا بھی انسپکٹر یا سپرنٹنڈنٹ کی تحویل سے دیا جاتا تھا اور وہی سپرنٹنڈنٹ یا انسپکٹر مزدورون کو تقسیم کرتا تھا اور ایک بڑا انتظام اس قحط مین مساکین کا کیا گیا تھا کہ جہان تک ممکن نہین تھا

سڑکین بنوائی گئین اور جہان سڑکین خراب تھین وہان مرمت کروائی گئین ان سڑکونکی ترقی
مین افسر لوگ بہت متنفع ہوئے ایک سڑک ورنجگا سے دھولی گھاٹ ہوکر بٹیرہ تھانہ کو گئی ہے یہ
سڑک پہلے تھی اس قحط مین بنائی اور اوسکا انتظام مسٹر کار صاحب و مسٹر بافٹ صاحب کے
علاقہ تھا اور خزانچی اوسکا ایک شخص مسلمان تھا کہ اوسنے دو کوس کی سڑک طیار ہونے مین قریب
مبلغ تین ہزار کے روپیہ تصرف کیا اسی طرح سے تمام محرران سڑک نے ہر جگہہ کے لاکھون روپیہ
باتفاق اپنے افسر کے تصرف و تغلب کر گئے اور اس ضلع مین الیٰ ہٰذا بیحد سڑکین بنائی گئین
کہ ان سڑکون کے سبب سے لوگونکو بڑی راحت ہوئی جہان جاتے ہین بے تکلف بگھی اور
گھوڑے اور پالکی و گاڑی دوڑائے ہوئے چلے جاتے ہین اور اون سڑکون کے سبب سے
لاکھون آدمی کی پرورش ہوئی اب مردمان شرافت و ذی عزت کا حال سنیے کہ انکے ساتھ
سرکار نے اس قحط مین کیا کیا امداد کی چنانچہ ایک تو مدد انکے ساتھ یہ کی کہ جن لوگون نے تخم
کھودوانے کو چاہا اونکو سرکار سے روپیہ قرض دیئے گئے اور لینے کے وقت دو حصہ روپیہ لیے گئے
اور تہائی حصہ معاف کیا گیا اور جن لوگون نے واسطے تجارت کے روپیہ لیے اونکو آٹھ آنہ سیکڑہ
سود کے حساب سے دیے گئے اور وہ روپیہ بہت آسانی سے آہستہ آہستہ وصول کیا گیا اور بہت
بڑا احسان اونکے ساتھ یہ کیا گیا کہ علی قدر حاجت و درخواست اونکی ان لوگون کو روپیہ قرض
بطور تقاوی کے دیے گئے وہ روپیہ بعد قحط کے دو برس کے عرصہ مین بہت آسانی کے ساتھ
کئی قسط کر کے بلا سود کے لیے گئے اور جو لوگ شریف کم بضاعت تھے اور اونھون نے قرضہ
یا تقاوی یا خیرات نہین لیا اونکے ساتھ یہ اعانت کی گئی کہ اونکو نقد یا ٹکٹ سستے نرخ سے
دیے گئے خاص واسطے انکے انتظام یہ کیا گیا کہ اونکی عورتون کو سرکار سے واسطے تیاری سوت کے
روئی دی گئی اور ان سوتون سے [illegible] کپڑے [illegible] بنائے جاتے تھے اور

چیانول اونکو مزدوری مین دیے جاتے تھے اور وہ معرفت ممبر کمیٹی کے ملتے تھے یہ سب چنین جتنے اپنے گھر مین پردہ مین بیٹھی ہوئی کام کر کے اپنی اوقات کاٹتی تھین۔

ہزار ہا ایسے ہزارون بڑھئی اور لوہار اور صیقل گر اور ملاح اور راج اور آرہ کش اور گھرامی اور معمار لوگ مکان بنانے و چھاونی و نہر کھنکل کرنے کے کام مین معمور کیے گئے۔

دربھنگہ مین لوکھر ادبی و کمی و گنگا ساگر کے بند کو کاٹ کر مسطح کر کے اوس پر سیکڑون بنگلے عمدہ اور چھوٹے چھوٹے مکانات بہتر اور نفیس بنائے گئے کہ ان مکانات کے بنانے کے سبب سے ہزارہا ان آدمی پرورش ہوئے سوا اسکے گھوڑی ہزارون اور ٹٹو ہزارون چھکڑے سیکڑون اونٹ ہزارون بیل کی اطراف و جوانب سے اس ضلع مین واسطے باربرداری و سواری کے جمع کیے گئے تھے کہ اونکے ذریعہ سے ہزارون سائیس و گراس کٹ کی اوقات بسری ہوئی اور ہزارون گاڑیان سرکار مین کرائے پر چلائی جاتی تھین کہ اس سبب سے لاکھون گاڑیبانون کی پرداخت ہوئی اور اون جانورون کے دانے کے ٹھیرے بیاہال کھلی بھوسے بھوسی وغیرہ اطراف و جوانب سے کثرت سے جمع کیے گئے تھے اور سیکڑون مزدور ہر سرکل مین ہری گھاس کھودنے پر تعینات کیے گئے تھے اور وہ گھاس اونسے بہ قیمت لیجاتی تھی اور ہر سرکل مین اون گھاسون کا انبار کر دیا جاتا تھا اسکے ذریعہ سے اور خرید کرنے کے ذریعہ سے بہت لوگون کی پرداختین ہوئین اور اس قحط مین سرکار گورنمنٹ نے مثل سکے روپے جسکا نام انگریزی زبان مین گرین ٹوکن تھا جاری کیے تھے اور وہ روپیہ معمولی روپیون سے کچھ کم کو فروخت ہوتے تھے مگر وہ روپے ملازمان قحط کو اونکی تنخواہ مین دیے جاتے تھے اور وہ لوگ ان روپیون سے غلہ سرکاری خرید کرتے تھے وہ روپے [illegible] معدن کے تانبے کے بنے تھے اور اس ضلع دربھنگہ مین اس قسم کے روپے قریب [illegible] کے آئے تھے اور اس قسم مین [illegible] ۲۰۰ [illegible] ۲۷ [illegible] کا غلہ [illegible]

دربھنگا وغیرہ شہروں میں سرکار کی طرف سے روشنی کیا گیا تھا۔

یہاں سے کیفیت جاری ہونے گاڑی ریلوے کی لکھی جاتی ہے جو ضلع ترہت میں جاری ہے

اسی قحط میں ایک سلسلہ ریلوے سڑک کا بہت جلد ایک مہینے کے عرصہ میں مقام باز یدپور یعنی دریاے گنگا سے دربھنگا میں پچپن ساٹھ میل تک پہنچا دیا گیا اور بسبب عجلت کے بلا لحاظ نشیب و فراز و ناہموار سڑک کی زمین پر تختی و رلیں بچھا کر گاڑی چلا دی گئی ایک ایک دن میں کئی دفعہ کرکے مقام باز یدپور سے اوس گاڑی پر غلے آتے تھے اور دربھنگا سے سرکلوں میں تقسیم کئے جاتے تھے اور سرکلوں سے اپنے اپنے علاقہ کے دیہات کے لوگوں کو بذریعہ اہتمام انسپکٹر قحط و پنچ و ممبر کے دیئے جاتے تھے اور غلہ جو دربھنگا سے سرکلوں میں بھیجے جاتے تھے اوسکے چالان مختلف تھی۔ کہیں بسبیل چھکڑہ گاڑی اور کہیں بسبیل شتر و کہیں بسبیل باربرداری نرگاوان و گدھے و اسپ کے و کہیں بسبیل باربرداری ہاتھی کے اور جہاں دریا تھا وہاں بسبیل کشتی ہندوستانی اور چھوٹے چھوٹے آگ بوٹوں کے بھیجے جاتے تھے۔

مقام دربھنگا میں واسطے انتظام قحط کے پہلے پہل ماہ اپریل ۱۸۷۴ء مطابق ۱۲۸۱ فصلی میں ریلوے گاڑی جاری ہوئی بعد چندے باعث ایام بارش اور بسبب نہ ہونے پل آہنی کے اور ڈوب جانے پل چوبی کے گاڑی نہیں چلی بعد اوسکے ۱۸۷۵ء میں ۱۱ ماہ جنوری کو گیارہ بجے دن سے گاڑی چلنی شروع ہوسکے پھر بسبب برسات کے ۱۱ جون ۱۸۷۵ء مطابق ماہ جیٹھ ۱۲۸۲ فصلی سے موقوف ہوگئی اوسکے بعد تاریخ یکم ماہ نومبر ۱۸۷۵ء سے پھر گاڑی چلنے لگی جو اب تک برابر جاری ہے بعد اوسکے مقام شمس الدین پور سے مظفرپور تک ایسے سڑک کی تیاری کا انتظام ہونے لگا چنانچہ بہت تھوڑے عرصہ میں وہ سڑک تیار ہوگئی اور ۲۵ فروری ۱۸۷۵ء موافق ۲۰ ماہ پھاگن ۱۲۸۲ فصلی روز پنجشنبہ کو جبکہ دن گوبند دوادسی کے اشنان کا میلا تھا اور لوگ کہتے تھے کہ یہ میلا

ساٹھہ برس سے زیادہ مدت سنہ بہ ہوا جو مظفرپور سے گاڑی جاری ہوئی۔

۲۷ ماہ ستمبر ۱۸۷۴ء مطابق ۱۰ کنوار روز اتوار ۱۲۸۲ فصلی کو حسنپور میں رات کے وقت دس بجے سے صبح تک ایسا پانی برسا کہ دس برس میں ایسا پانی نہین برسا ہوگا۔

تاریخ یکم ماہ اکتوبر ۱۸۷۵ء کو تمام سرکلین قحط کے یکی بعد دیگرے ابالش ہین در آئین اور حکام بھی برخاست ہونے لگے کارخانے بھی ٹوٹ گئے مکانات سرکل و گوداجات و کارخانہ جات و ہزارون بیل و گاڑی و خیمہ وغیرہ ہر اقسام کے نیلام کردیے گئے اور جسقدر غلہ بکری اور تقسیم مہاجنان سے گوداجات سرکاری مین بچکئے تھے وہ کئی لاکھہ من تھے وہ نصف بھاو سے یعنی فی روپیہ ایک من کے نرخ سے مستر جان مارٹین صاحب اور بابو بشن لال ساہو اور رائے گوبردھن لعل ساہو وغیرہ مہاجنان دربھنگا کے حوالہ کردیے گئے اون لوگون نے اوس غلہ کو جس پر چاہا بیچ کرکے روپیہ سرکار مین داخل کیے اور آپ بھی منتفع ہوتے گئے۔

کیفیت تقسیم ضلع ترہت کی دو حصون پر

اسی ۱۸۷۵ء مین گورنمنٹ نے ضلع ترہت کو دو حصون پر تقسیم کیا۔ پہلے حصہ کا نام مظفرپور رکھا اور دوسرے حصہ کا نام ضلع دربھنگا ہوا۔

کیفیت آبادی مظفرپور کی یہ ہے کہ ۱۸۷۰ء کے پہلے مظفرخان عامل جسکے تحتی پرگنہ بسارہ تھی اوسنے اس جگہ زمین کو آباد کرکے مظفرپور نام رکھا اور کچہری سرکاری وہان ہونے لگی آخر کو ضلع قرار پایا اس ضلع مین سرکار حاجی پور اور سرکار ترہت اور نیم سرکار چنپارن اڈھائی سرکار مین شامل تھین جب اس ضلع کے دو حصہ مقرر کیے گئے تو ضلع مظفرپور مین ڈویزن سیتامڑھی اور ڈویزن حاجی پور اور ڈویزن مظفرپور اور ضلع دربھنگا مین ڈویزن مدھوبنی اور تاجپور اور دربھنگا شامل کیے گئے دربھنگا مین صرف محکمہ ... دربھنگا مین تھا تو ... پر مظفرپور ...

صاحب کمشنر بہادر دورہ کرنے کے لیے تشریف لاتے ہیں راقم منظور محی الدین ... ضلع ترہت
کے ذریعہ سے شریک اجلاس ہوتا ہے اور انتظام اسکا جنوری ۱۸۷۵ء سے شروع ہوا اور ماہ
فروری سے دونوں ضلعوں کی کارروائی علیحدہ علیحدہ ہونے لگی اور ضلع دربھنگا میں بہ تشخیص کوئی
دو دیہات تا جیور سترہ لاکھ ستاون ہزار نو سے پچیس نفر از روی مردم شماری سرکار سے مطابق
اور نہایت آمد ۳۱ دسمبر ۱۸۷۵ء ضلع دربھنگا میں ستاون پرگنے اور سات ہزار چار سو چوالیس
قلم مواضعات ہیں اور سات لاکھ چھیاسی ہزار سات سو بیس روپیہ مالگذاری اور آٹھ ہزار
نو سو تین روپیہ مالکانہ کے اور تین لاکھ اڑتیس ہزار ایک سو اٹھتر روپیہ گیارہ آنہ چار پائی
روڈسیس و پبلک ورکس جملہ گیارہ لاکھ تینتیس ہزار ایکسو گیارہ آنہ چار پائی سالانہ نہایت سال تمام
۱۸۷۵ء خزانہ کلکٹری میں داخل ہوتے ہیں۔

اور ضلع مظفرپور میں چھتیس پرگنہ اور تیرہ ہزار ایکسو تراسی قلم مواضعات ہیں اور نو لاکھ چھیاسٹھ
ہزار نو روپیہ مالگذاری کے اور دو لاکھ اسی ہزار نو سو چودہ روپیہ ایک آنہ روڈسیس و پبلک ورکس
کے جملہ بارہ لاکھ چھیاسی ہزار نو سو چوہتر روپیہ ایک آنہ خزانہ کلکٹری میں داخل ہوتی ہیں

اب یہاں سے کیفیت نمائش گاہ کی لکھی جاتی ہے

واضح ہو کہ قبل تقسیم اس ترہت کے دو ضلعوں پر ماہ جنوری ۱۸۷۵ء میں جو مطابق
کا تھا بحکم گورنمنٹ بنگالہ خاص مظفرپور میں جہاں اسٹیشن ریلوے ہے اوس سے دکھن
اور گھوڑدوڑ کے جگہ سے پورب ایک نمائش گاہ نہایت تکلف اور اہتمام کے ساتھ بنائی
گئی تھی اس نمائش گاہ کی تیاری کا اہتمام مسٹر لیسے جی الیٹ صاحب کلکٹر و مجسٹریٹ
ضلع مظفرپور اور جناب مولانا سید امداد علی خان بہادر صدر اعلیٰ و جج اسمال کاز کورٹ کے ہاتھ میں
تفویض تھا ان صاحبوں نے نہایت انتظام کے ساتھ نمائش گاہ بنوائی تھی جسمیں طرف

دس نمائش گاہ [illegible] جو [illegible] تھیں [illegible] سے [illegible]
تھے ہوائی گئی تھی اور دروازون مین بخط نستعلیق تحریرین نمائش گاہ کی مرقوم تھین اور قیمتی جواہر
اور نفیس لکڑی و برتن بیش بہا اور قیمتی از قسم اسپان و فیلان و شترگاوان و گوسفندان و مرغان خانگی اور
جانوران ہوائی و ظروف جات و پارچہ دیسی و دیگر اشیاء جو ضلع ترہت مین ہوتی ہین سب اوسمین فراہم
کی گئی تھین جناب نواب انریبل سسل بیڈن صاحب بہادر لفٹنٹ گورنر بنگالہ مقام کلکتہ بڑی شوکت و
حشمت اور احتشام سے تشریف لائے تھے اونکے ساتھ تمام حکام ضلع و انگریزان غیر اہل ضلع ترہت و دیگر
بدل بدل کر جنگی فوج کی طرح بسواری اسپ جلوس ساتھ تھے اور درمیان مین نمائش گاہ کے
ایک چبوترہ بلند واسطے اجلاس کے بنایا گیا تھا اور اوسکے سامنے ایک بڑا شامیانہ کھڑا کیا گیا تھا
اس دربار مین تمام راجگان ضلع ترہت و ضلع پٹنہ و مونگیر و بھاگلپور و آرہ و گیا جی شریک ہوئے
تھے پہلے ایک اسپیچ جناب صاحب کمشنر بہادر نے بعبارت انگریزی و بعدہ مولانا سید شاہ
امداد علی خان بہادر نے بعبارت اردو حضور مین جناب نواب گورنر بہادر کے بڑی شد و مد کے ساتھ
پڑھی اور بعد اوسکی دیوان منولال نے بھی ایک اسپیچ بعبارت اردو اور بہت سے شعرا و اہل علم
نے رسالے اور قصائد مدح مین نمائش گاہ اور جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر کے داخل کیے
بعدہ حسب دستور تالیان لندن کے تمام حکام اور دیگر صاحبان یورپین نے تالیان بجا کر ہرّے
کی صدائین بلند کین بعد اوسکے نواب لفٹنٹ گورنر بہادر نے ملاحظہ اشیاء موجودہ نمائش گاہ کا
کیا اور بہ لوگ نمائش گاہ مین بہ تقریب دیکھنے نمائش گاہ کے داخل ہوئے تھے بذریعہ ٹکٹ
کے داخل ہوسکے تھے اور اس میلہ مین انگریزی باجا بجتا تھا القصہ ایک بڑی تکلف کا میلا تھا
اس نمائش گاہ کی مدح مین مولوی سید محمد مرشد حسن کامل نے ایک قصیدہ لکھکر حضور مین نواب
لفٹنٹ گورنر بہادر کے پیش کیا تھا نواب ممدوح نے اپنے ہاتھ سے لیکر اپنے سکرٹری کو دیا

[illegible] مین بنا کر [illegible] اوس قصیدے [illegible] [illegible]

[illegible] بابت [illegible] ابتدا اس قصیدے کی [illegible] مضامین باندھنے مین اشعار قابل پسند ہین۔

جو قصیدہ مولوی محمد مرشد حسن کامل نے بتقریب نمایش گاہ مظفرپور کے جناب نواب آنربل سیسل بیڈن صاحب لفٹننٹ گورنر بنگال ور نمایش گاہ مظفرپور کی مدح مین لکھا تھا اوسمین سے صرف وہ اشعار جو خاص نمایش گاہ کی تعریف مین ہین بتقریب مقام کے لکھے جاتے ہین

[illegible] یہ نمایش گاہ ایسی ہے روشن — کہ جیسے برج حمل مین ہو مہر جلوہ فگن

ہر ایک شخص ہے اوسمین ستارہ روشن — زمین ہے یہ نمایش گاہ کی چرخ کہن

[illegible] ہے یہ رتبہ نمایش گاہ — کہ [illegible] برج باب چرخ کہن

بیان کیجے کیا وسعت نمایش گاہ — کہ ایک کونے کا بنگلہ ہے اوسکے چرخ کہن

[illegible] باغ و بہار ایسی یہ نمایش گاہ — خجل ہو جسکے فضا سے فضاے باغ عدن

وہ سیر باغ لگا ہے ایک جانب کو — کہ ہر روش پہ ندا جسکے ہے بہار چمن

[illegible] جوہری بازار — [illegible] لال یمن

[illegible] — کہین [illegible] کہین عدن [illegible]

[illegible] خانہ نمایش [illegible] — کہ [illegible]

[illegible] — [illegible] کہن

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

کہین گرہ کا گرہ باز کے تماشا ہے — کہین نکلی ہے کہ [illegible]
وہ شیر دار ہین کہ گر او نچہین دو ہین — تو ایک دھار مین بھر جائے خم چرخ کہن
خروس ہین وہ تماور کہ جنکی ہیبت سے — چھپے تو تاون مین سیمرغ بند کر کے دہن
رو داروی مین ہو کیونکر نہ اپنی طبع روان — کہ اب ہے مد نظر ہمکو مدحت توسن

مطلع

ایال سنبل نرگوش گل ہین غنچہ دہن — نسیم باغ کا توسن کے چال مین ہے چلن
کنوتیون سے کہ وہ تیور ہین دیکھکر جسکو — دبکے کان نکل جائے سامنے سے ہرن
جمے تو کہیے کہ طاوس رقص کرتا ہے — بھرے جو لانے تو ہو صاف چوکڑی مین ہرن
جو ٹھیک اڑا اسے تو نہ پہنچے فلک اوڑ جائے — ہو آگے پہنچے پہ دو دو قدم ہو پھاندے مین
یہ زود رس ہین فرس گر حضور قصد کرین — تو ایک منٹ مین پہونچ جائے ہند سے لندن
حضور حاضری کہا کر جو ہون سوار اس پر — یقین ہے ہند سے لندن پہنچ کے کہائین ٹفن
چلے جو ایک بجے دن کو یہ سپاٹو سے — تو دو بجے ہو ئے شملہ کو پہونچے [illegible]
ابھی تھا کیپ مین شملہ مین اور سپاٹو مین — ابھی ہے منڈی مین یہ زود رس ہے یہ توسن
پلک مین برق ہے چلنے مین جہاز ہی ہے — پری ہے یا کہ چھلاوا ہی اگر ہے توسن
سواد شام ہے تمام ہے رنگ ڈھنگ مشکین مین — شفق سے ہے کہین اوس ہے سرنگ پہ جوبن
سپید و سحری کا گمان ہے نقرہ ہے — سیاہ ہے شام خوبیان کہ پشت پہ ظلمن
صفت مین آپ کے گھوڑے کی [illegible] — [illegible]

مطلع

[illegible] پر ہاتھی دو ڈھاکے اگر [illegible] — [illegible]

بیان کیجئے کیا فیل کی بلندی کا
کہ اوسکے ساق سے نیچا ہی اوج چرخ کہن

جو چاہے توڑ لے شاخین شاخ سدرا کی
بڑھا کے سونڈ کو اپنے او ... کے وہ گردن

گمان ابر کا ہوتا ہے جب وہ چلتا ہے
جو بیٹھتا ہی تو ہوتا ہے اوس پہ کوہ کا ظن

سوار ہوجئے خشکی مین تو ہے تخت روان
جو آئے نہر مین جب وہ تو ہے پل آہن

صدائے رعد کا چنگھارنے مین عالم ہے
مثال برق کے دندان فیل ہین روشن

دعا پہ ختم کرین کامل اس قصیدہ کو
کہ بعد مدح دعا سے نہین کلام احسن

مطلع

الہی چتر فلک جب تلک ہے سایہ فگن
زمین ہے تا کہ خلائق کے واسطے مسکن

فلک مین تا کہ ہے مریم کو انتظار مسیح
فلک ہی عیسی گردون نشین کا تا مسکن

فلک کے ہاتھ مین جبتک ہے گرز بجلی کی
یہ توپ رعد کی چلتی ہے جب تلک دن دن

گھٹا کا دھر ہین جب تک بجا کرے طنبور
صدائین دے دل نالان کا جب تلک ارگن

فلک کا کیمپ ہی جبتک جہان مین قائم
پڑی ہی انجم تابان کی جب تلک پلٹن

نفس کے سینہ مین جبتک کہ ہوتی ہے گھوڑدوڑ
خیال کا ہے جگر مین جب تلک تا گھن

ستون ... مریم کے ... ہے
رہین حضور ... عیسی مسیح سایہ فگن

حضور ختم ہوا اب قصیدہ کامل
علم مین ... کیجئے قربان جاے گیر دشمن

... ... کیجئے ... میرا
کہ آبرو کے لیے ... یہ در سخن

تذکرہ ... جناب نواب ...
... صاحب بہادر گورنر جنرل ...

... ... اس ... ... کو

نواب ویسرائے ہند مسٹر لارڈ ناتھ بروک صاحب بہادر گورنر جنرل ہندوستان واسطے ملاحظہ
احوال ملک و رعایائے قحط زدہ کے پہلے پہل اس دربھنگا مین کنہیا استھان کے پوکھرے پر سواری
ڈری تشریف لائے وہان پہلے سے چند خیمہ و دو نمگیرہ گڑے تھے اور اسمین بابو گونیسر سنگھ
عرف کشور بابو اور بابو گوپیسر سنگھ عرف سندر بابو چچا مہاراجہ لچھمیسر سنگھ بہادر کے اور بابو گردہاری سنگھ
اور بابو درگا دت سنگھ پسران بابو کسرت سنگھ رئیس مدہوبنی اور صادق علیخان اور انوار علیخان رئیسان
دربھنگا وارثان رحم خان مرحوم موجود تھے بمجرد تشریف آوری گورنر جنرل بہادر کے خیمہ سے نکل آئے
صادق علیخان نے ایک سپاسنامہ جو بعبارت اردو پہلے سے حسب صوابدید جناب ایم لی
مکنڈنل صاحب کلکٹر و مجسٹریٹ ضلع دربھنگا اور مسٹر مٹکاف صاحب بہادر کمشنر قحط اور مسٹر کرنیل
برن صاحب منیجر راج دربھنگا کے جسکو حافظ عبد الکریم خان منصف دربھنگا [illegible] متعام دربھنگا اور
زین الدین حسین خان ڈپٹی مجسٹریٹ نے بمشورہ یکدیگر لکھا تھا اور راقم کو بھی دکھلایا تھا اور مولوی
مرشد حسن کامل سے سرنامہ کے اشعار لکھوا کے کسی خوشنویس سے کاغذ زرافشان پر صاف
کرایا تھا پیش کیا مسٹر ہاڈ صاحب سکرتری گورنمنٹ نے اوس سپاسنامہ کو لیکر ہاتھ مین نواب
گورنر جنرل بہادر کے دیا اور وہان پڑھا گیا گورنر صاحب اوس سپاسنامہ کے [illegible] سے جو ہنود
تمام ہنود و مسلمان رعایا کی طرف سے تھا نہایت خوش ہوئے بعد اوسکے ایک سپاسنامہ
زبان سنسکرت مین جسکو بابو گونیسر سنگھ عرف کشور بابو نے کسی پنڈت [illegible] سے لکھوایا تھا پیش کیا
وہ بھی لیا گیا اسی عرصہ مین جو سپاہی پولیس کے اور [illegible] کے اوس مقام
مین پہلے سے [illegible] تھے اونھون نے اپنی سلامی [illegible]
[illegible]
[illegible]

اور [illegible] سے [illegible] کی [illegible]ان ہوئی

اس [illegible] میں [illegible] تیرہ سو ہاتھی تھا جو اس ضلع کے اطراف و جوانب سے بحکم جناب مسٹر ایچ بی گمڈونل صاحب بہادر کلکٹر کے مع زمینداران ضلع جمع کیے گئے تھے اور ہاتھیوں پر اچھے اچھے کپڑے پہنے ہوئے سوار تھے صف باندھے ہوئے سلام کرنے کو کھڑے تھے علاوہ اسکے پانچ ہزار آدمیوں کی بھیڑ تھی تماشائیوں سے ایک میلہ کی کیفیت تھی جب ذرا گاڑی گورنر جنرل صاحب بہادر کی آگے بڑھی تو یہ سب بھی رخصت ہوئے اور بنظر تعظیم جناب گورنر صاحب بہادر کے جناب مسٹر کریمل برنصاحب بہادر نے نرگونہ کی کوٹھی سے کنیا مصر کے پوکھر تک چودہ[۱۴] دروازے جعفری ٹٹی کے سڑک پر بلند ہوئے تھے اور اوس رنگ کے کاتمان اور دوسرے قسم کے کپڑے اچھے اچھے لپٹوائے گئے تھے [illegible] سبز پتے اور سرخ [illegible] زرد [illegible] پھول [illegible] کے لٹکائے گئے تھے کہ [illegible] ایک عجیب بہار پیدا ہوئی تھی واسطے دیکھنے جناب گورنر صاحب بہادر کے تمام رعایا [illegible] سڑک [illegible] کے دونوں طرف کھڑی ہوئی تھی اور ساری سڑک پختہ پر پانی کا چھڑکاو ہوا تھا کوئی شخص اس کنارے سے دوسرے کنارے کی طرف آنے جانے نہیں پاتا تھا بالکل لوگ دم بخود تھے کوئی کچھ منہ سے نہیں بولتا تھا مگر انکھیں تشریف آوری کی جانب گورنر صاحب بہادر کے منتظر تھیں [illegible] اوس وقت ساتھ چند احباب اور بابو بدری ناتھ [illegible] اور بابو [illegible] پرشاد [illegible] وہاں [illegible] اپنے بیٹے کی جو پیدائش اونکی ۱۵ [illegible] روز چہارشنبہ [illegible] فصلی کو ہوئی [illegible] عمر [illegible] تین مہینا تیئیس روز کی تھی ایک مکان میں سڑک [illegible] مکان سے [illegible] بیٹھا تھا دیکھا کہ چار سوار آگے آگے [illegible] چلے آتے ہیں [illegible] گاڑی [illegible] تھے مسٹر [illegible] صاحب بہادر کمشنر اور مسٹر ایچ بی گمڈونل صاحب [illegible] سکرتری [illegible] ہوئی [illegible]

پیچھے پیچھے زمینداران ضلع ہاتھی پر سوار ہوئے چلے آتے ہین۔

گورنر جنرل صاحب بہ تکلف دونون ہاتھ سے سب آدمیون کے سلام لیتے تھے الغرض چھ بجے تمام نرگونہ کی کوٹھی مین داخل ہوئے وہان بھی اکیس گولے بارود کے سلامی مین چھوڑے گئے اور کچھ انگریزی باجا بجایا گیا مہاراجہ صاحب کی طرف سے باہتمام کورٹ آف وارڈس سنگھ دروازہ سے مہاراجہ صاحب کے نرگونہ کی کوٹھی تک جنفری ٹیبان کے ذریعہ سے دو رویہ سڑک پر بہت بڑی روشنی ہوئی اور سنگھ دروازے سے کمرہ تک دونون طرف سڑک کے نئی نئی قسم کی روشنیان کی گئین اور سڑکون کے اوپر بطور پاانداز کے بانات سرخ کا فرش بچھایا گیا اور اندر کمرہ کے شیشہ آلات کی بہت تکلف سے روشنی تھی آٹھ بجے رات کو گورنر صاحب بہادر کمرہ مین مہاراجہ صاحب بہادر کے تشریف لیگئے اور کرسی طلائی کے پاس جو نظر بیٹھنے کے پہلے سے وہان رکھی ہوئی تھی کھڑے رہے اور حکم دربار کا درباریون کو ملا۔

جناب مسٹر منکاف صاحب بہادر کمشنر و مسٹر کمڈول صاحب کلکٹر کو اختیار ملاقات کروانے کا تھا اور ہر ایک درباری کے نام کا ٹکٹ پہلے سے تقسیم کر دیا گیا تھا پہلے مسٹر اے بی کمڈول صاحب بہادر نے بابو گونیس سنگھ عرف کنور بابو و بابو گونیس سنگھ عرف سندر بابو کو دربار مین حاضر کیا یہ دونون بھائی سلام کر کے بائین طرف جناب گورنر صاحب بہادر کے فاصلہ سے کھڑے ہو رہے بعد اسکے صادق علیخان اور انوار علیخان مشرف ملازمت سے ہوئے بعد اسکے بابو گردہاری سنگھ و بابو رگادت سنگھ حاضر دربار ہو کر شرف اندوز ملازمت کے ہوئے اور مولوی سید علی حسن اور مولوی امداد علیخان بہادر مع اسمال کاز کورٹ و راجہ رگھونندن سنگھ راجہ سورسر اور دیگر بہادر نفیس و رئیس بہرہ یاب ہوئے۔

بعد اوسکے تشریف ارزانی جموں شنکی دربار برخاست ہوا۔

جناب گورنر صاحب بہادر ... چوکڑی پر سوار ہوکر پانچ بجے ہوسٹنگز کی کوٹھی میں تشریف
لائے اور مسٹر کرنیل برن صاحب بہادر کے ساتھ دعوت کے کھانے کو جو وہاں موجود تھا اوس کو تناول
فرماکر خواب استراحت فرمایا۔

اوس روز شہر میں ہر امیر اور غریب نے اپنے مکان و دروازہ پر ایسی روشنی کی کہ دیوالی
کی کیفیت نظر آتی تھی۔

چھ بجے صبح کو گورنر صاحب مدھوبنی کی طرف تشریف لیگئے اور مدھوبنی سے زیبا کو رونق افزا ہوکر
دوسرے دن پھر یہاں لوٹ آئے تیسرے دن ۱۴ دسمبر روز پنجشنبہ کو گیارہ بجے کورٹ میں
آکر دس کے اسکول اور اصطبل کو ملاحظہ فرماکر کون کو پچاس روپیہ کا نوٹ انعام دیکر بذریعہ
ریل گاڑی کلکتہ کو تشریف لیگئے۔

بعد چندے جناب نواب لارڈ نارتھ بروک صاحب گورنر جنرل بہادر ہند ۱۵ اپریل ۱۸۷۶ء کو
روانہ انگلستان ہوئے بجائے اونکے مسٹر لارڈ لٹن صاحب گورنر جنرل ۱۲ ماہ اپریل ۱۸۷۶ء
کو کلکتہ میں رونق افروز ہوئے کہ ہنوز رونق افروز ہیں۔

حصہ چہارم

کیفیت رؤسا وشرفاے اقوام برہمن وچہتری واگروالہ وگولوارہ وکہتری وکایستہ واقوام مسلمانان وغیرہ ضلع ترہت

مہاراج کنوار بابو گونیسر سنگہ عرف کشور بابو ولد مہاراجہ [illegible] سنگہ بہادر
عمدہ رئیسوں مین سے نامی وگرامی ہین لباس تہذیب اخلاق [illegible] سے
نجابت سے ممتاز ہین صاحب علم واہل سخا [illegible] ہین مکان انکا [illegible] دربھنگہ
مین ایک محلہ سے دربھنگے کے ہی [illegible]
پرگنہ [illegible] اونکو دیا گیا تہا کہ اونکے قبضہ مین ہے آمدنی [illegible] معاش
تخمیناً قریب ایک لاکہہ چالیس ہزار روپیہ کے ہوگی [illegible] کے

لوگون مین جلیل القدر روحانی مرتبت ہین اور یہ اپنے مذہبی عبادت مین ہمہ دم مصروف رہتے ہین اور ہر مقام تیرتھہ کا لاکھون روپے خرچ کرکے درشن کرلئے ہین ذات انکی غنیمت ہے۔

مہاراج کنوار بابو نتر پیر سنگہ عرف بمالی بابو
ولد مہاراجہ رودر سنگہ بہادر

یہ بھی اپنے بھائیون کی طرح سے معزز اور جلیل القدر رئیس ہین موضع برہہ گوڑیا پرگنہ سیتو ریا مکان انکا ہے راج سی حسب دستور خاندان انکو بھی پرگنہ بیلاری ملا ہے ان کی آمدنی تخمینا اسی ہزار روپیہ کے ہوگی۔

مہاراج کنوار بابو گوپیر سنگہ عرف سندر بابو
ولد مہاراجہ رودر سنگہ بہادر

یہ بھی مثل اپنے بڑے بھائی بابو گوپیر سنگہ کے عزت دار اور رئیس و اہل دولت و اہل مروت اور صاحب اخلاق ہین علم بھی اچھا رکھتے ہین مکان انکا متصل سونبرپور کے موضع بہسا مین متعلقہ دربھنگہ کے ہے راج سی حسب دستور خاندان انکو پرگنہ آہس دیا گیا تھا اکثر قبضہ مین انکے ہے آمدنی انکے معاش کی تخمینا ساٹھہ ہزار روپیہ کے ہے۔

مہاراج کنوار کنور پیشیر سنگہ برادر خورد
مہاراجہ بھیسم سنگہ بہادر

نہایت رئیس اور معزز اور جلیل القدر اور دانشمند و اہل مروت ہین علم انکا بہت اچھا ہے سرکاری کالج مین انہون نے علم انگریزی حاصل کیا ہے البتہ جس درجہ کی وہ انگریزی جانتے ہین اوس درجہ کے ہندوستانی ممبر بہت کم نکلینگے زبان انگریزی بولنے انکی

خوشی سے بانجام کار عہدہ اسسٹنٹ مجسٹریٹی و کلکٹری [illegible] متعہد بات یہ ہی

نہایت سلیم الرای ہین طریقہ انصاف کسی حالت مین انکے ہاتھ سے باہر نہین جاتا ہے

بابو گنیشدت سنگہ زمیندار پرگنہ ڈہمارپور راگہو

یہ بھی قرابت مندون سے مہاراجہ صاحب بہادر دربہنگہ کے ہین انکے موروث کو بھی

راجہی پرگنہ ڈہمار پور راگہو حسب دستور خاندان کے ملا تہا زمینداری انکی بہت اچھی ہے

بوڈہے اور دانشمند اور جلیل القدر اور ہوشیار اور مدبر اور منتظم ہین آمدنی ان کے معاش کی

تخمیناً چالیس پچاس ہزار روپے کے ہوگی انکے دو بیٹے ہین دونون رئیس لائق ہین

مگر چھوٹے بیٹے اونکے بابو بنسی دہاری سنگہ جنکا نام ہے علم انگریزی مین بہت اچھی لیاقت

رکہتے ہین ۔

بابو گردہاری سنگہ و بابو درگا دت سنگہ

پسران بابو کیرت سنگہ زمیندار ماہیہوہی

رشتہ دارون مین سے مہاراجہ صاحب بہادر دربہنگہ کے ہین خدمت ریاست سے

آراستہ و پیراستہ ہین بڑے عزت دار و نامی گرامی ہین اونکے معاش کی تخمیناً آمدنی

دو اڑہائی لاکھ روپیہ تک ہوگی ۔

بابو رامپت سنگہ زمیندار پرگنہ بہجی

یہ بھی قرابت مندون سے مہاراجہ صاحب بہادر دربہنگہ کے تہے بڑے عزت دار تہے

زمینداری انکی بھی اچھی تھی مر گئے چونکہ کثیر الاولاد تہے اسواسطے زمینداری انکی ورثا دن پر

تقسیم ہوگئی ہے آمدنی اولادون کی انکے اجمالی ہے تخمیناً ساٹھہ ہزار روپیہ سے

کم نہین ہوگی ۔

بابو پرمیشری پرشاد نارائن سنگہ برہمن
بچھمان زمیندار زمین پرگنہ سرلیا

شریف و نجیب اور پرانے خاندان اہل ہمت اولوالعزم عزت دار تھے حکام انکا بہت لحاظ کرتے تھے مہاراجہ صاحب بنارس کے قرابت مند تھے ان کے دربار مین پہلوانون کی بڑی قدر تھی اسباب عمارت ہر اقسام کا موجود تھا سواری انکی بہت شان و شوکت سے نکلتی تھی گھوڑے پر خوب چڑھتے تھے عمدہ عمدہ گھوڑے اپنے پاس رکھتے تھے دسہرہ مین لاکھون روپیہ انکے خرچ ہو جاتے تھے مر گئے اونکے ایک بیٹے جنکا نام بابو مہندر نارائن سنگہ ہے زندہ موجود ہین اور زمینداری انکی باہتمام کورٹ آف وارڈس در آئی آمدنی معاش کی لاکھ روپیہ سے زیادہ ہوگی۔

راجہ رگھو نندن سنگہ بہادر زمیندار سوبیدہ

پہلے یہ زمیندار کلان تھے بعد گورنمنٹ ہند نے اونکو خلعت اور خطاب راجگی کا عطا فرمایا آدمی زیرک خلیق بہت دانا اور جلیل القدر شریف و نجیب تھے علم فارسی و علوم آئین قانون سرکاری مین بڑے فائق تھے جس وقت نواب ویسرائے جناب مستر نارتھ بروک صاحب بہادر گورنر جنرل دربھنگہ مین رونق افروز ہوئے تھے اور مکان مین مہاراجہ صاحب بہادر دربھنگہ کے دربار ہوا تھا وہی تشریف لائے تھے آمدنی انکی زمینداری کی تخمیناً دو لاکھ روپیہ سے زیادہ ہوگی مفصل راجہ کو [illegible] اگہن سنہ ۱۲۸۶ فصلی کو لاولد مر گئے۔

[illegible] بچھمان ساکن موضع مجولیا پرگنہ [illegible]

[illegible] تمام ضلع بھی انکو معزز جانتے تھے اب اس گھر مین [illegible] آمدنی معاش کی تخمیناً پچاس ہزار روپیہ سالانہ ہے

کم نہ ہوگی۔

راجہ شیوراج نندن سنگھہ برہمن بچھان ریاست سیوہر متعلقہ سب ڈویزن سیتا مڑھی

جلیل المرتبت عالی خاندان اہل عزت رئیس تھے اور اراکین ہدیہ نزد حکام ضلع بھی معزز و ممتاز ہیں دربار گورنری میں جو بماہ جنوری ۱۸۶۴ء کو منعقد ہوا تھا یہ بھی شریک ہوئے تھے اور آمدنی انکے معاش کی لاکھ روپیہ کے قریب ہوگی۔

چودھری گنون سنگھہ برہمن بچھان ساکن موضع ریواسی پرگنہ دھہلا وارث چودھری نہال سنگھہ

شریف نجیب خاندانی ہیں ان کے معاش کی آمدنی تخمیناً دس ہزار روپیہ کی ہوگی باقی حال معلوم نہیں ہے۔

چودھری ناتھہ بخش سپاہی برہمن بچھان ساکن بیرا پرگنہ مہلا

شریف اور نجیب اور خاندانی عزت دار تھے زمینداری انکی بہت اچھی ہے مر گئے وارثوں سے انکے چھتر دھاری ساہی و تیلک دھاری ساہی موجود ہیں آمدنی معاش کی تخمیناً دس ہزار روپیہ سالانہ ہوگی۔

چودھری جانکی پرشاد برہمن بچھان ساکن موضع اتھری پرگنہ مہلا

شریف دولتمند ... تھے ... اکنا ... بہت ... ان کی معاش کی آمدنی تخمیناً ... ہزار روپیہ سالانہ ... ان کے ... ہیں ...

چھوٹن ساہی برہمن بچھمان ساکن موضع بہادر پرگنہ مہلا

یہ بھی شریف و نجیب و عزت دار تھے خاندانی قدیمی تھے مر گئے انکے معاش کی آمدنی تخمیناً چار پانچہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی باقی حال راقم کو معلوم نہیں ہے۔

ہنسراج سنگہ برہمن بچھمان ساکن اتھری پرگنہ مہلا

عزت دار و صاحب معاش ہیں اور خود زندہ اور موجود ہیں آمدنی انکی زمینداری کی تخمیناً دس ہزار روپیہ سالانہ سے کم نہیں ہوگی۔

بابو بھگوت پرشاد برہمن بچھمان ساکن موضع اتھری پرگنہ مہلا

صاحب عزت و شریف ہیں انکے معاش کی آمدنی تخمیناً پانچہزار روپیہ سالانہ ہوگی آگے حال راقم کو معلوم نہیں ہے۔

بابو ہنومان پرشاد برہمن بچھمان ساکن موضع اتھری پرگنہ مہلا

یہ بھی شریف و عزت دار خاندانی ہیں انکے معاش کی آمدنی تخمیناً پانچہزار روپیہ سالانہ ہوگی باقی حال راقم کو معلوم نہیں ہے۔

بابو سورج دیو نارائن برہمن بچھمان ساکن موضع تلگڈھ پرگنہ ترسٹھہ

شریف و نجیب خاندانی ہیں عہدہ آنریری مجسٹریٹی کا طرف سے سرکار انگلشیہ کے انکو ملا ہی سنا ہے کہ مزاج میں انکے نہایت درجہ کا اخلاق ہے اور طبیعت میں تواضع ہے معاش دار ہیں آمدنی انکے معاش کی تخمیناً دس ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی۔

چودھری دیاناتھ برہمن بچھمان ساکن موضع لواسی پرگنہ مہلا

شریف و نجیب اور عزت دار خاندانی ہیں ان کی معاش کی آمدنی تخمیناً پانچہزار روپیہ سالانہ

بهوشنا

بهیکن سنگهه برہمن بچهمان ساکن موضع بکیاہا پرگنہ ہرا

زمیندار نامی اور عزت دار و شریف ہین انکے معاش کی آمدنی تخمیناً سولہہ سترہ ہزار روپیہ کے لگ بہگ ہوگی

ہنومان سنگهه برہمن بچهمان ساکن موضع ماتحتی پرگنہ ہرا

صاحب معاش اور شریف اور عزت دار نامی ہین آمدنی انکی معاش کی تخمیناً دس ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی باقی حال سے راقم کو واقفیت نہین ہے—

بابو بشنید یو نارائن ساہی چهتہا برہمن ساکن موضع سانڈهاپتہ بہت سلہ پرگنہ بہارہ

شریف نجیب عزت یافتہ تهے وقت انتظام انکم ٹکس کے یہ اسیسر مقرر ہوئے تهے اور آنریری مجسٹریٹ بهی تهے آگے حال انکا راقم کو معلوم نہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً بیس ہزار روپیہ کے لگ بہگ ہوگی—

بابو سوبرس سنگهه چهتہا برہمن زمیندار ہردی پرگنہ رتی

مرد شریف و نجیب اور رئیس اور دانشمند اور خلیق اور مروت دار اور معاملہ دان و صاحب عزت ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً دس پندرہ ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی—

بابو شیو پرشاد سنگهه عرف چهمن پرشاد برہمن دونوار زمیندار موضع بلکنڈی پرگنہ سرلیا

[illegible] عزت دار رئیس عالی خاندان [illegible] انکے معاش کی تخمینا [illegible]

[illegible] روپیہ سالانہ کی ہوگی [illegible]

[illegible]

چودھری جگیسر دت برہمن بچھمان ساکن موضع جوگیارہ پرگنہ اوگھارہ

آدمی رئیس شریف خاندانی صاحب عزت اور سخی تھے وارد صادر فقیر و مساکین و سادھو و سنت کو بہت کچھ دیتے تھے انتظام زمینداری خوب جانتے تھے بوڑھے ہوکر لاولد مر گئے اب چودھری سنون پرشاد چودھری و مہر سنگھ نارائن وارثان اونکے موجود ہین آمدنی معاش کی انکی تخمیناً تیس ۳۰ چالیس ہزار روپیہ کے ہوگی بہ سبب فضول خرچی کے مقروض ہین۔

چودھری بابو رام پرشاد سنگھ برہمن بچھمان
ساکن موضع نولاگڈھ پرگنہ نئے پور

شریف و نجیب عزت دار قدیمی ہین حکام ضلع انکو کرسی دیتے ہین صاحب عزت ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً ساٹھ ہزار روپیہ سے کم نہ ہوگی۔

سمبھو پرشاد برہمن بچھمان ساکن موضع لوکھیرا پرگنہ سرلیا

شریف اور خاندانی عزت دار ہین انکے گھر مین دو ڈھائی سو برس سے زمینداری چلی آتی ہے اس زمینداری مین آٹھ آنہ کی حصہ دار مسماۃ آدت کنور آٹھ آنہ مین کالی پرشاد سنگھ و شیو پرشاد و چھوٹی سنگھ و بجے گوپال سنگھ و گنگا پرشاد سنگھ و سیوراج پرشاد سنگھ و سورج دیو نارائن سنگھ وغیرہ شریک ہین مسماۃ آدت کنور کو آٹھ آنہ مین تیس ۳۰ پینتیس ۳۵ ہزار روپیہ سالانہ تخمینی آمدنی ہوگی اور بقیہ شریک داران کی آمدنی تخمیناً چھ ۶ سات ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی

رام برن سنگھ برہمن بچھمان ساکن موضع رگھو پور پرگنہ بلیہا

مرد شریف و نجیب ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً پندرہ ۱۵ بیس ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی

بابو گندھرب نارائن ساہی برہمن بچھمان ساکن موضع سانہہ بھاٹیہ [illegible]
شرافت انکی مشہور ہے مرد عزت دار اور رئیس تھے اس خاندان مین بابو [illegible]

وہ موجود ہیں آمدنی انکے معاش کی تخمیناً پندرہ ۱۵ بیس ۲۰ ہزار روپیہ سالانہ سے کم نہین ہوگی۔

منوہر ٹھاکر پسر شتاب ٹھاکر برہمن بھمان
ساکن موضع ریوڑا چکلہ گیے پرگنہ لبارہ

مردم شریف تھے اب اس خاندان مین رچپا رام اور ہیم نارائن ٹھاکر موجود ہین ۔ غرض کہ آمدنی زمینداری کی اس خاندان مین تخمیناً چالیس ہزار روپیہ سے کم نہ ہوگی۔

ہرچرن شوکل قوم برہمن سروریہ ساکن موضع کنہولی
چکلہ گرول پرگنہ لبارہ متعلقہ تعلقہ بشنپور برسی

شریف و نجیب و عزت دار تھے مر گئے اب اس خاندان مین جمنا پرشاد شوکل و سومی پرشاد شوکل وغیرہ موجود ہین تحصیل معاش کے اونکی تخمیناً لاکھہ روپیہ سالانہ کے ہوگی۔

چودہری گنیا سنگھہ برہمن بھمان ساکن موضع ہنور پرگنہ گڈہ چاوند

شریف و نجیب تھے عزت عالی انکے سلاطین تیموریہ کے وقت مین پرگنہ گڈہ چاوند کے چودہری تھے اب چودہری گودر سنگہ بیٹے اونکے موجود ہین آمدنی سالانہ معاش کے اونکی اس وقت ہزار بارہ سو روپیہ تک ہوگی۔

بابو دوناشاہی برہمن بھمان ساکن موضع رولولی پرگنہ رتی

عزت دار نامی تھے مر گئے اب اس خاندان مین بابو رگھوناتھہ پرشاد زندہ موجود ہین آمدنی انکے زمینداری کی تخمیناً پچیس ۲۵ ہزار روپیہ سالانہ سے کم نہین ہوگی۔

بابو درگا پرشاد سنگھہ برہمن بھمان ساکن موضع مدوبن پرگنہ مجھوا

شریف و عزت دار نامی تھے مر گئے بیٹے اونکے بابو رگھوناتھہ پرشاد زندہ موجود ہین آمدنی انکے معاش کی پچاس ہزار روپیہ سالانہ سے کم نہین ہوگی۔

بھکھاری ساہی برہمن بچھمان ساکن موضع پھلاد پور پرگنہ سمرا

شریف اور نجیب تھے مر گئے اونکے بیٹے رام سرن ساہی زندہ اور موجود ہین آمدنی ان کے
معاش کی تخمیناً نو دس ہزار روپیہ سے کم نہین ہوگی۔

کھیدو ٹھاکر برہمن بچھمان ساکن موضع رجواکھری پرگنہ مہسی

زمیندار مشہور اور نامی ہین آدمی شریف و عزت دار ہین وہ خود زندہ ہین سالانہ آمدنی تخمیناً آٹھ ہزار روپیہ
سے کم نہین ہوگی۔

رام کشن ساہی برہمن بچھمان ساکن موضع پیر محمد پور پرگنہ گڈھ چاوند

شریف و نجیب ہین ان کے گھر مین زمینداری انگریزی سلطنت کے قبل سے ہے خود زندہ ہین آمدنی
معاش کے انکی تخمیناً دو ہزار روپیہ سے کم نہ ہوگی۔

بابو رام نندن پرشاد سنگھ برہمن بچھمان ساکن
موضع پرتاب ماند چکلہ کرحول پرگنہ لبارہ

بہر دو شریف اور نجیب و ذی عزت و عالی خاندان ہین ان کے گھر مین ریاست قدیم سے چلی آتی ہے
آمدنی سالانہ اس خاندان کے معاش کی قریب پچیس ہزار روپیہ کے ہوگی ور اسمین چند حصہ دار ہین

بابو شیام بہاری سنگھ قوم برہمن بچھمان طیجنا ساکن گڈھ سوہی
پرگنہ جبر ہوا علاقہ تھانہ حاجی پور متعلقہ ضلع مظفر پور

شریف و نجیب و عالی خاندان ہین انکے خاندان مین زمینداری سلاطین تیموریہ کے وقت
سے چلی آتی ہے بہ سبب کشاکشی معاملات کے کچھ زمینداری ہاتھ سے انکے نکل گئی اب تخمیناً
پانچ چھ ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی ہوگی خاندان انکا بہت اچھا ہے

بابو گوپال نراین سنگھ قوم برہمن بچھمان [illegible] ساکن موضع [illegible]

پرگنہ جبرہوا علاقہ تھانہ حاجی پور متعلقہ ضلع مظفرپور

شریف و نجیب ہین انکے خاندان مین زمینداری بہت اچھی تھی مگر بالفعل بسبب زمینداری کے برباد ہوگئی اب صرف دو تین ہزار روپیہ سالانہ کے معاش سے آمدنی ہوگی۔

بابو اودھ بہاری نراین سنگھ برہمن بھومہان
ساکن موضع ہرولی پرگنہ حاجی پور

مرد شریف و نجیب ہین سکونت اصلی اون کی سورسٹرہ مین ہے اور یہان انکا نانہال ہے اور یہ نانہال مین رہا کرتے ہین ان دونون خاندانون مین سوائے بابو موصوف کے اس وقت تک کوئی وارث جائز نہین ہے آمدنی انکے دونون جگہون کی معاش کی قریب آٹھ روپیہ کے ہوگی سنا ہے کہ انھون نے اپنی جورو کو بسبب کسی گستاخی کے گولی سے مار ڈالا تھا تب وہ مقدمہ فوجداری سے دورہ مین سپرد ہوا اسیشن جج نے سزاے موت کی تجویز کی مگر ہائیکورٹ مین انکی طرف سے اپیل ہوا اور بہت پیروی کی گئی بڑے بڑے کونسلی مقرر ہوئے بہت روپیہ خرچ ہوے آخر کو حکم ضلع کا منسوخ ہوا پھانسی ٹلنے سے انکی رہائی ہوئی۔

ٹھاکر دیو نراین سنگھ ٹھاکر برہمن بھومہان
ساکن موضع محمدپور پرگنہ بیسگے

شریف اور نجیب تھے مرگئے اب انکے بیٹے سورج دیو نراین سنگھ زندہ اور موجود ہین انکی زمینداری کی آمدنی تخمیناً چھ سات ہزار روپیہ سے کم نہوگی۔

رادھا پرشاد مصر برہمن بھومہان ساکن
موضع [illegible] پور پرگنہ [illegible]

شریف و نجیب ہین [illegible] انکے باپ سے بذریعہ [illegible]

وسعاش پیدا کی رادھا پرشاد مصر کو اس وقت زمینداری اچھی ہی معاش کی آمدنی تخمیناً
اٹھارہ ہزار روپیہ سے کم کی نہ ہوگی۔

راج نارائن سنگھ قوم راجپوت ساکن موضع سنگھاڑا چکلہ گرول پرگنہ لبارہ

آدمی شریف و عزت دار ہین زمانہ سابق مین چودھرائی پرگنہ لبارہ کی انھین کے خاندان مین تھی وہی نامور ہین صاحب معاش ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً بین پچیس ہزار روپیہ سے کم نہ ہوگی۔

چودھری بجناتھ نارائن سنگھ قوم راجپوت ساکن موضع ساری پرگنہ کسمہ

شریف و نجیب و عزت دار قدیمی ہین جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے وقت مین مغربارے وغیرہ مورث کو انکے خطاب چودھرائی کا ملا تھا انکے خاندان مین زمینداری اوسی وقت سے چلی آتی ہی حیدسے پرتاب سنگھ اور اودھ نارائن سنگھ و رود رنارائن سنگھ اسی خاندان مین ہین آمدنی انکے معاش کی اس وقت کس قدر ہی راقم کو معلوم نہین۔

کالی پرشاد سنگھ قوم راجپوت ساکن موضع بنگڑھیا پرگنہ برسون

زمیندار نامی تھے شریف اور نجیب و عزت دار تھے ان کے خاندان مین گوری پرشاد و اجودھیا پرشاد و بیالال سنگھ وغیرہ زندہ موجود ہین سنا ہی کہ آمدنی کل حصہ دارون کی تخمیناً بین پچیس ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی۔

بیرو مترجیت سنگھ قوم راجپوت گند وریا ساکن موضع بسر پرگنہ سنگھ نوپال

شریف ونجیب وعزت دار تھے تخمیناً لاکھ روپیہ کی آمدنی زمینداری سے ملتی تھی مرگئے اب بابو جگموہن سنگھہ اور بابو بالاجیت سنگھہ و بابو جیون سنگھہ وغیرہ زندہ موجود ہین اکثر حصہ معاش کا نیلام ہوگیا اب تخمیناً پندرہ سولھہ ہزار روپیہ کی آمدنی کی زمینداری باقی ہے

بابو جتا من سنگھہ قوم راجپوت گنڈہ وریا
ساکن موضع سکھہ پور پرگنہ ملنی گوپال پور

شریف ونجیب وعزت دار عالی خاندان تھے مرگئے اب اس خاندان مین راے بابو جھکو من سنگھہ بہادر و بابو ننکو سنگھہ و بابو ہرکھہ من سنگھہ و بابو ہرن گربھہ نارائن سنگھہ و بابو ہمن سنگھہ وغیرہ زندہ موجود ہین آمدنی ان سب کے زمینداری کی اسی نواسی ہزار روپیہ تک ہوگی۔

راجہ ٹیک نارائن سنگھہ قوم راجپوت گنڈہ وریا
ساکن موضع برواری پرگنہ ملنی گوپال

بڑے عزت دار اور شریف ونجیب تھے مرگئے اس خاندان مین راجہ سورندر نارائن سنگھہ و راے بابو نریندر نارائن سنگھہ بہادر عرف للا بابو موجود ہین انکی آمدنی تخمیناً لاکھہ روپیہ سے کم نہین ہے خطاب راجگی کا انکو سلاطین تیموریہ کے وقت سے ہے۔

بابو سنگھہ دت راے و بابو اوگر نارائن سنگھہ بہادر قوم
راجپوت گنڈہ وریا ساکن موضع بربل پرگنہ ملنی گوپال

شریف ونجیب وعزت دار خاندانی ہین خود زندہ موجود ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً بیس ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی۔

راجہ دولت سنگھہ قوم راجپوت گنڈہ وریا
ساکن موضع بھیجا پرگنہ اوتر کھنڈ

شریف اور نجیب عزت دار قدیمی تھے مرگئے اس خاندان مین بابو گوپال سنگھ و بابو لعل جیت سنگھ و بابو پرتھوی پرت نارائن سنگھ موجود ہین آمدنی انکے زمینداری کی تخمیناً ساٹھہ ہزار روپئے سے کم نہین ہی

راجہ ہر لچھہ نارائن سنگھہ بہادر قوم راجپوت گندھوریا ساکن موضع سون برسا پرگنہ لسنگھہ پور گوڑہا

بڑے عزت دار و شریف و نجیب و عالی خاندان ہین خود زندہ ہین آمدنی انکے زمینداری کی تخمیناً لاکھہ روپئے سالانہ سے کم نہین ہی خطاب راجگی تا انکو سلاطین تیموریہ کے وقت سے ہی اور خطاب راجگی و بہادری کا سرکار انگلشیہ سے بھی انکو دیا گیا ہی۔

بابو بہاری سنگھہ قوم راجپوت گندھوریا ساکن موضع جدیا پرگنہ نار دگر

بڑے عزت دار اور شریف و عالی خاندان تھے مرگئے اس خاندان مین بابو اجودھیا پرشاد سنگھہ و بابو جانکی پرشاد سنگھہ پسران بابو لودھ نارائن زندہ موجود ہین آمدنی معاش کی انکی تخمیناً ستر چالیس ہزار روپئے تک ہوگی۔

بابو بوندی سنگھہ قوم راجپوت پنوار ساکن موضع سمری ونجا پرگنہ پیرکیا

شرافت و نجابت و عالی خاندانی و عزت ان کی مشہور ہی مرگئے بابو برجو سنگھہ و بابو شنکر سنگھہ و بابو برج بھوکن سنگھہ وغیرہ اونکے خاندان مین زندہ و موجود ہین انکی زمینداری کی آمدنی پچاس ہزار روپئے سے کم نہ ہوگی۔

بابو رام چرن سنگھہ قوم راجپوت پنوار ساکن موضع شنکر پور پرگنہ پیرکیا

شریف و نجیب اور بڑے عزت دار عالی خاندان تھے مرگئے بابو بھیمن نارائن سنگھہ انکے خاندان مین زندہ و موجود ہین انکی زمینداری کی آمدنی اسی ہزار روپئے سے کم نہ ہوگی یہ بابو

لچھمین نارا ین سنگھہ گیانتے مین بھجن خوب بنائے ہین اور بڑے مخیر ہین سخی نامی ہین اسدا برت خوب دیتے ہین—

بابو للت نارا ین سنگھہ و بابو بھگوانت سنگھہ

قوم راجپوت پنوار ساکنان موضع سوہلی پچھر و بنجار پرگنہ گھر کپیا

شریف نجیب و عزت دار ہین اوربابو للت نارا ین سنگھہ خود زندہ ہین اور بابو بھگوانت سنگھہ مر گئے بابو بھگوانت سنگھہ کے بیٹے بابو شیو سہائے سنگھہ زندہ ہین انکے زمینداری کی آمدنی تخمیناً پچاس ہزار روپے سے کم نہین ہی—

بابو ٹھاکر پرشاد سنگھہ قوم راجپوت گندھوریا ساکن

موضع شاہ پور پرگنہ نسنگھہ پور کوڑہا

بڑے عزت دار اور شریف و نجیب ہین خود زندہ ہین بنارس مین آج کل رہتے ہین تارک الدنیا ہوگئے ہین راہ نیک مین خوب خرچ کرتے ہین پوتے اونکے موجود ہین نام معلوم نہین ہی آمدنی انکے معاش کی تخمیناً پچاس ہزار روپے سے کم نہین ہی—

بابو کیرت نارا ین سنگھہ و بابو اودیت نارا ین سنگھہ

پسران بابو مہتاب سنگھہ قوم راجپوت گندھوریا

ساکن موضع دہدا پرگنہ نسنگھہ پور کوڑہا

بڑے عالی خاندان و عزت دار اور شریف و نجیب ہین دونون آدمی زندہ ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً دس ہزار روپیہ سالانہ سے کم نہ ہوگی—

منصاحب سنگھہ قوم راجپوت ساکن موضع [illegible] پرگنہ بالا گنج

[illegible]

... آمدنی انکے معاش کی تخمینا ... روپیہ سالانہ سے زیادہ ہوگی۔

بابو راگھو سنگھ قوم راجپوت ساکن موضع بیرنی پرگنہ بالاگنج

شرافت و نجابت اس خاندان کی مشہور ہے وہ مر گئے بیٹے اون کے بابو پرتاب نراین سنگھ زندہ اور موجود ہین یہ بھی بڑے لائق اور رئیس ہین آمدنی انکے معاش کی تخمینا تیس ۳۵ پینتیس ہزار روپیہ تک ہوگی۔

بابو امراو بہادر سنگھ و بابو رام پرشاد سنگھ قوم راجپوت ساکن موضع بکری جیکلہ گرجوان پرگنہ لسباز

آدمی شریف و نجیب و عزت دار خاندانی قدیم اور زمیندار نامی ہین آمدنی سالانہ اونکے معاش کی تیس ہزار روپیہ تک ہوگی۔

بابو نندن لعل قوم کھتری ساکن موضع جندہا پرگنہ سرلسیا

یہ برادر زادہ بابو برج بہاری لال قوم کھتری ساکن حضرت جندہا پرگنہ سرلسیا کے ہین آدمی جوان مروت دار پختہ کار معاملہ دان ہوشیار اور عزت دار اور عالی خاندان ہین اکثر اوقات مقام مظفرپور مین قیام رکھتے ہین اوس مقام مین انکی ریاست مسلم الثبوت ہے آمدنی انکے معاش کی تخمینی لاکھہ روپیہ سے کم نہ ہوگی۔

رامدیال مہتہ کھتری ساکن دربھنگہ

شریف نجیب عزت دار ذی مقدور بہت دولت تھے مر گئے اونکے وارثون سے سوہن لال مہتہ ... در بھنگہ کے تھے بعد اوسکے کشن بلبھہ مہتہ اور گورپرشاد مہتہ اونکے وارثون مین بڑے ... گذر گئے ہین اب اونکے خاندان مین بنسی لال مہتہ وغیرہ وارثان رامن سنگھ مہتہ ... رام مہتہ و رام پرشاد مہتہ شوہر ... بی بی پوران کشن بلبھہ مہتہ ... کی زندہ

...دہین تخمیناً پندرہ بیس ہزار روپیہ کی آمدنی ... ہے کے معاش کی ہوئی۔

شیام پرشاد مہتہ کہتری ساکن محلہ ضیا نگر پرگنہ حویلی دربہنگہ

آدمی شریف و نجیب عزت دار خاندانی ہین اور صاحب مقدور و خوش انتظام ہین۔

گوپال لال کہتری ساکن مظفر پور

مرد شریف اور نجیب عزت دار صاحب اخلاق ہین مکان انکا منیر شریف پرگنہ منیر ضلع پٹنہ مین تہا بتقریب نوکری تہانہ داری ضلع ترہت مین آئے اور عہدہ تہانہ داری پر ایک مدت تک معمور رہے بعد اوسکے نوکری سے استعفا دیا اور خانہ نشین ہوئے اونکے تین بیٹے ہین ایک اوسمی اجودہیا پرشاد کہ یہ بہت عمدہ آدمی شعور دار لیاقت دار صاحب اخلاق خوش تمیز ہین محکمہ کورٹ آف وارڈس راج دربہنگہ مین عہدہ محافظ دفتری پر معمور تہے بعد اوسکے خاص مظفر پور مین طرف سے سرکار انگلشیہ کے سارجن مقرر ہوئے اوسکے بعد موقوف ہوئے خانہ نشین ہین اب پیشہ تجارت اسباب انگریزی کا کرتے ہین تجارت سے بہت کچھ سرمایہ حاصل کیا ہی اونہون نے ایک کتاب مسمی بہ ریاض ترہت تاریخ کی تالیف کی ہی دوسرے بیٹے اونکے مہادیو لال ہین وہ بہی جوان ذی علم و ذی شعور صاحب اخلاق اور ہوشیار ہین اور محکمہ کلکٹری مین مظفر پور کے اول کرانی ہین تیسرے بیٹے اونکے لچہمن پرشاد ہین انگریزی جانتے ہین دوکان تجارت اسباب انگریزی و چہاپہ خانہ کے مہتمم ہین۔

اجودہیا پرشاد قوم کہتری ساکن محلہ اکہاڑا گہاٹ متعلقہ مظفر پور

شریف و نجیب ہین آبا و اجداد اونکے سکندرپور ضلع اعظم گڈہہ کے رہنے والے تہے جگیون لعل باپ انکے بہ تقریب تجارت اس ضلع مین آئے اجودہیا پرشاد آدمی ذی علم ہین انگریزی اردو فارسی ہندی جانتے ہین (ہندی بیاکرن و سنسکرت جنت جامنی شبد سنگرہ) اونکی تصنیفا

[illegible] ہے۔

سرا [illegible] نندی پت چھتہ بہادر ساکن مالی نگر پرگنہ کسمہ بعدہٗ ساکن قصبہ مظفرپور ضلع ترہت پہلے پیشہ زمینداری اور مہاجنی کا کرتے تھے آدمی شریف و نجیب و عزت دار نامی و گرامی و صاحب ہمت تھے گورنمنٹ بنگال نے ضلع ترہت میں پہلے انہین کو خطاب راے بہادر کا عطا فرمایا تھا باوجود دولت کے مزاج مین تواضع اور فروتنی و بردباری تھی کاروبار ان کی کوٹھی کا قریب پچاس لاکھ روپیہ کے ہوگا قحط مین ۱۲۷۶ فصلی کے انھون نے مظفرپور مین بڑی داد و دہش کی تھی آمدنی ان کے معاش اور کاروبار کی سالانہ تخمیناً اسّی نوّے ہزار روپیہ کی ہوگی مر گئے بابو شیشر پرشاد بیٹے ان کے زندہ اور موجود ہین یہ بھی بڑے لائق اور مروت دار اور رئیس ہین۔

رام غلام چھتہ و رام آدھین چھتہ اقوام کھتری ساکن موضع مالی نگر پرگنہ کسمہ شریف ہین مہاجنی اور زمینداری کرتے ہین تخمیناً سات آٹھ ہزار روپیہ سے آمدنی کم نہ ہوگی۔

بولاقی لال چھتہ کھتری ساکن موضع مالی نگر پرگنہ کسمہ

شریف ہین مہاجنی و زمینداری کرتے ہین تخمیناً دو ہزار روپیہ سالانہ سے آمدنی انکی کم نہ ہوگی

بابو جوگل پرشاد کھتری ساکن مظفرپور چکلہ پرگنہ لسباڑہ

شریف اور نجیب تھے پہلے مظفرپور مین عدالت اعلیٰ کے وکیل تھے بعد عہدہ منصفی پر مقام [illegible] اور بھوٹہ کے سرفراز ہوئے آدمی بہت عمدہ اور سنجیدہ و بردبار تھے نو دس برس گذرا ہوگا کہ مر گئے اب بیٹے انکے راجی لعل عرف رام پرشاد زندہ و موجود ہین آمدنی زمینداری کی انکے تخمیناً تین ہزار روپیہ سالانہ تک ہوگی۔

گوری شنکر قوم کھتری ساکن محلہ اکھاڑہ گھاٹ متعلقہ مظفرپور

شریف و نجیب ہین بابو گوبندرام چچا انکے کلکٹری مظفرپور کے سرشتہ [illegible] تھے زمینداری آمدنی

تخمیناً تین ہزار روپیہ تک ہوگی۔

بابو تلسی رام کھتری ساکن موضع پرتاپ ہٹا ندیکا گڑھ ل پرگنہ لبسارہ

شریف تھے اس خاندان مین زمینداری بہت اچھی ہے مر گئے اب اس خاندان مین بابو کشن بہاری بیٹے انکے موجود ہین سالانہ آمدنی زمینداری کی تخمیناً بائیس ہزار روپیہ سے کم نہ ہوگی

سکھی چند و درباری لال اگروالہ ساکن قصبہ دربھنگہ

یہ دونو بھائی بڑے رئیس اور صاحب عزت تھے مر گئے اب ونکے خاندان مین اس وقت بابو لعل جی ساہو و رگھو نندن لال جی ساہو اور رگھوبر دیال ساہو و رام غلام ساہو و تربینی لال و دشہر ادا اس غیر موجود ہین سب بھی بہت لائق ہین مکانات پختہ ان سب کے نہایت عمدہ اور عالیشان ہین طریق نشست برخاست کا اونھون کے یہان بہت اچھا ہے اس خاندان مین بہت بڑی سی معاش تخمیناً لاکھ روپیہ سے زیادہ آمدنی کی ہوگی۔

راے بنواری لال ساہو بہادر اگروالہ ساکن قصبہ دربھنگہ

شریف و نجیب و عزت دار ہین باپ انکے بابو بھکھاری لال بھی خوش گذران او خوش وجاہت تھے مگر راے بنواری لال نے بذریعہ ٹھیکہ داری زمینداری مہاراج کنوار بابو کیرت سنگھ زمیندار مرحوم اپنے وقت مین بڑی دولت و عزت پیدا کی تخمیناً اسی لاکھ روپیہ کا سرمایہ پیدا کیا ہمیشہ مہاجنی و زمینداری کا کرتے ہین اور اس ذریعہ سے بہت زمینداری ہاتھ لگی انھون نے اپنے وقت مین ایک شیو مندل بھی گھاٹ پر اور ایک مندل اپنے گھر کے نزدیک اور ایک پل آہنی دریاے باگھمتی مین بھی گھاٹ پر بنوایا ہے اور اوس پل کے بنوانے مین تخمیناً پچیس ہزار روپیہ خرچ ہوئے ہین اس پل بنوانے کے صلہ مین گورنمنٹ انگلشیہ نے [illegible] فروری [illegible] خلعت اور خطاب راے بہادر کا عطا فرمایا۔

راے گوبردھن لال بہادر ساکن قصبہ دربھنگہ

یہ بھی قوم اگروالہ مرد شریف و نجیب و عزت دار ہین پیشہ مہاجنی اور زمینداری کا کرتے ہین پیشہ مہاجنی
اور ٹھیکہ داری وغیرہ سے اس وقت تخمیناً چالیس پچاس لاکھ روپیہ کا کاروبار ہے آدمی صاحب اخلاق
و مروت ہے اور ہین انکے باپ بابو دیبی پرشاد نے ایک پل آہنی دریاے لکھندی مین قریب بنی آباد
کے بنوایا تھا اوسمین چوبیس ہزار روپیہ خرچ ہوے ہین اوسکے صلہ مین خطاب راے بہادری کا
بابو دیبی پرشاد کو ملا تھا مگر اونکی حیات مین خلعت نہین دیا گیا سنہ ۱۲۸۱ فصلی کے اساڑھ مہینے
مین وہ انتقال کر گئے راے گوبردھن لال نے سنہ ۱۲۸۱ فصلی کے قحط مین انتظام خیرات اور
رعایا پروری وغیرہ کا بہت اچھا کیا جسمین قریب ساٹھ ہزار روپیہ کے اونھون نے اپنے پاس سے
خرچ کیا اوسکے صلہ مین خلعت او خطاب راے بہادری کا بماہ فروری سنہ ۱۸۷۵ع جسکا مطابق
سنہ ۱۲۸۲ فصلی ہوتا ہے بمقام پٹنہ مستر مکنف صاحب کمشنر کے عہد مین ملا تھا بعد اوسکے راے
گوبردھن لال نے مقام دربھنگہ مین محلہ گوبارہ مین دریاے باگمتی کے کنارہ پر ایک مکان پختہ
و ایک گھاٹ سنگین بخرچ پندرہ ہزار روپیہ کے بنوایا ہے اور ایک منڈل سنگی قریب اپنے مکان
کے جسکو بابو دیبی پرشاد متوفی نے بنوانا شروع کیا تھا اور وہ منڈل اونکی حیات مین تیار نہ ہوسکا
اوسکو بھی بخرچ کثیر تیار کرایا اور وہ منڈل بہت اچھا ہے اور اسی خاندان مین بابو لال جی لال
عرف للو جو برادر زادہ بابو دیبی پرشاد کے ہین بہت خوب آدمی ہین اخلاق اونکا بہت وسیع ہے کسی وقت
مروت کے احاطہ سے قدم باہر نہین رکھتے ہین —

گوپال داس ولد تلسی لال قوم اگروالہ ساکن سابق
دربھنگہ حال ساکنان مظفرپور محلہ پرانہ آباد

یہ دونون بھائی حقیقی ... شریف زمانی مہاجن ... دونون بھائی مر گئے بابو گوپال داس

بیٹے بابو جانکی پرشاد اور بابو منوہر لال کے ہین بابو منوہر پرشاد زندہ اور موجود ہین اور دونون بھائیون کے وراثت علیحدہ علیحدہ ہین کاروبار مہاجنی کا تخمیناً دس لاکھ روپیہ سے کم نہین ہوگا اور زمینداری کی بھی آمدنی اچھی ہے۔

ہردی نارائن اگروالہ ساکن موضع اولاو پرگنہ مالکی

شریف اور ذی عزت ہین زمینداری سے اندازاً دو لاکھ روپیہ سے آمدنی کم نہ ہوگی اور پیشہ مہاجنی سے بھی لاکھون روپیہ کی آمدنی ہے۔

جمنا پرشاد اگروالہ ساکن موضع اولاو پرگنہ مالکی

شریف و عزت دار ہین زمینداری اور مہاجنی دونون سے آمدنی تخمیناً پچاس ہزار روپیہ سالانہ سے کم نہین ہوگی

بابو فتح چند اگروالہ ساکن مظفر پور

شریف اور نجیب و عزت دار تھے لاولد مر گئے داماد انکے بابو منوہر لال زندہ اور موجود ہین آمدنی انکے زمینداری کی تخمیناً پچاس ہزار روپیہ سے کم نہین ہوگی اور کاروبار مہاجنی کا قریب دو لاکھ روپیہ کا ہوگا

جھگن لال قوم گولوارہ ساکن قصبہ دربھنگہ

یہ بھی شریف و نجیب اور عزت دار تھے بڑا اچھا تھہ ساہوکار کے یہان گماشتہ تھے اب انکے خاندان مین اکثر دیال موجود ہین انکے معاش کی آمدنی تخمیناً دس ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی۔

شیو نندن لال و جادو نندن لال قوم گولوارہ ساکن موضع سلیم پور پرگنہ ترکی

شرافت و نجابت ان کی اچھی ہے موہن ساہو مورث اعلیٰ انکے راجہ پرسونی کے دربار مین نوکر تھے اوسی ذریعہ سے مال و متعدد بہت حاصل کیا زمینداری سے تخمیناً بارہ تیرہ ہزار روپیہ کی آمدنی ہوگی۔

متر لال چودھری برہمن متعلق ساکن موضع لکشن پور بنداپج پرگنہ بنداپج
قدیم عزت دار اور شریف و نجیب عالی خاندان و اہل دولت و معاش ہین تخمیناً چار سو برس سے
اِنکے گھر مین دولت اور معاش و زمینداری چلی آتی ہی دھنپت چودھری اِنکے مورث اعلیٰ کو دربار
سے بادشاہ دہلی کے خطاب چودھرائی کا ملا تھا بعد دھنپت چودھری کے ہمایون چودھری کو
دربار شاہی سے چودھرائی پرگنہ بنداپج کی عنایت ہوئی تھی اِس خاندان مین ایک شخص شیولال
چودھری بڑے نامور و ذی فہم و معاملہ دان و صاحب اخلاق گذرے ہین اب بجائی جی چودھری
عرف ہیرالال چودھری مع تنے شیولال چودھری کے موجود ہین چال چلن اِن سبھونکا بہت اچھا ہے
آمدنی اِنکے معاش کی تخمیناً پچیس ہزار روپیہ کی ہوگی متر لال چودھری کو منصب آنریری
مجسٹریٹی و عہدہ منوسپل کمشنری کا انکو مفوض ہی مسٹر اے بی مکڈونل صاحب کلکٹر دربھنگہ نے
بہ تقریب دربار قیصریہ جو یکم جنوری ۱۸۷۷ء کو دربھنگہ مین ترتیب پایا تھا ایک سارٹیفکٹ انکو دی تھی
اور قبل دربار کے مسٹر اے بی مکڈونل صاحب مجسٹریٹ و کلکٹر ضلع دربھنگہ نے راقم کو بھی ایک پروانہ
واسطے حاضر ہونے کے دربار قیصریہ مین لکھا تھا چنانچہ راقم اوس دربار مین حاضر ہوا بیٹھنے کو
کرسی عنایت ہوئی۔

چودھری راجا ٹھاکر برہمن متعلق ساکن موضع سنگھوارہ پرگنہ بھروارہ

آدمی شریف اور ذی مقدور و اہل دولت ہین اور پیشہ زمینداری و مہاجنی کا کرتے ہین
آمدنی ان کے معاش کی مع مہاجنی تخمیناً پچاس ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی آدمی بڑے
منتظم ہین فضول خرچی نہین رکھتے ہین کہتے ہین کہ محمد جلال الدین اکبر بادشاہ کے وقت
مین جیو بھوج ٹھاکر اونکے مورث کو خطاب چودھرائی کا اور ایک موضع بسنا تھہ ٹپی عرف
بانکا پرگنہ بھروارہ عطا ہوا تھا

نہال سنگہ چودھری زمین متھل ساکن موضع کورسون پرگنہ دہرور
یہ بھی زمیندار نامی تھے شریف اور نجیب و عزت دار تھے مر گئے اونکے خاندان مین چھترا این چودھری
وسرب نارائن چودھری وچند نارائن چودھری وغیرہ زندہ وموجود ہین زمینداری بھی ہی

بنسی دھر چودھری برہمن متھل ساکن موضع بابی پور پرگنہ جاکھر
زمیندار عزت دار و نامی تھے اپنے وقت مین معاش اور عزت ونام آوری پیدا کی تھی مر گئے اونکے
دار ثون سے بھیر تھہ نارائن چودھری اور لچھمن چودھری زندہ وموجود ہین ـ

پرمیشری دت چودھری برہمن متھل ساکن موضع بہیڑی پرگنہ ہاوی
زمیندار نامی اور عزت دار تھے شریف ونجیب خاندانی تھے مر گئے زمینداری بھی اچھی ہی

پرتھی دھر مصر قوم برہمن شاکلدیپی ساکن موضع بھولوریا پرگنہ ملکی
شریف اور نجیب تھے اپنی کوشش اور سعی سے اپنے وقت مین بہت کچھ معاش اور مقدور پیدا کیا
مر گئے سوم پرکاس مصر اون کے بیٹے بعد اونکے اپنی زمینداری کا کام کرتے رہے وہ بھی مر گئے
اونکے بیٹے جی پرکاس مصر ہوئے وہ بھی اپنی زمینداری کے کامون مین تاحیات مصروف
رہے اونکے دو بیٹے ہوئے شیو پرکاس مصر عرف لال بابو و نرسنگھ پرکاس مصر یہ دونون بھائی زندہ
وموجود ہین انکے معاش کی آمدنی تخمیناً بیس ہزار روپیہ سالانہ ہوگی مگر آٹھ آنہ حصہ شیو پرکاس مصر کا بہ تحت
انتظام کورٹ آف وارڈس سرکار کے ہی اور آٹھ آنہ حصہ نرسنگھ پرکاس مصر کا خاص بدخل اونکے ہی آگے
حال صفات ذاتی کا اون لوگون کے راقم کو معلوم نہین ہی مگر اسقدر معلوم ہوا ہی کہ بہ سبب ذی عزت
ہونے اون لوگون کے اکثر حکام اون لوگون کے مکان پر آیا جایا کرتے ہین ـ

شیو سہای ساہو قوم باتھم ساکن مظفرپور
آدمی عزت دار اور ذی مقدور تھے مر گئے منوہر لال ساہو اونکے پوتے زندہ اور موجود ہین

صرف زمینداری سے آمدنی اُنکی تخمیناً چالیس ہزار روپیہ سے کم نہیں ہے اور کار مہاجنی کا دس لاکھ روپیہ سے زیادہ ہوگا۔

چمن لال چودھری قوم کلوار ساکن مظفرپور

عزت دار اور نامی شخص تھے مرگئے اِس خاندان مین زمینداری اور مہاجنی دونوں ہے زمینداری سے آمدنی تخمیناً ساٹھہ ہزار روپیہ سے کم نہ ہوگی اور کار بار مہاجنی کا تخمیناً دو لاکھہ روپیہ یا زیادہ ہوگا اور بابو تھوا لال چودھری برادرزادہ چمن لال چودھری کلکٹری ضلع مظفرپور کے خزانچی ہین اور بابو شیو بخش چودھری چھوٹے بھائی اونکے نائب خزانچی ہین و بابو گوکل چند چودھری اونکے بھائی اونکے ضلع چھپرہ مین ڈپٹی کلکٹر ہوئے تھے آدمی لائق و سلیم الطبع ہین۔

کیفیت رؤسا و شرفار قوم کالیستہ سریباستب دامشٹ و گورو ماتھر سکنای ضلع ترہت

رائے مردان سنگھہ کالیستہ سریباستب ساکن قصبہ دربھنگہ

سُنتے ہین کہ یہ قانون گو صدر صوبہ بہار کے تھے مرد شریف و نجیب تھے بڑے صاحب عزت اور نامی و گرامی تھے جس محلہ مین وہ رہتے تھے وہ محلہ اونھین کے نام سے مشہور ہے اِس خاندان مین اب کوئی شخص نہین ہے۔

لالہ سیتاپت کالیستہ سریباستب ساکن قصبہ دربھنگہ

شریف اور نجیب اور عالی خاندان و گرامی تھے صاحب معاش تھے اب وارثون اونکے مین سے اونکے درگا پرشاد مختار کلکٹری و فوجداری دربھنگہ اور بیجا لال پسر کاشی ناتھہ موجود ہین اور دربھنگہ مین محلہ لالہ سیتاپت انہین کے نام سے مشہور ہے۔

دلیوان بابو ناتھ کالیستھ سریباستب ساکن قصبہ دربھنگہ

اپنے وقت میں انہوں نے بذریعہ سررشتہ داری کلکٹری ضلع ترہت اور بعدہ بذریعہ دلیوانگری مہاراجہ مادھو سنگھ بہادر کے ایک بڑی عزت اور مقدرت اور دولت حاصل کی تھی اور شریف اور نجیب اور عالی خاندان تھے بہت بڑی سی معاش پیدا کی تھی اب اس خاندان میں بابو کالیچرن سب رجسٹرار و لسنگھ سرائے اور بابو درگاچرن وغیرہ نبیرۂ بابو برج لال سنگھ اور بابو گرجاچرن ولد بابو کرشن کشور لال نبیرۂ بابو گوبردھن لال زندہ اور موجود ہیں یہ خاندان بہت اچھا ہے بابو بنجاب رائے برادر عموی راقم تاریخ ہذا کی شادی بابو گردھاری لال برادر حقیقی بابو گوبردھن لال کی لڑکی سے ہوئی ہے

لالہ جھنگو لال کالیست سریباستب ساکن محلہ مصر ٹولہ قصبہ دربھنگہ

آدمی شریف اور نجیب اور خاندانی اور اہل عزت اور محرر سررشتۂ زمینداری قانونگویان صدر سرکار ترہت کے تھے انکے ایک بیٹے لالہ جانکی رام تھے وہ بھی بڑے لائق تھے اونکی بیٹی سے منشی رادھا کشن چچا حقیقی راقم کی دوسری شادی ہوئی تھی—

لالہ راجارام کالیست سریباستب بہار دواج گوتر مورث اعلی راقم تاریخ ہذا ساکن قصبہ دربھنگہ پرگنہ ہویلی دربھنگہ

ان کے آبا و اجداد اصل رہنے والے موضع بندولی متصل جودھیاجی کے تھے وہاں سے موضع دزیرا پور پرگنہ بلیا ضلع غازی پور میں جو متصل بھرگو جی کے ہے آکر سکونت اختیار کی چنانچہ متصل موضع دزیرا پور کے موضع گفتش پور و موضع برہماین و موضع بہادر پور و موضع ساگرپالی پرگنہ بلیا میں بہار دواج گوتر کے کالیستھ بہت کثرت سے رہتے ہیں لالہ راجارام کہ موضع مرزا ضلع چھپرہ کے ساکن تھے اونکے دو بیٹے ہوئے اول موہن لال— دوم سیام لال—

موہن لال کی شادی موضع چندن پٹی پرگنہ بہادرپور میں ہوئی تھی اور سیام لال کی شادی موضع جھمار
پرگنہ رتی ضلع مظفرپور میں ہوئی تھی لالہ راجا رام بعد شادی سیام لال کے امروہے سے بسبب
حصول کسی عہدہ سلطانی کے جھمارپور میں آکر قیام پذیر ہوئے تھے اوسکے بعد موضع جھمارپور میں
تنہا رہنا مناسب نہ سمجھ کے بہ سبب لگاو برادری کے موضع چندن پٹی میں بود و باش اختیار کی
زاں بعد بامید حصول عہدہ سلطانی کے دربار میں نواب محمد معصوم خان کے مع اہل و عیال
دربھنگہ میں آکر قیام پذیر ہوئے بعد اوسکے موہن لال اونکے بیٹے نواب محمد معصوم خان عامل
دربھنگہ کی سرکار میں کسی اچھی خدمت پر مقرر ہوئے لالہ موہن لال کے دو بیٹے ہوئے
اول صاحب رام دوم لال چند لال چند نے لاولد انتقال کیا۔

صاحب رام بحصول خطاب رائے بجائے پدر بزرگوار اپنی خدمت مفوضہ پر معزز رہے اونکے
تین بیٹے ہوئے اول سروپ سنگھ دوم رام سنگھ سوم کنور سنگھ لالہ سروپ سنگھ مہاراجہ
مادھو سنگھ راجہ دربھنگہ کی طرف سے پرگنہ آہس کے تحصیلدار مقرر ہوئے رام سنگھ
اور کنور سنگھ خانہ نشین رہے کنور سنگھ نے شادی نہیں کی لاولد انتقال کیا۔

لالہ سروپ سنگھ کے چار بیٹے تھے اول گور سہائے سنگھ دوم شیون لال سوم برج لال سنگھ
چہارم منہرن لال چنانچہ گور سہائے سنگھ کے پوتے میوا لال پسر منوہان سہائے و شیون لال
پوتے ہری ہر چرن پسر رام بلبھ لال و برج لال سنگھ کے پوتے سنبیر دیال پسر نورنگی لال و
چھتر بھوج سہائے پسر کلیان سنگھ و ستل پرشاد پسر بھیکو لال نبیرہ رام سنگھ اور چھتر دھاری لال
پسر نوربازی لال و مہامایا پرشاد پسر مہاراج سنگھ پر پوتے رام سنگھ جو یہ سب ہم جدی راقم تاریخ ہذا
کے ہوتے ہیں موجود ہیں منشی منہرن لال موصوف اولاً عہدہ سر رشتہ داری پر محکمہ
دیوانی صاحب جج بہادر مظفرپور ضلع ترہت کے سرفراز ہوئے اوسکے بعد کلکٹری مظفرپور کی

سررشتہ داری کا عہدہ پایا بعہد مہاراجہ چھتر سنگھ بہادر و رہنمائی کے راجا نے اپنے دفتر خانہ خاص
کا منشی مقرر کیا منشی منہرن لال موصوف بڑے رئیس و صاحب توقیر نامی گرامی منشی بی نظیر
و ذی عزت و صاحب ثروت تھے اپنے وقت مین وہ بھی بہت کچھ مال و دولت و ثروت زمینداری
حاصل کی اور عہد دولت سے مہاراجہ چھتر سنگھ بہادر کے عہد دولت مہاراجہ مہیندر سنگھ بہادر کے
انتظام معاملات راج کا کرتے رہے انکے اختیار اور کوشش سے بہت سے شرفا کا دربار مین عمل دخل
صاحب بہادر کے گذر ہوا اسکے ایسے سخی و کریم تھے کہ ہزارون شریف و غربا و مساکین
و سادھو و سنت کی پرداخت کرتے تھے انھون نے اپنے وقت مین اپنے مال کسب حلال
سے شوالہ بنوایا اور تالاب کھدوایا اور کنوین کھدوائے اور مکان اپنے رہنے کا پختہ بنوایا
اور بہت سی زمینداری خریدکی اور جس محلہ مین رہتے تھے اوسکو آباد کرایا چنانچہ وہ محلہ بلفظ
منشی منہرن لال مشہور ہے
نواسی برس کی عمر مین ۱۲۶۹ فصلی کے بارھوین بیساکھ روز منگل کو بعد غروب آفتاب گنگا جی کے
کنارہ پر پہونچکر انتقال کیا بعد اوسکے منشی بجرنگی سہاے بڑے بیٹے اونکے کہ آدمی بزرگ و رئیس
و دانشمند و مخیر و صاحب مروت تھے پہلے کوٹھی نیل موضع تہوری پرگنہ جکھنی کے منشی ہوئے
بعہد مہاراجہ سنگھ بہادر کے عہد مین پرگنہ بھدوہی کے تحصیلدار ہوئے لاکھون روپیہ کی
تحصیل اونکے علاقہ مین تھی الغرض اونھون نے بھی اچھی دولت و مالیت و معاش پیدا کی
بدری ناتھ برادر حقیقی راقم کو جو برادر زادہ اونکے ہین حسب رواج متعلق کر مقرر کرکے
تمام برہمنون بھادون ۱۲۸۰ فصلی مین بگذاشت ایک دختر جسکی شادی موضع پرگنہ
بھدوہی مین لال بہادر لال خلف لالہ منوہر لال سے ہوئی تھی مر گئے دوسرے بیٹے
منشی منہرن لال موصوف کے بابو جی کشن لال کہ والد راقم تاریخ ہذا کے تھے آٹھ برس

وکالت درجہ اعلی محکمہ دیوانی ضلع ترہت پر مقرر ہوئے بہت روز تک اس منصب کو انجام
کرتے رہے بعدہ بعہدہ منصفی سرفراز ہوئے جب عمر زیادہ ہو گئی اور آنکھ مین روشنی کم ہو گئی
تو خانہ نشین ہوئے اور تاریخ سترھوین ماگھ سنہ ۱۲۸۰ فصلی مین روز پنجشنبہ کو صبح کے وقت
دربھنگہ مین کالی استھان مین شیو منڈل کے سامنے چھیاسٹھہ برس کی عمر مین رحلت [illegible]
راقم تاریخ ہذا اور مہدی ناتھ برادر حقیقی راقم کبلا اس کی طرف سدھارے تیسرے بیٹے
منشی سندرن لال موصوف کے منشی رادھا کشن لال جو چچا حقیقی راقم کے ہین وہ چوتھے بیٹے
دن مہاراجہ رودر سنگھ بہادر کے دربار مین نوکر تھے بعد اوسکے خانہ نشین ہوئے
ابھی تک زندہ اور موجود ہین اونکے دو بیٹے موجود ہین اول بابو گنگا پرشاد دوم بابو کملا پرشاد

راقم تاریخ ہذا کی کیفیت یہ ہے

ابتدائے شعور سے راقم کو شوق تحصیل علم فارسی اور عربی کا رہا چنانچہ علم صرف و نحو عربی
مولوی امیر علی الہ آبادی سے اور کچھ دن مولانا امام شاہ و مولانا بہرام شاہ سے پڑھا اور فارسی
کی کتابین مثل طغرا و ظہوری و مینا بازار و پنج رقعہ و وقائع نعمت خان عالی و قصہ بدر چاچ و دیوان غنی
و ملا ابو الفضل اور خاقانی و انوری و دیوان ناصر علی وغیرہ مولوی امیر علی موصوف سے پڑھین
اور فن شاعری اردو کا مولوی مرشد حسن تخلص کامل سے حاصل کیا اور ۱۸۵۶ء عیسوی مین
امتحان دیگر منصب وکالت درجہ دوم کا حاصل کیا و بہ تحریک مسٹر اے بی کمپل صاحب
بہادر کمشنر ضلع دربھنگہ بحکم گورنمنٹ بنگال ۱۵ اگست ۱۸۷۶ء عیسوی کو آنریری مجسٹریٹ
بااختیار درجہ سوم کے بعد ۲۴ مارچ ۱۸۷۸ء عیسوی کو میونسپل کمشنر و تاریخ دوم جنوری ۱۸۷۹ء
[illegible] کمشنر [illegible] سکول کمیٹی و ۲۹ جون ۱۸۸۰ء کو گورنمنٹ بنگال [illegible] دربھنگہ

مقرر ہوا اور ایک [illegible] سب [illegible] سرفراز ہوا اور چند [illegible] بھی زبان [illegible]
ذیل میں عرض کرتا ہے اور تخلص راقم کا فطرت ہے

غزل تصنیفی بہاری لال تخلص بہ فطرت مؤلف تاریخ ہذا

روئے تاباں کو جو دیکھا بولی قامت دیکھئے
آفتاب حشر تو دیکھا قیامت دیکھئے

ڈھونڈھتے پھرتے ہیں ہم اور آپ چھپتے پھرتے ہیں
اپنی نفرت دیکھئے اور میری رغبت دیکھئے

جوڑتے ہیں ہاتھ ہم اور تم پاؤں دکھلاتے نہیں
اپنی نخوت دیکھئے اور میری منت دیکھئے

جان دیتے ہیں ہم اور تم کھینچتے ہو تیغ تیز
میری الفت دیکھئے اپنی عداوت دیکھئے

ہر گھڑی نام خدا اوس کو رہتی ہے یہ فکر
چوٹی کنگھی کیجئے اور اپنی صورت دیکھئے

تو نے مجھ کو تنگ دی اور ہمنے دل تک دیدیا
میری ہمت دیکھئے اور اپنی ہمت دیکھئے

ہاتھا پائی جب میں کرتا ہوں تو کہتا ہے وہ طفل
میری طاقت دیکھئے اور اپنی طاقت دیکھئے

ہم تو کرتے ہیں صفت اور آپ گالی دیتے ہیں
میری عادت دیکھئے اور اپنی عادت دیکھئے

بوسۂ رخسار مانگا تو یہ فرمانے لگے
جاکے مونھ دھو آئیے اور اپنی رویت دیکھئے

آپ غیروں سے تو ناحق رو و رنجا کرتے ہیں
اپنی عزت دیکھئے اور اونکی عزت دیکھئے

جانب آئینہ زانو جو دیکھا بول اوٹھے
مثل آئینہ کہیں ہوئے نہ حیرت دیکھئے

پیار کی نظروں سے تو کب دیکھتے ہیں آپ ادھر
چتونوں سے قہر ہی کی سوئے فطرت دیکھئے

دیگر

ہزاروں روز دل تابہ یک اجل ہے
تو اے جان [illegible]

دم گریہ بھی سیر ہے لکھنؤ کی — جو اشک آنکھ مین ہے وہ موتی محل ہے

تصور ہے پستان کا چشم تر مین — کہ تالاب مین اے گل تر کنول ہے

کہون کیا لعاب دہن کی حقیقت — صفائی مین شیر اور مزہ مین عسل ہے

نرت ہو جھ بر داشت ہے ہر کسی کا — یہ مصری ہے یا قند ہے یا عسل ہے

کہا زلف کو شک تو عفو کیجے — خطا اپنی صاحب یہ پہلی پہل ہے

مقرر کسی کی قضا آکے پوچھی — اجی بے طرح آج تیوری مین بل ہے

سر شام کو مجھے یہ پوچھتے تو بولے — اے تیرے آنے کا یہ کیا محل ہے

نہین گرد چہرے کے گیسوے مشکین — اجی سنبلہ مین قمر آج کل ہے

بسی جاتی ہے جان اپنی جو ہر دم — ترا بھی دل سخت گویا کھرل ہے

سنگالین گے تیری پلنگڑی اوٹھا کر — پری رو مجھے نقش حب کا عمل ہے

گر اونے سینے ہی جا بی کی کرتی — دل زار کیون لوٹ پوٹ آج کل ہے

اجی کس طرح مان لین آج ہم عذر — ہمیشہ تو صاحب یہی آج کل ہے

طبیعت یہ ہو ناز کیونکر نہ فطرت — جو شعر اس غزل مین ہے وہ بے بدل ہے

دیگر

اوس طرف تیغ آزمائی ہے — مین نے گردن ادہر جھکائی ہے

اس طرف عجز و جبہہ سائی ہے — اوس طرف ناز و کبریائی ہے

لیلی محمل مین یہ درائی ہے — دل مین تلوار یا سمائی ہے

تیری درگاہ کے ہین سب سائل — آسمان کاسۂ گدائی ہے

بوسے لینے مین وہ بگڑتے ہین — صلح مین یہ عجب لڑائی ہے

جگنوؤں سے ہے آب کی ظاہر — آنکھ تم نے ہمیں لڑائی ہے
مثل مہتاب آتشی ہے جگر — آہ سوزان کی یک ہوائی ہے
کیا بھروسا ہے اونکی الفت کا — چار دن کی یہ آشنائی ہے
کرتی ہے ناک جھانک زاہد کو — دخت رز کی یہ پارسائی ہے
کیون نہ پھولین خوشی سے اے بلبل — سال بھر پر بہار آئی ہے
پھر گیا یار آکے رستہ سے — اپنی تقدیر کی برائی ہے
کبھی صورت سے آشنا نہ ہوئے — نام لینے کو آشنائی ہے
دم نکلتا ہے اونکے جوبن پر — موت محبوب سے نکلے آئی ہے

قطعہ

خاکساری سے بڑھ گئی توقیر — کیا ہی اکسیر ہاتھ آئی ہے
چشم وحدت سے دیکھئے فطرت — بات مرشد کی یاد آئی اسے
کہ بجشمان دل مبین جز دوست — ہر طرف جلوۂ خدائی ہے

دیگر

مرحمت بوسۂ دندان وہ اگر کرتے ہین — ہم بھی اشکون کے نثار اونپہ گہر کرتے ہین
قصد جانیکا مرے گھر سے اگر کرتے ہین — بار بار اون پہ تحیر سے نظر کرتے ہین
مردے کہتے ہین لب گور سے عیسیٰ آئے — جب سوے گور غریبان وہ گذر کرتے ہین
ماہ تابان سے جو دیتے ہین انھیں ہم تشبیہ — ہمین چھڑ اتے ہین وہ شہر بدر کرتے ہین
ان رقیبان سیہ رو کو نہ آنے دیجیے — آپ شفقت کی اگر ہم پہ نظر کرتے ہین
بولنا [illegible] وصل کی شب مین ہرگز — دیکھنا تجھے ہم اے مرغ سحر کرتے ہین
[illegible] آکے اگلا بوسہ اب — اے [illegible] ہم اب اپنے سپر کرتے ہین

صبا بے شباتی جوانان چمن سے بلبل
دہن غنچۂ گل ہمکو خبر کرتے ہیں

کیون پریشانی خاطر نہ زیادہ ہووے
رات بھر ہم صفت موے کمر کرتے ہیں

چھوڑتی ساتھ نہیں اپنا تمہاری الفت
ہم جو اے اہل وطن قصد سفر کرتے ہیں

اشک پی لیتے ہیں غم کھاتے ہیں حسرت ہے رو
ایسے دانے ایسے پانی سے گذر کرتے ہیں

دیگر

شہرا ہے لعل لب کا اوس ماہ کے یمن مین
چرچا ہے گیسوون کا تاتار مین ختن مین

سر کا جو رخ سے گیسو نکلا گھٹا سے سورج
چہرے پہ خط جو آیا چاند آگیا گہن مین

آنکھون سے مرے بہتر کوئی نہین نگینا
اے یار تم جڑالو سونے کے تور تن مین

نشہ مین جھومتا وہ رشک چمن جو آیا
بلبل نے نالہ کھینچا گل ہنس پڑے چمن مین

گوہر کی طرح نکلے باہر تو آبرو ہو
ہوتی نہین ہے عزت انسان کے وطن مین

ہو رنگ ہے وہ چمک مین انجم سے ہے زیادہ
ہے کہکشان کا عالم اوس مہ کے نور تن مین

ہوتا ہے کوئی عاقل دیوانہ جب کسی پر
روتی ہے روح مجنون منہ ڈھانپ کر کفن مین

گیسوئے رخ کی شہرت تیری کہان کہان ہے
تاتار مین حلب مین آشام مین ختن مین

کہتا ہے تجھکو ہر گل گلزار حسن خوبی
کرتی ہے ناز کیا کیا باد صبا چمن مین

چلتی ہے تیغ ابرو اور دل تڑپ رہا ہے
ہوتا ہے رقص بسمل فطرت سرای تن مین

بابو بدری ناتھ متخلص بہ شبنم
برادر حقیقی خرد مؤلف تاریخ ہذا

خلیق و مہذب و دانشمند و سلیم الطبع و عزت دار و معزز و ہمت دار بین علم فارسی و اردو

وہ عربیت مین استعداد اور اچھی لیاقت رکھتے ہین [illegible] ل [illegible] خوب جانتے ہین اور شعر عاشقانہ و معانی بندد و نون قسمون مین صحیح و طبع کہتے ہین آدمی ذہین ذکی ہین ایک قسم کے حروف اونھون نے اپنی طبیعت سے ایجاد کئے ہین کہ اوسمین خط و کتابت بہت اچھی طرح ہو سکتی ہی اور مولوی محمد مرشد حسن کامل کے شاگرد رشید ہین —

غزل تصنیفی بابو بدری ناتھ متخلص بہ شبنم
شاگرد رشید مولوی محمد مرشد حسن کامل

کحل البصر آنکھون مین لگایا نہین جاتا
کیون فتنۂ خوابیدہ جگایا نہین جاتا

لکھا ہی رخ صاف کو آئینہ جو اون کے
اوس شرم سے مونھ اونکو دکھایا نہین جاتا

اڑتے ہین فسانے یہ ترے غیر سیہ رو
کیا آپ سے قصہ یہ چھپایا نہین جاتا

غیرون کو جو تم پاس بٹھاتے ہو خوشی سے
یہ رنج تو بندہ سے اوٹھایا نہین جاتا

ہوجائے وصال اپنا کہ ہوجائین [illegible]
بار غم فرقت تو اوٹھایا نہین جاتا

نظرون سے گرایا ہی مرے جسم کو ایسا
نقش قدم آسا یہ اوٹھایا نہین جاتا

یہ ضعف ہی حاصل جو وہ آتے ہین کسی روز
تسلیم کو بھی ہاتھ اوٹھایا نہین جاتا

بیٹھے ہی چلے جاتے ہین حمال جنازہ
لاشہ ہے گران بار اوٹھایا نہین جاتا

بگڑے ہوئے تیور نظر آتے ہین تمہارے
کیون آج مزاج آپ کا پایا نہین جاتا

اب آکے سلیمان ہی منائین تو منائے
وہ رشک پری مجھ سے منایا نہین جاتا

سبیہ وہ بلا الفت گیسوے حسینان
جسکا ابھی سر سے مرے سایا نہین جاتا

جبتک گرے اشک کبھی دل نہ ہو روشن
بے تیل کے مصباح جلایا نہین جاتا

[illegible] دیکھا کر — پیالہ [illegible] ہے [illegible] میں [illegible]

[illegible] ہاتھی شبنم — یہ دو [illegible] نا ہو [illegible]

دیگر

نکلو گر رم کیس کی گھڑی ہاتھ میں — کہ ہو نگی ہوئی چھوٹی گھڑی ہاتھ میں

تقریب تمہاری گھڑی ہاتھ میں — نہ [illegible] کی پھر ایسی اڑی ہاتھ میں

اگر پر تو ہے عارض پڑے — ہو تار شعاعی چھڑی ہاتھ میں

کوئی نیچے کمسن نازنین — نہ پھولوں کی سب چھڑی ہاتھ میں

جو موزو لی زار تھنے لگے — قلم کا بنا ہو چھڑی ہاتھ میں

گریبان میرا طوق گردن کا ہو — تری زلف ہو ہتھکڑی ہاتھ میں

برابر ہوا کب پایہ انسان سے کے — کہ او نگی ہے چھوٹی بڑی ہاتھ میں

شب ہجر ہے ہم کو یہ ناگوار — گھڑی رہتی ہے ہر گھڑی ہاتھ میں

چبھی نوک مژگان جو ایسے گمان — اگر اس کی تک ہے گڑی ہاتھ میں

کوئی تیغ ہے پر جو کھینچے اجل — سپر لے کے جو ناگھڑی ہاتھ میں

مرے شکوں کا کیا ذکر فرقت کی شب — ابھی آنکھ تک گر پڑی ہاتھ میں

ابھی بند ہے پوشیدہ مٹھ میں — کہ چاندی کی ہے یہ گھڑی ہاتھ میں

فقیر [illegible] شبنم [illegible] ان کا — قلم رہتا ہر گھڑی ہاتھ میں

دیگر

ہوئی [illegible] — اگر [illegible]

[illegible] — [illegible]

بیتابیِ دل دیکھی جو اپنا پئے دیدار
کر دینگے تجھے آپ تو ہم تارِ نظر پر

گھیرے ہی ہمین درد و غم و رنج و مصیبت
مجمع یہی رہتا ہے ہمیشہ مرے گھر پر

یون دل مین مری مرغِ معانی کی ہے آمد
جس طرح بسیرا لین طیور آکے شجر پر

روتا ہون کہین اشک کا طوفان نہ آجائے
رکھ دو ذرا ہاتھ اپنا مرے دیدۂ تر پر

جینے مین چمک جاتی ہے ہر گام پہ یارو
بجلی کا گمان ہوتا ہے اوس بت کی کمر پر

بیتابیِ دل نے جو ستایا دمِ دیدار
شک تار کا بجلی کے ہوا تارِ نظر پر

آتا ہی کبھی کوچۂ جانان سے جو ہو کر
قاصد کے قدم رکھتے ہین ہم دیدۂ تر پر

کچھ رات رہے بول اوٹھے وصل کی شب مین
پھر جائے چھری گردنِ مرغانِ سحر پر

ہمسایہ سے کچھ کام نہ لین صاحبِ بینش
مژگان سے پیدا نگرین مرغِ نظر پر

سیلو سے مرے اوٹھ گئے جو غیر و تسے ملے تم
اک داغ ہے دل مین مرے دو داغ جگر پر

جاؤن نہ کہین آپ کی چوکھٹ کو نہ چھوڑون
بیٹھا رہون دربان کی طرح آپ کے در پر

موتی کی طرح اپنے ٹپکنے لگے آنسو
جب آنکھ پڑی آپکے دانتون کے گہر پر

پیری مین بھی گرد اونکے ہی ہون مجمعِ عشاق
جس طرح سے پروانے گرین شمعِ سحر پر

اوٹھتا ہون مجھا جو نکالو تو مین دیکھون
دیتا ہون ڈہی وصل کے خاطر ترے در پر

اکبار بھی شبنم نہ ہوئی اونسی ملاقات
دوچار تب آگئے ہم یار کے گھر پر

دیگر

گر رزم بھر مرے گھر مین تم اے رشکِ قمر ٹھہرے
تو غیر رو سیہ کی بزم مین دو دو پہر ٹھہرے

عیادت کو جو آئے دیکھکر ہمکو لگے کہنے
یہ بیمارِ محبت آج شاید رات بھر ٹھہرے

تمنا دید کی شاید بر آئے بعد مرنے کے
جنازہ کوے قاتل مین ہمارا لحظہ بھر ٹھہرے

وہاں گو رستے جیتا گئے ٹھہرو مگر گذرو / جو آئے فاتحہ کو تو نہ میری قبر پر ٹھہرے
نہ چلے تھے خانہ کعبہ کو جا پہونچے کلیسا مین / کدھر نشہ مین الفت کے چلے تھے ہم کدھر ٹھہرے
جو نادان چمن اپنی جھکالین رشک سے گردن / وہ سرو ناز گلشن مین کوئی دم جا کے گر ٹھہرے
شعاع مہر تابان کا ہر اک تیلی پر عالم ہے / تری چلمن پر اے رشک قمر کیونکر نظر ٹھہرے
ختن کو بھیجدینا ہند سے تم مشک بند ہو کر / مشابہ مشک تاتاری کو تیری زلف گر ٹھہرے
دہان زخم سے بوسہ لیون کس کس بیار ہو قاتل / مرے سینہ تک آ کر گر تری تیغ دو سر ٹھہرے
نکلین گلچین نگلین تو یون ہمکو بھی اپنے گھر پہ ٹھہرالو / نگہبان باغ مین جیسے لیے حفظ ثمر ٹھہرے
مرا خط پڑھکے یون کہنے لگا قاصد سے وہ دلبر / کوئی دن اور بھی کہہ دینا اوس سے نامہ بر ٹھہرے
سمجھتے تھے تمھین ہم مہربان یہ زعم باطل تھا / ستمگر حیلہ جو بیداد گر اور فتنہ گر ٹھہرے
کبھی ہو خون دل کھا کھا کے ایکی یہ غزل مین لے / تمام اشعار اے شبنم مرے لخت جگر ٹھہرے

دیگر

جلا جاتا ہے تن کا قصر سوز ہجر جانان سے / بجھون اب تو نکلا دلکا آب چشم گریان سے
سبکساران الفت کا جو ہوتا ساتھ اے بلبل / نکل چلتے برنگ نکہت گل اس گلستان سے
لیا جو بوسہ شیرین دہن میٹھا ہوا ایسا / جلیبی کی ملی لذت لب شیرین جانان سے
اوٹھے اب بزم گلرویان سے ہم مقتل کو جاتے ہین / چلی اب بوستان کو آج اے بلبل گلستان سے
جو ہو آنسو کا تار اپنے وہ سیہ تار شعاعی ہے / لڑی ہے آنکھ یان کس غیرت خورشید تابان سے
نہین ہے ہمکو حاجت تیرہ دو منارون کی اے منعم / بھرا ہے خانہ دل ورنہ داغ عزیزان سے
ہزاران شعر اے روشن گر تار [illegible] عالم / سیہ خانہ ہوا روشن فروغ روی جانان سے
نہ دی جنبش [illegible] / نہین جاتا [illegible] طور تواضع چرخ گردان سے

قریب چہرہ جھمکا کان مین ہے اسے مہ خوبی
عرق بالون سے گرتے ہین نہین یہ روے گلگون پر
ہزار افسوس موسم آگیا پت جھڑ کا او بلبل
اٹھی اے سر کنعان کر ڈالو ان ڈول بھر زمین پر
الٰہی تا قیامت گرم بازار سخن باشد

ملا ہے یا کہ یہ عقد ثریا ماہ تابان سے
گلستان مین ٹپکتی ہے یہ شبنم سنبلستان سے
چلا اب گل روان باد بہاری کی گلستان سے
جیہ کنعان مین مصر اور مصر مین ہم جا ماہ کنعان سے
اوٹھا خوش ہو کے شبنم آج اس فرخندان سے

منشی بہتن لال کایستہ سریباستب ساکن محلہ رحیم گنج پرگنہ حویلی دربھنگہ

شریف اور نجیب و خاندانی تھے رحیم خان کے دیوان تھے بڑے بیٹے اونکے روشن لال مہاراجہ بہادر دربھنگہ کے دربار مین نوکر تھے اب اس خاندان مین سومیشر پرشاد و بشیشر پرشاد زندہ و موجود ہین صادق علیخان و انوار علیخان کے دربار مین نوکر ہین

منشی جوڑاون سنگہ کایستہ سریباستب ساکن قصبہ دربھنگہ محلہ منشی جوڑاون سنگہ

شریف و نجیب و عالی خاندان تھے اس خاندان مین فقیر چند لال عرف بہودی لال اور بابو گردہاری لال وغیرہ زندہ اور موجود ہین صاحب معاش ہین۔

منشی جھبو لال کایستہ سریباستب ساکن محلہ لال باغ پرگنہ حویلی دربھنگہ

مرد شریف اور نجیب اور عالیخاندان رئیس اور دانشمند اور مدبر اور پیرو مین سن رسیدہ ہین صاحب معاش ہین اہل ہمت و سخا ہین گوبند... اے ... ونندکشور پرشاد تین بیٹے اونکے موجود ہین سب لائق ہین

گوکل چند داس کایستہ سریباستب ساکن محلہ ... قصبہ دربھنگہ

شریف اور نجیب تھے اسکے اوتے منشارام صاحب روزگار اور لائق تھے
منشارام کے بیٹے شمرن سنگھ شیخ فضل علی تحصیلدار کلکٹری ضلع ترہت کے دیوان تھے
اور دیبی دت بیٹے رام شمرن سنگھ کے راج کنوار بابو کرت سنگھ مدھوبنی کے دربار
مین مختارکاری کرتے تھے اب اس خاندان مین دسکھہ دھاری پرشاد اور
نامدھاری پرشاد داویاپرشاد زندہ اور موجود ہین—

لالہ بھگوان داس کایستہ سریاستب ساکن محلہ بھگوان داس قصبۂ دربھنگہ

آدمی شریف اور نجیب وعزت دار تھے مرگئے اس خاندان مین لالہ منوہر سہائے
وبیجالال پسر منوہر سہائے موجود ہین اور دربھنگہ مین محلہ بھگوان داس انہین
کے نام سے مشہور ہے سناہے بھگوان داس کے مورث اعلی گوکل چند نواب
اللہ وردیخان مہابت جنگ مرشدآباد کی سرکار مین نوکر تھے اور بھگوان داس
خود مہاراجہ پرتاب سنگھ کے دربار مین نوکر تھے—

ہری چند وآساچند ومنشارام کایستہ سریاستب ساکن قصبۂ دربھنگہ محلۂ بھگوانداس

شریف اور نجیب تھے سنا ہے کہ نواب مہابت جنگ مرشدآباد کی محال جاگیر
واقع پرگنہ بھرورارہ ضلع ترہت کے تحصیلدار تھے مرگئے اب اس خاندان
مین لالہ گورپرشاد نبیرۂ ہری چند اور ہریکشن لال اور ہربھردیال وغیرہ وارثان
آساچند زندہ اور موجود ہین—
بحجت سنگھ کایستہ سریاستب ساکن محلہ بھگوانداس قصبۂ دربھنگہ

شریف اور نجیب اور عزت دار تھے مسٹر شام مین صاحب جج ضلع ترہت کی کچہری
مین عہدۂ نظارت پر سرفراز تھے اب اس خاندان مین مہابیر پرشاد اور چتربھوج سہاے
پسران نرسنگہ سہاے زندہ اور موجود ہین —

بہیا مانک چند ساکن محلہ ومدمہ پرگنہ حویلی دربھنگہ

شریف ونجیب وخاندانی تھے اِنکے مورث موضع بسمبہرپور مین جو متصل جگدیسپور
ضلع بھوجپور کے ہی رہتے تھے نانک چند نے اپنے وقت مین دربھنگہ مین آکر بودوباش
اختیار کی و ۱۱۹۱ فصلی مین مہاراجہ مادہو سنگہ نے موضع ڈہہ لاہی پرگنہ رام چاؤ مین
کچھ اراضی بغیر پرداخت کے انکو عنایت کی خاندان انکا اچھا ہی اب اس خاندان
مین رگھوناتھ پرشاد عرف رگھونی لال ولد مانک چند کے موجود ہین رگھونی لال آدمی
لائق وسلیم الطبع ودیانت دار ہین عدالت منصفی مقام حبالہ دردربھنگہ مین پہلے محرر تھے
تھے بعدہٗ عدالت منصفی دربھنگہ مین نائب بکونٹ ہوے بعدہٗ ناظر مقرر ہوے —

منشی گوبخش سنگہ کایست امسٹ
ساکن محلہ مصرٹولہ قصبۂ دربھنگہ

شریف اور نجیب اور خاندانی اور رئیس تھے مرگئے اِس خاندان مین کنہولال
بیٹے اونکے موجود ہین —

منشی روشن لال کالیتہ امسٹ
ساکن محلہ رحم گنج پرگنہ حویلی دربھنگہ

شریف ونجیب ہین خاندان اچھا ہی خود زندہ ہین

لالہ کشن سنہہ قوم کالیستہ اور

ساکن محلہ لسبدت گنج پرگنہ حویلی دربھنگہ

شریف اور نجیب تھے قبل عملداری سرکار انگلشیہ کے دیار مغرب سے آکر دربھنگہ مین استقامت اختیار کی اور جسوقت راجہ بکرما کے خاندان مین عہدہ قانون گوئی کا تھا اوسوقت وہ وہان نوکر ہوے تھے جب سے وارثان مابعد اونکے دربھنگہ مین رہتے ہیں اب اِس خاندان مین کالکا سہاے موجود ہین پہلے کورٹ آف وارڈس راج دربھنگہ مین عہدہ پیشکاری پر سرفراز تھے اب راج کے نوکر ہین۔

ہرشمرن لال کایستھ سریباستب ساکن موضع سوبھنکرپور پرگنہ پچھم بھیگو

شریف اور نجیب وعزت دار خاندانی تھے کلکٹری ضلع چھپرہ کے محرر تحصیلی تھے مرگئے اب اِس خاندان مین بیسیسر دیال اور امیسر دیال وجگیسر دیال وبھونسر دیال پسران مہادیو دت نبیرگان ہرشمرن لال زندہ اور موجود ہین اور اس خاندان مین معاش بھی ہے اس خاندان مین راقم تاریخ ہذا کے برادر عموی گنگا پرشاد کی شادی ہے۔

منشی رگھوبنس سہاے قوم کایستھ سریباستب ساکن موضع سوبھنکرپور پرگنہ پچھم بھیگو

شریف اور نجیب تھے مہاراجہ صاحب بہادر دربھنگہ کی طرف سے ہائی کورٹ کلکتہ کے مختار تھے آدمی لایق ومروت دار بھی تھے مختارکاری کے ذریعہ سے بہت کچھ مال ومقدور پیدا کیا مرگئے سابق سکونت انکی موضع سرسیولپور ضلع پٹنہ کی تھی گوربخش سنگہ پرداداانکے نے دربھنگہ مین بمحلہ اشرف گنج سکونت اختیار کی بعد اوسکے منشی رگھوبنس سہاے نے موضع سوبھنکرپور مین بود وباش اختیار کی۔

منشی شیو سہاے سنگہ قوم کایستھ اسٹ

ساکن موضع پرکھوتم پور عرف جتریتا پرگنہ پچھم بہیگو

شرافت و نجابت انکے خاندان کی بہت اچھی ہی منشی صاحب موصوف علم فارسی و کمرت مین دخل کامل رکھتے تھے مزاج مین بڑی ریاست تہی لاولد مر گئے اب اس خاندان مین منشی درشن لال زندہ و موجود ہین عدالت منصفی دربھنگہ مین وکالت کرتے ہین آدمی خوش اخلاق و نیکبخت ہین۔

لالہ بیجو لال ولد لالہ موہن لال ساکن بازید پور پرگنہ پچھم بہیگو

شریف و نجیب تھے مہاراجہ بہادر دربھنگہ کی طرف سے مختار تھے مر گئے انکے دو بیٹے ہین اودیت نارائن و لچھمی نارائن یہ دونون بھائی لائق ہین اس خاندان مین کچھہ معاش بھی ہی۔

کھماجیت رائے کایستہ سریباستب ساکن موضع نوانون پرگنہ نوانون

شریف و نجیب و عالیخاندان تھے مر گئے انکے دو بیٹے تھے اول رائے ریوت سنگہ دوم رائے درگادت رائے ریوت سنگہ کے دو بیٹے تھے اول سیاونت رائے دوم بلونت رائے سلونت رائے مر گئے بلونت رائے زندہ و موجود ہین رائے درگادت کے ایک بیٹے دیبی پرشاد ہوئے کہ وہ زندہ اور موجود ہین سلونت رائے راقم تاریخ ہذا کی والدہ کے پھوپھیرے بھائی ہوتے تھے۔

لالہ سکھہ لال سنگہ کایستہ سریباستب
ساکن موضع سمری پرگنہ بھرواڑہ

شرافت اور نجابت انکے خاندان کی اچھی ہی اب اس خاندان مین منشی لال بہاری لال و رگھنندھاری لال زندہ اور موجود ہین منشی لال بہاری لال آدمی لائق ہین انکو

زمینداری بھی ہی۔

لالہ ہزاری لال کائیستھ سریباستب ساکن موضع سمری پرگنہ بھروارہ شریف اور نجیب تھے اس خاندان مین اسوقت رام بلبھ لال اور راڈھا لال اور برجرتن لال وغیرہ زندہ اور موجود ہین خاندان اچھا ہی۔

لالہ چھتر سنگہ کائیستھ سریباستب ساکن موضع اوستھواپرگنہ بھروارہ شریف اور نجیب و معاش دار و عزت دار خاندانی تھے مر گئے اب اس خاندان مین لالہ کنھیا لال اور بابو لعل بہادر اور دوند بہادر وغیرہ زندہ اور موجود ہین چودھری بجرنگی سہاے چچا حقیقی راقم تاریخ ہذا کی لڑکی کی شادی لعل بہادر سے ہوئی تھی۔

درباری لال قوم کائیستھ سریباستب ساکن موضع اوستھواپرگنہ بھروارہ یہ بھی شریف اور نجیب اور عزت دار تھے مر گئے اب اس خاندان مین جواہر لال اور بھگوت نارائن اور جگدیو سہاے و چھتر و ہاری لال پسران رگھوبنسی سہاے زندہ اور موجود ہین اس خاندان مین معاش محصولۂ سابق موجود ہی آمدنی معاش کی تخمینًا پانچ ہزار روپیہ سے کم نہ ہوگی۔

نسکھ راے اور بسنت راے کائیستھ ماتھر ساکن موضع آبھیاری پرگنہ بھروارہ یہ دونون بھائی حقیقی تھے عظیم آباد سے ترہت مین آئے اور آبھیاری اپنی زمینداری مین سکونت اختیار کی شریف اور نجیب اور عالیخاندان ہین صاحب معاش ہین آمدنی انکی معاش کی تخمینًا پندرہ سولہ ہزار روپے کی ہوگی بسنت راے لاولد مرگئے نسکھ راے کے دو بیٹے ہوئے چمن لال اور چمن لال یہ دونون بھائی صاحب اولاد ہوئے آجکل اس خاندان مین نہال لال وغیرہ لال ... ہیراں

چمن لال اور بندا پرشاد تھانت چمن لال زندہ اور موجود ہین راے سکھراج سہاے عظیم آبادی کے قرابت مند ہین۔

لالہ کشن سیوک کایست سریباستب ساکن رام پور رولی پرگنہ رام چاوند

شریف اور نجیب اور عزت دار عالیخاندان تھے اور صاحب معاش تھے انکے خاندان مین لالہ لعلجی سہاے پسر اجودھیا پرشاد اور لالہ ناتھہ پرشاد پسر منشی جانکی سہاے موجود ہین اور معاش بھی اب تک باقی ہی حسب اور نسب انکا بہت اچھا ہی جے گوبند سہاے پسر لالہ ناتھہ پرشاد کرنل اجنٹ ہین مصور بہت عمدہ ہین۔

لالہ رگھبیر سنگہ کایست سریباستب ساکن موضع رام پور رولی پرگنہ رام چاوند

انکے مورث اعلے کی سکونت پہلے موضع بیر یا سوبھنگ پور پرگنہ لبارہ مین تھی بعدہ رامپور رولی مین آکر سکونت اختیار کی شریف اور نجیب اور خاندانی تھے اس خاندان مین لالہ منموہن لال نے بہت معاش اور مقدور پیدا کیا اور بڑے نامور اور رئیس تھے اب اس خاندان مین رام پرکاس نراین اور گردھاری لال اور گوری شنکر زندہ اور موجود ہین حسب اور نسب انکا بہت اچھا ہی بابو بدری ناتھہ برادر حقیقی خرد راقم تاریخ ہذا کی تیسری شادی گیندا لال پسر منموہن لال کی لڑکی سے ہوئی ہی۔

منشی پھولچند لال کایست سریباستب
ساکن موضع بسمبھر پور عرف بلیا پرگنہ رام چاوند

شرافت اور نجابت خاندانی انکی بہت اچھی ہی ضلع مظفر پور مین عدالت اعلے کے وکیل ہین شیوۂ وکالت سے معاش اور مقدور اچھا پیدا کیا ہی مزاج مین انکے تہذیب اخلاق بہت اچھا ہی آدمی مروت دار اور خلیق ہین چچا انکے ... رام سہاے سنگہ

دیار ... مین کی عدالت کے سر رشتہ دار تھے۔

... کایست سریباستب ساکن موضع رام پور ڈیہہ پرگنہ رام چاوند شریف و نجیب و عزت دار تھے عہد مین سلاطین تیموریہ کے قانون گوی تھے انکا خاندان بہت اچھا ہے انکے ایک بیٹی آسا رام ہوے ادنا ... کے دو بیٹے ہوے اول رام دیال سنگھ دوم جگولال رام دیال سنگھ کے ایک بیٹے رگھوبنس سہاے ہوے۔ رگھوبنس سہاے کے دو بیٹے ہوے اول رام کشن لال دوم سیتارام چنانچہ سیتارام زندہ اور موجود ہین رام کشن لال مر گئے گردہاری لال بیٹے اونکے موجود ہین و جگولال کے دو بیٹے ہوے اول منولال دوم دولت رام منولال کے ایک بیٹے رام بلبھ سنگھ و دولت رام کے ایک بیٹے لچھمی نراین موجود ہین اس خاندان مین معاش بھی ہے۔

بھگدھاری لال و کنجبہاری لال کایست سریباستب ساکنان موضع سدہوارہ پرگنہ شاہجہان پور

شریف و نجیب ہین خاندان انکا اچھا ہے بھگدہاری لال نائب محافظ دفتر کلکٹری ضلع مظفرپور و کنجبہاری لال پہلے کلکٹری مظفرپور مین محرر توزیع مقرر تھے بعد اوسکے کلکٹری ضلع دربھنگہ مین محرر توزیع ہوے بھگدھاری لال کے بیٹے مادہو پرشاد موجود ہین بھگدہاری لال و کنجبہاری لال دونون بھائیون نے انتقال کیا۔

الھوری خوشحالچند کایست سریباستب ساکن موضع شرف الدین پور پرگنہ گدہ چاوند

مورث اعلے انکے الھوری کشن داس اصل رہنے والے موضع امارت ضلع شہرگہ کے تھے کسی تقریب سے اس ضلع مین آئے اور یہین سکونت اختیار کی شرافت

اور نجابت اور عالیخاندانی مین نزدیک اور دور مشہور تھے بڑے صاحب عزت تھے
الکھوری ناتھ نام اس پسر الکھوری بلبھدر داس انکے مورث اعلیٰ نے عہدۂ قانون گوئی پرگنہ
گدھ چاوند و اکبرپور دبرٹل کا دربار شاہی سے حاصل کیا تھا اِس خاندان مین بہیا
خوشحالچند بعدہٗ اونکے بیٹے لالہ مہربان سنگہ بعدہٗ بابو بہاری لال [illegible] دو لالہ مہربان سنگہ
بڑے ذی عزت اور ممتاز ہوئے اِنکے وقت مین بہ نسبت نصف ضلع ترہت کی عہدہ قانونگو
کا چودھری مہندر نارائن سنگہ ساکن سورسر کو اور نصف ضلع ترہت کی نسبت عہدہ قانونگوئی
کا بابو بہاری لال کو سرکار انگلشیہ کیطرف سے عنایت کیا گیا تھا بعد چندے عہدہ قانونگوئی
کا چودھری مہندر نارائن سنگہ سے منتزع ہو کر بابو رگھوبنس سہاے ولد بابو بہاری لال
موصوف کو دیا گیا کہ اسناد اوسکی اونکے پاس موجود ہین اِس خاندان مین بہت بڑی
سی معاش اور زمینداری تھی — اور حکومت اونکی اپنے وقت مین بڑے بڑے زمینداران
پر جاری تھی بہ سبب دین کے کچھ معاش نقصان ہو گئی اب اس خاندان مین بابو
رگھوبنس سہاے اور بابو جدوبنس سہاے اور بابو شنکر سہاے پسران بابو بہاری لال
اور بابو رادہا موہن اور بابو رام سہاے و بابو رام چرتر و بابو بال چرتر پسران بابو نارائن سنگہ
نبیرۂ بابو بہاری لال موصوف زندہ اور موجود ہین چال چلن ان سبھون کا بہت اچھا
ہے سنہ ۱۲۵۱ فصلی مین تیرھوین بیساکھ روز دوشنبہ کو راقم کی اوّل شادی انہی خاندان
مین بابو بہاری لال کی تیسری لڑکی سے ہوئی تھی اوسوقت عمر راقم کی پندرہ برس
ایک مہینے کی تھی —

راے بنارسی لال قوم کایستھ سری باستب ساکن [illegible] چکلہ کرجول پرگنہ بسارہ
عالی حسب و نسب اہل عزت شریف ابن شریف نجیب ابن نجیب تھے اور حکومت مین

شاہ عالم بادشاہ کے منصب سہ ہزاری پر سرفراز تھے دربار سلطانی مین ممتاز تھے اونکے خاندان مین منشی کچہری لعل ساکن عظیم آباد اور منشی شیو سہائے سنگہ اور منشی ہربنس لال ہیڈ کلارک کچہری ضلع شاہ آباد اور بابو کالی چرن سنگہ اور بابو مجلس سہائے و بشیشر سہائے ساکنان موضع بریار پور زندہ و موجود ہین اس خاندان مین منشی رام بلبہ سہائے عرف چھوٹو لال کی دختر سے بابو بدری ناتھ برادر حقیقی راقم تاریخ ہذا کی دوسری شادی ہوئی تھی —

منشی ناتھ سہائے کالیستہ سریاستب ساکن موضع سہدئی پرگنہ لبارہ

شریف اور نجیب تھے مر گئے اس خاندان مین زمینداری سے آمدنی تخمیناً پانچ ہزار کی ہو گی منشی رام سہائے سنگہ والد انکے بھاگلپور مین مختار کاری کرتے تھے اب اس خاندان مین گوری شنکر و ہنومان پرشاد و بھاگوت پرشاد ولدان ناتھ پرشاد زندہ و موجود ہین —

برج بہاری لال ولد ہنومان سہائے قوم کالیست سریاستب ساکن موضع رام پور بتھاہی چکلہ کرحول پرگنہ لبارہ

شریف و نجیب و عزت دار ہین دادا انکے لالہ بالک رام نہایت رئیس و نامی تھے برجبہاری لال انگریزی پڑھے ہوئے ہین آجکل راج اشادل در بھنگہ مین انگریزی ٹیچر یعنے ماسٹر ہین آدمی نیک چلن و خلیق ہین —

منشی شیو نراین سنگہ قوم کالیستہ سریاستب ساکن موضع باقرپور پرگنہ لبارہ

شریف نجیب قدیمی خاندانی و معزز و معاش دار قدیم تھے مر گئے راقم نے زمانہ سے اپنے سنا ہے کہ انکے بزرگ حضرت اعلےٰ اورنگزیب عالمگیر بادشاہ کے وقت مین کسی اچھی خدمت

پر سرفراز تھے انکا خاندان بہت ہی اچھا ہے اس خاندان مین منشی جگرودب...ین سنگھ ایک شخص نامی پیدا ہوئے مہاراجہ رادھا کانت کلکتہ کے دربار مین ایک عہدۂ عمدہ پر سرفراز تھے بڑے سخی تھے بعد اونکے اس خاندان مین منشی گوبند سہاے ...یٹی سرکاری محکمہ ججی مقام مظفرپور کے ہوئے علم شاستری مین عموماً اور بیدانت مین خصوصاً بڑا علم رکھتے تھے چنانچہ تصنیفات سے اونکی بیدانت مین چند رسالے اردو زبان مین اور ایک کتاب مسمی بہ جوگ باسسٹ جسکو زبان سنسکرت سے بھاکھا مین ترجمہ کیا ہے یادگار روزگار ہے وہ انتقال کر گئے اب اونکے بیٹے منشی نرسنگھ سہاے کہ ...ثل اپنے پدر بزرگوار کے نہایت لایق اور رئیس ہین اور علم ریاضی مین بہت اچھا علم رکھتے ہین اور چند رسالے علم ریاضی مین انکی تصنیفات سے دیکھے گئے ہین ...ین اور بہ راجہ لیلانند سنگھ مہاراج بنیلی کے دربار مین نوکر ہین اور اس خاندان مین اب راے بہ بہادر نہایت لایق و صاحب علم موجود ہین سنا ہے کہ آجکل صاحبگنج مین محکمہ صدر اعلائے مین عہدۂ سررشتہ داری پر سرفراز ہین۔

اوجیار سنگھ اور بہادر سنگھ کایستہ سریباستب
سابق سکناے موضع گورول حال ساکن موضع بربوا پرگنہ بلسانڈ

یہ دونون بھائی حقیقی تھے حسب اور نسب انکا بہت اچھا ہے خاندانی شریف تھے صاحب معاش تھے گزرگئے اب انکے خاندان مین منشی گوپال جی ولد منشی بھیج راج سنگھ زندہ اور موجود ہین۔ چودہری بجرنگی سہاے چچا حقیقی راقم تاریخ ہذا کی دوسری شادی اسی خاندان مین اوجیار سنگھ کی لڑکی سے ہوئی تھی۔

منشی ...یشی...ر کایستہ سریباستب ساکن موضع کھگو...لوپہ پرگنہ نبارہ

شریف اور نجیب ہین بالفعل مہاراجہ صاحب بہادر بتیا کے دربار مین عہدہ سررشتہ داری پر سرفراز ہین آدمی صاحب اخلاق اور مروت دار ہین آجکل زمانہ انکا اچھا ہے۔

منشی کنہیا لال کایستہ سریباستب ساکن موضع گوڑ ہنی پرگنہ لبسارہ

آدمی رئیس تھے شریف و نجیب عالیخاندان و عزت دار و صاحب معاش تھے مر گئے انکے خاندان کے لوگ موجود ہین راقم کو نام معلوم نہین۔

منشی رگھوبنس سہای کایستہ سریباستب ساکن موضع بیلہبر پرگنہ لبسارہ

شریف اور نجیب عالیخاندان اور عزت دار تھے مر گئے اس خاندان مین منشی سوراناتھ اور منشی اچپتاناتھ وغیرہ زندہ اور موجود ہین منشی سوراناتھ سب رجسٹرار بمقام دھوہ گئے ہین اور منشی اچپتاناتھ صدر رجسٹرار بمقام مظفرپور کے محکمہ مین منشی رجسٹری کے ہوئے اب محکمہ ججی مین مظفرپور کے پیشکار ہین۔

لالہ بہنک لال کایستہ و زمیندار موضع بیلہبر چکلہ کرحول پرگنہ لبسارہ

خاندانی عزت دار تھے صوبہ راجا رام نراین کے دربار مین دیوان تھے اس خاندان مین منشی پرشاد پسر چہیر دہاری لال زندہ اور موجود ہین راقم تاریخ ہذا کی والدہ کا اس خاندان مین ناسہال ہے۔

منشی دھرم لال سنگہ کایستہ سریباستب ساکن موضع اندراچکلہ کرحول پرگنہ لبسارہ

بڑے صاحب عزت اور اہل معاش تھے رانی اندراوتی پتہ بھر گیا ضلع پورنیہ کے دربار مین عہدہ دیوان گیری کا رکھتے تھے صاحب اقتدار اور صاحب اختیار تھے مر گئے اب اس خاندان مین کالی پرشاد زندہ و موجود ہین۔

سو بھکرن لال خرم کایستہ سریباستب ساکن موضع ہم لپورتی عرف جندن پٹی پرگنہ لبسارہ

تشریف شجب و خاندانی عزت دار مین گنتے ہین کہ ... اصلی اِنکے موہن داس ...
بندہ گنڈہ علاقہ راجپوتانہ کے تھے اور اوس صوبہ کے ممتاز تھے آدمی نامی وگرامی تھے
اونکے دو بیٹے ہوئے اننت رام و پرسوتم رام اننت رام کی شادی موضع مجہرتھی پور پرگنہ
ہرلیا و پرسوتم رام کی شادی موضع بشنور پرگنہ بسارہ ہوئی تھی موضع چھپرا زید پرسوتم رام
کو موضع چندن پٹی اننت رام کو سسرال سے جہیز مین ملا تھا جب سے دونون بھائی
موضع چندن پٹی مین سکونت اختیار کی اننت رام کے وارثون سے اسوقت رگھونندن
جدونندن حی القائم ہین پرسوتم رام کے چار بیٹے ہوئے جانکی بہان سیتارام تحبل نندلعل
جانکی بہان کے ایک بیٹے دہرتی دھر قانون گو پرگنہ ہرلیا سرکار حاجی پور کے تھے سیتارام
و تحبل کے وارثونکا حال کچہ معلوم نہین ہوا نندلال کے ایک بیٹے ہرنراین اور اونکے تین بیٹے
تھے دہیر سنگہ ٹیکارام اندرجیت راے دہیر سنگہ کے وارثان اسوقت موضع جنجہار پور پرگنہ
رتی اور ٹیکارام کے وارثان موضع گوردل پرگنہ بسارہ مین موجود ہین اس خاندان مین
اندرجیت راے نہایت لایق و نامور ہوئے عربی و فارسی و سنسکرت مین اچھی لیاقت
رکھتے تھے نواب مرشدآباد کی سرکار مین کسی عہدہ جلیلہ پر سرفراز تھے اور اونکو خطاب
راے کا ملا تھا کہ یہ بات دیکھنے سے کاغذات پارینہ سنہ الفصلی مہری قاضی سید نور عالم
اور سنہ فصلی مہری سید محمد حسین مفتی کے ظاہر ہوتی ہے اندرجیت راے کی دو شادی
تہی محل اول سے تین بیٹے ہوئے رام نواز سنگہ اودنت سنگہ تجبور سنگہ اور محل ثانی سے
تین بیٹے تھے بساون لال بسنت لعل چمن لال رام نواز سنگہ بذریعہ عہدہ ...
بھاگلپور مین مقیم رہتے تھے رام نواز سنگہ کے ایک بیٹے ... سنگہ اور اوسکے دو بیٹے
... بہاری لال راے بہاری لال گردہاری لال ... رتن ... ہرگرہ سہاے و

راج دھر سہاے زندہ اور موجود ہین ورا بہاری لال لاولد مر گئے ایشر دیال و گلیشر دیال
لواسگان اونکے بذریعہ نوکری اہانت موجود ہین بلونت سنگہ کے دو بیٹے ہوے جمیعت لعل
و جوالعل و جمیعت لعل کے دو بیٹے ہوئے جگموہن لال و برجموہن لعل جمیعت لعل و جوالعل
دونون بھائیون نے سنہ ۱۲۴۸ فصلی مین انتقال کیا جگموہن لعل و برجموہن لعل یہ دونون بھائی
سنہ ۱۲۶۱ فصلی مین کوٹھی نیل مین موضع ڈہولی پرگنہ بسارہ کے عہدہ منشی گری کے مقرر
ہوئے جگموہن لال نے سنہ ۱۲۶۶ فصلی مین لاولد و برجموہن لعل نے سنہ ۱۲۴۹ فصلی مین سوبھکرن لعل
ایک بیٹے کو چھوڑکر انتقال کیا سوبھکرن لال آدمی لایق و فقیر دوست و اہل عزت و نہایت وجیہ
کے لیئے امورات مین منتظم ہین انکی معاش کی آمدنی بہمہ وجوہ تخمیناً پچیس ہزار روپیہ سالانہ
کے ہوگی اونکے سات بیٹے ہین کرت نراین سودست نراین جگدیو نراین باسدیو نراین
بلدیو نراین برہمدیو نراین لکشمندیو نراین جوالعل برادر حقیقی جمیعت لال کے وارثون سے اسوقت
رام بخش لعل و بھان پرتاب و بانکے بہاری و اجیر بہاری و گوردہاری موجود ہین بھجو سنگہ
کے تین لڑکے تھے رام سہاے مہیش دت شمرن لال منجملہ انکے مہیش دت محکمہ مین حاکم
بندوبست مقام پورنیہ کے نوکر تھے مر گئے اونکے وارث جیکشن لعل زندہ و موجود ہین اور
بسنت لعل کے وارثون سے اسوقت جھبو لعل و شام لعل و ردہو لعل زندہ و موجود ہین

منشی بھگوانت کالیتھ سریواستب ساکن موضع کرتا ہا بزرگ پرگنہ بسارہ

یہ شریف اور نجیب اور عالیخاندان تھے پہلے ضلع بھاگلپور مین ججی کے وکیل تھے بعدہ
اوس ضلع مین عدالت دیوانی ججی کے سررشتہ دار ہوئے بعدہ پٹنہ مین محکمہ ہر سٹ کے
عہدہ سررشتہ داری [illegible] ممتاز ہوے اوسکے بعد محکمہ [illegible] کے سررشتہ دار ہوئے گئے
اونکے وارثون سے [illegible] گوبند سہاے و [illegible] گوبند سہاے پسران [illegible] سنگہ برادر حقیقی

بھگوان دت مذکور العصدر زندہ و موجود ہین

لالہ رگھوناتھ سنگہ کایستھ سریباستب ساکن موضع کرنا نزدیک پرگنہ بسارہ

یہ بھی شریف اور نجیب اور عالیخاندان تھے کہتے ہین کہ مرشدآباد مین نواب کے دربار مین عہدۂ دیوانگیری پیسرفراز تھے انکے وارثون سے منشی پرشاد زندہ و موجود ہین —

منشی دھرم لعل سنگہ کایستھ سریباستب ساکن موضع جھولی پرگنہ لبسارہ

یہ بڑے عزت دار اور رئیس ونامی وگرامی شخص تھے خاص فرخ آباد مین عدالت دیوانی کے سررشتہ دار تھے نوکری کے ذریعہ سے معاش و مقدور بہت کچھ پیدا کیا تھا بیٹے اونکے منشی جانکی رام عدالت دیوانی مظفرپور کے سررشتہ دار تھے اور منشی رام پرشاد بیٹے جانکی رام کے فوجداری مظفرپور کے عہدۂ سررشتہ داری پر سرفراز تھے یہ سب مرگئے انکے وارثون سے کون کون شخص زندہ و موجود ہین راقم کو معلوم نہین —

گردھاری لال کایستھ سریباستب ساکن موضع اعتبارپور بکری پرگنہ لبسارہ

شریف وعزت دار تھے مرگئے اونکے بیٹے ہرکھ لال کورٹ آف وارڈس مین بحالات ہوا بحیثیت مہاجن عظیم آبادی اور دیگر زمینداران کے مجربہ لقب مجل نویس کے تھے وہ بھی مرگئے اونکے بعد اوس عہدے پر بیٹے اونکے پیارے لال کہ آدمی بہت خوب اور لایق اور مروت دار ہین معمور ہوئے جب وہ محکمہ ابالش ہوگیا تب سے یہ لعل خانہ نشین ہین زمینداری سے اوقات بسری کرتے ہین آمدنی انکی زمینداری کی تخمیناً ہزار بارہ سو روپیہ سالانہ کے ہوگی —

لالہ سریانند قوم کایستھ سریباستب ساکن موضع بکری مدسودن پرگنہ بسارہ

شریف اور نجیب تھے سلاطین تیموریہ کے وقت مین قانون گو تھے مرگئے اب انکے

خاندان میں چلا آئی اہل محکمہ دفیون میں محرر ہیں زمینداری بھی رکھتے ہیں —

لالہ بھگوان دت قوم کایست سیرباستب ساکن موضع بکری مدسودن پرگنہ بسارہ شریف اور نجیب تھے مرگئے اب اس خاندان میں منشی اودے چند و منشی ایسری پرشاد موجود ہیں منشی اودے چند کا لکری بجا گلپور سے امین قاسم ہیں و منشی ایسری پرشاد دراپٹی دارالشفا راج دربھنگہ کے ہیں —

منشی مہیش نارا ین قوم کایست سیرباستب ساکن موضع بکری مدسودن پرگنہ بسارہ شریف و نجیب ہیں عہدہ سب انسپکٹری پر مقام تھانہ بھیٹرہ ضلع دربھنگہ کے سرفراز ہیں آدمی دیانت دار و رئیس و خلیق و مروت دار ہیں —

منشی رام آدھین سنگہ قوم کایست سیرباستب ساکن موضع ڈیہہ سوہوہو پرگنہ بسارہ شریف و نجیب تھے مرگئے اب اس خاندان میں گوپی ناتھ موجود ہیں اور انکو معاش نانہالی بہت اچھی ہاتھ آئی ہے —

منشی بھیرپرشاد قوم کایست سیرباستب ساکن موضع ڈیہہ سوندہو پرگنہ بسارہ شریف و نجیب و مخیر داخل مروت تھے محکمہ بندوبست قانون دوم میں سررشتہ دار تھے مرگئے اب اس خاندان میں دوراج سنگہ موجود ہیں —

منشی درباری لال قوم کایست سیرباستب ساکن موضع سوندہو مبارکپور پرگنہ بسارہ شریف و نجیب تھے مرگئے اب اس خاندان میں کون کون شخص موجود ہیں راقم کو معلوم نہیں —

بابو اودو کنباری لال اندار دنہ دبندرام قوم کایستہ ساکن ظفرپور پرگنہ بسارہ اصل رہنے والے موضع متصل پر ضلع سارن کے تھے ۔۔۔ سررشتہ داری فوجداری

مظفرپور مین رہے بعد چندے ترقی پاکر سررشتہ دار محکمۂ صاحب جج بہادر مظفرپور ضلع ترہت
کے ہوئے اور مظفرپور مین سکونت اختیار کی جب سے اونکا اہل و عیال سب یہین رہنے لگے
داروغہ گوبند رام موصوف نجیب اور شریف عالیخاندان عزت دار تھے تادام الحیات عہدہ
سررشتہ داری کو کمال دیانت اور ہوشیاری سے انجام کرتے رہے بذریعہ عہدہ سررشتہ داری
معاش بہت حاصل کی بعد مرنے اونکے اودھ بہاری لعل بیٹے اونکے اوس عہدہ پر
سرفراز ہوئے ایک حبہ کسی سے بطور ناجائز نہین لیتے تھے نہایت محتاط اور نیک نیت
تھے دوسرے بیٹے اونکے منشی گردھاری لال پیشکار ہوے ان دونون بھائیون نے
عہدۂ سررشتہ داری و پیشکاری کو نہایت خیرخواہی اور نیکنامی سے انجام کیا حکام راضی
رہے کبھی کسی طرح سے شکایت نہین ہوئی یہ دونون بھائی مر گئے اودھ بہاری لعل کے
دو بیٹے مسمی بابو پچھین نارائن اور بابو بدری نارائن زندہ اور موجود ہین بابو پچھین نارائن
نہایت رئیس اور خلیق اور صاحب علم اور منتظم ہین ڈپٹی کلکٹر ہین اور منشی گردھاری لال
کے ایک بیٹے مسمی بابو رگھونندن پرشاد عرف راگھوجی تھے اونھون نے سول سروس کا
پاس کرکے عہدہ سب ڈپٹی کلکٹری کا پایا تھا آخر کو مر گئے آدمی لایق اور مروت دار تھے
جوان تھے اونکے مرنے کا اکثر احباب اور راقم کو بڑا قلق ہے۔ شعر

خیاط روزگار بہ بالاے ہیچکس — پیراہنے ندوخت کہ آخر قبا نہ کرد

انکو اولاد ذکور نہین ہے مگر ایک بیٹی کم سن ہے آمدنی ان سب کے معاش کی تخمیناً
بیس پچیس ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی۔

منشی بندھو لال و منشی دھرم لال کالیستہ امبشٹ ساکن ترقی بوندہ موضع
پرگنہ لبار

شریف نجیب عالی خاندان گذرے ہین اب اِس خاندان مین منشی ہیرا لال راجہ سورسر
کے جمیع امورات کے مختار ہین اور منشی رام آسرے لعل قانونگو ضلع ہزاری باغ کے ہین
اور منشی چھتر دھاری لال ڈومرا کی کوٹھی کے منشی ہین اور منشی کشوری لال ڈپٹی کلکٹر ضلع
دربھنگہ کے ہین مگر منشی رام آسرے لال اور منشی کستوری لال صاحب اِس خاندان
کے چشم و چراغ ہین منشی رام اسرے لال اہل علم ہین فارسی و انگریزی و سنسکرت
جانتے ہین اور حکمت و ریاضی و طبعی مین دخل رکھتے ہین۔

نیای بیسشیک سانکھہ پاتانجل مماتکشا
بیدانت کو اچھی طرح سے جانتے ہین بلکہ اِن شاستروں کا ترجمہ زبان بھاشا مین بہت
عمدہ طور سے کیا ہے اور ہر ایک شاستروں کے متون یعنی مسائل مین جو اختلافات
پنڈتوں کی نظر مین معلوم ہوتا تھا اور حل نہین ہو سکتا تھا اوسکو پرمانوں یعنے دلائل عقلیہ
و نقلیہ سے حل کر دیا اور منشی کستوری لال صاحب بھی نہایت صاحب علم و ذکی فہم ہین
اور شاستروں کو جانتے ہین دونون صاحبون نے ملکر بناے شاسترن دو گرنتھ یعنے
مکتاولی اور دنیکری کا ترجمہ کیا ہے راقم کو اِن دونون صاحبون سے ملاقات و محبت ہے

منشی اننت لال کایست سریباستب ساکن موضع رتی سوندہو پرگنہ بسنڈ
شریف اور عزت دار تھے مر گئے اِس خاندان مین منشی دھنراج سنگہ برادر زادہ
اونکے کلکٹری مظفرپور مین عہدہ محافظ دفتری پر سرفراز ہین اور پوتے اون کے
بسدیو نارائن پسر جمدیو نارائن نابالغ ہین —

منشی رکھنی لال کایستہ سریباستب ساکن موضع رتی سوندہو پرگنہ بسارہ
دو شریف اور نجیب تھے وکیل عدالت کے تھے مر گئے اونکے خاندان مین مجلس ساکن

ایک شخص زندہ اور موجود ہین باقی حال راقم کو معلوم نہین ہے۔

منشی رتن لال کایست سریباستب ساکن موضع رتی سوندہو پرگنہ لبارہ

شریف اور نجیب خاندان تھے انتقال کر گئے اون کی خاندان مین سے منشی جوگی لال اونکے بیٹے جو سررشتہ دار محکمہ صاحب کشنر بال کے تھے اور صاحب علم تھے اونکی تصنیفات سے ایک کتاب مسمی بہ کثیر العلوم جس مین بہت سے علمون کا بیان ہے یادگار روزگار ہے۔

منشی کالی پرشاد کایست سریباستب ساکن موضع باگھی پرگنہ لبارہ

بہ پہلی کوٹھی شاہ پور مین منشی گری کے عہدہ پر معمور تھے صاحب کوٹھی کی توجہ سے بہت سا ضعات خرید کیے اور مقدور حاصل کیا آخر کوٹھی کے کارخانہ مین شریک ہوئے بعد شکست کوٹھی کے اور زیادہ تر مقدور پیدا کیا تخمیناً پچاس ہزار روپیہ کی آمدنی کی معاش حاصل کی مرد شریف اور نجیب عزت دار تھے مر گئے منشی گجراج سہاے اونکے بیٹے موجود ہین سنا ہے کہ آدمی بہت لایق ہین راقم سے ملاقات نہین ہے۔

لالہ بیچو لعل شیرین زبان کایست سریباستب سابق ساکن موضع موہن پور پرگنہ لبارہ بعدہ ساکن موضع کسرانوان پرگنہ لبارہ

یہ بھی عدالت دیوانی مظفرپور کے وکیل تھے اونکے آبا و اجداد عزت و شرافت مین جلیل القدر تھے ہنگام بحث معاملات نہایت نرمی لطیف و فصاحت کے ساتھ تقریر کرتے تھے اسلیے شیرین زبان کہلائے بعد اونکے لالہ شیو دیال لعل اونکے بڑے بیٹے تھے وکیل جج مظفرپور کے ہوئے بعد اوسکے عہدہ [illegible] مقام [illegible] ہوا وہ سرفراز ہوئے بعد والد مرگئے چھوٹے بیٹے [illegible] لالہ بہیروان [illegible] تھے تحصیلداری مظفرپور کے

نوکر تھے بعدہ محکمہ منصفی پرتاب گڈھ مین آکے مقرر ہوئے لالہ بھیروان دت بھی
مر گئے اونکے چھوٹے بیٹے منشی کالی پرشاد سررشتہ دار کلکٹری پٹنہ کے مین راقم کی بڑی
لڑکی کی شادی اسی خاندان مین رگھبیر پرشاد بیٹے لالہ بھیرو دت سے ہوئی تھی مگر وہ لڑکی
لاولد مر گئی —

منشی اودھ لال کایست سریباستب ساکن موضع چاندپورہ کلان پرگنہ لبارہ

شریف اور نجیب اور عالیخاندان تھے مر گئے اونکے بڑے بیٹے منشی رام آدھین سنگھ
ضلع غازیپور مین رائے ملکچند ڈپٹی کلکٹر کے محکمہ کے سررشتہ دار تھے دوسرے بیٹے اونکے
منشی رام سرن سنگھ محکمہ کمشنری مال بھاگلپور کے سررشتہ دار تھے اور تیسرے بیٹے اونکے
شیو سرن لعل پہلے ضلع گورکھپور کی کلکٹری مین پیشکار تھے بعد اوسکے مہاراجہ صاحب بہادر
دربھنگہ کے دربار مین نوکر ہوے مر گئے اونکے خاندان مین منشی ہر پرشاد سنگھ اور
منشی گوبند پرشاد و دیگر پرشاد وغیرہ زندہ موجود ہین اور دیگر پرشاد موصوف راقم
کے حقیقی پھوپھیرے بھائی ہوتے ہین —

منشی شیو ناتھ سنگھ قوم کایست سریباستب ساکن موضع چاندپورا کلان پرگنہ لبارہ

شریف اور نجیب خاندانی تھے کلکٹری ہزاری باغ مین سررشتہ دار تھے مر گئے اب
اس خاندان مین منشی گوپال نراین محکمہ عدالت منصفی ہزاری باغ کے سررشتہ دار ہین
و منشی بھاگوت پرشاد ہیڈ رائٹر محکمہ پیمائش راج دربھنگہ کے ہین اور ساہو نابالغ ہین

منشی اجودھیا لال قوم کایست سریباستب
ساکن موضع چاندپورا خورد پرگنہ لبارہ

شریف و نجیب تھے مر گئے اب اس خاندان میں آج اننت سہاے موجود ہین —

منشی جگموہن لال کایست سریباستب ساکن موضع پدمول پرگنہ ابارہ

شرافت اور نجابت خاندان کی انکی بہت اچھی ہے آدمی نیک اور خوش نیت اور خوش اقبال تھے محکمہ بندوبست قانون دوم سنہ ۱۹۰۱ عیسوی کے سررشتہ دار تھے لاکھون روپیہ کی معاش اور مقدور پیدا کیا مر گئے اونکے وارثون مین بابو شیو شنکر سہاے پسر منشی رام لعل ہمشیرہ زادہ حقیقی راقم تاریخ ہذا اور لالہ موکھی لال وغیرہ زندہ اور موجود ہین

لالہ گور سہاے سنگہ اور شیو سہاے سنگہ کایست سریباستب ساکن موضع پدمول پرگنہ ابارہ

یہ دونون بھائی حقیقی تھے بڑے صاحب عزت و اہل مقدور تھے شیو سہاے سنگہ لاولد مر گئے گور سہاے سنگہ کے بیٹے گوری شنکر ہوئے اونکے وارثان زندہ و موجود ہین آج کل موضع ابہر ضلع سارن مین اپنی ننہال مین رہتے ہین —

بھیا دیال شیوک ساکن موضع پدمول پرگنہ ابارہ

شریف اور نجیب اور عالیخاندان تھے انکے بڑے بیٹے بھیا دہرم لعل مرشداباد کے نواب کے دربار مین کسی اچھی خدمت پر سرفراز تھے انکے خاندان مین بابو کالدیپ نارائن ایک شخص بہت نامی و گرامی گذرے ہین سنہ ۱۸۵۷ عیسوی مین جو غدر ہوا تھا اوسمین سرکار انگلشیہ کی بڑی خیر خواہی کی تھی اوسکے صلہ مین عہدہ ڈپٹی کلکٹری کا انکو ملا تھا چندے مظفرپور مین اوس عہدے پر سرفراز رہے بعدہ ضلع چھپرہ مین تبدیل ہو کر چلے گئے لاولد مر گئے —

منشی لچھمن نارائن ساکن موضع اعتبار پور بکری پرگنہ ابارہ

شریف و نجیب خاندانی تھے دیار مغرب مین تحصیلدار تھے اونکے بیٹے جگل لعل تھے بعد مرنے اپنے باپ کے اوسی عہدے پر سرفراز رہے اونہون نے مکان موضع پدمول پرگنہ بسارہ ننہال مین بنایا اونکے دو بیٹے ہوئے اول سورج بنسی لال دوم چندر بنسی لال سورج بنسی لال ضلع پٹنہ مین محال خاص کے محکمہ مین بعہدہ نظارت سرفراز رہے بعد اوسکے پٹنہ مین داروغہ پولیس رہے بعد اوسکے جیمنہ ٹوارہ مین ضلع مظفرپور کے پیشکار مقرر ہوئے بعد اوسکے داروغہ محال آبکاری کے ہوئے کہ اوسی زمانہ مین مرگئے سورج بنسی لال کے اب دو بیٹے موجود ہین اول شام بہاری لال دوم کشن بہاری لعل —

منشی جیت نراین سنگہ ساکن موضع پدمول پرگنہ بسارہ

شریف و نجیب و عالیخاندان تھے مرگئے انکے دو بیٹے ہوئے اول منشی شنکر دیال دوم منشی ہرسرن منشی شنکر دیال پٹنہ مین محکمہ فوجداری کے سررشتہ دار تھے مرگئے منشی ہرسرن پہلے پیشکار محکمہ کمشن ضلع پٹنہ کے تھے بعد اوسکے سررشتہ دار فوجداری پٹنہ کے ہوئے بعد عہدہ پیشکاری و سررشتہ داری کلکٹری ضلع چھپرہ کے سرفراز ہوئے آجکل اکسٹرا اسسٹنٹ مقام جیترا ضلاع ہزاری باغ کے ہین آدمی نیک و خلیق و حسین ہین انگریزی بھی جانتے ہین و خوشنویس ہین غزل بھی اچھی کہتے ہین حسین تخلص ہے

منشی نندلال عرف ننہجی کائستہ ہیر بستب ساکن موضع گوردل پرگنہ بسارہ

شرافت و نجابت و عالیخاندانی انکی مشہور نزدیک و دور ہے سورج مل مورث اعلی انکے اصل رہنے والے سری [illegible] کے تھے تخمیناً تین سو برس گذرا ہوگا کہ سلاطین تیموریہ کے عہد مین [illegible] مقرر ہوکر [illegible] مین آئے [illegible] موضع گوردل پرگنہ [illegible] سورج مل [illegible] پانچ بیٹے ہوئے [illegible] اونکے موہن داس

بڑے بیٹے اودسے نواب مرشدآباد کے دربار مین عہدہ دیوان گری پر سرفراز ہوئے
اور منجملہ چار بیٹے کے ایک شخص موضع بلبیر پرگنہ بارہ اور ایک شخص بموضع سوندھو آ
پرگنہ مذکور اور ایک شخص بموضع نراین پور پرگنہ ببارہ اور ایک شخص بموضع بہادرپور
پرگنہ مذکور سکونت پذیر ہوئے کہ اب تک وارثان انھون سے اوس اوس موضع مین
قیام پذیر ہین اس خاندان مین منشی رام لعل اور منشی سیتا رام اور منشی کشن دیال
اور منشی جانکی رام بڑے لایق اور رئیس گذرے ہین اور یہ سب برابر عہدہ قانونگوئی پر
تا شروع عملداری سرکار انگلشیہ معمور ہوتے آئے منشی شندجی نہایت رئیس اور خلیق اور
مہذب اور متحمل المزاج اور صاحب علم ہین بہت زمانہ سے منکہ اڈیشنل جج مظفرپور مین
عہدہ پیشکاری پر سرفراز تھے اب خانہ نشین ہین —

منشی درگا پرشاد قوم کایستھ سریباستب ساکن موضع گورول پرگنہ ببارہ
شریف اور نجیب اور ذی عزت تھے مر گئے اب اس خاندان مین منشی گوبند سنگھ
اور چھوٹے لعل زندہ اور موجود ہین —

لالہ بھیم نراین سنگھ کایستھ سریباستب ساکن
موضع بسور انڈراجیکلہ کرحول پرگنہ ببارہ

مورث اعلے انکے ٹوڈرمل منشی عامل سلطانی پرگنہ مرواہ اور پرگنہ ببارہ کے تھے
اور پہلے سکونت اونکی موضع سریا پرگنہ ببارہ مین تھی سنہ ۱۲۰۰ فصلی مین موضع سریا سے
موضع بسور مین آئے شروع عملداری سرکار انگلشیہ مین خدمت قانونگوئی کی انکو معوض
ہوئی تھی بعد اوسکے کچہری کلکٹری ضلع ترہت مقام مظفرپور مین نائب نویس ہوئے نہایت
رئیس اور شریف اور نجیب اور عالیخاندان تھے بعد ازین نوکری سرکاری حال اور مقدور

سوست بید کیا اب اِس خاندان مین سیتن لعل اور رتن لعل زندہ و موجود ہین —

لالہ رام چرن لعل کایست سریباستب ساکن موضع نیمو اندراچکلہ کرجول پرگنہ لبارہ

مورث اعلی انکے لالہ سروپ سنگہ عامل سلطانی کے وقت مین عہدہ منشی گری کا رکھتے تھے آدمی نفیس اور خلیق اور شریف اور نجیب اور نامی تھے جو مواضعات سروپ سنگہ نے اپنے وقت مین حاصل کیا تھا وہ سب آجتک اِس خاندان مین قائم ہے اب اِس خاندان مین لالہ ٹھاکر سرن موجود ہین —

ناظر اودان سنگہ کایست سریباستب ساکن موضع راجاپاکر پرگنہ لبارہ

شریف اور نجیب تھے مرگئے اب اِس خاندان مین درگاپرشاد اور چند اشخاص جسکا نام راقم کو معلوم نہین ہے موجود ہین —

منشی لچھمن نراین کایست سریباستب ساکن موضع سمریا پرگنہ لبارہ

شریف اور نجیب ہین محکمہ مین سپاردی سٹ جج بہادر اوّل مظفرپور کے ناظر ہین منشی بنسی دہر برادر کلان اِنکے محکمہ مین صاحب جج بہادر مظفرپور کے سررشتہ دار تھے مرگئے منشی رام غلام سنگہ بیٹے اونکے زندہ اور موجود ہین —

درباری لال و جگموہن لال ساکن موضع برٹن پور کرس تہ بہت سیلہ پرگنہ لبارہ

شریف و نجیب و عزت دار خاندانی تھے یہ دونون بھائی دربار مین مہاراجہ بہادر دربھنگہ کے نوکر تھے دونون بھائی مرگئے جگموہن لال لاولد مرگئے درباری لال کے دو بیٹے ہوئے منشی نرسنگہ سہائے و منشی رتنارام منشی نرسنگہ سہائے دربار مین مہاراجہ بہادر دربھنگہ کے پیشکار تھے جب کورٹ آف وارڈس ہوا ایالیس مین ور. آئے منشی نرسنگہ سہائے بعارضہ عہدہ پیشکاری سے برخاست کیے گئے بعد چند [illegible] پیدا کیا وہ بھی لاولد مرگئے منشی رتنارام

بیٹے ہوئے پردیپ نارائن وگنگا پرشاد پردیپ نارائن دربار مین مہاراجکوار بابو گومسر سنگھ کے پیشکار ہین وگنگا پرشاد اپنی زمینداری کا کام انجام کرتے ہین آمدنی معاش کی تخمیناً پندرہ ہزار روپیہ ہوگی۔

منشی گورکھہ پرشاد قوم کایست سریباستب ساکن موضع بدہین پور کراسن تپہ نہبت سلطہ پرگنہ لبارہ

شریف ونجیب ہین انکے دو بیٹے ہین منشی برہمدیو نارائن ومنشی لشبندیو نارائن منشی برہمدیو نارائن آجکل ڈپٹی مجسٹریٹ ہین ومنشی لشبندیو نارائن بہی نوکر ہین انکو معاش خاص ومعاش متروکہ نانہالی تخمیناً چار پانچ ہزار روپیہ سالانہ کے آمدنی ہوگی۔

منور تہہ لعل کایست سریباستب ساکن موضع نراین پور انت عرف شیر پور چکلہ فی پرگنہ لبارہ

مردم شریف اور خاندانی اور عزت دار تھے ممالک متوسط یعنی جبل پور مین سرکاری تحصیلدار تھے صاحب وقار تھے اور پانچ سو روپیہ ماہانہ پاتے تھے مرگئے بعد انکے منشی جہبو لعل انکے بیٹے مہاراجہ تبیا کی سرکار مین مختار عام تھے مرگئے انکے دو بیٹے ہوئے کہدبرن لعل اور بیچو لعل اور کہدبرن لال آدمی نیک اور خلیق ہین بالفعل اسپکٹر ابکاری ضلع دربھنگہ کے ہین۔

منشی سکرت کایست ساکن موضع شیر پور پرگنہ لبارہ

شریف اور نجیب اور صاحب عزت تھے مرگئے بیٹے انکے ... صاحب کلکٹری ترہت کے پیشکار تھے وہ بہی مرگئے اب اس خاندان مین منشی ... پرشاد وہ ... ترہت مین ہین منشی ... پرشاد سب انسپکٹر ... بہاگلپور

مین بکاری کے وارد زندہ ہین —

ہنومان دت کایست سریباستب ساکن موضع

نراین پور اننت عرف شیرپور چکلہ نئے پرگنہ بسارہ

نہم شریف و عزت دار خانزادی تھے اونکے دو لڑکے ہوئے اول رگھوبنس سہاے دوم کلدیپ نارائن کلدیپ نارائن نے لا ولد انتقال کیا و رگھوبنس سہاے نواب سید ولایت علیخان بہادر رئیس پٹنہ کی املاک کے تحصیلدار تھے مر گئے اونکے دو لڑکے ہوئے اول ابہی نارائن دوم چتربھوج سہاے ابہی نارائن دیوان مولا بخش خان بہادر سی اسٹار آف انڈیا کے دربار مین دیوان تھے وہ انتقال کر گئے بندا پر شادجی اونکے وجود مین چتربھوج سہاے فارسی دان و محاسب و سلیم الطبع ہین حال الحق مین انٹرنس اور سارٹیفکیٹ سروینگ کا بھی حاصل کیا ہے زندہ و موجود ہین —

منشی گنیش دت کایست سریباستب ساکن موضع

لچھمین نراین پور چکلہ کرحول پرگنہ بسارہ

شریف اور نجیب تھے کلکٹری مظفر پور تا پٹنہ شیکاری کا عہدہ رکھتے تھے مر گئے اونکے بیٹے مادھو رام محکمہ صدر واقع مقام مونگیر کے وکیل تھے وہ بھی مر گئے اب دس خاندان مین شوک دھاری لعل زندہ اور موجود ہین و کلکٹری ضلع دربھنگہ مین بٹوارہ کی امانت کرتے ہین

منشی گنگا سہاے کایست سریباستب ساکن موضع گوردل پرگنہ بسارہ شریف اور نجیب اور رئیس تھے اپنے عہد مین موصوف الیہ نے بسبب عہدہ سرشتہ داری عدالت منصفی کے بہت عزت و وجاہت پیدا کی تھی مر گئے اونکے بیٹے رام سرن لال محکمہ منصفی صاحب بہادر مظفر پور مین وکالت کرتے تھے وہ بھی مر گئے اب اس خاندان

مین مہابیر پرشاد بیٹے اونکے زندہ اور موجود ہین اور ان دونون موضع سیرا پرگنہ تہاں مین سکونت پذیر ہین —

منشی آسا لال قوم کایست سریاستب ساکن موضع کروان پرگنہ بسارہ شریف و نجیب تھے ضلع چمپرہ کی کلکٹری مین سررشتہ دار تھے مر گئے اب اس خاندان مین ایسری پرشاد بیٹے اونکے موجود ہین زمینداری سے اوقات بسری کرتے ہین —

منشی رگھوناتھ سہاے کایست سریاستب ساکن موضع کروان پرگنہ بسارہ شریف و نجیب ہین کوٹھی نیل مین مقام چرپیا ضلع موتیہاری کے منشی ہین اور زمینداری بھی رکھتے ہین —

منشی نوبند سہاے کایست سریاستب ساکن موضع بوریان پرگنہ بسارہ شریف اور نجیب اور عزت دار ہین سررشتہ ابکاری مونگیر کے پیشکار ہین —

منشی شیو ... اور نجیب ... کایست سریاستب ساکن موضع بوریان پرگنہ بسارہ شریف اور نجیب اور عزت دار تھے مر گئے اب اس خاندان مین راجدہاری لال اور نرسنگھ سہاے اور سیتل پرشاد زندہ اور موجود ہین اور اہل معاش اور ... ہین

منشی کیولا پرشاد کایست سریاستب ساکن موضع تھوا پرگنہ بسارہ شریف اور نجیب ہین عہدہ انسپکٹری پر پولیس ضلع مظفرپور کے سرفراز تھے بالفعل پنشن پاتے ہین بیٹے اونکے درگا پرشاد محرر کلکٹری ضلع مظفرپور کے ہین —

منشی مہادیو دت کایست سریاستب ساکن موضع مان پور اپرگنہ بسارہ شرافت و نجابت اور عزت انکی بہت اچھی ہے کلکٹری ضلع پٹنہ کے محافظ دفتر ہین منشی جگناتھ سہاے والد انکے کلکٹری ضلع پٹنہ کے محرر تحصیل تھے اور رگھوناتھ سہاے

پچپانت کاٹکری کے سررشتہ دار تھے انکے پوتے الچھمن نارائن سکنڈ کلارک فوجداری پٹنہ کے ہین —

منشی چھمن لعل کایست سریباستب ساکن موضع مالن پورا پرگنہ لبارہ

شریف اور نجیب اور عزت دار خاندانی تھے مر گئے اب اس خاندان مین رامیسر سہائے اور ونکدہاری پرشاد اور کالی پرشاد اور لعلجی سہائے اور بلاس بہاری زندہ اور موجود ہین اور صاحب معاش ہین —

منشی شیوشنکر سہائے کایست سریباستب ساکن موضع سیڈی پرگنہ لبارہ

شریف و نجیب و عزت دار خاندانی ہین زمینداری بھی رکھتے ہین سنا ہے کہ سلاطین تیموریہ کے وقت مین انکے مورث اعلے پرگنہ لبارہ کے قانونگو تھے — ان اِنکا چچا ...

منشی کشندیو نارائن کایست سریباستب ساکن موضع مان پور پرگنہ لبارہ

شریف اور نجیب اور عزت دار خاندانی ہین آجکل ڈویژن بکسر ضلع آرہ کے عہدہ سررشتہ داری پر سرفراز ہین —

رائے گنیش دت کایست سریباستب ساکن موضع ٹھکہا پرگنہ لبارہ

یہ سابق کے رہنے والے موضع بکھرا کے تھے اب بھی بکھرا مین مکان انکا موجود ہے بڑے عزت دار اور شریف اور نجیب اور عالیخاندان ہین اس خاندان مین پہلے بہت معاش تھی بہ سبب دین کے نقصان ہوگئی ہے اب بھی ہزار بارہ سو روپیے کی آمدنی معاش اور ملکیت سے ہے اب اس خاندان مین کنجبہاری لعل اور گوری شنکر وغیرہ زندہ اور موجود ہین —

منشی نندلال سنگہ قوم کایست سریباستب ساکن موضع پرانندپور پرگنہ لبارہ

شریف اور نجیب اور عزت دار تھے کلکٹری میں بہت مقام مظفرپور مین محرر تحصیلی تھے مر گئے اب اس خاندان مین بدری ناتھ اور لڑکے پوتے موجود ہین۔

منشی مہادیودت کایست سریباستب ساکن موضع پرانندپور پرگنہ لبہارہ

شرافت اور نجابت انکی بہت اچھی ہے مہاراجہ کھڑک پور کے دربار مین تحصیلدار تھے اب خانہ نشین ہین زمینداری بھی رکھتے ہین۔

منشی جمعیت لال کایست ساکن موضع وگر پرگنہ لبہارہ

شریف اور نجیب و عزت دار خاندانی تھے مر گئے اب اس خاندان مین بالگوبند سہائے زندہ اور موجود ہین آمدنی انکی معاش کی اسوقت اندازا پانچ ہزار روپیہ سالانہ سے کم کی نہوگی۔

بابو سدانند کایست سریباستب ساکن موضع جمال پور پرگنہ لبہارہ

شریف اور نجیب و عزت دار ہین پہلے مظفرپور مین مختار کاری کرتے تھے بعدہ منصب وکالت پر سرفراز ہوئے اور ان بعد منصف ہوئے کہ آجتک اوسی عہدہ پر ممتاز ہین آدمی لائق اور رئیس اور مہذب ہین۔

منشی شیالال کایست سریباستب ساکن موضع بلراچکلہ کرول پرگنہ لبہارہ

شریف اور نجیب و عزت دار ہین منشی رام بت لال بیٹے منشی سیتالال کے اور منشی لوکناتھ بیٹے منشی جےرام سنگہ کے ہائی کورٹ کلکتہ مین مختار کاری کرتے ہین یہ چار لڑکے منشی ... لائق رئیس ہین بابو گوری شنکر ... مر گئے ... عم حقیقی ... شیخ ... دوسری بیٹا ... منشی سیتالال کی لڑکی ...

منشی جیو لعل سنگھ کایست سریاستب ساکن موضع رامداس پور پرگنہ بسارہ شریف و نجیب اور عزت دار تھے انکے بیٹے چونے لعل مہاراجہ دہراج بتیا کی سرکار مین بعہدۂ منشی گری سرفراز تھے مر گئے اونکے بیٹے ہرسہاے سنگھ محکمہ منصفی ضلع آرہ کے پیشکار تھے وہ بھی مر گئے اب اس خاندان مین کون کون شخص موجود ہین راقم کو معلوم نہین ہے۔

بشن چرن لعل کایست ساکن موضع رامداس پور پرگنہ بسارہ شریف اور نجیب و عزت دار تھے پٹنہ مین عدالت کے وکیل تھے مر گئے اونکے تین بیٹے ہوئے کرم چند لعل۔ گوپال لعل۔ رام لعل۔ یہ تینون بھائی پٹنہ مین وکالت کرتے تھے بعدہ رام لعل مظفرپور مین صدر اعلےٰ اوّل کے محکمہ مین پیشکار ہوئے اور فی الحال حاجی پور مین مختار کاری کرتے ہین کرم چند لال اور گوپال لعل مر گئے اب اس خاندان مین مہابیر پرشاد ولد کرم چند لال اور ایک شخص پسر رام لعل کہ جنکا نام راقم کو معلوم نہین ہے موجود ہین بالفعل زمیداری سے اوقات بسری ہے۔

منشی تلک رام قوم کایست سریاستب
ساکن موضع رامداس پور پرگنہ بسارہ

شریف اور عزت دار ہین پہلے کلکٹری ضلع گیاجی مین سررشتہ دار تھے بعدہ تبدیل ہوکر مظفرپور کی کلکٹری مین سررشتہ دار ہوئے اب پنشن پاتے ہین آدمی خلیق اور رئیس ہین۔

منشی گوبند سہاے کایست سریاستب
ساکن موضع رامداس پور پرگنہ بسارہ

شریف اور نجیب و عزت دار ہین آدمی لیق اور ذی علم ہین انگریزی اور فارسی جانتے ہین مونگیر کی کلکٹری مین پیشکار ہین۔

لالہ مگنی رام قوم کایت سریباستب
ساکن موضع سعدپورا پرگنہ بارہ

شرافت اور نجابت انکے خاندان کی بہت اچھی ہر آدمی صاحب معاش اور اہل علم اور فقیر دوست عزت دار نامی اور گرامی تھے ہمیشہ عبادت مین مشغول رہا کرتے تھے سادھو اور سنت کی برابر خدمت کیا کرتے تھے۔ نقل ہر کہ ایک مرتبہ اونکے گھر چند سادھو وارد ہوئے اوسوقت اونکے پاس کچھ موجود نہین تھا تہیدست تھے پس شرم سے مکان اپنے کو چھوڑکر ادسی موضع مین دوسری جگہہ جاکر ایک درخت کے نیچے سو رہے سادھو و سنت جو اونکے مکان پر آئے تھے وہ سب منتظر بھنڈارے کے تھے جب دوپہر ہوئی ایک شخص ہمشکل لالہ مگنی رام موصوف کے اونکے مکان مین آیا اور کل لوازمہ کھانے پینے کا موجود کرا کے سادھوؤنکو اچھی طرح سے کھلا پلا کر رخصت کردیا ایک سادھو اتفاقاً اوسی درخت کے نیچے جا پڑے جہان لالہ مگنی رام سوئے ہوئے تھے سادھو نے اونکو جگایا اور کہا کہ آج مگنی رام کے گھر پر سادھوؤن کا بھنڈارا ہے تو بیچارہ مسافر کیون بھوکھون پڑا ہے وہان جا کھانے کو ملیگا یہ بات سنکر لالہ مگنی رام اپنے گھر پر آئے معلوم ہوا کہ سادھو سنت کہا پی کر بخوشی رخصت ہو گئے اس بات سے بہت خوش ہوئے اور نارائن کا دھنیاد یعنے شکر کیا۔ انکے معاش کی آمدنی تخمیناً ہزار بارہ سو روپئے تک ہو گی اس خاندان مین گوبردھن لال اونکے پوتے موجود تھے وہ بھی مر گئے

رائے پرسد رام کایست سریباستب ساکن موضع بکھرا پرگنہ رتی

عہد مین سلاطین تیموریہ سے مورث اعلی رائے وہنراج ... ضلع رہتک
ہوئے عزت دار و عالیخاندان تھے ریاست و عالیخاندانی و عزت اونکی مشہور ہے انکے دو
بیٹے تھے اول سلونت رائے دوم گلونت رائے سلونت رائے کے پہلی شادی دیوان
جیون رام کی لڑکی سے موضع شیودھا پرگنہ برسٹہ مین تھی یہ دونون بھائی بڑے معزز و
صاحب عزت گذرے ہین اونکے گھر سے سیکڑون شرفا کی پرداخت ہوتی تھی اور تھوڑا
زمانہ گذرا ہے کہ اونکے خاندان مین رائے کالکا سہائے ایک شخص نہایت رئیس و
سخی و خلیق اور صاحب علم گذرے ہین اونکے بیٹے رائے جنگ بہادر و رائے زنگ بہادر
و رائے بر وشنڈ بہادر ہین و رائے درگا سہائے برادر حقیقی بڑے کالکا سہائے پسر
رائے کلدیپ رائے و اونکے بیٹے شمشیر بہادر موجود ہین اور یہ سب بھی بڑے لایق و
رئیس ہین رائے جنگ بہادر کو منصب آنریری مجسٹریٹی بکھرا کی بھی مفوض ہے آمدنی انکے
معاش کی تخمیناً اسی ہزار روپیہ سے کے ہوگی —

رائے گوبر سہائے ولد رائے گوپال سہائے ساکن بکھرا پرگنہ رتی

یہ رائے سلونت رائے کے نواسہ و رائے گوپال سہائے کے بیٹے ہین صاحب عزت
و رئیس و عالیخاندان و اہل معاش ہین مع عیال و اطفال انکے بکھرا مین رہتے ہین
آمدنی انکے معاش کی تخمیناً لاکھہ روپے سے زیادہ ہوگی —

رگھو بنس سہائے ساکن موضع جیت پور پرگنہ رتی

شریف و نجیب ہین آدمی دولتمند ہین مزاج مین ریاست ہے —

بجرنگی سہائے کایستہ سیر باستب ساکن موضع سیخوپورہ پرگنہ رتی

شریف اور نجیب ... تھے ... انکا ... بھائی ... برادر زادہ اونکے

موجود ہین اس خاندان مین زمینداری بھی ہو ... پور مین جو کوٹھی نیل کی ہے اوس مین بجرنگی سہائے منشی تھے اور امبکا پرشاد خزانچی مقرر ہوئے اوس ذریعہ سے مال و مقدور بہت پیدا کیا

لالہ جگت لال قوم کایست ... ریاستب ساکن موضع سخیورہ پرگنہ رتی

شریف و نجیب و خاندانی ہین پہلے ہاٹی ڈھی پرگنہ آہس مین بعہدہ منشی گری پر سرفراز تھے بعدہ مظفرپور مین امتحان دیکر مختارکاری کرتے تھے اب خانہ نشین ہین اور تھوڑے عرصہ سے اب موضع جیندان پٹی پرگنہ بسارہ سسرال مین اپنی رہتے ہین سخیورہ مین لالہ ٹھاکر پرشاد برادر عموی انکے موجود ہین ... یہ شخص نامی و لائق ہین زمینداری بھی رکھتے ہین جگت لال کے پانچ بیٹے ہین منجملہ اونکے مہناتھ سہائے سے راقم کو ملاقات ہی پہلے یہ دربار مین مہاراجہ دربھنگہ کے نوکر تھے بعدہ کلکٹری دربھنگہ مین نوکر ہوئے اب امتحان دیکر مختارکاری کرتے ہین اور ہمت سہائے دوسرے بیٹے اونکے محکمہ رودمس مین دربھنگہ کے محرر ہین۔

اودھ بہاری لال کایست سریاستب
پسر سر دیال ساکن موضع جسین پور پرگنہ رتی

شریف اور نجیب و خاندانی ہین زمینداری بھی رکھتے ہین۔

رتن سنگہ قوم کایست سریباستب
ساکن موضع سمرا پرگنہ رتی

شریف اور نجیب تھے مر گئے اب اس خاندان مین گوپی ناتھ و راندر جیت لعل و ... سنگہ موجود ہین۔

جگل کشور لال قوم کایست سریباستب ساکن موضع جسین پور پرگنہ رتی

شریف ونجیب ہین بالفعل سررشتہ پولیس ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ دربھنگہ کے محرر ہین
آدمی لایق ونیک ہین —

گوری شنکر ساکن موضع پہلاد پور پرگنہ رتی

اُنکا خاندان بہت اچھا ہی شریف ونجیب ہین زمینداری سے اسوقت تخمیناً دو ہزار روپے
سالانہ کے آمدنی ہوگی —

گوپی ناتھ پانڈے کایستھ سریباستب ساکن موضع گھٹون پرگنہ سرسیا

عالیخاندان شریف ونجیب اور صاحب عزت تھے اس خاندان مین رائے سردار سنگہ
شروع عملداری مین سرکار انگلشیہ کے بہت نامی وگرامی ہوئے مہاراج شتاب رائے بہادر
اور مہاراج ہیرج نارایین بہادر ناظمان صوبہ بہار کے دیوان تھے بعد اسکے اس خاندان
مین گور سہائے سنگہ نانا راقم تاریخ ہذا کو راجا رام نارایین عظیم آبادی کی سرکار مین دیوان مقرر
ہوئے ومنشی بسنت رائے عرف چکن لال ولد گور سہائے سنگہ ماموں حقیقی راقم تاریخ ہذا
کے جو بڑے ذیعلم نامی وگرامی وفیاض وسخی گذرے ہین منشی بے نظیر تھے محکمہ بندوبست
قانون دوم ۱۸۱۵ عیسوی مین سررشتہ دار تھے لاکھون روپے پیدا کیئے اب اس
خاندان مین راج نارایین سنگہ پیشکار کلکٹری ضلع مظفرپور ولد بھوکھے لال اور پنجاب رائے
وبابو کنور دولت رائے پسران بسنت رائے ومنشی مہابیر پرشاد ولد ہنومان سہائے
ومنشی بستیل سہائے پسر بہر سہائے سنگہ وبابو بانکی کشور نارایین وبابو رگھو نندن کشور نارایین
وبابو جدونندن کشور نارایین پسران تلکہ دھاری لال ودھجا دھاری لال پسر رام پرتاب لال
ودیم والال ولد ر[illegible] سنگہ ومحبوب نارایین ولد بید بیانند ولچھمی نارایین ولد چندن دت
دہر پرشاد ورائے مرلی منوہر ولد رائے [illegible] سہائے اور دو فرزندان نابالغ ان دونون

راے رنج اہیر سہاے نبیرگان را... ے گوری شنکر جنہون کا نام معلوم نہین موجود ہین
وراے مرلی منوہر وغیرہ پسران موضع ڈمری مین رہتے تھے اور بالفعل موضع نرونی
پرگنہ بسارہ مین سکونت رکھتے ہین —

درگادت و دیونراین سنگہ کایست سریباستب
ساکن موضع حسرت پور پرگنہ ستریسیا

عالیخاندانی مین مشہور تھے صفت شرافت و نجابت سے معمور تھے انکے آبا و اجداد
نرہین کے بابو کے دربار مین عہدہ دیوانگری کا کہتے تھے چنانچہ درگادت بابو بخت سنگہ
کے وقت مین دیوان تھے اِس خاندان مین منشی بینی پرشاد سنگہ و منشی کالیچرن سنگہ
پسران درگادت و منشی اچھے لال پسر دیونراین سنگہ یہ تینون شخص بہت لایق و ذہین
گذرے ہین اور اس خاندان مین انکی جائداد صحیحہ کا تا مال ہے اب اِس خاندان میں جے گوبند سہاے
ورام گوبند سہاے نبیرگان منشی کالیچرن سنگہ و نرسنگہ سہاے و ہمت سہاے و رتن منشی
بینی پرشاد سنگہ و نندکشور سہاے پسر اچھے لال زندہ و موجود ہین +
جے گوبند سہاے عربی و فارسی مین اچھا دخل رکھتے ہین و نوکری سرکاری ست اچھی پیدا
کی ہے رام گوبند سہاے دوزن فوجداری مین سہسرام ضلع آرہ کے سررشتہ دار ہین

لالہ مرلی دھر کایست سریباستب ساکن موضع چمپاپور پرگنہ سریسیا

نجیب و شریف صاحب عزت عالیخاندان تھے کہتے ہین کہ پرگنہ سریسیا مین بادشاہ
وقت کیطرف سے عامل تھے مرگئے اونکے خاندان مین لالہ رگھوبنس سہاے و لالہ ہربرد نراین سنگہ
اور لالہ بلاقی لال اور لالہ ترببنی لال وغیرہ زندہ اور موجود ہین لالہ ہربرشاد سنگہ
راقم نجف زادہ کے میری بہن کی شادی ہوئی ہے —

لالہ گیرت چند کایست سریباستب ساکن موضع بھگوت پور پرگنہ سرلیا شریف اور نجیب اور خاندانی تھے مر گئے لے سردار سنگہ ساکن موضع کٹھون پرگنہ سرلیا کے ہم جد اور قرابت مند تھے عزت اور سلامت روی انکے خاندان کی ابھی تک بہت اچھی ہے اسوقت اس خاندان مین بانکے بہاری لال اور موہن لال اور بینی پرشاد زندہ اور موجود ہین —

لالہ مادھو رام کایست سریباستب ساکن موضع شمس پور پرگنہ سرلیا شریف اور نجیب اور عالیخاندان تھے مر گئے انکے پانچ بیٹے ہوئے اول منشی جے رام دوم منشی جیسی رام سوم منشی گوپال لال چہارم منشی راجارام پنجم منشی راگھورام یہ پانچون بھائی ایک شامل رہتے تھے منشی جے رام عدالت اعلی مظفر پور کے اور منشی جیسی رام عدالت منصفی دربھنگہ کے وکیل تھے اور منشی گوپال لال سب ڈویژن سیتامڑہی کے سررشتہ دار تھے اور منشی راجارام اور منشی راگھورام خانہ نشین تھے اب اس خاندان مین منشی راجارام اور باسدیو نارائن پسر منشی گوپال لال اور مہابیر پرشاد پسر منشی راگھو رام زندہ اور موجود ہین زمینداری بھی رکھتے ہین تخمیناً ہزار بارہ سو روپیے تک آمدنی سالانہ ہوگی —

لالہ رگھبر دیال سنگہ کایست امسٹ
ساکن موضع رحمت پور پرگنہ سرلیا

مرد شریف اور نجیب خاندانی ہین راجہ لیلا نند سنگہ بہادر کی طرف سے [illegible] پرگنہ [illegible] لال اور معتقد و [illegible] حاصل [illegible]
[illegible] اچھی [illegible]

آدمی تھے مرگئے اب اونکے بیٹے لالہ ... پرشاد دس لوکری پر معمور ہین مرد ہم نام ... ہین

صاحب اخلاق اور مروت ہین ذی عزت ہین —

لالہ گنگاپرشاد کایست امسٹ ساکن موضع دہورلکھہ پرگنہ سریا

شریف اور نجیب اور عزت دار خاندانی ہین راقم کو انسے ملاقات ہی آدمی بڑے خلیق

اور رئیس ہین —

لالہ الوچھہ لعل کایست امسٹ ساکن موضع موہن پور پرگنہ سرلیا

شریف اور نجیب خاندانی ہین اور خود نندہ ہین —

لالہ کالی پرشاد کایست امسٹ ساکن موضع موتی پور پرگنہ سرلیا

شریف اور نجیب ہین انکا خاندان اچھا ہی آمدنی انکی زمینداری کی پانچ چھہ سو

روپیے تک ہوگی —

لالہ دلجیت سنگہ کایست امسٹ ساکن موضع نراین پور پرگنہ سرلیا

شرافت اور نجابت انکی اچھی ہی کچھہ زمینداری بہی رکھتے ہین —

لالہ بجرنگی سہانے کایست امسٹ

ساکن موضع نراین پور ڈہریا پرگنہ سرلیا

شریف اور نجیب ہین اس خاندان مین زمینداری بھی ہی —

لالہ گنیشی لال کایست امسٹ ساکن موضع بازید پور پرگنہ سرلیا

شریف اور نجیب اور عزت دار خاندانی تھے مرگئے اب انکے ... موجود ہین مگر ...

... نام ... بر

لالہ ... لال ابن ... لال کایست امسٹ

ساکن موضع دھرہا موسومہ برج لال پرگنہ سریسا

شریف ونجیب ہین خاندان اچھا ہی خود زندہ ہین —

مہر چند لعل قوم کالیت امسٹ ساکن موضع کلیان پور کوا پرگنہ سریسا

شریف ونجیب تھے پرگنہ سرپور ضلع پورنیہ مین مسٹر چارلس پالمر صاحب زمیندار کی طرف سے تحصیلدار تھے مرگئے اب اس خاندان مین راج کنوار سنگہ و بلونت سہاے پسران انکے موجود ہین منشی راجکنوار سنگہ ریونیو ایجنٹ کاکاٹری دربھنگہ کے ہین —

لالہ کنہیا لعل پانڈے کالیت سریباستب

ساکن وزمیندار موضع تہوری پرگنہ جکھنی

اصل رہنے والے موضع سیتل پور ضلع سارن کے تھے مورث انکے کسی تقریب سے ضلع ترہت مین آئے اور موضع تہوری مین جو زمینداری انکی تہی رہ گئی بڑے صاحب عزت اور نامی گرامی تھے اور اہل معاش اور صاحب مقدور تھے انکے خاندان مین ابہی کچہ معاش باقی ہے وارثان سے انکے بال گوبند لال و دیبی پرشاد و شیو ٹہل لعل اور گوبردھن لال اور نرسنگہ سہاے وغیرہ زندہ و موجود ہین راقم کی دوسری شادی اسی خاندان مین نند کشور لعل پانڈے کی لڑکی سے ہوئی ہے —

لالہ گمانی لال کایت امسٹ ساکن موضع متہورا پور پرگنہ کسمہ

آدمی شریف اور نامی تھے معاش دار تھے اور عزت دار تھے مرگئے اونکے پسر ... موجود ہین —

لالہ ... کایت امسٹ ساکن موضع متہورا پور پرگنہ کسمہ

یہ بہی شریف ونجیب ہین زمینداری ... مین تخمینا ... سولہ سو روپیہ کے آمدنی

سالانہ انکی زمینداری کی ہوگی —

لالہ گلاب رائے چودھری سیون سنگہ کایست سریباستب ساکن موضع ہیروٹی پرگنہ جبریل

بہت شریف اور نجیب اور عالیخاندان تھے انکے گھر مین قانونگوئی کا عہدہ چلا آتا تھا صاحب معاش اور مقدور تھے اب بھی انکے گھر مین معاش اور مقدور ہے انکے خاندان مین منشی برج کنوار سنگہ و منشی راج کنوار سنگہ زندہ اور موجود ہین اور منشی برج کنوار سنگہ سب ڈویژن سیتامڑھی کے مختارون مین سے نامی مختار ہین بدری ناتھ برادر حقیقی خرد راقم کی پہلی شادی برج کنوار سنگہ کی حقیقی بہن سے ہوئی تھی آمدنی سالانہ انکے معاش کی تخمیناً چھ ہزار سے کم نہوگی —

منشی اجودھیا پرشاد کایست سریباستب ساکن موضع جکون پرگنہ جبریل

شریف ہین زمینداری بھی رکھتے ہین کتول کی کوٹھی نیل مین عہدۂ منشی گری پر سرفراز ہین —

کودی لال کایست سریباستب ساکن موضع جکون پرگنہ جبریل

شریف اور نجیب ہین انکے چچا منشی فتح نراین کلکٹری مظفرپور کے محرر تھے آدمی لائق تھے مر گئے اس خاندان مین زمینداری بھی ہے اب بیٹے اونکے دھنکدھاری پرشاد زندہ اور موجود ہین —

جیتدھاری لعل و دھنکدھاری لعل کایست سریباستب ساکن موضع اد[illegible] [illegible] جبریل

شریف اور ذی عزت اور خاندانی ہین زمیندار ... ... بھائی زندہ

اور موجود ہین —

بابو چودھری رودر پرشاد رائے بہادر کایست

سریباستب ساکن موضع نان پور پرگنہ نان پور

انکے آبا و اجداد اصل رہنے والے الہ آباد کے تھے قبل عملداری سرکار ... عہد

مین سلاطین تیموریہ کے انکے مورث اعلا اس ضلع مین آئے اور کسی لڑائی مین مارے گئے

اوس خون بہا مین مسلم پرگنہ نان پور دربار شاہی سے اونکو عنایت ہوا کہ آجتک نسلاً

بعد نسل انکے قبضہ مین چلا آتا ہی مرد شریف اور نجیب اور عالیخاندان صاحب علم

و ذی عزت و صاحب مروت ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً پچاس ہزار روپے سالانہ

سے کم نہوگی اور جسوقت ضلع ترہت مین انتظام انکم ٹکس کا پیش تھا یہ اسیسر مقرر ہوئے

تھے اور انکو دربار قیصریہ سے جو یکم جنوری ۱۸۷۷ء کو شہر دہلی مین منعقد ہوا تھا خطاب

رائے بہادر کا عنایت ہوا تھا —

تلک رام کایست سریباستب و زمیندار

موضع ہمایون پور پرگنہ نان پور

شریف اور نجیب اور خاندانی عزتدار ہین صاحب معاش ہین انکے مورث اعلے

رام سہہ داس بہت نامی اور گرامی شخص تھے بادشاہ وقت کی طرف سے پرگنہ

نان پور کے عامل تھے انکے خاندان مین مہتاب لال اور درباری لال اور مجلس سہائے

اور گوپی لال و شیو سہائے سنگھ اور کلدیپ نارائن اور شتاب لال موجود ہین —

بخشی لعل کایست سریباستب ساکن موضع مادھو پور چتوری پرگنہ نان پور

مریعت مین اجودھیا پرشاد اور پیارے ... بسران اونکے زندہ و موجود ہین —

چودھری ہمناتھہ سنگہ اور چودھری رام ناتھہ سنگہ کائیستہ سریباستب ساکن موضع کوٹھاری عرف بکری پرگنہ مہلا

یہ دونون حقیقی بھائی تھے چودھری ہمناتھہ سنگہ لاولد مرگئے چودھری رام ناتھہ سنگہ کے بیٹے چودھری نندکمار سنگہ بڑے صاحب عزت اور اہل معاش تھے انکے آبا و اجداد سلاطین اہل اسلام کے وقت مین قانون گو تھے مرد شریف اور نجیب اور عالیخاندان تھے انکے خاندان مین لٹلیہاری اہل زندہ اور موجود ہین —

چودھری بہادر سنگہ کائیستہ سریباستب ساکن موضع بھنڈاری پرگنہ مہلا

شریف اور عالیخاندان اور عزت دار تھے سرکار مین والی نیپال کے منصب چودھرائی پر سرفراز تھے انکے خاندان مین بجرنگی سہاے اور رگھناتھہ سہاے اور شیو ادہین سنگہ اور رامیسر پرشاد زندہ اور موجود ہین راقم تاریخ ہذا کی پھوپھی کی شادی اسی خاندان مین جگرناتھہ سہاے سے ہوئی تھی —

لالہ گھنی رام قوم کائیستہ سریباستب ساکن موضع بیلاہی پرگنہ مہلا

مرد شریف اور نجیب اور عزت دار اور محکمہ کلکٹری مظفرپور کے محافظ دفتر تھے صاحب معاش تھے مرگئے بھگوت نارائن بیٹے اونکے موجود ہین اب بھی انکے گھر مین معاش اور مقدور موجود ہے آمدنی انکے معاش کی تخمیناً دو تین ہزار روپیہ کے ہوگی —

لالہ ادھم لعل ولد لالہ گوبند رام کائیستہ سریباستب ساکن موضع لشن اپہر رولی پرگنہ مہلا

خاندانی اور شریف اور نجیب اور صاحب معاش اور اہل عزت ور توقیر تھے مرگئے

اونکے وارثون سے لالہ گردھاری لال اور اونکے بیٹے رگھبر دیال اور منشی رام جیون لال موجود ہین منشی رام جیون لال موصوف پہلے سپرنٹنڈنٹ پولیس بمقام مظفرپور کے سررشتہ دار تھے اور راقم تاریخ ہذا کے حقیقی پھوپھیرے بھائی ہوتے ہین اور اس خاندان مین لالہ جانکی رام بڑے نامور ہوئے پرگنات بہرا و مہلا و ترستہ کے قانونگو تھے۔

لبناتھ سہائے کایست سریباستب ساکن موضع برتاپور پرگنہ مہلا

شرافت انکے خاندان کی مشہور ہے لایق اور مروت دار تھے مرگئے اس خاندان مین ترلوکناتھ اور جیکشن لعل عرف جے رام سنگھ موجود ہین اور معاش دار ہین جیکشن لعل عرف جے رام سنگھ سے منشی ادہاکشن راقم کے حقیقی چچا کی لڑکی کی شادی ہوئی ہے۔

لالہ مہاراج سنگھ کایست سریباستب
ساکن موضع بھولی پرگنہ بہرا

شریف اور نجیب اور عزت دار آدمی تھے محکمہ مین صاحب جج بہادر ضلع ترہت کے صیغہ سرسری کے محرر تھے اس نوکری کے ذریعہ سے معاش اور مقدور بہت کچھ پیدا کیا منشی بھیرون پرشاد محکمہ ججی ضلع ترہت کے پیشکار تھے اب انکے خاندان مین پسیسر پرشاد اور دوند بہادر اور رامیسر پرشاد اور گورکھ پرشاد اور رگھونندن پرشاد زندہ اور موجود ہین انکے معاش کی آمدنی تخمیناً بیس ہزار روپیہ سالانہ تک ہوگی راقم تاریخ ہذا کی برادر عموی گوری شنکر کی پہلی شادی اسی خاندان مین منشی بھیرون پرشاد کی لڑکی سے ہوئی تھی۔

لالہ درسن سنگھ کایست [illegible] ساکن موضع جعفرپور پرگنہ بہرا

گھر مین تھا مر گئے اب اس خاندان مین اودیت نراین سنگھ زندہ اور موجود ہین —

منشی امرت لعل کالیستھ سریباستب ساکن موضع کمرولی پرگنہ ببرا

شریف اور نجیب تھے بذریعہ عہدہ منشی گری کوٹھی نیل کے مال اور مقدور بہت پیدا کیا تھا زمانہ سابق کا حال راقم کو ٹھیک معلوم نہین ہوا اب درام غلام سنگھ بیٹے اونکے عہدہ منشی گری پر کوٹھی امواڑ کے بجائے پدر اپنے معمور ہین —

منشی چھنی لعل کالیستھ سریباستب

ساکن موضع محمدا پرگنہ بہسی

شریف اور نجیب اور عزت دار تھے بارہ کوٹھی نیل کے منشی تھے اپنے وقت مین مال اور مقدور اور زمینداری بہت کچھ حاصل کیا مر گئے اب اس خاندان مین منشی جگدیو نرائن پوتے اونکے زندہ اور موجود ہین اور صاحب معاش ہین —

منشی برجکمار سنگھ کالیستھ سریباستب

ساکن موضع سیتل پٹی پرگنہ مرداہ کلان

شریف اور نجیب اور عالیخاندان اور ذی عزت ہین زمینداری انکی بہت اچھی ہے آمدنی انکی چھہ سات ہزار روپیہ سالانہ سے کم نہوگی —

بابو رام گوبند سنگھ قوم کالیستھ سریباستب

ساکن موضع جاکو چھپرا پرگنہ مرداہ کلان

شرافت ونجابت خاندانی انکی اچھی ہے انکے چچا منشی گوپال لعل عدالت اعلی ضلع ظفرپور کے وکیل تھے زمانہ تاریخ ہذا سے اونکو دیکھا تھا زمینداری سے آمدنی انکی تخمیناً پانچ ہزار روپیہ تک ہوگی اور یہ انگریزی خوان ہین بالفعل کمشنری مین ...

نوکر ہین —

منشی شیو رتن لعل اور رام چرن لعل پسران
سمرن لعل ساکنان چوپار پرگنہ مرواہ خرد

شریف و نجیب اور عزت دار خاندانی ہین زمینداری انکی بہت اچھی ہے سابق سکونت ان سبھون کی موضع وگرد پرگنہ سریا مین تھی —

دیوان جیون رام ولد لالہ کرپا رام کایستھ
سریباستب ساکن موضع شبو دہا پرگنہ ترسٹہ

شریف و نجیب عالیخاندان صاحب علم صاحب تصنیف و رئیس و صاحب معاش تھے علوم عربی و فارسی مین شہرۂ آفاق تھے مہاراجہ مادہو سنگہ بہادر کے دربار مین دیوان تھے نہایت خیرخواہ و سب نوکرون مین ممتاز تھے شروع عملداری مین سرکار انگلشیہ کی جب رقم دستورات و نانکار وغیرہ مہاراجہ مادہو سنگہ کا ضبط ہوگیا تھا اوسوقت دیوان جی موصوف نے بڑی کوشش و پیروی کرکے اون رقومات کو واگذاشت کروایا اوسکے صلہ مین موضع ہرخیرپور پرگنہ بہرپارہ مہاراجہ مادھو سنگہ بہادر نے عطا کیا وارثون سے انکے بالفعل حاکی بلبہ و ہر بلبہ سنگہ وجد و بلبہ سنگہ موجود ہین اوسوقت زمانہ ان سبھون کا ناموافق ہے دیوان جی صاحب اشعار فارسی بھی کہتے تھے تحقیق تخلص کرتے تھے منشی رادہاکشن لعل چچا حقیقی راقم تاریخ ہذا کی اول شادی اس خاندان مین لڑکی سے بابو کشن بلبہ ولد بابو درام بلبہ نبیرۂ دیوان جیون رام کے ہوئی تھی اور [illegible] کا ایک

[illegible]

شعر

ہر عمل پختہ شود خام کہ در خانہ بماند — چون پلاذر کہ دگر سال نماید در شاخ

داروغہ جنیتا ن لال کایست سریباستب

ساکن موضع دھرہرواپرگنہ ترسٹھہ

شریف اور نجیب عالی خاندان عزت دار اور سخی تھے مادام الحیات عہدہ سررشتہ داری محکمہ فوجداری مظفرپور پر سرفراز تے اونکے خاندان مین چتربھوج سہای زندہ اور موجود ہین اس خاندان مین ایک شخص رام سمرن لال بڑے نامی ہوئے چالیس برس تک داروغہ پولیس ضلع ترہت مے رہے بابو جانکی پرشاد بیٹے اونکے موجود ہین آمدنی سالانہ انکے زمینداری کی تخمیناً دس بارہ ہزار روپے تک ہوگی۔

پیاری لال قوم کایست سریباستب

ساکن موضع دہرہراپرگنہ ترسٹھہ

شریف اور نجیب اور عزت دار تھے ضلع ترہت مین داروغہ پولیس کے تھے بڑی دیانت اور نے ریائی سے کام انجام کرتے تھے لاولد مرگئے بعد اونکے کودئی لال برادرزادہ اونکے ضلع ترہت مین عہدہ انسپکٹری پر سرفراز ہوئے جوان خوبصورت قوی الجثہ دیانت دار بے ریا تھے تخمیناً دس برس تک اس عہدہ پر قائم رہے بعدہ بیمار ہوکر مرگئے بابو رام پرشاد اور بابو نارائن پرشاد بیٹے اونکے موجود ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً دو ہزار روپے سے زیادہ ہوگی راقم تاریخ ہذا کی پھوپھیری بہن سے انکی شادی ہوئی تھی

منشی بدری ناتھہ کایست سریباستب ساکن موضع رائے پور پرگنہ ترسٹھہ

شریف اور نجیب اور عزت دار ہین پیشہ وکالت کا عدالت اعلی مین ضلع مظفرپور کرتے ہین

آدمی لائق اور مروت دار ہین وکالت سے مال ومقدور پیدا کیا ہے۔

کیفیت رؤسائے وشرفای مسلمانان سکنای ضلع ترہت حسب صراحت ذیل کے ہے

صادق علیخان ولد بہرام علیخان ساکن قصبہ دربھنگہ

شریف و نجیب و رئیس و خلیق و جلیل المرتبت و عالی خاندان و سخی و مروت دار ہین الشاہ
کے صفحہ ۳۰۳ مین لکھا ہوا ہے کہ رحم خان انکے مورث پہلے مصطفی خان کی
فوج کے ہراول تھے اور مصطفی خان نواب مہابت جنگ صوبہ دار بنگالہ کی سرکار کے
تھے جب مصطفی خان کو دولت بنگالہ کی طمع ہوئی اور نواب مہابت جنگ سے
لڑنے کا قصد کیا اوس وقت رحم خان نے مصطفی خان کی رفاقت چھوڑ کر نواب
مہابت جنگ کی سرکار مین نوکری اختیار کی نواب مہابت جنگ کی نظر مین اونکی بڑی
عزت اور وقعت تھی اور نواب صاحب ہمیشہ دلجوئی اونکی کرتے رہے اوسی زمانہ سے
تعلقہ بھیٹ ارسون پرگنا لوانوان اور دیگر مواضعات کلان کہ آجتک اونکے قبضہ
مین ہے انکو دربار سے نواب مہابت جنگ کے مقرری ملی تھی خانصاحب بڑے
فیاض ہین لاکھون روپے دادار اور صادر اور فقرا اور مساکین اور مستحقین اور ذاتی
خرچون مین صرف کرڈالتے ہین حکام ضلع ان کی عزت کرتے ہین مہاراجہ صاحب
بہادر دربھنگہ بھی بتقریب شادی بیاہ کے انکے مکان پر تشریف لایا کرتے ہین
انکو شکار کتون اور ہاتھی اور گھوڑ دوڑ کے پالنے سے بہت شوق ہے آمدنی انکے
مواضعات کی تخمیناً چالیس پچاس ہزار روپیہ سالانہ سے کم نہ ہوگی۔

نواب ا[illegible] علی خان ولد دلدار علیخان ولد
رہنگی خان ساکن قصبہ ڈبھنگہ

شریف و نجیب و رئیس ابن الرئیس عزت دار اور عالی خاندان ہین آدمی نوجوان خوش اندام ہین ڈنڈ کشتی سے بہت ذوق رکھتے ہین ہاتھی خوب پالتے ہین شکاری کتے انکے پاس بہت عمدہ عمدہ ہین پہلوانان کشتی گیر کی خوب پرورش کرتے ہین حکام انکو بھی مثل صادق علیخان کے کرسی دیتے ہین اور یہی اولاد سے رحم خان متذکرہ بالا کے ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً چالیس پچاس ہزار روپے سالانہ ہوگی اور قرابت مین صادق علی خان کے بھانجے ہین اور بھائی بھی ہوتے ہین۔

شاہ محمد حسین الملقب بہ صاحبزادہ
ساکن محی الدین نگر پرگنہ بالاگچ

اولاد سے شاہ محمد آفاق داماد شمشیر خان رسالہ دار نواب الہ وردی خان مہابت جنگ کے ہین آدمی بڑے رئیس خلیق اور مروت دار عالی خاندان و ذی مقدور ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً تیس ۳۰ ہزار روپے تک ہوگی سیر المتاخرین کے صفحہ ۵۰۰ مین لکھا ہوا ہے کہ شاہ محمد آفاق اولاد سے قاسم سلیمانی افغانی درویش کے تھے جو جہانگیر بادشاہ کے وقت مین بہ سبب کثرت اتباع یعنے زیادہ ہونے مریدین و معتقدین کے قید ہوئے تھے جب وہ مر گئے تو قصبہ چنارہ مین مدفون ہوئے۔

راجہ لبا دان خان زمیندار پرسونی ضلع مظفرپور

سُنا ہے کہ زمانہ سلف مین خلعت اور خطاب راجگی سے سرفراز کئے گئے تھے بڑے شریف اور عزت دار عالی قدر جلیل المرتبت تھے اور دادودہش ان کی مشہور تھی اب

مر گئے، راجہ ابھاون خان کے صاحب دین خان راجہ ہوئے وہ بھی اچھی آدمی اور لائق اور معزز اور خلیق تھے بعد مرنے اونکے غلام سیر خان راجہ ہوئے یہ بھی آدمی بڑے ہمت اور صاحب مروت تھے بعد مرنے اونکے پیر الدین خان نابالغ جو مستحق راجگی کے ہین ہین بالفعل بابو سیگن خان بہادر مدار المہام اس راج ریاست کے ہین اونکو دربار قیصری سے خطاب خان کا عنایت ہوا ہی مرد لائق و مروت دار و منتظم و معزز ہین آمدنی اونکے معاش کی تخمیناً چالیس ہزار روپیہ سالانہ تک ہوگی۔

دیوان مولابخش خان پسر جمعدار شیخ خدابخش
ساکن موضع رسولپور چکلہ گرجول پرگنہ لبارہ

آدمی بڑے عزت دار تھے دیار مغرب مین ضلع کانپور کی کلکٹری مین پہلے دیوان تھے اس عہدہ کے ذریعہ سے لاکھون روپیہ حاصل کیے بعد اوس کے جب عہدہ دیوان گری کا ابالیش مین در آیا تو کانپور سے آکر عظیم آباد کی کورٹ اپیل خاص مین سررشتہ داری کرتے تھے اور مسٹر الیٹ صاحب بہادر حاکم کورٹ اپیل خاص انکی بڑی خاطر اور عزت کرتے تھے جب محکمہ کورٹ اپیل کا ابالیش مین در آیا تو عدالت دیوانی عظیم آباد یعنے محکمہ جناب صاحب جج بہادر کے سررشتہ دار ہوئے بعد اوسکے عہد مین جناب نواب ہالڈی صاحب لفٹنٹ گورنر بنگالہ کی گورنری کے دفتر خانہ فارسی کے میر منشی ہوئے بعد اوسکے ڈپٹی مجسٹریٹ کے عہدہ پر سرفراز کیے گئے ۵۷ء سنہ عیسوی کے ایام غدر مین سرکار کی بڑی خیرخواہی کی یعنی باغیوان کی دار و گیر کے صلہ مین ۔۔۔ انگریزی کی بابت ۔۔۔ خان بہادر اور خلعت عطا ہوا جب بہت ۔۔۔ آنریری مجسٹریٹی ۔۔۔ گئے ۔۔۔

سنہ تمام مین فوت کر گئے آدمی بہت رکھیر اور عالی مرتبت و عالی قدر و صاحب امتیاز تھے
اونھون نے اپنے وقت مین پرگنہ لبارہ و سرلپا و اطراف مظفرنگر مین بہت سی زمینداری حاصل
اور خرید کی آمدنی انکے معاش کی تخمیناً قریب لاکھ روپے کے پہونچ گئی اونکے دو بیٹے ہین۔
ایک امیر حسن خان اور دوسرے محمد حسن خان مگر امیر حسن خان بڑے بیٹے اونکے
نہایت نیک اور منتظم اور دانشمند اور صاحب اخلاق اور صاحب مروت اور پختہ کار و قدم بقدم
اپنے باپ کے ہین اور دوسرے بھائی بھی اخلاق مند و خراج ہین اور دونون بھائی علیحدہ
علیحدہ رہتے ہین اور امیر حسن خان موصوف کے بھی دو بیٹے ہین ہادی حسن خان متخلص بہ
نایاب اور مہدی حسن خان متخلص بہ قلی ہادی حسن خان مرد لائق اور ذی علم اور ذی
مروت و صاحب اخلاق ہین طبابت بھی اچھی کرتے ہین اور شعر اردو بھی بہت اچھا کہتے ہین انکو
مشورہ اشعار اردو کا مولوی عبدالواحد سیماب سے رہتے تھے اور کبھی مولوی محمد مرشد
حسن کامل سے بھی مشورہ لیا کرتے تھے اور مہدی حسن خان بھی لائق و ہوشیار و معاملہ فہم
و ذی مروت ہین انکی بھی طبیعت بہت اچھی ہے مشورہ سخن انکو اپنے بڑے بھائی سے رہتا ہے

شیخ عبدالشکور ساکن موضع سعدپور دیچکلہ پرگنہ لبارہ

عامل سلطانی تھے سعدپور مین جو قلعہ مشہور ہے وہ انھین کا بنوایا ہوا تھا کہ اب وہ منہدم
ہو گیا کھائی اوس قلعہ کی ہنوز موجود ہے آدمی بڑے لائق و جلیل القدر بلند مرتبت صاحب شان
و شوکت اور اہل جاہ و حشم تھے مر گئے اولاد ذکور سے انکی کوئی شخص نہین ہین نواسے ان
ہین انکے سید علی اشرف خشیم اباد مین زندہ اور موجود ہین۔
شیخ احسین مراد خورد شیخ عبدالشکور موصوف ساکن موضع دیچکلہ پرگنہ لبارہ
شیخ عبدالشکور کے ... کی جگہ ... ناصی ... شخص ...

سخی خاندانی انکی مشہور ہے مروت اور اخلاق اور ریاست اور تیار مین آراستہ تھے اکثر مین
کہ جب کبھی سفر کرتے تھے تو لاکھہ روپیکی اشرفی ہاتھی پر بار کیکے ساتھہ لیجاتے تھے اور جب
موضع مین پہونچتے تھے تو اوس موضع کے مالک کی طرف سے وہان کا گماشتہ بابۂ عیت
یک کراہی دہی اور دو روپیہ بتعداد نکی نذر کا حاضر کرتا تھا اور کہتا تھا کہ یہ موضع آپکا ہے اور
جس گانون مین اونھون نے پوچھا کہ یہ موضع کسکا ہے اور جواب مین اوسکے نام اصل
مالک کا بتلایا گیا اور روپیہ و دہی نذر کا نہین دیا گیا تو اوس موضع کو حکام ضلع سے
فکر کرکے نیلام کرواکے خود لے لیتے تھے نواب ہوشیار جنگ کو جنکی بہی کلکٹری
مین موجود ہے ان سے بہت رابطہ تھا وہ بھی نواب ہوشیار جنگ کے ان کے
اور میر جعفر شاہ اور میر یوسف علیخان کے دفتر اور نشان دہی کی موافق طیار ہوئی تھی
ہزارون آدمی انکی ذات سے پرورش پاتے تھے اولاد ذکور سے کوئی زندہ نہین ہے
نواسون مین سے امیر حسن خان پسر دیوان مولابخش خان زندہ اور موجود ہین —

۲۰۶ میر جعفر شاہ ساکن موضع بڈھن پورہ
چکلہ سوفی پرگنہ بارہ

اولاد سے پیر و مرشد کے تھے سید عالی نسب اور والاحسب تھے حکام ضلع انکی قدر
اور منزلت کرتے تھے معزز و ممتاز تھے ہزارون آدمی کی پرورش ان سے ہوتی تھی
مظفر پور کے اطراف مین جتنے مسلمان شیعے مذہب کے ہین سب ان کے اور
میر یوسف علیخان کے شیعہ بنائے ہوئے ہین رات دن انکو یہی فکر رہتی تھی کہ
سنّی کو شیعہ بنائے اونکے کوئی اولاد صلبی نہین تھی ایک قرابت مند کو لیا جنکا نام
میر سعادت علی تھا اونکو ضلع بہار سے لاکے بیٹا اپنی معاش کا مختار اور بعد انتقال متبنّٰی

بعدہ کل معاش کلاں مین پانچ سو روپیہ کی آمدنی کی تھی بذریعہ تملیک نامہ کے عطا کی وہ مر گئے اور کل معاش اور دولت جو
جائداد منقولہ غیر منقولہ میر سعادت علی موصوف کی ہاتھ لگی میر سعادت علی کے تین بیٹے ہوئے میر علی و میر حسن
عرف گھونگے و صاحب میر حسین بعد میر سعادت علی کے وہ معاش تین حصہ پر تقسیم ہوئی میر حسن نے اپنے حصہ کو بیع ڈالا اور
برباد کر دیا میر علی نے اپنی معاش کو چھوڑ کر انتقال کیا اون کے بیٹے میر حیدر نے اپنا
حصہ بیچ ڈالا اور کربلاء معلی کو چلے گئے اور وہین مر گئے اور نصف حصہ میر مرتضی دوسرے
بیٹے کے قبضہ مین ہے اور میر حسن کی معاش اپنی حالت پر قائم ہے یہ لوگ قوم سے
سادات ہین کے عالی نسب اور عالی خاندان مین معزز و ممتاز ہین مذہب اہل شیعہ کا رکھتے ہین
تعزیہ داری مین بہت کچھہ صرف کرتے ہین —

میر یوسف علیخان ساکن قصبہ مظفر پور

یہ سید عالی نسب تھے میر غلام حیدر خان باپ ان کے ابتداے عملداری سرکار مین
طرف سے سرکار انگلشیہ کے عامل تھے بیل ساہی زمیندار تعلقہ بوراج نے انکو مار ڈالا
اوس جرم کے عوض مین عدالت سرکاری انگلشیہ سے مجرم کے واسطے تین سزائین
قائم کی گئین ایک تو یہ کہ بیل ساہی کو بہ عوض اسکے پھانسی دی دوسرے یہ کہ بیل
ساہی کی جو زد اسکے کو نیلام کر دیا تیسرے یہ کہ تعلقہ بوراج جو لاکھہ روپیہ کی تحصیل کی معاش
تھی خون بہا مین میر یوسف علیخان اور میر مہدی علیخان دونون بھائیونکو دیا یوسف علیخان
اور میر مہدی علیخان یہ دونون بھائی بڑے جلیل القدر تھے علی الخصوص میر یوسف علیخان
حاتم وقت تھے جو کچھہ انکے پاس آمدنی معاش سے ہوتی تھی وہ سب سادات اور
شرفا و مساکین اور محتاج اور تعزیہ داری کے خرچ مین صرف کرتے تھے میر یوسف علی
کے ایک بیٹے ہوئے سید محمد تقی خان یہ اون کے مسند ریاست پر قائم ہین آدمی خلیق

اور ذہین تجربہ کار اور رئیس زمرہ بر روزگار ہین علاوہ انتظام معاش سے اونکی صاحبی کی بھی
کرتے ہین محرم اونکے یہان بڑے دھوم دھام سے ہوتا ہے اچھے اچھے مرثیہ خوان جو گلہ
اور خوش آواز علم موسیقی کے جانتے والے لکھنؤ سے آکر اونکے یہان مرثیہ خوانی پر
مامور ہوتے ہین اور بعد محرم کے اون کے رتبہ اور مرثیہ خوانی کے درجہ کے موافق
روپیہ رخصتانہ مین دئیے جاتے ہین سید محمد تقی خان زندہ اور موجود ہین۔

اقبال علی خان پسر زبردست علیخان
ساکن موضع پیغمبرپور پرگنہ بھرواره

ذی مقدور اور صاحب اخلاق اور عزت دار عالی خاندان اور پہلوان اور زور آور کشتی گیر
ہین اکثر واسطے شکار کے نیپال کے جنگل کی طرف جاتے ہین لباس ظاہری اونکا
اکثر عالی لوٹ و کامدانی و ڈھاکہ کی ململ و گلبدن و سنگین کے سوا نہین ہوتا ہے
گوٹے کناری سے شوق ہے آدمی طرحدار ہین بسبب استغنا کے حکام ضلع و اشخاص
عمائد سے کم ملاقات کرتے ہین اور قوم کے شیخ ہین لفظ خان کا خطابی ہے آمدنی اونکے
معاش کی تخمیناً ماہانہ ستر ہزار روپیہ ہوگی اور یہ معاش شیخ محمد شاکر خان اونکے
مورث اعلیٰ کو دربار سلطانی سے ملی تھی اور سنتے ہین کہ فرخ سیر بادشاہ دہلی کے
وقت مین یہ معاش انکو حاصل ہوئی۔

شیخ محمد حسین ابن شیخ محمد یعقوب
ساکن و زمیندار موضع ستکل پور پرگنہ

یہ اولاد سے وارث شیخ نعیم اللہ خان سررشتہ دار کلکٹری ضلع ترہت کے ہین آدمی نیک
ہین اور رئیس ابن الرئیس ہین چال چلن بہت اچھا ہے شرافت خاندانی رکھتے ہین

اور وہ معا... جو دار وغہ نعیم اللہ خان سے حاصل کی تھی بعد مرنے افتخار الدین پنجا
بخو... خان پوتے دار وغہ نعیم اللہ خان کے بہت سے رشتہ داران بعیدہ پر
تقسیم ہو ہی اور جو کچھ اون کی بی بی کو ملا اوس کو اون کی بھائی نے رام
بنواری لعل ساہو مہاجن سے قرض لیکر نیلام کروا دیا کچھ جزوی سی معاش
باقی ہی اور شیخ محمد یسین کا جو کچھ حصہ ہے باقی ہے۔

شیخ غضنفر علی اور شیخ ہنر علی
ساکنان موضع کلیانپور پرگنہ شہزارہ

یہ دونوں بھائی شریف اور عالی خاندان ہین صاحب خلق و محبت ہین بادشاہی
وقت سے جاگیر دار ہین اونکی آمدنی بہت اچھی ہے تخمیناً پندرہ ہزار روپے سے کم
نہ ہوگی اور دونوں بھائی ابھی تک زندہ و موجود ہین فضول خرچی نہین کرتے انتظام
کے ساتھ خرچ کیا کرتے ہین اور قوم کے شیخ ہین۔

شیخ حفیظ الدین حسین ولد قاضی طفیل اللہ
ساکن موضع بریول پرگنہ کھمدوارہ

شریف اور نجیب و عالی خاندان تھے محکمہ صدر اعلی و جج مقام مظفرپور کے
وکیل تھے وکالت انکی اپنے وقت مین بہت اچھی تھی اپنے عہد کے
وکیلون سے زیادہ تر گویا و مقرر تھے انکے بحث کی اکثر و بیشتر عبارت
حکام اپنے فیصلہ مین لکھتے تھے ہزارون روپے کی زمینداری سے
ان کی دکالت کی آمدنی کم نہ تھی تخمیناً پچیس ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی کی معاش

اپنے وقت مین حاصل کی تھی آخر عمر مین وکالت کو چھوڑ دیا جج ہو گئے جب جج ہو کے آئے

تو وکالت چھوڑ دی عبادات و معاملات مین مصروف رہا کرتے تھے آخر عارضہ سے

زخم سرطان کے انتقال کر گئے اونکے بیٹے شیخ نجم الدین حسین عرف بابو نواب زندہ

اور موجود مین یہ نجم الدین حسین بڑے ذاکر و شاغل و مرتاض و فیاض ہین انکے حلقہ مین شام

کے وقت دس بیس آدمی مراقبہ کرنے کو بیٹھتے ہین اور بہت لوگ انکے مرید ہین کہتے ہین

کہ قوت قلبیہ انکی بہت اچھی ہے نسبت انکی متعدی ہے تعزیہ داری بھی کرتے ہین عشرہ محرم

مین وضو کر کے اپنے ہاتھ سے تعزیہ بناتے ہین اور دس دن تک سواے چاے کے

کچھ نہ کھاتے ہین اور نہ پیتے ہین امام باڑہ کی زمین پر پڑے رہتے ہین رویا کرتے ہین

محرم مین ہزارون روپیہ انکے خرچ ہوتے ہین ربیع الاول مین بارہ دن تک مجلس مولود کی

ہوتی ہے ہزارون آدمی جمع رہتے ہین بعد مولود کے مجلس سماع کی بھی ہوتی ہے اکثر لوگ جوش

خروش مین آتے ہین ہزارون روپیہ اسمین بھی خرچ ہو جاتے ہین اور ایک مجلس ۲۷ رجب

کو معراج شریف کی ہوتی ہے اسمین بھی بہت کچھ خرچ کرتے ہین اور ایک ایک مہمان کی

خود نگہداشت اور خاطر کرتے ہین علاوہ اسکے فقرا و مشائخ و اہل دل و صوفیون کو بہت کچھ

دیتے ہین اس زمانہ مین بھی محرم مین انکے طرف سے حسینی کی شربت کی سبیل جاری رہتی ہے

شیخ سراج الدین حسین ساکن موضع بربول پرگنہ بہوارہ

آدمی شریف اور نجیب اور رئیس تھے مر گئے اب اونکے بیٹے شیخ ظفر الدین حسین عرف

صاحب جان زندہ اور موجود ہین آمدنی سالانہ انکے معاش کی تخمیناً دو ہزار روپیہ ہوگی —

شیخ محمد نعمان ساکن موضع بربول پرگنہ بہوارہ

آدمی صاحب دولت اور نیک بخت اور صاحب اخلاق ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً

پچاس ہزار روپیہ ہوگی —

حاجی شیخ بدیع الدین حسین عرف شیخ بدل ساکن

موضع بھوانی پور عرف بھیپورہ پرگنہ بہروارہ

آدمی شریف اور رئیس اور ہمت دار اور سخی اور پرہیزگار تھے مر گئے اونکے بیٹے قمقام حیدر زندہ اور موجود ہین آمدنی اِس خاندان کے معاش کی تخمیناً دس ہزار روپیہ تک ہوگی —

حاجی محمد واحد علی خان قوم افغان

ساکن محلہ وحیلا گنج متعلقہ قصبہ دربھنگہ

پہلے اُنکے اباواجداد اور یہ خود مونگیر کے رہنے والے تھے بسبب قرابت داری بنگے اِس دربھنگہ مین آئے رفتہ رفتہ ترقی پائی نام اور نشان اپنا نکالا اور حکام کورٹ آف وارڈس سے محالات راج دربھنگہ کو ٹھیکہ لیکر منتفع ہوئے بعد اسکے مسٹر گرہم صاحب کلکٹر دربھنگہ نے اہتمام منوسپلٹی دربھنگہ اُنکے سپرد کیا مرد شریف اور نجیب اور معزز ہین اور اخلاق بہت رکھتے ہین لوگون کی حاجت روائی مین حتی الوسع کوشش کرتے ہین اُنکے معاش کی آمدنی راقم کو معلوم نہین دو دفعہ حج کر آئے ہین اُنکے دو بیٹے ہین بڑے بیٹے وارث علیخان جوان صالح اور نیک اور پراخلاق ہین چار پانچ برس سے عہدۂ قانون گوئی پر علاقہ بھاگلپور کے مقرر تھے اب بمشاہرہ دو سو روپیہ ماہواری کے ضلع پورنیہ مین ڈپٹی کلکٹر ہوئے ہین اور کچھ شعر بھی کہتے ہین اور شاعری مین مولوی محمد مرشد حسن کامل کے شاگرد ہین دوسرے بیٹے محمد خان وہ بھی مظفرپور مین قانون گو ہین —

مولوی محمد اسحاق علیخان ولد امام علیخان ساکن محلہ وحیلا گنج متعلقہ قصبہ دربھنگہ برادرزادہ حقیقی محمد واحد علیخان کے ہین انھون نے علم عربی پڑھا ہے کچھ طبابت بھی

کرتے ہین آدمی خلیق و گویا و مقرر ہین فارسی بھی جانتے ہین اور کچھ عربی بھی سنے ہین خلیق تخمیناً بز

شاہ وزارت علی عرف میان بھولن پسر شاہ ولایت علی
ابن شاہ بزرگ علی ساکن محلہ مخدوم گنج متعلقہ دربھنگہ

اولاد سے شاہ غلام مصطفی متصل مرادآبادی کے ہین مرد شریف و نجیب و عالی خاندان بزرگ زادے ہین علم تواریخ سے بہت شوق رکھتے ہین موضع مصطفےٰ پور پرگنہ بھگی اور موضع اندائی پرگنہ ہادی غرۂ ماہ رجب ۱۱۰۸ھ ہجری موافق ۱۳۰۷ الفصلی ہین اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ کی طرف سے اینکے بزرگون کو ملا تھا کہ وہ آجتک اونکے قبضہ مین ہے اوس سے اور دیگر مواضعات سے اونکی اوقات گذاری ہے شاہ غلام مصطفےٰ اولاد سے حضرت شاہ عبداللہ بہتی کے ہین۔

شیخ حشمت علی عرف ملا جیا ولد شیخ شوکت علی
ابن قاضی ہدایت علی ساکن محلہ قاضی جار اللہ
متعلقہ دربھنگہ

مرد شریف و ذی عزت عالی خاندان و صاحب حسب و نسب ہین فارسی لکھنی پڑھنی بخوبی جانتے ہین جوان صالح ہین موضع اندائی اور موضع دھل اور موضع عبداللہ پور اور موضع راجو وغیرہ دیہات واقع دربھنگہ کے مالک اور قابض ہین آدمی خلیق و صاحب مروت ہین اولاد سے شیخ حسن یار و قاضی صلابت علی و ملا ابوالحسن کی جنکا تذکرہ ہوچکا ہے ہین و شیخ حسن یار و [illegible] انکے عالمگیر ثانی کے عہد مین دربھنگہ کے منصب [illegible] و عدالت سرکار ترہت کے تھے و معاش اونکو [illegible] کے ملی تھی۔

قاضی ابو سعید [illegible] آور [illegible]

چکلہ سنسنے پرگنہ لبارہ متعلق مظفرپور

یہ حضرت قاضی ابوسعید ساکن سعدپورہ چکلہ سنسنے پرگنہ لبارہ بڑے شریف اور نجیب عالیخاندان
اولاد سے ابوبکر صدیقؓ کے تھے اور طرف سے بادشاہ وقت کے منصب جلیل قضای
پرگنہ بسارہ سرکار حاجی پور پر سرفراز تھے بعد وفات اونکے وہ منصب قضا قاضی محمد اونکے
فرزند کو مفوض ہوا بعد اونکے قاضی ابوالحسن کہ اسی خاندان مین سے تھے منصب قضا پر
سرفراز ہوئے بعد اونکے پھر عہدہ قضا محمد اشرف کو ملا بعد قاضی محمد اشرف کے قاضی سعد اللہ
شہید اونکے بیٹے اس منصب سے ممتاز ہوئے بعد اونکے جب قاضی سعد اللہ شہید ہوئے
نور محمد عم برادر حقیقی اونکے اس منصب پر سرفراز ہوئے بعد وفات اونکے یہ منصب قاضی
نعمت اللہ برادر حقیقی کو اونکے ملا بعد موت اونکے یہ عہدہ قاضی سلام اللہ نے پایا بعد اونکے
منصب قضا پر قاضی غلام مصطفی مقرر ہوئے بعد اونکے یہ منصب اونکے بیٹے غلام مجتبی کو
دیا گیا بعد انتقال قاضی غلام مجتبی کے قاضی غلام یحیی اس منصب سے سرفراز کئے گئے
الغرض زمانہ سے قاضی ابوسعید کے تا زمانہ قاضی محمد یحیی تین سو پچاس برس تک منصب قضا
پرگنہ مذکور اس خاندان مین رہا بعد قاضی محمد یحیی متوفی کے عملداری سرکار انگلشیہ کی ہوئی منصب قضا کا اس
خاندان سے جاتا رہا مگر قاضی محمد یحیی کے پاس بہت بڑی معاش جو تخمینا پچیس ہزار روپیہ کے تحصیل کی تھی اور جب
عطاہای سلطانی کے انکے آبا و اجداد کو ملی تھی وہ مر گئے اونکے دو بیٹے تھے شیخ عطا حسین اور شیخ جمال الدین حسین
شیخ عطا حسین کے وقت تک وہ معاش اپنی حالت پر قائم تھی جب وہ مر گئے تو
اونکے چار بیٹے تھے منجملہ اونکے بابو شیخ احمد علی و بابو شیخ باقر علی یہ دونون بھائی
بڑے رئیس اور خلیق و جواد و سخی و صاحب ہمت و والا منش تھے تمام زمینداران
اطراف و جوانب وقت افتاد مصیبت و معاملات سے چارہ جوئی چاہتے تھے غرض سب اونکی

زمانہ میں انکی ریاست و رعب و داب و وجاہت مسلم الثبوت تھی حکام ضلع کی نظر میں ان لوگون

کی بڑی عزت تھی بابو شیخ احمد علی اور دو بھائی دوسرے لاولد مر گئے۔ معاش میں بسبب فضول خرچی

و غفلت شیخ احمد علی کے بعد مرنے شیخ باقر علی کے نقصان آگیا اب شیخ باقر علی کے بیٹے بابو بہادر حسن

کہ آدمی عزت دار خوش رو ہیں زندہ اور موجود ہین انکے پاس تخمیناً چار ہزار روپے سالانہ کی آمدنی

کی معاش ہوگی سید محمد مرشد حسن کامل کی دوسری شادی خواہر حقیقی سے بابو بہادر حسن

موصوف کی ہوئی ہے۔

میر بنیاد علی ساکن موضع سعد پورہ مذکورہ

مرد شریف اور نجیب اور ذی مقدور تھے پیشہ مہاجنی اور زمینداری کا کرتے تھے آمدنی

انکے معاش کی تخمیناً دس ہزار روپے سالانہ کی ہوگی انکے یہان تعزیہ بہت عمدہ بنتا ہے

مجلس بھی محرم مین ہوتی ہے اور اوس مجلس مین شربت اور کھانا بھی تقسیم ہوتا ہے

مر گئے اونکے ایک بیٹے مسمی سید اقبال حسین اور سید عبد العزیز برادرزادہ و داماد اونکے

زندہ اور موجود ہین۔

میر جمال علی ساکن موضع پانڈہ پرگنہ سلیا

شریف اور نجیب و خاندانی تھے موضع کلسون و پانڈو دھرم پور لساتوان وغیرہ اونکے

زمینداری مین تمام گئے اونکے دو بیٹے سجاد علی و دیدار علی زندہ اور موجود ہین۔

شیخ نصرت علی و شیخ جعفر علی ساکن موضع علی نگر پرگنہ دھرور

یہ دونون بھائی شریف اور نجیب عالی خاندان سے تھے الہ آباد سے آکر علی نگر پرگنہ دھرور

مین رہے رفتہ رفتہ تائید سے اپنے نصیب اور طالع موافق کے سو موضع سے زیادہ کے

[illegible] ہوگئے تخمیناً پچیس ہزار روپے سالانہ کی آمدنی کی معاش پیدا کی تھی آخر وہ زمینداری

تین حصہ پر منقسم کی گئی ایک ثلث اوسمین سے شیخ جعفر علی نے خود لیا اور ایک ثلث مولوی
اکبر علی وشیخ صفدر علی وغیرہ وارثان شیخ نصرت علی کو اور ایک ثلث شیخ حیدر علی برادر زادہ
کو اپنے دیا شیخ نصرت علی کے وارثون کا حصہ رائے بنواری لال ساہو بہادر کی اجرائے
ڈگری مین کوڑیون کے مول نیلام ہوگیا اور دوسرا حصہ جو شیخ حیدر علی کو دیا گیا تھا اوسمین
سے بھی قریب نصف کے نقصان ہوگیا اب جو نصف باقی ہی زیر مواخذہ دین ہی اور
وارثون سے مولوی اکبر علی کے شیخ بندہ علی ومنور علی اونکے بیٹے اور پوتے موجود
ہین اور وارثون سے شیخ حیدر علی کے شیخ واعظ علی وشیخ اظہر علی وشیخ واصل علی تین
بیٹے اونکے زندہ اور موجود ہین اور وارثون سے شیخ جعفر علی کے شیخ محمد حسین پوتے
اونکے زندہ اور موجود ہین شیخ محمد حسین کی پاس تخمیناً پندرہ بیس ہزار روپی سالانہ کی آمدنی
کی معاش ہوگی شیخ محمد حسین جوان رعنا وضعدار وشیخ واعظ علی وشیخ اظہر علی بھی رئیس
باوقار اور یہ سب بذات خود ہا آدمی خلیق اور ذی مروت اور صاحب ہمت ہین —

شاہ محمد حبیب ساکن موضع تاجپور عرف بزرگ دوار پرگنہ کسمہ

شریف ونجیب عالی خاندان بزرگ وبزرگ زادہ ودلیر ورئیس وذی عزت وذوالاحترام
تھے نواب مہابت جنگ کے رفیق ومصاحب معتمد علیہ خاص تھے اپنے پاس سے
کسی وقت نواب بہادر انکی علحدگی گوارا نہین کرتے تھے جس وقت نواب مہابت جنگ
ونواب سرفراز خان صوبہ دار بنگالہ کی فوج سے مقابلہ جنگ کا ہوا اوس وقت شاہ محمد حبیب
ہمراہ فیل سواری نواب مہابت جنگ کے ساتھ گھوڑے پر سوار تھے ناگہ فوج سے نواب
سرفراز خان کے میر دلیر علی ایک سوار گھوڑا اوڑا کے فوج جنگ کو چیر کر مہابت جنگ کے فیل
... نواب مہابت جنگ سے پہونچے اور گھوڑے کو ... ہاتھی کے ...

تلوار کھینچکر چاہتا تھا کہ نواب مہابت جنگ کا سر کاٹ لے اسمین باوجودیکہ بیس سوار چیدہ گرد و پیش فیل سواری نواب مہابت جنگ کے موجود تھے مگر کسیکی نظر نہ پڑی شاہ محمد حسیب نے دیکھکر اس چالاکی سے ایک نیزہ میر دلیر علی کے پہلو مین مارا کہ دوسرے پہلو سے پار ہوگیا نواب پر تلوار چلنے نہ پائی اور دلیر علی گھوڑے سے گر پڑا جدا اوسکے سوارون نے نواب مہابت جنگ کے اوسکو چور نگ کر ڈالا اور تلوار میر دلیر علی کی شاہ محمد حسیب نے کھولی لیکہ وہ تلوار آجتک شاہ سعادت علی اوسکے وارث کے پاس موجود ہے اور اونکے فرزند و نبیرہ سے شاہ سعادت علی و شاہ زاہد علی و شاہ دوستدار علی وغیرہ اوسی موضع بزرگ دوار مین زندہ موجود ہین

چودھری محمد حسین پسر چودھری محمد ضمیر
ساکن موضع کمرانون پرگنہ سرلیا

مرد شریف اور نجیب اور خاندانی ہین انکے آبا و اجداد دربار سلطانی سے منصب قانون گوئی و چودھرائی پرگنہ سرلیا کا رکھتے تھے انکے معاش کی آمدنی تخمیناً آٹھہ نو ہزار روپیہ ہوگی وہ خود زندہ اور موجود ہین۔

منشی عبد العلی ساکن موضع بکھری چکلہ کرجول پرگنہ سرلیا

مرد شریف اور نجیب اور سخی اور ہمت دار و ذی عزت و نامی ہین معاش اونکی تخمیناً آٹھہ دس ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی کی تھی مگر بعلت دین رائے بنواری لال بہادر کے نیلام ہوگئی خود زندہ ہین آگے حال راقم کو کچھہ معلوم نہین۔

میر صفدر علی پسر میر امام بخش
ساکن موضع بیلادرگاہ پرگنہ سرلیا

شریف اور نجیب عالی خاندان سے تھے مقام بطور علاقہ تعلقداری کا نبوہ مین طرفین سے جنگ

تلنگہ کے ڈپٹی کلکٹر و ڈپٹی مجسٹریٹ اور تحصیلدار تھے ایک مدت تک سرکاری نوکری کی مگر جب سن زیادہ ہوا پنشن پانے لگے اونھون نے اپنے زمانہ مین تخمیناً چھہ ہزار روپیہ سالانہ کی آمدنی کی زمینداری حاصل کی تھی اور سو روپیہ ماہواری پنشن پاتے تھے تھوڑے دن تحت کورٹ آف وارڈس دربھنگہ مین حکم سے گورنمنٹ کے کسی خدمت افسری پر معمور تھے مرگئے اب اونکے بیٹے زندہ اور موجود ہین۔ سید علی حسن اونکا نام ہے اور اچھے آدمی ہین۔

قاضی ظہور الدین حسین اور درویش علی پسران
قاضی صلاح الدین پسر قاضی احمد اللہ ساکن محلہ
قاضی محمد عظیم متعلقہ دربھنگہ

یہ دو نو بھائی عمدہ تر شرفاے و نجباے اہل اسلام سے اس دربھنگہ کے سابق خاندان سے مرد عزت دار نامی گرامی اہل مقدور تھے اور اونکے پاس ملکیت بہت تھی مگر بے پروائی سے بعد مرنے شیخ درویش علی کے شیخ ظہور الدین حسین برادر کلان نے ریاست اوسکو برباد کر ڈالا اور شیخ ظہور الدین حسین کے کوئی اولاد نہین تھی مگر شیخ درویش علی کی بیٹی سے پہلی شادی مولوی محمد مرشد حسن کامل کی ہوئی تھی اسی سبب سے مولوی صاحب اونکے مکان مین رہتے ہین اگرچہ یہ لوگ باعتبار شہرت عام کے اس کتاب مین شیخ لکھے گئے ہین مگر دیکھنے سے نسب نامہ خاندانی کے سید ہونا انکا ثابت ہوتا ہے۔

میر شمشیر علی ساکن موضع مہدولی پرگنہ بھیم متعلقہ قصبہ دربھنگہ

یہ آدمی شریف اور نجیب تھے ہمیشہ وکالت عدالت اعلی ضلع کی کرتے تھے وکالت کی نسبت بہت کچھ نام اور مقدور پیدا کئے تھے مرتے وقت تک تابرادا سرار الحق

اپنے پوتے کو دے گئے اب وہ موجود ہین معاش بھی ہے میر شمشیر علی کے بیٹے میر انوار الحق

نہایت خوش اخلاق و صاحب مروت اور سخی تھے وہ مر گئے۔

داروغہ امیر خان ساکن محلہ بھگو متعلقہ قصبہ دربھنگہ

آدمی شریف اور نجیب و عزت دار دیانت دار و دیندار مسلمان ہین عمال شرک سے مجتنب رہتے ہین پابند نماز اور روزہ کے ہین اخلاق سے معمور ہین آجکل عہدہ انسپکٹری پولس ضلع دربھنگہ رکھتے ہین انصرام امور عہدہ کا اپنی بہت دیانت داری سے کرتے ہین بیرپا ہین۔

شاہ احمد حسین ولد شیخ جان علی عرف میان جان ساکن موضع سعد پورہ چکلہ نئے پرگنہ لبارہ

آدمی شریف اور نجیب و عالی خاندان ہین سب انسپکٹری کے عہدہ پر معمور ہین اسٹیشن مین دھونی کے اپنے عہدہ کا انجام کرتے ہین خلیق و متواضع و عزت دار ہین اور مزاج مین ان کے ایک قسم کی ظرافت ہے اکثر اوقات باتین انکے مزاح یعنی تفریح سے خالی نہین ہوتی ہین۔

قاضی علی بخش ولد قاضی امداد علی ساکن قصبہ گھوگھرا پرگنہ ملکی

مرد شریف و نجیب اور ذی عزت و عالی خاندان تھے عہدہ منصفی پر منجانب سرکار بہادر ایک مدت تک معمور تھے مزاج مین اونکے ریاست اور اخلاق اور مروت بہت تھی مر گئے اون کے بیٹے اور بیٹیان زندہ اور موجود ہین آمدنی معاش کی اونکے وارثون کے تخمیناً دو ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی۔

میر امداد علی عرف میر مجو پسر میر تیغن ساکن موضع بارہ پرگنہ ملکی

مرد شریف اور نجیب قوم سید اور مخدوم زادہ عالی نسب و والا حسب ہین صاحب اخلاق اور سخاوت ہین آمدنی اونکے معاش کی تخمیناً چھہ سو روپیہ سالانہ کی ہوگی ــ

بابو کریم بخش پسر منشی امام بخش ساکن موضع بارو پرگنہ ملکی

قوم سید عالی نسب والا حسب شریف و نجیب ذی عزت ہین اور عالی خاندان ہین باپ اونکے سید امام بخش مرحوم سررشتہ دار محکمہ کلکٹری ضلع بھاگلپور کے تھے اس ذریعہ سے اوتھون نے بہت کچھہ زمینداری حاصل کی تھی آمدنی انکے معاش کی تخمیناً سات آٹھہ ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی ــ

قاضی نثار حسین ساکن موضع بارہ پرگنہ ملکی

شریف اور نجیب عالی خاندان ہین صفت اخلاق اور مروت اور ریاست اور نیکبختی سے معمور ہین اور زمینداری بھی رکھتے ہین حال آمدنی کا راقم کو معلوم نہین ــ

مولوی رحمت علی ساکن موضع بارو پرگنہ ملکی

آدمی شریف اور نجیب عالی خاندان ہین علم انکا بہت اچھا ہے کلکتہ مین رہتے ہین مختارکاری محکمہ ہائی کورٹ کی کرتے ہین راجہ لیلانند سنگھہ بہادر بندیلی کے مختار ہین اور شخص متقی و پرہیزگار ہین اور کلکتہ مین چند کوٹھیان بنوائی ہین اور وہ کوٹھیان محلہ مہدی باغ مین واقع ہین اور کرایہ پر چلتی ہین اور بارو کے علاقہ مین بہت سی زمینداری خرید کی ہین اون کے بیٹے مولوی عبد العزیز منصب منصفی پر سرفراز ہین براے چندے مقام مظفرپور مین قائم مقام صدر اعلیٰ مقرر ہو کر آئے تھے آمدنی معاش کی تخمیناً چھہ ہزار روپیہ سالانہ کی ہوگی ــ

مولوی یار علی پسر محمود علی ساکن موضع برولی پرگنہ ملکی

شریف اور عالی خاندان تھے اونھون نے شہر شاہجہان آباد مین علم حاصل کیا
تھا مولانا محمد اسحاق دہلوی سے حدیث پڑھی تھی شادی بھی اپنی دہلی کے ہی
خواجہ زادہ کی بیٹی سے کی تھی آخر اپنے مکان کو آئے پورنیہ مین پہلے مفتی ہوئے
تھے بعدہٗ منصف ہوئے بعدہ عہدۂ منصفی چھوڑ کر وکالت محکمۂ ججی وصدر اعلیٰ
کی کرنے لگے مرگئے یہ تین بھائی تھے میر مظہر علی میر واحد علی میر یار علی ان
بھائیون نے اپنی اپنی کوششون سے بڑی سی زمینداری پیدا کی تھی مگر پیس گئے
اختلافات اور معاملات باہمی کے سبب سے دین ہو گیا آخر کار معاش حصہ
مظہر علی نیلام ہو گئی اور مولوی یار علی اور میر واحد علی کے حصہ کی معاش قایم
ہے یہہ تینون بھائی مرگئے اب خاندان مین میر صغیر الدین احمد و میر حفیظ الدین
احمد پسران میر واحد علی اور اولاد مولوی یار علی کی جنکا نام راقم کو معلوم
نہین ہے زندہ اور موجود ہین معاش کی سالانہ آمدنی تخمیناً دس بارہ ہزار
روپیہ سے کم نہوگی۔

مولوی قمر الدین حسین ولد شیخ خورشید علی ساکن موضع بارو پرگنہ ملکی

شریف اور نجیب عالی خاندان صحیح النسب اور مقبول الحسب تھے راجہ لیلانند
سنگہ بہادر بندیلی کے دربار مین منتظم راج وریاست تھے علاقہ کرک پور اور
کوکری کے محال کی لاکھون روپے کی آمدنی کا دخل وخرچ اونکے ہاتھ مین تھا
اور راجہ صاحبان کو بہت معزز اور معتمد علیہ جانتے تھے بذات خاص بہت بڑے
[illegible] آدمی تھے ہزارہا آدمی اون کے ہاتھ سے [illegible] پرداخت

پاتے تھے بھاگل پور مین عارضہ ہیضہ وبائیہ مین مبتلا ہو کر مر گئے راجہ صاحب کو انکے مرنے کا بڑا ملال ہوا۔

مولوی رکن الدین علی خان ساکن ضلع گرہرا پرگنہ ملکی

مرد شریف اور نجیب اور عالی خاندان تھے علم و اخلاق اونکا بہت اچھا تھا اور دود دہش کی بڑی عادت تھی منصب صدر اعلائی پر سرفراز تھے مر گئے اون کے بیٹے مولوی ابو نصر کہ بہت خوب آدمی ہین زندہ اور موجود ہین اور کچھ معاش بھی ہے مگر راقم کو اونکی آمدنی کی کیفیت معلوم نہین۔

چودھری اظہار الحق ساکن موضع بلیا الکھا پرگنہ ملکی

شریف اور نجیب اور عالی خاندان ہین اور علم و اخلاق اونکا بہت اچھا ہے داد و دہش کی عادت رکھتے ہین صاحب مروت ہین نام و نشان انکا مشہور ہے آمدنی سالانہ معاش کی تخمیناً پچیس ہزار روپے سے کم نہو گی۔

شاہ عظیم الدین ولد شاہ ریاض الدین قوم شیخ فاروقی ساکن موضع چک بہاء الدین پرگنہ سرسیا

مرد شریف اور نجیب عالی خاندان ہین اولاد سے حضرت شیخ فرید الدین شکر گنج کے ہین پیشہ وکالت محکمہ ججی کا عظیم آباد مین کرتے تھے بسبب کبر سنی و پیرانہ سالی کے نوکری ترک کر کے خانہ نشین ہین آمدنی انکے معاش کی تخمیناً دو ہزار روپیہ کی ہو گی۔

شاہ نجم الدین ولد شاہ امین الدین [illegible] پرگنہ [illegible]

شریف اور نجیب اور صاحب شغل و مراقبہ تھے اولاد سے حضرت شیخ فریدالدین شکر گنج
کے تھے مر گئے اونکی اولاد مین شاہ خیرالدین و شاہ ضیاءالدین و شاہ نہال الدین
بیٹے و پوتے اونکے موجود ہین۔

سید طالب حسین ولد سید اصغر علی ساکن موضع محمد پور عرف بھیرو ٹپی پرگنہ سرسیا

آدمی شریف اور نجیب ہین ضلع پورنیہ مین پیشہ وکالت یا مختار کاری کا کرتے
ہین آدمی سخی و مخیر ہین اکثر اپنے مال سے فقیر اور مساکین کی حاجت روائی کرتے ہین۔

قاضی احمد علی ساکن موضع چک مہسی پرگنہ بریل

آدمی شریف نیک نہاد پاک طینت سخی کریم جواد عالی ہمت متشرع پرہیزگار نیکوکار
تھے سخاوت کا انکے یہ حال تھا کہ صدہا وارد و صادر کو روزانہ طعام ماحضر کھلایا کرتے
تھے اکثر اونھون نے برات کی برات کو کھانا کھلا دیا مر گئے اونکے ایک بیٹا شیخ
رحمت علی اور ایک برادرزادہ مسمی بہاءالدین زندہ اور موجود ہین۔

قاضی برکت اللہ ساکن موضع سندی پور پرگنہ جاکھر

مرد بزرگ کبیر سن شریف اور نجیب و رئیس تھے مر گئے اونکے تین بیٹے ہوئے اونمین سے
مولوی امانت اللہ بڑے بیٹے اونکے جو محل اولی سے تھے اہل علوم تھے اور دوسری
شادی سے شیخ قدرت اللہ اور کرامت اللہ تھے جب قاضی برکت اللہ نے
بعد مرنے زوجۂ اول کے دوسری شادی کی تب مولوی امانت اللہ بیٹے محل اولی
سے اور اون سے تکرار اور خصومت شروع ہوئی سالہا سال تک باہم مقدمات عدالت

فوجداری لڑا کیئے اس لڑائی مین اونکی معاش بگڑ گئی قبل لڑائی کے اونکی آمدنی سے تخمیناً دس ہزار روپے کی تھی اب اس خاندان مین شیخ قدرت اللہ بیٹے اور مولوی نظام الدین نواسہ مولوی امانت اللہ کے زندہ اور موجود ہین —

شیخ میان جان و شیخ صاحب جان ساکنان موضع کسراہی پرگنہ سرلسیا

شریف نجیب عالی خاندان صفت اخلاق و مروت سے معمور ہین آدمی عزت دار صاحب ہمت مشہور ہین تین ہزار روپے سالانہ کی آمدنی کی معاش رکھتے ہین — شیخ میان جان دربار مین امیر حسن جان زمیندار رسول پور کے نوکر ہین —

حاجی شیخ جمال علی ساکن موضع شکوری پرگنہ ہاتی

انکے باپ شیخ رضا نے کاشتکاری سے فی الجملہ مقدور پیدا کیا تھا مگر شیخ جمال علی نے اپنے وقت مین اپنی کوشش اور قوت بازو سے سات ہزار روپے سالانہ کی آمدنی کی معاش حاصل کی تھی وہ ابھی اونکے عزیزون کے قبضہ مین موجود ہے شیخ جمال علی آدمی عزت دار اور رعب داب لیے تھے حج بھی کر آئے تھے آدمی خوب تھے لاولد مر گئے اونکے عزیزون مین سے شیخ یار علی و شیخ گوہر علی و شیخ دلاور علی و شیخ بقاء اللہ زندہ و موجود ہین —

داروغہ شیخ دیانت علی ساکن موضع چک عبد الغنی پرگنہ سرلسیا

آدمی شریف عزت دار منتظم اور خلیق ہین قوم کے شیخ ہین پہلے سرکار کی طرف سے عہدہ داروغائی پر پولیس کے مقرر تھے اب خانہ نشین ہین معاملات زمینداری مین مصروف رہا کرتے ہین تخو اور ہمت دار ہین —

علی رضا خان و محمد رضا خان و غلام رضا خان ساکن موضع

سرسونہ و رحیم آباد پرگنہ سرلیا

یہ تینون بھائی عہد سلاطین تیموریہ مین جاگیردار تھے صاحب عزت و وقار تھے
آدمی نامی تھے آمدنی اونکی محالات جاگیر کی قریب ستر اسّی ہزار روپے سکے تھی
مگر وقت اجرائے قانون دوم ۱۸۱۹ عیسوی ضبط ہوکر اونکے ساتھ بندوبست
ہوگئی تینون بھائی مر گئے اب اونکے خاندان مین نصیر الدین حیات زندہ اور
موجود ہین ۔

شیخ احمد اللہ ساکن رحیم آباد پرگنہ سرلیا

آدمی شریف ہمت دار سخی اور نمازی ہین حج بھی کر آئے ہین شاہ احمد اللہ مظفرپوری
کے مرید رشید ہین اطراف و جوانب مین رحیم آباد کے انکا رعب داب ہے مردم
نامی مشہور ہین دسترخوان انکا بہت وسیع ہے بہت لوگون کو اپنے ساتھ کھانا
کھلاتے ہین وار د عاور فقرا مساکین کو خیرات بھی دیتے ہین حافظ عبد العزیز
ایک بیٹے انکے شہر شاہ جہان آباد سے عالم ہوکر آئے ہین باقی حال انکا راقم کو
معلوم نہین ہے ۔

شیخ نظام الدین ساکن محلہ چک حسن پرگنہ حویلی در بھنگہ

شریف و نجیب ہین اور یہہ اولاد سے مولوی سراج الدین کے ہین اور مولوی
سراج الدین اولاد سے فرید الدین گنج شکر کے تھے اور فرید الدین گنج شکر اولاد سے
حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ہین مولوی سراج الدین کی شادی تا

بو الحسن کے خاندان مین ہوئی تھی ... جنگ مین اگر شادی نہ اختیار کی ...
نام غوث مورث انکے مرشد آباد مین نواب ... جنگ کی سرکار مین چندہ رسالدار
تھے شیخ نظام الدین و شیخ عبد الباری موجود ہین انکا خاندان بہت اچھا ہے ۔

منصور علی خان پسر سبحان خان افغان ساکن قصبہ دربھنگہ

آدمی شریف و خلیق مروت دار ہین منظور علی خان اونکے دوسرے بھائی بھی نیکذات نمازی و پرہیزگار ہین حج بھی کر آئے ہین اکثر اوقات واسطے انتظام امور آڑھت کے کلکتہ مین رہتے ہین اِن دونون بھائیون کی کوششون سے کارخانہ تجارت چرسہ نے تھوڑے عرصہ مین بہت اچھی طرح فروغ پایا ہے ۔

چودہری شیخ طفیل اللہ ساکن موضع بلاسپور پرگنہ سرائے حمید

آدمی شریف نجیب تھے محکمہ ججی و صدر اعلائی مین مقام مظفرپور کی وکالت کرتے تھے صاحب اخلاق و ہمت دار تھے لاولد مرگئے اب اونکے خاندان مین چودہری احمد اللہ پسر چودہری عبد اللہ برادرزادہ چودہری طفیل اللہ موجود ہین ۔

شیخ تصدق علی ساکن موضع کٹھلیا پرگنہ بھرواڑہ

شریف صاحب اخلاق مروت دار ہین بیٹے اونکے شیخ عبد اللطیف آدمی جوان خوش اخلاق ہین باقی حال راقم کو معلوم نہین ۔

شیخ غلام حسین ساکن محلہ سنہابت پرگنہ حویلی دربھنگہ

قوم کے شیخ تھے مرد شریف و نیکذات تھے فارسی اچھی طرح سے جانتے تھے آدمی نمازی و پرہیزگار تھے پیشہ معلم گری کا کرتے تھے اکثر طلبا اطراف ... کے آکر اونسے فارسی پڑھا کرتے تھے اونکے تین بیٹے ... منشی ... [illegible]

وشیخ نورالحق نشی تفضل حسین نے بذریعہ پیشہ مختارکاری ووکالت دیوانی بہت سرمایہ معتد بہ پیدا کیا دس ہزار روپیہ سالانہ کی تحصیل کی معاش پیدا کی آدمی دانشمند و پرہیزگار تھے مرگئے اونکے بیٹے اکرم الحق وشیخ عبداللہ بیٹے تسلیم حسین کے زندہ وموجود ہین شیخ عبداللہ آدمی فیاض وسخی ہین۔

کیفیت وکلای عدالت دیوانی وعدالت منصفی ومختاران فوجداری وکلکٹری ضلع مظفرپور وضلع دربھنگہ

وکلای عدالت دیوانی ضلع مظفرپور

بابو کدار ناتھ سنہ وکیل قوم برہمن بنگالی

یہ وکیل عدالت دیوانی درجہ اعلی ضلع مظفرپور کے ہین انگریزی خوب جانتے ہین اور انگریزی مین بہت اچھی طرح بحث کرتے ہین بڑے آئین دان وصائب لرائے ہین ہنگام بحث انکی تقریر وبحث مین بہت بڑی قوت معلوم ہوتی ہے اکثر بڑے بڑے مقدمون مین وکیل ہوا کرتے ہین ترہت کے دونون ضلع کے بڑے بڑے آدمی انکی عمدگی وکالت کا اعتقاد رکھتے ہین انہون نے بڑے بڑے کونسلیون کے مقابلہ مین بحثین کی ہین بہت نامی گرامی وکیل ہین دیانت وامانت اس پیشہ مین انکی مشہور ہے اونہون نے بذریعہ وکالت کے لاکھون روپیے پیدا کیئے ہین باوجود اس مقدور کے ایک صفت خاص انکی یہہ ہے کہ جب کوئی غریب شریف اونکے پاس مقدمہ لیکے گیا اور اپنی غریبی ظاہر کی تو بلا محنتانہ کے اوسکی وکالت قبول کرتے ہین جو کچھ اوسنے خوشی سے دیدیا وہ لے لیا اور باوجود پانے محنتانہ کے غریبون کے

مقدمہ مین بھی ویسی بحث اور پیروی کرتے ہین جیسا بڑے آدمیون کے مقدمہ مین بہت محنتانہ پاتے ہے اور سوائے اسکے مرد شریف اور نجیب و عزت دار و خلیق و مسن و ہمت دار و منکسر الطبع و سیر چشم ہین اور گورنمنٹ بنگال کیطرف سے عہدہ وکالت سرکاری کا انکو منصب ہے اور کورٹ آف وارڈس راج دربھنگہ کیطرف سے بھی وکیل ہین

بابو اویش چندر رائے وکیل قوم کایست کرن بنگالی

یہ بھی وکیل عدالت درجہ اعلی ضلع مظفرپور کے ہین تحریر اور تقریر انکی بہت اچھی ہے مزاج مین انکے ریاست اور متانت ہے شریف و نجیب و عزت دار و خلیق اور صاحب مروت ہین اپنے موکلون کا کام بہت جی لگا کر دیانت داری سے کرتے ہین سوال جرح کا بہت اچھا کرتے ہین اور معاملہ بہت جلد سمجھتے ہین حالات مقدمہ کے بیان کرنیکی قوت انکو اچھی طرح حاصل ہے اور صاف صاف بیان کرتے ہین انہون نے بھی وکالت کے پیشہ سے بڑا مقدور حاصل کیا ہے انگریزی نہین جانتے ہین۔

بابو مہیش چندر چتورجہ وکیل برہمن بنگالی

یہ بھی وکیل عدالت درجۂ اعلی مظفرپور کے ہین انگریزی اچھی طرح جانتے ہین بحث بھی انگریزی مین خوب کرتے ہین اکثر مقدمات فوجداری مین لوگ انکو وکیل مقرر کرتے ہین فوجداری کے ضوابط اور آئین سے بخوبی واقف اور آگاہ ہین بحث انکی بہت شستہ ہوتی ہے آدمی شریف و نجیب اور عزت دار دانشمند و صاحب اخلاق ہین اور نامی وکیل ہین وکالت کے ذریعہ سے بہت سامان و دولت پیدا کیا ہے۔

بابو اوماچرن مجمودار وکیل کایست بنگالی

یہ بھی محکمہ ججی عدالت درجہ اعلی ضلع مظفرپور کے عمدہ وکیل ہین خوبی یہ ہے کہ بیان تحریری بازدید

اپیل اردو مین خوب لکھتے ہین مگر کام بہت فضول اور لغویات نہین ہولتے ہین مزاج مین ریاست ہے اگرچہ انگریزی نہین جانتے ہین مگر آئین خوب جھتے ہین ضابطہ دان ہین جھوٹی مقدمہ مین وکالت نامہ لینے سے انکار کرتے ہین آدمی شریف اور نجیب عزت دار اور دیانت دار اور راست گو ہین اور فیاض ہین جو کچھ وکالت سے پیدا کرتے ہین نیک کامون مین خرچ کرتے ہین ـ

بابو ایسر نراین سنگہ وکیل کایست بنگالی

یہ بھی آئین دان وکیلون مین سے عدالت اعلی ضلع مظفرپور کے نامی وکیل ہین عمدہ عرضی دعوے و بیان تحریری بہت اچھا لکھتے ہین آدمی شریف و نجیب و عزت دار و دیانت دار و صاحب اخلاق ہین قانون خوب جانتے ہین بحث قانونی مقدمات مین اچھی پیدا کرتے ہین آئین دانی مین مشہور آدمی ہین ـ

بابو تیمر چتور رجہ وکیل برہمن بنگالی

یہ بہت اچھے وکیلون مین سے عدالت درجہ اعلی مظفرپور کے ہین انگریزی بہت اچھی جانتے ہین انگریزی مین بحث بہت شستہ و صاف دیتے بحث کرتے ہین آئین دانی اور بحث مین شہرۂ آفاق ہین اپنے موکلون کا کام بہت جی لگا کر اور دیکھ بھال کرتے ہین فوجداری کے مقدمات مین اکثر وکیل مقرر ہو کر مفصل کی کچہریون مین جایا کرتے ہین روپے خوب پیدا کرتے ہین آدمی شریف و نجیب عزت دار ہین ـ

بابو سب چند چتور رجہ وکیل برہمن بنگالی

یہ بھی بنگالی وکیل عدالت درجہ اعلی ضلع مظفرپور کے ہین آدمی بہت صفت نیک ہین با وجود دیانت ... کے مزاج ... بہت سنجیدہ اور کام کی باتین

کرتے ہین آدمی شریف ونجیب وعزت دار ہین۔

بابو پورن چندر متر وکیل کایست بنگالی

یہ بھی بڑی عدالت کے انگریزی دان وکیل ہین اکثر دورہ کے مقدمات مین گورنمنٹ بنگال کیطرفسے سوال وجواب کرتے ہین وکالت انکی بہت اچھی ہے ذی فروغ ہین شریف ونجیب وعزت دار وخلیق ہین تحریر وتقریر بھی بڑھی چڑھی ہوئی ہے یہ بڑے محنتی وکیلون مین ہین انکا مزاج مین فروتنی ہے۔

بابو پرلوناتھ وکیل کایست بنگالی

یہ بھی بنگالیون مین شعور دار وکیل ہین تخمیناً دو برس سے مظفرپور کی عدالت دیوانی مین وکالت کرتے ہین آدمی عزت دار وشریف ہین۔

بابو بنی مادہب رائے وکیل کایست بنگالی

یہ بھی وکیل بنگالی ہین انگریزی دان ہین قانون وضوابط کارروائی دیوانی سے خوب واقف ہین آدمی عزت دار وشریف ونجیب ہین۔

بابو ترلوک ناتھ بوس وکیل کایست بنگالی

یہ بنگالی نامی وعمدہ وکیل ہین وکالت کے عہدہ کے انجام کرنیکی بہت اچھی طرح لیاقت رکھتے ہین انگریزی مین بہت بڑا علم رکھتے ہین تقریر انکی زوردار ہے آئین دانی مین مشاق ہین اور نامی گرامی وکیل ہین بذات خاص لیاقت واہلیت ومروت سے معمور ہین شریف ونجیب وعزت دار ہین۔

بابو بسمبھر متر وکیل کایست بنگالی

وکیل انگریزی دان ہین تقریر اچھی ہے قانون مشق ہونے وکیلونمین فروغ پیدا کیا ہے۔

منشی سیتا رام وکیل کایستھ سہ بہتب

عدالت درجہ اعلی ضلع مظفرپور کے یہ بھی وکیل ہین بحث بہت اچھی طرح کرتے ہین معاملہ سمجھتے ہین تحریر بھی خوب ہے تقریر بھی مرغوب ہے آدمی شریف اور نجیب عزت دار وخلیق و مروت دار و پختہ کار و دیانت دار ہین صفت تہذیب انسان سے موصوف ہین انگریزی نہین جانتے ہین۔

منشی پھول چندلال وکیل کایستھ سیر بہتب ساکن ضلع ہمیرپور بلیا

یہ بھی محکمہ ججی و عدالت اعلی ضلع مظفرپور کے وکیل ہین سوال و جواب اچھا کرتے ہین معاملہ اچھا سمجھتے ہین آدمی شریف و نجیب عزت دار ہین وکالت سے آمدنی اچھی ہے انگریزی نہین جانتے ہین پیشہ وکالت سے مال ومقدور معاش پیدا کی ہے۔

منشی بدری ناتھ وکیل کایستھ سیر بہتب ساکن ضلع رای پور

عدالت درجہ اعلی ضلع مظفرپور کے یہ بھی وکیل ہین سوال و جواب اچھا کرتے ہین آدمی شریف و نجیب و عزت دار اور صاحب اخلاق ہین پیشہ وکالت سے مال ومقدور خوب پیدا کیا ہے۔

منشی شیام نراین وکیل کایستھ اشٹ

عدالت درجہ اعلی ضلع مظفرپور کے یہ بھی وکیل ہین آدمی شریف اور نجیب عزت دار ہین مباحثہ خوب کرتے ہین انکو رجوعہ مقدمات کا رہتا ہے آمدنی وکالت کی اچھی ہے۔

منشی بکرماجیت سنگہ کایستھ سریباستب

یہ بھی عدالت اعلی ضلع کے وکیل ہین اچھی لیاقت رکھتے ہین آدمی شریف و نجیب و مروت دار ہین انگریزی بھی جانتے ہین سوال و جواب اچھا کرتے ہین۔

منشی رام سرن سنگھ کایستھ سریباستب ساکن ضلع بجھر ایمہ گگنہ رتی

یہ بھی عدالت اعلی ضلع کے وکیل ہین تحریر و تقریر انکی بہت اچھی ہے آدمی عزتدار ہین انکی وکالت کو فروغ معلوم ہوتا ہے۔

مولوی عبداللہ ساکن موضع ملنولی پرگنہ سریسیا

یہ وکیل منشی ولی اعظم مختار ہائی کورٹ کلکتہ کے بیٹے ہین انگریزی اچھی جانتے ہین فہیم و ذہین و قانون دان ہین اور آدمی شریف ہین۔

منشی بالگوبند سہای وکیل کایستھ سریباستب

ساکن محلہ مصر ٹولی متعلقہ قصبہ دربھنگہ

آدمی شریف و عزتدار ہین عدالت درجۂ اعلی ضلع مظفرپور کے وکیل ہین فہیم و ذہین و لایق ہین وکالت اچھی ہے۔

وکلاے عدالت منصفی مظفرپور ضلع مظفرپور

شیخ نور علی ولد ثناء اللہ ساکن موضع شجادل پور پرگنہ سریسا

یہ پرانے وکیلون مین سے ہین آدمی خوب ہین ضابطہ دان ہین مرجوعہ انکی طرف رہتا ہے منصفی مظفرپور کے وکیلون مین انکو فروغ ہے آدمی شریف و خلیق و مروت دار و عزتدار ہین ایک مرتبہ منصفی دربھنگہ مین جبوقت بابو دوارکا ناتھ متیا حارج اکسترا منصف آئے تھے انھون نے ایک معاملہ مین بحث کی تھی تمام فرائض اچھا جانتے ہین۔

کالی پرشن گھٹک نبگالی [illegible]

یہ آدمی ہوشیار ہین [illegible]

[illegible]

روماناتھ [illegible] وکیل کایستھ [illegible]تالی

یہ بھی عدالت نصفی کے وکیلون سے ایک عمدہ وکیل ہین لیاقت آئین دانی کی رکھتے ہین آدمی عزت دار ہین اور صاحب مروت ہین انگریزی بھی جانتے ہین۔

منشی کالی پرشاد وکیل کایستھ سریباستب
ساکن موضع رام پور رولی پرگنہ رام چاوند

یہ شریف ونجیب ہین اور بہت اچھے وکیل ہین انکی وکالت کو فروغ ہے انکی تحریر و تقریر پر لوگون کو اعتماد ہے مرجوعہ رہتا ہے۔

مولوی عبدالحی وکیل

یہ گمہ دیس کے رہنے والے ہین سنہ ۱۸۷۶ء مین وکالت کا پاس کیا تب سے وکالت کرتے ہین آدمی ذکی وذہین وقانون دان ہین وصاحب لیاقت ہین آدمی شریف ہین۔

مولوی امیر حسن وکیل

گھر انکا موضع شریف پور تعلقہ ڈویزن تاجپور مین ہے سنہ ۱۸۷۳ء مین پاس کیا ہے شاید سنہ ۱۸۷۵ء سے وکالت کرتے ہین آدمی شریف اور نیک ہین۔

سید احمد حسین وکیل

وطن سابق انکا پٹنہ کے قریب ہے مرزا احمد علی جو سابق مین وکیل سرکار رہتے اونکے داماد ہین اوسی ذریعہ سے مظفرپور مین بود و باش اختیار کی پہلے کلکٹری اور فوجداری مین امتحان دیکر مختارکاری کرتے رہے سنہ ۱۸۸۱ء سے وکالت کرتے ہین آدمی متدین بہت ہین موکل کا کام جی لگا کر کرتے ہین آدمی منتظم اور شریف ہین۔

منشی [illegible] ساکن موضع [illegible] چکمہ
منی پرگنہ بسارہ وحال ساکن موضع سکرولی پرگنہ منلا

مرد شریف اور نجیب ہین انکے بڑے بھائی منشی گوکل پرشاد بالفعل پیشکار ججی کے ہین دوسرے ایک بھائی انکے منشی گوبند پرشاد محکمہ سیتامرہی کے وکیل ہین آدمی لائق ہین۔

وکلاے منصفی حاجی پور ضلع مظفر پور

مولوی محمد نور الحق ساکن موضع ایلوتھہ پرگنہ سرکار تیسیا ضلع دربھنگہ

یہ بھی آدمی شریف اور عزت دار ہین وکالت کرتے ہین اور وکالت کو انکی فروغ ہے آدمی جوان وضعدار و ذہین ہین نائب وکیل سرکار ہین تحریر و تقریر اچھی ہے۔

منشی اچھے کمار وکیل کایست سیر بستب ساکن موضع باکھی پرگنہ بسارہ

مرد شریف ونجیب منصفی حاجی پور کے نامی وکیل ہین تحریر و تقریر انکی بہت اچھی ہے وکالت کو انکے فروغ ہے جوان قوی الجثہ ہین مروت دار و صاحب اخلاق ہین۔

منشی رام نراین سنگھ وکیل کایست سیر باستب
ساکن موضع گماڑو پرگنہ بسارہ علاقہ حاجی پور

مرد شریف ونجیب ہین منصفی حاجی پور مین عہدہ وکالت پر معمور ہین آدمی رئیس و نیک بخت ہین پہلے عدالت اعلی مین وکالت کرتے تھے ۱۸۸۳ء سے منصفی حاجی پور مین وکالت کرتے ہین۔

منشی گنیش پرشاد وکیل کایست سیر باستب

منصفی حاجی پور مین پیشہ وکالت کا کرتے ہین آدمی شریف اور نجیب ہین وکالت ان کی اچھی ہے۔

سید تجمل حسین وکیل رئیس حاجی پور

آدمی شریف اور نجیب و خوش رو اور لکھے ازرو یا حاجی پور کے ہین تھوڑے عرصہ سے وکالت کرتے ہین۔

مولوی سید علی حسن ساکن موضع حسینا بزرگ علاقہ حاجی پور

مرد شریف اور نجیب و عالی خاندان ہین وکالت کا انکی فروغ ہے آدمی بڑے ذہین ہین

منشی علی احسن وکیل ساکن موضع صالح پور پرگنہ غیاث پور ضلع پٹنہ

یہ بھی منصفی حاجی پور کے وکیل ہین شریف وعزت دار ہین وکالت انکی اچھی ہے پہلے تاج پور مین محرر صیغہ اجرای ڈگری کے تھے ۱۸۷۶ء سے وکالت کرتے ہین۔

منشی فرحت حسین وکیل ساکن ضلع گیا جی

شریف وکیل ہین اپنے موکل کے معاملات کی پیروی بہت اچھی کرتے ہین وکالت انکی اچھی ہے

منشی شتاب رای وکیل کایست ساکن عظیم آباد

آدمی ذی اخلاق و مروت اور پختہ کار ہین بہن شریف انکا سن پچاس برس سے زیادہ ہے۔

منشی سیتل پرشاد وکیل کایست سریاستب

آدمی رئیس ہین پہلے منصفی تاج پور مین وکالت کرتے تھے ۱۸۷۳ء سے منصفی حاجی پور مین وکالت کرتے ہین۔

منشی محمد فاروق وکیل ساکن ابابکر پور پرگنہ لبارہ

یہ بھی پورانے وکیل ہین پہلے منصفی تاج پور مین وکالت کرتے تھے اب منصفی حاجی پور مین وکالت کرتے ہین۔

شیخ امجد علی وکیل

[illegible] بھی آدمی ہیں جیسے [illegible] وکالت کرتے تھے [illegible]

[illegible] وکالت کی [illegible]

منشی جو اصرار کی پہ تھا وکیل کا بیت [illegible]

آدمی [illegible]

[illegible]

قسمت پہ [illegible] کی بیت

آدمی اچھے بھی ہیں جوان اپنے [illegible] کام میں [illegible]

وکالت [illegible] تمام [illegible]

[illegible]

[illegible] وکیل [illegible] وکالت

[illegible] وکالت

[illegible] وکیل [illegible]

مولوی [illegible] وکیل [illegible]

آدمی شریف [illegible] وکالت اچھی [illegible]

[illegible] وکیل [illegible]

آدمی شریف ہیں [illegible] وکالت [illegible]

[illegible] سوال [illegible]

منشی [illegible]

[illegible]

و نجیب و عزت دار ہین —

منشی گنجبہاری لال وکیل ساکن موضع رایپور پرگنہ ترسٹھ

نجیب اور شریف وکیل ہین آدمی عزت دار ہین صاحب اعتبار ہین وکالت کو اچھی طرح سے انجام کرتے ہین آمدنی اچھی ہے —

شیخ بشارت علی وکیل ساکن موضع کورا پرگنہ ترسٹھ

یہ وکیل بھی مسلمان شریف ہین کار وکالت کو ضابطۂ عینہ کے ساتھ انجام دیتے ہین تقریر و تحریر مین کوشش کرتے ہین —

منشی ناتھ سہائے قوم کایستھ سریباستب ساکن موضع پدمول پرگنہ بھارہ

یہ بھی اچھے وکیل ہین آدمی جوان ہین محنتی ہین مرجوعہ انکی طرف بھی رہتا ہے سوال و جواب اچھا ہے آدمی شریف و نجیب و عزت دار ہین —

منشی کلدیب نراین وکیل ساکن موضع کمال پور پرگنہ حاجی پور

شریف و نجیب و عزت دار وکیل ہین سوال و جواب کا بہت اچھا طور ہے تحریر و تقریر قابل غور ہے —

وکلای منصفی دربھنگہ

چودھری نظام الدین وکیل ساکن موضع بلاس پور پرگنہ ترا سے حمید ضلع دربھنگہ

یہ وکیل شریف و نامی و عزت دار ہین پہلے مظفرپور مین صدر امینی کے محکمہ مین وکالت کرتے تھے تھوڑے روز سے بہ سبب قربت مکان کے دربھنگہ مین وکالت کرتے ہین وکالت انکی اچھی ہے سوال تنقیح اچھا کرتے ہین — آدمی سخی اور فیاض ہین

اور صاحب اخلاق و ہمت ور غیں ہین۔

شیخ فضل کریم وکیل ساکن موضع بردی پور پرگنہ شاہجہان پور ضلع دربھنگہ

عدالت منصفی دربھنگہ مین وکالت کرتے ہین آدمی شریف وعزت دار ہین تقریر وتحریر انکی بہت اچھی ہے مرجوعہ کثرت سے رہتا ہے اپنی وکالت مین انھون نے خوش انتظامی کے ساتھ مال ومقدور پیدا کیا ہے مزاج مین تہذیب اخلاق اچھا ہے۔

منشی سخاوت علی وکیل ساکن موضع منڈی پرگنہ سرسیا

وکیلون مین منصفی دربھنگہ کے انھون نے بھی خوب فروغ پایا ہے قانون دان وذہین وخلیق وشریف وعزت دار ہین معاملات مین تفہیم انکی درست اور رائے چست ہے۔

مولوی سید امیر حسن وکیل پسر شاہ سعادت علی ساکن موضع بزرگ دوار پرگنہ کسمہ

شریف ونجیب صحیح النسب ہین علم انکا اچھا ہے آدمی ذکی وذہین وفہیم وسلیم الرائے ہین پہلے منصفی حاجی پور مین وکالت کرتے تھے اب ۱۸۹۰ عیسوی سے دربھنگہ مین وکالت کرتے ہین۔

منشی گوپال جی کائیست سریباستب ساکن موضع ہوسہ پور پرگنہ برہی متعلقہ ضلع چھپرہ

یہ بھی عدالت منصفی دربھنگہ کے وکیل ہین آدمی جوان ہین سوال وجواب وبحث بہت محنت سے کرتے ہین آدمی شریف ونجیب عزت دار ومہذب وخاندانی ہین منشی رام پرکاش لال انکے والد بھی محکمہ صدر امینی مین ضلع چھپرہ کے وکیل نامی تھے۔

منشی رام دہاری پرشاد وکیل کائیست سریباستب

ساکن موضع بدولی پرگنہ رام چاوند

یہہ بھی جوان وکیل ہین انگریزی جانتے ہین اپنے موکلون کے معاملات مین بدل وجان محنت کرتے ہین سوال وجواب بھی اچھا ہے آدمی ذہین ہین شریف ہین امتحانی وکیل ہین۔

منشی بنواری لال وکیل کایست سیریاستب ساکن موضع رکھا

یہہ بھی اچھے وکیل ہین امتحان دیکر سند وکالت کی حاصل کی ہے بحث بھی اچھی ہے باپ انکے منشی ڈومن لال بھی وکیل تھے اور دادا بھی انکے وکیل تھے پیشہ وکالت کا انکے گھر مین خاندانی ہے۔

مولوی سید عبدالودود وکیل ساکن محلہ سید منجہن متعلقہ دربھنگہ

یہہ فہیم وذہین وسلیم الطبع وصاحب اخلاق وصاحب علم وجوان ہین چند سال سے پیشہ وکالت کا کرتے ہین امتحانی وکیل ہین تحریر وتقریر اچھی ہے انکی شرافت ذاتی وصفاتی کا تذکرہ اہل علم کے حصہ مین لکھا جاچکا ہے۔

منشی گورپرشاد سنگھ وکیل کایست سریباستب
ساکن محلہ بھگوانداس متعلقہ قصبہ دربھنگہ

یہہ پرانے وکیل ہین آدمی شریف ہین اسوقت عمر انکی تخمیناً ستر برس سے زیادہ ہوگی

منشی جھونک لال وکیل کایست سیریاستب ساکن
موضع مادھوپور پرگنہ شاہجہانپور ضلع دربھنگہ

یہہ بھی امتحانی وکیل ہین مرجوعہ خوب ہوتا ہے آدمی نیک ہین۔

منشی درشن لال وکیل کایست اشٹ ساکن موضع

پرکھو تم پور عرف حرہا پرگنہ پچھم بہیگو

یہہ بھی امتحانی وکیل ہین آدمی نیک بخت و صاحب اخلاق و شریف ہین۔

منشی نبی بخش وکیل ساکن ضلع مہدولی پرگنہ
پچھم بہیگو حال مقامی محلہ نہرن لال متعلقہ دربھنگہ

یہ پرانے وکیل ہین عزت دار اور خلیق اور شریف ہین زمانہ سابق مین انکی وکالت کو بڑا فروغ تھا۔

رام انوگرہ سہائے وکیل کائیست سیر ساتب ساکن موضع رتہ جروکی ایمبردی پرگنہ بریل

یہہ بھی امتحانی وکیل ہین آدمی جوان ہین مقدمات کی پیروی و سوال جواب مین محنت کرتے ہین شریف ہین۔

منشی جگوبند سہائے وکیل کائیست سیر ساتب
ساکن محلہ دیوان بھولا ناتھہ متعلقہ دربھنگہ

یہ بھی امتحان دیکر وکالت کرتے ہین آدمی لایق اور عالی خاندان اور خلیق ہین۔

بابو رادھا کرشن داس ابل قوم کائیست بنگالی ساکن ضلع ہوگلی ۱۸۸۲ء سے دربھنگہ مین وکالت کرتے ہین پہلے مظفرپور مین وکالت کرتے تھے آدمی لایق و قانون دان اور سلیم الطبع ہین۔

بہاری لال مؤلف تاریخ ہذا

عدالت منصفی دربھنگہ مین وکالت کرتا ہے احوال اپنا و خاندان لکھنے کا راقم نے اپنے خاندان کی کیفیت مین لکھا ہے۔

وکلا منصفی مقام مدہوبنی ضلع دربھنگہ

سید محمد واعظ وکیل

آدمی شریف و نجیب ہین قوم کے سید ہین عالی خاندان ہین و عزت دار ہین پیشہ وکالت کا کرتے ہین وکالت انکی فروغ سے فیاض خراج ہین اقوم کو اونسے ملاقات اور محبت ہے

چودھری تجمل حسین وکیل ساکن موضع بلاسپور پرگنہ سرائے حمید شریف اور خلیق اور ضابطہ دان و امتحانی وکیل ہین آدمی جوان و محنتی ہین سوال وجواب اچھا ہے۔

منشی شیخ واجد حسین وکیل

قوم کے شیخ ہین شریف و عزت دار ہین آدمی جوان و محنتی ہین اپنے موکلون کے معاملہ مین بڑی محنت کرتے ہین تحریر و تقریر شفاف ہوتی ہے انکی وکالت کو فروغ ہے اور آئین دان وکیل ہین تہذیب اخلاق اچھا ہے وکالت سرکاری بھی انھین کو مفوض ہے۔

منشی جیبولال وکیل کایست ترہوتیہ ساکن موضع سرولی پرگنہ بھروارہ اپنی قوم کے شریف ہین پیشہ وکالت کا کرتے ہین آدمی خلیق ہین سوال وجواب اچھا ہے۔

وکلائے منصفی تاجپور ضلع دربھنگہ

مولوی محمد جان وکیل ساکن موضع کھسرا پرگنہ سرلیا

یہ بھی وکالت کرتے ہین آدمی ذی استعداد صاحب اخلاق ہین کچھ انگریزی بھی جانتے ہین

مولوی محمد حنیف وکیل ساکن موضع بکنولی پرگنہ سرلیا

تاجپور کی منصفی مین وکالت کرتے ہین آدمی ذی استعداد اور مروت دار اور ظریف ہین انکی وکالت کو فروغ ہے۔

شاہ امجد حسین وکیل ساکن موضع رجواپرگنہ سرلیا

یہ بھی نکمہ منصفی تاجپور ضلع دربھنگہ کے نامی وکیل ہین ضوابط و کارروائی آئین سے بہت اچھی طرح واقف ہین آدمی نیک او رخلیق اور مروت دار ہین انکی وکالت کو فروغ ہے اور یہہ نائب وکیل سرکار ہین۔

مہابیر پرشاد مصر وکیل

یہ قوم کے برہمن ہین اچھے وکیل ہین مرجوعہ زیادہ رہتا ہے تحریر و تقریر انکی مشہور ہے آدمی رئیس دیانت دار متحمل اور صاحب اعتبار اور شریف ہین باقی حال راقم کو معلوم نہین

رام بھروس سنگہ وکیل کایست سریباستب

یہ بھی وکیل ہین تحریر و تقریر بھی انکی اچھی ہے بذات خاص مرد معقول ہین مرجوعہ رہتا ہے وکیل عزت دار اور شریف ہین۔

مولوی محمد یحیی وکیل

یہہ عالم وکیل ہین علم عربیہ کے حافظ عبد العزیز پسر شیخ احمد اللہ رحیم آبادی ان کے شاگردون مین سے ہین پیشہ وکالت کا کرتے ہین محرر و مقرر ہین آدمی شریف و نجیب و عزت دار ہین اور حال راقم کو معلوم نہین۔

مختاران مظفرپور

منشی ہر پرشاد سنگہ قوم کایست سریباستب ساکن محلہ لالہ سیتاپت متعلقہ دربھنگہ حال ساکن ہنوز پرگنہ بیدوار

یہہ مختار محرر و مقرر ضابطہ دان و کارگذار ہین اکثر مقدمات عدالت دیوانی مین مختارنامہ قبول کرتے ہین اور فوجداری و کلکٹری مین بہت کم جایا کرتے ہین آدمی شریف و نجیب و عزت دار ہین راقم سے ان سے ملاقات ہے۔

منشی فخرالدین حسین مختار

یہہ مختار مرد شریف ضابطہ دان و آئین دان ہوشیار کارگذار ہین ہمیشہ مختار کاری سے انکو فروغ ہے۔

منشی علی مرزا مختار

یہہ کلکٹری اور فوجداری ضلع مظفرپور کے مختار ہین ضابطہ دان اور قانون دان ہین معتبر و محرر ہین پیشہ مختاری سے انکو فروغ ہے وکالت درجہ دوم کا بھی پاس کئے ہین

منشی ہرپرشاد ثانی کایست سریباستب ساکن موضع رامپور و نی پرگنہ رامچاوند

مرد شریف و نجیب ہین مختار کاری انکی اچھی ہے آدمی صاحب اخلاق ہین۔

منشی نندکشور لال مختار کایست ساکن موضع بکھری ٹولہ ہوسون پرگنہ سریسیا

یہہ بھی اچھے مختارون سے مظفرپور کے ہین مرد شریف ہین سوال جواب انکا بہت اچھا ہے چالاک اور ہوشیار مختار ہین۔

منشی ہمت سہائے مختار کایست ساکن موضع سوسیا پرگنہ بسارہ

مرد شریف و مختار نامی ہین پیشہ مختار کاری کا کرتے ہین باقی حال راقم کو معلوم نہین

منشی شیخ محمد عمر دراز مختار ساکن موضع سعدپورہ چکلہ نئی پرگنہ بسارہ

مرد ہوشیار شریف و نجیب عالی خاندان ہین تھوڑے عرصہ سے پیشہ مختاری کا کرتے ہین

منشی ہدایت حسین مختار ساکن موضع متھراپور پرگنہ کسمہ

مظفرپور کی فوجداری کے مختار ہین سوال و جواب اچھا ہے مختاری کو انکے فروغ ہے اخلاق اور صفت آدمیت سے معمور آدمی مروت دار ہین۔

منشی بانکے بہاری لال مختار ساکن موضع ...ہی پرگنہ بسارہ

مختار کاری کرتے ہیں مختار نامی ہیں سوال وجواب اچھا کرتے ہیں۔

مختاران ڈویژن حاجی پور ضلع مظفر پور

منشی رام مہل لال مختار ساکن موضع سوندہی پرگنہ بسارہ

یہ مختار پرانے و نامی ہیں انکی مختار کاری ہوا بندھی ہوئی ہے اچھی طرح چل رہی ہے۔

سمی ابی عبد الرحیم مختار ساکن موضع جر ہوا پرگنہ حاجی پور

آدمی شریف اور عالی خاندان ہیں نہایت بہتر وذی استعداد آدمی ہیں ان ہین مختار کاری کو انکی فروغ ہے پہلے یہ شیخ تھے تھوڑے روز سے مذہب عیسائی اختیار کیا ہے۔

منشی کفایت علی مختار

یہ مختار نہایت محنتی و خیر اندیش موکلان ہیں آدمی شریف و عزت دار ہین۔

منشی کنول لال مختار کایست ساکن ضلع کموني پرگنہ بسارہ

انکی مختار کاری کو فروغ ہے آدمی شریف ہین۔

مولوی علی حسن عرف اچھے صاحب مختار

نہایت ذی علم و عالی خاندان ہین امید ہے کہ انکو پیشہ مختار کاری ہین جلد فروغ ہووے

مختاران ڈویژن سیتا مڈھی ضلع مظفر پور

منشی برجکنوار سنگہ مختار ساکن موضع ہیروٹی پرگنہ جریل

یہ مختار شریف و نجیب عزت دار و عالی خاندان ہین آدمی جوان ہین محنت خوب کرتے ہین تہذیب اخلاق اچھا ہے آمدنی بھی اچھی ہے تحریر و تقریر بھی بہت اچھی ہے۔

شیخ تبارک اللہ مختار ساکن موضع جالہ پرگنہ [illegible] پور

شریف مختار ہین ضابطہ و رآئین دانی میں قابل اعتبار ہین [illegible] اثر [illegible] معلوم ہوتے ہیں

شیخ ابراہیم حسین مختار ساکن ضلع پٹنہ

مشہور مختارون سے ڈیوڑہن مذکور کے مین شریف ہین سنا ہے کہ مختارکاری انکی اچھی ہے۔

منشی منگت لال مختار ساکن موضع ہرتاپور پرگنہ بھلا

یہ بھی شریف ونجیب نام آور مختار ہین ضابطہ دان ہین قابل اعتبار ہین باقی حال انکا ہم کو معلوم نہین

منشی ہردیپ نارائن مختار ساکن موضع کویلی پرگنہ نان پور

یہ بھی اچھے مختار ہین شریف ونجیب ہین مختارکاری کو انکے فروغ ہے سوال وجواب اچھا ہے۔

منشی جینی لال مختار ساکن موضع بہیر پرگنہ

شریف ونجیب ہین مختارکاری انکی اچھی ہے آدمی فہیم وضابطہ دان ہین۔

منشی مدسودن مختار ساکن موضع ہرپاپور پرگنہ بھلا

یہ بھی پیشہ مختارکاری کیا کرتے ہین آدمی شریف وخلیق ومروت دار ہین۔

منشی بہاری لال مختار ساکن موضع لشنیپور پرگنہ بھلا

یہ بھی ایک شریف مختار ہین پیشہ مختارکاری انجام کرتے ہین ہوشیار ہین باقی حال انکا ہم کو معلوم نہین ہے

مختاران ضلع دربھنگہ

شاہ خورم علی مختار پسر شاہ جعفر علی ساکن محلہ مفتی متعلقہ قصبہ دربھنگہ

مرد شریف ونجیب وعزت دار اولاد سے مخدوم شاہ عبد اللہ کے جنکا تذکرہ حصہ مین تذکرہ اولیاؤن کے لکھا گیا ہے ہین پیشہ مختارکاری فوجداری وکلکٹری کا صدر مقام دربھنگہ مین کرتے ہین ضابطہ دان ہوشیار چالاک ذہین مختار ہین آمدنی سے پیشہ مختارکاری [illegible] حاصل کیا ہے کورٹ آف وارڈس راج دربھنگہ کی طرف سے بھی انہین کو سند مختارکاری کی ہے۔

منشی مادھو لال کالیستہ سریباستب ساکن محلہ بصیر ٹولہ پرگنہ حویلی دربھنگہ

یہ نامی و کارگذار مختار ہین شریف و نجیب ہین اگرچہ سن مین پیر ہین مگر مختارکاری انکی جوان ہے چند کوٹھی نیل کی طرف سے بھی مختار ہین۔

منشی ناتھو پرشاد مختار کالیستہ امبوتھہ ساکن موضع روہوا پرگنہ کسمہ

یہ مختار آئین دان و خوش تقریر ہین ہنگام بحث معاملات بہت سلجھی ہوئی باتین کرتے ہین مرد معتبر عزت دار مہذب اور صاحب اخلاق شریف و نجیب ہین۔

منشی درگا پرشاد کالیستہ سریباستب ساکن محلہ سیتامڑھی پرگنہ حویلی دربھنگہ

مرد شریف و نجیب عالی خاندان ہین پیشہ مختارکاری کا کرتے ہین مقدمات فوجداری مین سوالات جرح کے بہت اچھے کرتے ہین۔

شیخ سبحان علی مختار ساکن موضع اگھری پرگنہ مہرواره

مرد شریف و نجیب ہین پہلے مظفرپور مین مختارکاری کرتے تھے اب دو تین برس سے خاص دربھنگہ مین مختارکاری کرتے ہین آدمی خلیق عزت دار پختہ کار مروت دار علم اردو مین معاملات کلکٹری اور فوجداری کے ضوابط کو خوب جانتے ہین۔

اشرف علی خان قوم پٹھان مختار ساکن موضع حسن پور پرگنہ بھدوار

یہ مرد شریف و نجیب ہین نامی مختار ہین تھوڑے عرصہ سے پیشہ مختارکاری کا [illegible] دیگر مقام دربھنگہ مین کرتے ہین آدمی خلیق و عزت دار ہین مختارکاری کم اسنکو [illegible]

بہادر علی خان قوم پٹھان مختار ساکن موضع [illegible] پرگنہ [illegible]

مرد شریف [illegible] کلکٹری اور فوجداری [illegible]

[illegible]

اسواسطے صرف منواجنٹی کا منصب رکھتے ہے آدمی خلیق اور غریب ور عزتدار و نامی تھے مرگئے

مولوی سید محمد مرشد حسن مختار ساکن ضلع دھرم پور نستانوان پرگنہ مرنیا

فوجداری اور کلکٹری دونون صیغہ کی مختارکاری کرتے ہین آئین دان ہین دیانت دار معتبر معہ ہین سوال اور جواب بہت اچھی طرح سے کرتے ہین اور خصال شرافت و نجابت وغیرہ صفات خاندانی و جوہر ذاتی کا اونکے تذکرہ بن اہل علم کے لکھا جاچکا ہی۔

شیخ اقبال علی مختار ساکن موضع برہی پرگنہ سندا رُ ج

یہ جوان مختار ہین لائق ہین تھوڑے دن سے مختار کاری کرتے ہین فروغ ہو چلا ہی مرد شریف و عزت دار ہین۔

منشی ہردی ناتھ داس کایست ترھوتیہ ساکن موضع مہد ہو ر پرگنہ بجی

یہ بھی مختار ہوشیار اور محنتی و چالاک ہین شریف اور عزت دار ہین۔

منشی برج بہاری لال کایست سریباستب ساکن موضع شیو دھا پرگنہ ترسٹھہ

یہ بھی پیشہ مختارکاری کا کرتے ہین اپنے موکل کے کام مین محنت کرتے ہین آدمی خوب شریف ہین

شیخ محمد منیر عالم مختار ساکن قاضی پور پرگنہ بھوج پور ضلع شاہ آباد

شریف و نجیب و عزت دار ہین آدمی جوان و خوشرو و محنتی ہین سنا ہی کہ مورث اعلی انکے عہد مین شاہجہان بادشاہ ہندوستان کے واسطے انتظام پرگنات بھوجپور و بہیا وغیرہ کے مقرر ہوکر آئے تھے اور خاص بھوجپور مین سکونت اختیار کی بعد و عملداری مین سرکار انگلشیہ کے بھوجپور کو چھوڑکر قاضی پور مین جو خاص بھوجپور سے ایک میل کے فاصلہ پر ہی بود و باش اختیار کی۔

منشی کشن پرشاد کایست مختار

یہ جوان و خوش مزاج مختار مین انکے باتھ سے اکثر کلکٹری کا کام رہتا ہی بعض بعض کو نیل

دکورٹ آف وارڈس راج نرہن کی طرف سے بھی انکو علاقہ ہی شریف ونجیب وخلیق ہین—

رام پرکاش نارائن کالیست سریباستب مختار ساکن موضع رامپور ولی پرگنہ رم چاوند

یہ بھی جوان دیانت دار وشریف مختار ہین—

چھیدی لال کالیست سریباستب مختار ساکن موضع سمری پرگنہ بحیرواڑہ

بہت روز سے اس مقام مین مختارکاری کرتے ہین آدمی شریف ولایق وخلیق وخلیق بھی

ہین سوال جواب اچھی طرح سے کرتے ہین—

شیخ حفاظ الدین حسین مختار ساکن موضع بلاس پور پرگنہ سرائی حمید

یہ بھی دربھنگہ مین مختارکاری کرتے ہین فوجداری وکلکٹری دونون صیغون کی سند

رکھتے ہین آدمی لائق ہین—

راج کنوار سنگھ پسر منشی راس بہاری لال وکیل

متوفی ساکن موضع کرتا ہا پرگنہ بسارہ

یہ بھی پیشہ مختارکاری کا کرتے ہین انکے باپ منشی راس بہاری لال وکیل منصفی دربھنگہ کے تھے آدمی لائق ہین—

محبوب علیخان مختار ساکن موضع گورا پرگنہ بہرا

یہ بھی مختار دربھنگہ کے مختارون مین سے ہوشیار اور لائق مختار ہین صاحب اخلاق ہین اور شریف

ہین سوال وجواب اچھا ہے—

شیخ حسن خان مختار ساکن موضع کھرا پرگنہ سرلیا

یہ بھی مختارکاری کرتے ہین آدمی شریف ہین—

شیخ عنایت علی مختار ساکن موضع سید پور پرگنہ سرلیا

یہ بھی مختارکاری کرتے ہین بہت لوگونکا متفرقات کام انکے ہاتھ مین ہے آدمی لائق ہوشیار ہین—

شیخ عنایت علی مختار ساکن موضع رسول پور عرف واپرگنہ مرلسیا

شریف ہین مختار کاری کرتے ہین اور حال راقم کو معلوم نہین ہی۔

شیخ علی حسن مختار ساکن موضع ملکی چک پرگنہ پورب بھگو

یہ بھی دربھنگہ کے مختار ہین آدمی جوان ہین شریف ہین۔

محمود علیخان ساکن محلہ قاضی محمد عظیم متعلقہ قصبہ دربھنگہ

یہ بھی دربھنگہ کے مختار ہین جوان ہین موکلان کے کام مین جی لگا کے محنت کرتے ہین قوم

کے پٹھان ہین شریف ہین۔

شیخ اقبال حسین مختار ساکن ضلع پٹنہ

یہ بھی مختار کاری کرتے ہین آدمی نیک و شریف ہین۔

منشی چھٹو لال مختار ساکن رام پور رولی پرگنہ رام چاوند

یہ بھی مختار کاری کرتے ہین مرد شریف و نجیب ہین باپ اِنکے بنواری لال منصفی دربھنگہ

مین نوکری نویس تھے اور چچا اِنکے منشی دربار لال منصفی دربھنگہ مین عہدہ سررشتہ داری پر سرفراز تھے

منشی راج کنوار سنگہ مختار ساکن موضع کلیان پور پرگنہ سرلسیا کالیست متہت

یہ بھی مختار کاری کرتے ہین ۱۸۶۸ء مین امتحان دیکر سارٹیفکٹ امتحان کا حاصل کیا ہے

آدمی محنتی و خیر اندیش اپنے موکلان کے ہین آدمی لائق و شریف ہین۔

من راج سہای مختار ساکن موضع باگھی پرگنہ لسبارہ

یہ شریف و نجیب و ہوشیار و عزت دار مختار ہین۔

مصاحب لال مختار ساکن موضع ہرنی پرگنہ ہرنی

یہ بھی مختار کاری کرتے ہین آدمی شریف و نیک و عزت دار و ہوشیار ہین۔

مہابیر پرشاد مختار ساکن محلہ سیتاپت متعلقہ قصبہ دربھنگہ

یہ صرف فوجداری کی مختارکاری کرتے ہین آدمی جوان ہین شریف ہین۔

الیشری پرشاد کنور قوم راجپوت ساکن موضع رام نگر پرگنہ لباره

یہ وضعدار مختار ہین معاملات مین ہوشیار ہین شریف ہین۔

مسٹر ڈبلو آئی ٹد صاحب بیم اے مختار

یہ صاحب قوم کے انگریز ہین مختارکاری کرتے ہین آدمی خلیق و ظریف ہین۔

شیخ سخاوت علی مختار ساکن موضع بلاس پور پرگنہ سرائے حمید

یہ بھی مختارکاری کرتے ہین آدمی جوان ہین شریف ہین۔

شیخ اقبال علی مختار ساکن موضع منڈئی پرگنہ سرلیا

یہ بھی مختارکاری کرتے ہین آدمی شریف ہین۔

مختاران ڈویژن مدھوبنی ضلع دربھنگہ

منشی لطافت حسین مختار ساکن موضع جانی پور پرگنہ

یہ اچھے مختارون مین سے دویژن مدھوبنی کے ہین انکی مختارکاری خوب اچھی طرح فروغ ہی مرجوعہ مقدمات کا رہتا ہی آدمی شریف اور خلیق ہین کورٹ آف وارڈس راج دربھنگہ کی طرف سے بھی مختار ہین۔

منشی معشوق علی مختار ساکن موضع دائی پرگنہ پنڈارچ

یہ بھی ڈویژن مدھوبنی کے مختار ہین آدمی شریف و عزت دار ہین تجربہ کار ہر دو آمدنی بہ ہی اچھی ہی

گنیش دت داس کالیستہ پرموتہ مختار ساکن موضع سوتی پرگنہ جریل

یہ مختار اچھے قوم کے شریف ہین آئین و ضابطہ جانتے ہین سوال جواب بھی طرح کرتے ہین

منشی لال بہاری لال کالیست سریباستب مختار ساکن موضع کویلی پرگنہ نان پور
یہ ہوشیار کارگذار چالاک ضابطہ دان مختار ہین سوال وجواب بڑی محنت سے کرتے ہین
آدمی شریف ہین۔

منشی رام بلبھ سہاے مختار ساکن موضع ہون پرگنہ جریل

اچھے مختارون مین سے ہین شریف ونجیب وعزت دار ہین پیشہ مختارکاری کا قانون اور
ضابطہ کے ساتھ انجام کرتے ہین۔

شیخ فیاض الدین مختار ساکن موضع اسرہا پرگنہ

شریف اور ضابطہ دان محرر ومقرر مختار ہین۔

منشی گور سہاے لال مختار ساکن ضلع پٹنہ

یہ بھی شریف اور نجیب وآئین دان مختار ہین سوال وجواب اچھا ہی۔

مختاران ڈویزن تاج پور ضلع دربھنگہ

منشی محبوب علی مختار ساکن موضع کواڑی پرگنہ سرلیسا

مرد شریف ونجیب ومروت دار وذی عزت خوش تقریر وخوش بیان ہین مختارکاری سے
انکو بہت اچھا فروغ ہی۔

منشی فخر الدین حسین مختار ساکن موضع ابابکرپور پرگنہ لبارہ

آدمی شریف اور نجیب خوش بیان وخوش تحریر ہین پیشہ مختارکاری کا ڈویزن تاجپور مین
کرتے ہین مختارکاری سے انکو فروغ ہی۔

محمد خان مختار سابق ساکن قصبہ پٹنہ

ابتداے قیام ڈویزن تاجپور سے مختارکاری کرتے ہین نجیب ہین جد اعلے قادر علی کو دا[illegible]

منشی صدر الدین مختار ساکن موضع بکنولی پرگنہ اسبارہ
مختار کاری انکی اچھی ہی آدمی لائق اور شریف ہین۔

معذرت منجانب مؤلف

اگر راقم سے بسبب لاعلمی و ناواقفیت و عدم تحقیق حالات و سہو سے کہ لوازم بشریت سے ہے کسی خاندانی و ذی عزت و اہل شرافت و نجابت ہندو و مسلمان کا ذکر اس کتاب سے متروک ہوگیا ہو یا کسی عالم اور پنڈت اور حکیم اور بید اور کبیشر کے علم کا مذکور نہ ہوا ہو یا کسی درجہ و طبقہ کے زمیندار و دیگر اہل کار و وکلا و مختار کے حالات لکھنے سے رہ گئے ہون تو وہ لوگ ایسا نہ سمجھین کہ راقم نے اونکے حالات کو بسبب تحقیر و اہانت و کم مائگی و کم علمی اونکے نہین لکھا ہی بلکہ اون لوگونکو ضرور یہ تصور کرنا ہوگا کہ اونکے حالات سے راقم کو اطلاع نہوئی اور بھی واضح رہے کہ اس کتاب کے دیکھنے والونکو ضرور خیال کرلینا ہوگا کہ جو لوگ اس کتاب مین مذکور ہین اونھین پر شرافت و نجابت و عزت دار خاندانی ہونے کا انحصار نہین ہی بلکہ ہم گمان کرتے ہین کہ بہت سے بندگان خدا اس ضلع مین ایسے آبرو دار و صاحب علم ہونگے کہ بہ سبب نہین معلوم ہونے اونکے نام و نشان کے راقم کو اونکی حالتون سے خبر نہین پہونچی اسواسطے وہ لوگ نہین لکھے گئے اگر کوئی دانشمند آدمی اس کتاب کا دیکھنے والا ایسا تصور نہین کرسکتا ہی کہ جو لوگ اس کتاب مین نہین لکھے گئے ہین وہ شریف یا ذی عزت یا ذی علم او صاحب لیاقت نہین ہین اس کتاب کے مضمون کی سوا کسی خاندانی و ذی عزت آدمی کے عزت کے [illegible] جنکا نام اس کتاب سے متروک ہوگیا ہو خلل نہین کرسکتی ہی اور [illegible] خاندان سے ادمیون مین سے کسی ایک شخص کا نام اس کتاب مین لکھا گیا [illegible] اونکی شرافت

وجاہت و عالی خاندان ہونیکی داد دی اگر ہم تو یہ ضرور سمجھ لیا ہو [illegible] خاندان کے سب لوگ عزت دار و شریف و عالی خاندان ہین مگر لیاقت ذاتی و علمی مین برابر نہین ہو سکتے ہین

خاتمہ

واضح رہے کہ یہ کتاب پنجم ماہ چیت ۱۲۸۷ فصلی اور ہیژدہم ماہ ربیع الثانی ۱۲۹۷ ہجری اور ۳۱ مارچ ۱۸۸۰ عیسوی و شروع ۱۹۳۷ سمبت و ۱۸۰۲ سالہ روز چہارشنبہ یعنے بودھ کو چار گھڑی دن باقی رہے ختم ہوگئی — تاریخ اتمام کتاب ہذا الراقمہ

تاریخ

ہوئی تاریخ کی جب فکر مجھکو	طبیعت کو نہایت تھی اداسی
دیا ہاتف نے یہ مژدہ کہ فطرت	سن فصلی ہے بارہ سو ستاسی

تقریظ چیدہ قلم مولوی محمد مرشد حسن متخلص بہ کامل

یہ تاریخ تعلیمی بابو بہاری لال فطرت کی میری نظر سے گذری مینے اسکو لفظاً لفظاً ابتدا سے انتہا تک دیکھا پڑھا البتہ یہ کتاب بے نظیر باعتبار مضامین روشن سکے آفتاب ہے نسخہ لاجواب ہی جو کچھ حال اس کتاب مین لکھا ہے تحقیقی ہے تصدیقی ہے مبالغہ کو دخل نہین راست راست مضمون سے معمور ہے افراط و تفریط سے دور ہے قطرہ قطرہ جمع کرکے دریا بہایا ہے ذرہ ذرہ فراہم کرکے آفتاب بنایا ہے اس آفتاب کی روشنی مین ترہت کی تمام سرزمین نظر آتی ہے ہر مکان مختلف کی صورت دیکھی جاتی ہے جس مقام مین راجاؤن کی ریاستون کا بیان ہے قابل اذعان ہے جہانتک اہل علم و ہنر کا تذکرہ ہے سچ ہے دروغ بے فروغ سے دور ہے جس جگہ اہل ولایت و کرامت کا تذکرہ باتکریم ہے صحیح تر ہے بجا ہے قابل تسلیم ہے جس مقام مین جغرافیہ کی شرح ہے [illegible] ہر امر واقعی ہے [illegible] ہے

نزدیک ہی یہانتک نجابت و شرافت کا نجیبون و شریفون کی بیان ہی درست بحیثیت ہر
جس زمینداری کی جو کیفیت لکھی گئی ہی اوسکی حقیقت لکھی گئی ہے وکیل و مختار کے حالات مین
زیادت یا قلت نہین کی گئی ہے الغرض یہ کتاب ابتدا سے انتہا تک صحیح ہی عبارت مین اگرچہ
عربی و فارسی و ہندی کی مختلف زبانون کے الفاظ لکھے گئے ہین مگر فصیح ہے سلاست
بیانی اسلئے قصداً اختیار کی گئی ہی کہ تمام لوگ آسانی سے سمجھین اگر عبارت رنگین ہوتی یا خاص
خاص محاورے دہلی و لکھنؤ کے رعایت کی جاتی تو اس ضلع کے لوگون کی سمجھ مین نہین آتی
آجتک کسی شخص نے قدماے ترہت کے حالات مین ایسی مفصل تاریخ نہین لکھی ہی ہماری
دانست مین یہ کتاب ایک آئینہ ہی جس شخص کو ترہت کے حالات دریافت کرنے ہون اس
کتاب مین دیکھ لے بقدر شرافت و نجابت و علو خاندانی و علم و جوہر قابلیت و مقدرت و
عزت کو پرکھ لے ہم دعا کرتے ہین کہ خداوند کریم مصنف کو جزاے خیر دے اور اس کتاب
کو ایسا اثر قبولیت عطا کرے کہ ہر شخص کو اسکے دیکھنے و پڑھنے کا ذوق و شوق ہو راقم
السطور نے اس تاریخ کی فی البدیہہ یہ تاریخ لکھی ہی —

تاریخ

کوششون سے جو حال ترہت مین — لکھی فطرت نے ایک کتاب خبر
مین نے دیکھا جو اوس کو تا آخر — اوٹھ گیا بیچ سے حجاب خبر
لکھی تاریخ مین نے اے کامل — سنہ یہ تاریخ آفتاب خبر

تقریظ چکیدۂ قلم مولوی عبد الودود متخلص بہ بسمل

خاکپاے سخنوران کامل سید عبد الودود بسمل ارباب [illegible] قرۃ [illegible] ناظرین کا
شائق بہ اہل نظر گویا [illegible] یعنی مخزن جود و ہمت [illegible] و مروت بہار دل

فطرت نے یہ کتاب لاجواب مسمی تواریخ الفطرت ضلع ترہت کے احوال مین بہت خوب لکھی ہو سچ تو یہ ہو کہ ایسی تحقیق اس طرح کی تدقیق کہین دیکھی نہ سُنی ہے جہان کہین دلایل عقلی کی طرف توجہ فرمائی ہی ذہن کامل کی رسائی ہے انتہا کو پونہچائی ہی تحقیق بیان حُسن زبان جو کچھ اس فن کی کتابون مین درکار ہو اوس سے زیادہ کچھ موجود ہے قصص حکایت اور روایت بالکل مفقود ہی اور لطف یہ ہو کہ اپنے سیدھی سادھی اُردو مین رقم کیا ہو سلاست بیانی طلاقت لسانی کو متروک بحکم کیا ہی کوئی صاحب یہ تصور نکرین کہ اسکے وطن مالوف کا احوال ہی بمصداق مصرع خار وطن از سنبل و ریحان خوشتر یہ صرف تعریف کا خیال ہے ارباب نظر دیکھ لین خود کتاب شاہد بیان ہے میر اصدق و کذب اوس سے عیان ہی حق تو یہ ہے کہ ان تھوڑے دنون مین اپنی کوششون سے اس کتاب کا انجام کیا اگر نظر غور سے دیکھئے تو کیا کام کیا اب قطعہ تاریخ پر تقریظ کو تمام کرتا ہون الله حُسن قبول عطا کرے بدعا اختتام کرتا ہون۔

	تاریخ	
واہ احوال مین کیا ترہت کے		لکھی فطرت نے غرائب تاریخ
فکر تاریخ جو بسمل کو ہوئی		کہا ہاتف نے عجائب تاریخ

تقریظ چکیدہ قلم منشی سخاوت علی وکیل عدالت منصفی دربھنگہ

رہین منت بابو بہاری لال فطرت ام کہ بہ تحریر کتاب تواریخ الفطرت قلم برداشتہ و بر گردن ترہتیان بار احسان خویش گذاشتہ ہر ہر لفظش را تماشا کردم و بر ہر نقطہ اش دیدہ بخش دا واقعی در احوال این دیار دفتریست لاجواب وجہت انکشاف روداد این دیار عجیب کتاب انچہ کہ واقعات تاریخیست قابل تسلیم ست و ہرچہ کہ در اوصاف ساکنان این ضلع است نہ از رو ادعات است بلکہ برای انتہا سند عظیم ہمہ مرحبا بر محنتش کہ عجیب دُرسفتہ

و ہزار آفرین بر ہمتش کہ آنچہ گفت صحیح و درست گفتہ حیرانم کہ چہ کار کردہ گوئی گوی سبقت از جلیسان خویش بردہ اکثر کتب تواریخ را راقم السطور کمترین ازلی سخاوت علی ہم دیدہ لیکن طرزش از ہر یکی جداگانہ نظر کردہ گاہے نہ شنیدہ ذات بزرگ مصنف دام فیضہ مغتنم است در بلاد ہندوستان و طبع رنگینش ہمرنگ لالہ درین گلستان بخزان ہر چند در وصفش گوئیم از ان مدح ممدوح نمی شود پس درین بیان زبان کشائیم کہ سزد لاجرم این مصرعہ را مصرعہ خاموشی از ثنائے تو حد ثنائے تست :: مصداق خویش میکنم و قطعہ تاریخ بطور ہدیہ احباب پیش —

تاریخ

بہار یلال فطرت کرد تصنیف | کتاب لاجواب از خواہش دل
چو کردم فکر بہر سال فصلے | شد تاریخ او منظور کامل

۱۲۹۷

دیگر

گشت معجز بیان بہار یلال | از کرامات مرشد کامل
کرد تالیف تازہ تاریخی | یک زمانہ برائے او سائل
سال تاریخ او شدہ پیدا | از کرامات مرشد کامل

۱۲۹۷

دیگر

داد چہ تاریخ بدیع و صحیح | کرد رقم [illegible]
ہاتف غیبی [illegible] بمن | گفت [illegible] المشتاق [illegible]

۱۲۹۷

تاریخ تصنیفی مولوی عبد [illegible] تاریخ [illegible]

[illegible] تاریخ | بہار یلال [illegible] کرد [illegible]

ز نہال خستہ تاریخش چو جستم ... بہار گلشن فطرت شدہ نام

تاریخ تصنیفی مولوی محمد عباس علی سررشتہ دار عدالت

تصنیفی در بھنگہ متخلص بہ مشتاق متوطن واغنی پرگنہ بہوجہور
ضلع شاہ آباد

فطرت خوش بیان چو شد فی الحال ... نغمہ سنج ترانۂ نزہت
بہر تاریخ او چو خوش مشتاق ... گفت نیکو فسانۂ نزہت
۱۲۸۷

دیگر

بجودت طبیعہ چون تقاضا کرد ... شد مرتب ز فطرت این تاریخ
بہ وفور شہ در از مشتاق ... گشت تاریخ او نکو تاریخ
۱۲۹۶

دیگر

شدہ آئینۂ نزہت مرتب ... بہ بین گلدستۂ اخبار نزہت
شد او را نقش تماشا گاہ عالم ... ز حسن شاہد از کار نزہت
بہر دستے بہار سنبلستان ... شگفتہ ہر طرف گلزار نزہت
ہمہ یوسف صفت از جان خریدار ... خوشا این گرمی بازار نزہت
پئے تاریخ سالش گفت مشتاق ... زر دستے دلدہی اخبار نزہت
۱۲۸۰ع
وزان پس خود ز فرط مسرت ... کہ آئینہ فیضے سرکار نزہت
۱۸۸۰ عیسوی

آئی نغمہ سنجان تا ابد ...
بہ نزہت بلبل گلزار نزہت

تاریخ تصنیفی بابو بدری ناتھ برادر خرد حقیقی مؤلف تاریخ ہذا متخلص بہ شبنم

لکھی تاریخ جب یہ فطرت نے	مل گیا ہمکو بھی حساب خبر
انجم آسمان ہے اسپ نثار	دوستو ہے یہ ماہتاب خبر
پڑھا مین نے اسے جواب شبنم	لکھدی تاریخ بس کتاب خبر

۱۳۱۲ف

تقاریظ و تواریخ از نتائج افکار گوہر بار شعرائے نامدار و فصحائے باوقار شہر لکھنؤ در مدح کتاب و مؤلف کتاب ہذا

تقریظ تراویدۂ کلک جواہر سلک دبیر بے نظیر سخنور بے ہمتا و تقریر رشک نظامی و جامی منشی محمد عبد البصیر صاحب حضور بلگرامی ازلی خیر خواہ انام جوائنٹ سکرٹری انجمن رفاہ عام اودھ واقع لکھنؤ

صد آفرین ہے اوس آفریدگار گلزار آفرینش کو جس کے نہال قدرت کا ٹوٹا ہوا ایک زرد بوٹا آفتاب عالمتاب ہے - اور ہزار تحسین ہے اوس پروردگار ارباب دانش و بینش کو جسکے کارخانۂ صنعت کا ایک ادنیٰ نمونہ سپہر رفعت مآب ہے - اوسی ہادی مطلق نے طریق تمدن اور تدبیر منزل کی راہ آوارگان وادی آزادی کو بتا دی و اوسی حکیم برحق نے سیاست مدن طرز معاشرت کی حکمت ابجد خوانان لوح نادانی کو سکھا دی - اوسی مقنن دیوان قضا و قدر نے قوانین مصلحت قرین سلطنت جمہوری حکومت نوعی دولت شخصی کا پابند اپنے بندگان اولو العزم کو کیا - اور اوسی صدر نشین عدالت توحید و تجرید نے سلاطین شفقت آئین خواقین والا تمکین کو عوام و انام کی آسائش کا کفیل اور رعایا برایا کا کہف کردیا - معارک جدال و قتال مین اون کے غضب سے

ہزاروں نامداران جفاپیشہ ہمیشہ نعمہ تنگ تیغ بیدریغ گرد جہان گرد ہوئے - اور مجالس
اتفاق و وفاق مین اوسکی رحمت سے سیکڑون زلال کشان براح راحت خوگر نوشا
نوش دور دورد دیکھے - وہی خلاق انفس وآفاق بزم یکجہتی ویگانگت مین بادۂ ہمدردی
وہمدمی کا ساقی ازلی - اوروہی منعم حقیقی نعمتخانۂ کون ومکان مین میزبان مائدۂ لم یزلی
اوسی کی تائید مزید سے ہادیان دین وآئین نے آوارگان عرصۂ ضلالت وجہالت
کو درندگان مردم آزار کی طرح گھیر گھار کر سلسلۂ اتحاد ویگانگت مین جکڑ دیا - اور اوسی
انجمن آرائے کعبہ وکنشت نے ہر ایک بے جوہر و بدگہر کی خاتم خاطر پر نگینۂ عقیدت وارادت
کا جڑ دیا - اوسی باغبان کن فکان نے رنگارنگ گل بوٹے چمن ہستی مین کہلائے -
اور اوسی کے دربار دربار سے منصب گل چینی حاصل کر کے حضرت عزرائیل اس
قدرتی چمن مین تشریف لائے - جنہون نے کوئی دلربا پھول بھول سے کے نہ چھوڑا
دم سحر شجر عالم مین جو گل کھلا اوسی کو لپک کر توڑا - اس چمن کا جو درخت برا بھلا پھلا
وہی سنگ اجل کا ہدف ہوا - صرصر فنا کے جھونکے سے جو پھل سر کے بل گیا پکا
زمین پر گرا فوراً تلف ہوا - غرضکہ یہ گلزار ناپائدار روز ازل سے پامال لشکر خزان ہی
اسمین گل و خار طوطی و زاغ کا انجام یکسان ہے - لیکن جسقدر گل سر سبد علم و کمال تھے یا جو
زور دولت و مال جاہ و جلال کے رنگ سے ملون تھے اونکے نام و نشان نیکی کے ساتھ
عالیشان و ذیشان مورخان اعجاز بیان کی تردستی سے دفترون مین رہ گئے - اور
[illegible]

یہی مرے مٹون کا نوحہ ہے جو روتون کو ہنسائے - اور یہی گئے گذرون کی کہانی
ہے جو سوتون کو جگائے - اسی بہبود و سود کے سودے کا سودا سوداگران متاع تحقیق
و تدقیق کے سر مین سمایا - اور اسی تار و پود کے دام یا دام مین پھنسا کر صید گاہ فراست
کی بادیون نے کتنون کو بن دامون کا بندہ بنایا - اسی دل آرام ارم سے عبارت
تواریخ بے نظیر ہے جسکی سیر سے سیر کوئی دیدہ ور اہل نظر نہین - اور یہی نگار خانۂ دلفریب ہے
جسکا ناظر بے نظیر چین ماچین کے نقش و نگار سے بیخبر نہین . اسی ایوان جنت نشان
کا آبگینہ آئینۂ نزہت نزہت بخش دیدۂ و دل ناظرین ہے - اور اسی آئینہ انور کا
سکندر بابو بہاری لال فطرت سا مہذب و متین ہے - جسکا خامۂ پختہ مغز خامی و
خطا سے پاک ہے - اور جسکے نامۂ نامی کے رشک سے ہر ایک نام آور قلمرو حذاقت و
براعت سحر محشر کی طرح گریبان چاک ہے - ظرفہ نامہ تحقیق ختامہ اور عجیب کتاب مستطاب ہے
جسکا ہر صفحہ تختۂ یونان کے مانند مسکن اولوالالباب ہے - کہین علماء مفسرین و محدثین
فقہا و فقرا ہر قسم کے ارباب کمال کے حالات کا مشرح بیان - اور کہین رؤسای
اعظم اور وزیران عظام و رقم شعرا سے شعری منزلت و کلاے والا مرتبت کی وجیہ
داستان - کوئی حصہ تفصیل حیوانات صحرائی و وحش و طیور نغمہ زن صید فگن سے معمور
کہین اشجار و اثمار گرانہ ادویہ مشہورون کا مفصل و مدیر ارجمند کور - کہین اشعار آبدار اعزا
بیمثال کا ذخیرہ - کہین تذکرہ خزبا و تارک صغیرہ و کبیرہ - کہین عام مالکان اراضی
و علاقہ داران اہل دول کی حکایت - کہین ملازمان و عمدہ وزیران سرکاری کی
خدمت [illegible] نہایت - کہین تمام ضلع و اکناف و اطراف کے جغرافیے کی تقریر
[illegible] شبہ نشان کا گویا نقشہ دلپذیر - غرضکہ آغا [illegible]

انجام تک طلسم و جادو کا کارخانہ - کل مخلوقات موالید ثلاثہ کا دلربا فسانہ - عبارت دلکش زبان صاف - اپنا اصلی تذکرہ بغیر لاف و گزاف اس دفتر فصاحت و بلاغت منظر کا **تواریخ الفطرت** نام ہے یعنی فطرت تخلص مؤلف برگزیدہ انام ہے - جبکہ یہ کتاب بے عیب سراپا صواب نئی نویلی کی طرح بن ٹھن کے حجلۂ طبع سے یکایک نکل آئی اور اس نے نظر بازِ بندۂ حریفانِ باذو طراز کو اپنی صورت دلفریب طاؤس زیب دکھائی - دیکھتے ہی دل ہاتھ سے جاتا رہا - عرصے تک ہوشمندی سے بیر بیہوشی سے ناتا رہا - جب ہوش و حواس ہر پھر کر خانۂ باغ دماغ میں واپس آ گئے - اور اس ناظورۂ مہر منظر نے اپنے کرشمۂ دلربائی دکھائے تو معلوم ہوا کہ مربع نشین چار بالش سروری و سرداری صدر آرائی صفۂ زربخشی و زرداری - آبروئی گوہر دولت و امارت - بحر ذخار محیط شوکت و جلالت - شیدائی ارباب علم و کمال - قدردان فصحائی شیرین مقال - معدنِ جود و سخا - مخزن فیض و عطا جنکا نام نامی و اسم گرامی مہاراجہ **بچمیسر** ہے - اور جنکا دل اخلاق منزل اور دماغ خورشید ایاغ رموز عدالت و نصفت اور اسرار تمدن و سیاست سے لبریز و پر ہے - اونہی ارسطو فطرت حاتم ہمت کے حکم محکم قضا شیم سے یہ کتاب لاجواب طبع ہو کر مطبوع طبائع خاص و عام ہوئی - اور اسکے انتظام و اہتمام میں جناب **حافظ محمد عبد الصمد خان صاحب** سوداگر ذی شان نے تہِ دل سے سعی و کوشش کی - اس حامل کلام ربانی اور مظہر اسرار سبحانی کی امانت و دیانت طباعی و ذہانت مشہور و معروف ہے - ابتدا سے یہ صفات حسنہ و اخلاق برگزیدہ سے موصوف ہے - خوش معاملگی اور راستبازی میں ضرب المثل - رضا جوئی [illegible] و نفع رسانی ارباب ضرورت پر عمل - خداوند کریم اس کتاب کے مؤلف [illegible] **الآفاق** - [illegible] جزائے خیر دے

اور آفات کونین سے بچاوے ۔ مقاصد دلی بر لاوے ۔ آمین ۔ ثم آمین ❊

تاریخ طبع از افکار عالیہ جناب منشی محمد عبد البصیر صاحب متخلص بہ حضور

کیا تو ارتج سمیعہ ان دنوں ❊
فطرتِ جادو بیان نے ہے لکھی
طبع کی تاریخ ہے یہ اے حضور
پاک و صاف آئینہ تربت جیسی

ایضاً از نتائج افکار جناب سید یوسف حسین صاحب قیاس لکھنوی

نظر سے جو گذری یہ تاریخ تربت
صدا دل سے آنے لگی واہ واہ کی
مسیحی یہ سن طبع کے بے تامل
قیاس اب لکھو خوب تاریخ لکھی

قطعۂ تاریخ از شاعر نکتہ دان منشی ماتا پرشاد صاحب متخلص بہ نسیان قوم کایستہ ساکن محلہ نوبستہ شہر لکھنؤ در صنعت زبر و بینات ۔

خوب تاریخ آپ نے فطرت لکھی
طرز عمدہ ہے عبارت ہے فصیح
خامۂ نسیان کی تاریخ سال
لکھ ۔ یہ ہے تاریخ در ہینگ صحیح

قطعۂ تاریخ طبعزاد شاعر شیرین مقال منشی شنکر دیال صاحب لکھنوی قوم کایستہ ساکن محبوب گنج من محلات شہر لکھنؤ متخلص بہ فرحت

زمانے کے تاریخدان کہہ رہے ہیں
بہت خوب تاریخ فطرت نبی ہے ۔
جو ہے چاہ تاریخ ہمت کی فرحت
رقم کر تو ارتج فطرت جیسی ہے

قطعۂ تاریخ چکیدۂ کلک گہر سلک منشی دوارکا پرشاد صاحب لکھنوی متخلص بہ افق قوم کایستہ ساکن نوبستہ در صنعت زبر و بینات

لکھی تاریخ خوب فطرت نے ۔
ہے یہ نادر انتخاب عجیب
فکر تاریخ کی اگر ہے افق
تاریخ لاجواب عجیب

قطعہ تاریخ از نتائج افکار گہربار شاعر بلاغت اشتمال منشی وندیسری پرشاد صاحب متخلص بہ تپش قوم کایست سریباستب ساکن لکھنؤ محلہ نوبستہ

خوب فطرت چو نوشت این تاریخ	لمعش از حسنِ مضامین دُر سفت
اے محقق پے سال تالیف	دل من آئینہ تربت گفت

تقریظ در صنعت نثر مرجز مع قطعات تاریخ طبع کتاب ہذا از نتیجۂ افکار جامع اصناف سلک سخنور معنی شناس منشی میر ذاکر حسین صاحب لکھنوی متخلص بہ یاسؔ

حمد اوسکی کردن پہلے * جو خالق یکتا ہے * پھر نعت پیمبر کی * پہ منقبت حیدر * پھر آل کی ہو مدحت * اصحاب کی تعریفین * صلوات پھر ان سب پر * سب ہو چکا یہ جب دم * لکھتا ہون مین اب مطلب * وہ مطلب دل یہ ہے * اک روز چلا گھر سے تفریح کی خاطر مین * مین چوک مین جاتا تھا * اک دوست ملے میرے * نام اونکا عبد الصمد ہے * تاجر ہین وہ نامی لکھنؤ کے * صالح ہین جوانی مین کہنے لگے یون مجھسے * تقریظ تم اک لکھدو * تاریخین بھی چھپنے کی دو چار ہون تو بہتر * مین نے کہا کہ ہے کیا * کچھ جزو دیے مجھکو * مین لیکے وہ گھر آیا * کی سیر جو پھر اوسکی * دنیا کا تماشا تھا * آئینۂ اسکندر * کیسے جو اوسے زیبا * کیا خوب عبارت ہے * دلچسپ مضامین ہین تعقید نہین بالکل * گنجلک سے مبرا ہے * لفظین ہین کہ بوٹے ہین * جو حرف ہے اک گل ہے * نقطے ہین کہ زر گل کا * سنبل کی طرح سطرین * پیچیدہ برابر ہین * معنی کے ہین بجلی اوسمین * ہر صفحہ گلستان ہے * بلبل کو ہے رشک اس سے * گلچین کو حسد پیدا * یہ باغ تر و تازہ * بے خوف خزان سے ہے * رہتی ہے بہار اسمین * رنگین ہے ہر اک جملہ * اک پھولون کی ڈالی ہے * ہر زین سطور ہین * یا نہر ہے گلشن مین *

جاری ہی عبارت گو بہتر ہے مسجع ہے + جو اسکے مؤلف ہین + بیشک ہمہ دان ہین وہ + ہر علم مین فی الجملہ + ہے دخل ضرور اونکو + وہ لائق و فائق ہین + وہ منشی کامل ہین، تحقیق بہت اچھی + تدقیق بہت نادر + کیا زور طبیعت ہی + کیا قوت علمی ہے + اردو سے سعلی کی + کامل ہی شناسائی + فطرت جو تخلص ہی + اور شعر بھی کہتے ہین + باعث ہوئی یہی سارا + لفظونکی صفائی کا + تالیف کیا پہلے + پھر پیش کیا اسکو + سرکار مین راجہ کی + وہ قدرشناس ایسے + ہی حوصلہ شاہونکا + حاتم سے سخی تر ہین + کسرا سے سوا عادل + رستم سے سوا جرأت + دارا کا حشم حاصل + دربنگہ کے راجہ ہین + ہین راج قدیم انکا + نام اونکا اگر چاہو + نچھمی سے ملاؤ تم + سر سنگہ تو ہو پیدا + جب کر چکے سیر اسکی + فرمایا کہ چھپ جائے + عبد الصمد حافظ + مامور ہوئے اسپر + ذی علم و ہنر پرور + قرآن کے حافظ ہین + کوشش سے اونھین کی یہ + کشمیر کے مطبع مین + طیار ہوئی چھپکر + ہر حرف صحیح اسکا + جو اسکو کہ دیکھے گا + وہ ہوگا ثنا گستر + حاسد کی نظر سے یہ + محفوظ رہے یارب + جلدی مین جو یہ سطرین + ای پاس لکھین مین نے + جو صاحب شوق اسکو + دیکھین بنظر انصاف سے دیکھیگا + غلطی جو کہین ہوگی + وہ اوسکو چھپائیگا +

ایضاً قطعہ تاریخ

واہ کیا فطرت نے لکھی ہے کتاب لاجواب	واقعات اصل سے مملو یہ سب تاریخ ہے
پاس کو تھی فکر اس تاریخ کی تاریخ کی	طبع کی تاریخ یہ نکلی عجب تاریخ ہے

ایضاً

کر دست [illegible] کتاب نادر	[illegible] تربت و دربنگا
سال [illegible] پاس	[illegible] تربت و دربنگا

قطعہ تاریخ از نتائج افکار شاعر عالیخاندان نواب مہدی حسن خان عرف نبو صاحب رفعت شاگرد رشید حکیم میر ضامن علی صاحب جلال لکھنوی

چھپ کے اس آئینہ تربت کا بھی	نام روشن ہو گیا با آب و تاب
فکر سال طبع میں دل نے کہا	لکھدو رفعت خوب نادر ہے کتاب ۱۳۰۱ھ

ایضاً نتیجہ کلک شاعر ذی استعداد صاحب فہم و ذکا منشی بہاری صاحب تمنا تانیتہ سکینہ ساکن محلہ نوبتہ من محلات شہر لکھنو ۱۳۰۱ھ

آپ نے اسے فطرت عالی دماغ	خوب لکھا نسخہ تاریخ ہے
مشکل تحقیق نہ آسان ہو کیوں	عقدہ کشا نسخہ تاریخ ہے
بہر تشفی دل درد مند	غم کی دوا نسخہ تاریخ ہے
تشنہ لب آب خرد کے لیے	آب بقا نسخہ تاریخ ہے
صورت آئینہ اسکندری	جلوہ نما نسخہ تاریخ ہے
کیوں نہ پھلے پھولے درخت سخن	آب و ہوا نسخہ تاریخ ہے
پڑھتا ہے جو کہتا ہے بیساختہ	واہ یہ کیا نسخہ تاریخ ہے
جس نے نظر کی ہوا سر فدا	شان خدا نسخہ تاریخ ہے
تھی جو اشاعت کی تمنا تجھے	خوب چھپا نسخہ تاریخ ہے
لکھدے تمنا یہ دو تاریخ طبع	باغ فضا نسخہ تاریخ ہے ۱۳۰۱ھ ۱۸۸۴ء

قطعات تاریخ از طبع نقاد صاحب عقل و خرد جناب حافظ محمد عبد الصمد خانصاحب سوداگر چکن وغیرہ مہتمم طبع کتاب ہذا کہ حافظ و صمد ہر دو تخلص دارند

و حسن اللہ این چہ نسخہ طبع شد باصد صفا	گوئیا ہر صفحہ اش آئینہ اسکندری

یا بگویم جام جمشید ست کز هر حصه اش — صورت حال جهان روشن چو مهر خاوری

ستها احوال نزهت جلوه گر شد اندران — پر ز صدق و خالی از کذب و ز حشو آمد بری

از بهاری لال متخلص به فطرت این کتاب — شاهدِ عادل بود بر فطرت و دانشوری

فکر او شد آبروی گوهر علم و کمال + — ذهن او شد جوهر کان سخن را جوهری

جمع کرد او اندرین نسخه تحقیق اتم — حال تاریخی نزهت از پئے یاد آوری

در سواد او بیاض آب و تاب حسن طبع — پر ضیا بر ضیاست زیر گنبد نیلوفری

الغرض چون ختم شد طبعش ز سعی این حقیر — حسب خاطرِ خواه ارباب صناعت پروری

گفتم از روی حساب این مصرع تاریخ او — جام جمشید ست یا آئینه اسکندری

۱۳۰۱ھ

وله

شده مطبوع این تاریخ نزهت — چو فطرت را خدا بخشید توفیق +

صمد این گفت زه تاریخ طبعش - — که جام و جادهٔ تحقیق و تدقیق

ایضاً اردو

کیا صفائی سے مؤلف نے لکھی ہے یہ کتاب — نام آجائے جہان آئینۂ نزہت لکھہ

طبع کے سن کی جو ہے فکر تجھے ای حافظ — لائق دید ہے ہان آئینۂ نزہت لکھہ

۱۳۰۱

قصیده در مدح جناب ایچ ایچ ڈی آنریبل مهاراجه تجمیسر سنگه بهادر ور سنگه از نتیجهٔ فکر مولف کتاب هذا +

جمال گل ترقی پر ہے بلبل ہے مسرت مین — چمن فیض بهار باغ سے ہے جوش نزہت

اداے نوجوانان چمن ہے [illegible] — خوشی سے بلبلے مین [illegible] دل مین [illegible]

نسیم [illegible] چمن [illegible] باغ عالم مین — [illegible] ہے مین جوش [illegible]

بہار باغ نازاں ہے جمال ہر گل تر پر
عروساں بہاری ہیں شرابور اپنی نکہت میں

مزا لیتی ہے بلبل دید حسن گل کا ہر ساعت
چٹکتی ہے کلی ہر پہول کی نرگس ہے حیرت میں

بہار باغ پر کرتا ہے صدقے پہول زر اپنا
صبا جاروب بیجاتی ہے صحن باغ و خلوت میں

لگے ہیں شاخ نخل گل میں جہوے غنچہ تر کے
لگاتی ہے صبا مینا گ و رعنا دل میں نزہت میں

محبت کی نظر سے دیکہتی ہے گل کو ہر بلبل
رچی ہیں شادیاں گلزار میں گلچین ہیں عشرت میں

لگاوٹ کرتی ہے باد صبا نسرین سے شبنم سے
دہان غنچہ گل بہیرین گاتا ہے دہر بیت میں

ادہر سبزے پہ طوطی ہے لہالوٹ اور ادہر بلبل
تڑپتی ہے جمال ہر گل تر کی محبت میں

بہار باغ سے اپنا جو دل مسرور ہے فطرت
تو کہے اور کچہہ اشعار تر اب خاص مدحت میں

مطلع

رعیت پروری مسکین نوازی ہے طبیعت میں
طبیب دردمنداں ذات والا ہے حقیقت میں

رحیم ایسے کہ جب حاضر ہوا دشمن تواضع سے
مثال دوست اوسکو لے لیا داماں شفقت میں

رئیس ایسے کہ مجرم پر بہی غصہ تک نہیں آتا
اگر آتا ہے رہجاتا ہے آغوش مروت میں

نہیں کا لفظ بہولے سے بہی ہونٹوں پر نہیں آتا
طلب جسنے کیا جو کچہہ دیا جوش سخاوت میں

نظیر و مثل اپنا وہ نہیں رکہتے ہیں دنیا میں
ریاست میں مروت میں سخاوت میں شجاعت میں

بلندی کا جو ہے مضمون کہیں پایا نہیں جاتا
مگر انکی زمین اور آپکے بام عمارت میں

ہزاروں آدمی کی پرورش ہے ذات والا سے
بسر کرتے ہیں لاکہوں آپکے ظل حمایت میں

نظیر اپنا نہیں رکہتے ہیں مشرق میں نہ مغرب میں
مثال آپ و یکتا آپ ہیں برج شرافت میں

یہ عالم آپکے نور ریاست سے منور ہے
کہ مثل مہر روشن آپ ہیں چرخ ریاست میں

زمانہ آپکے جیوٹی کی روا رکہتے نہیں ہرگز
ہمیشہ نظر کرتے رہتے ہیں اپنا انکی راحت میں

الٰہی تا رہے گرمیِ بازارِ سخن قائم — رہے شعر و دن کا سودا شاعروں کی طبیعت میں
محبت ہو گلِ رعنا کی جب تک دل میں بلبل کے — اثر ہو سرو کی الفت کا قمری کی طبیعت میں
الٰہی روز افزوں ہووے قدر و رتبہ و دولت — ترقی ہو ہمیشہ عمر میں دولت میں حشمت میں
اہبا پنا یہ قصیدہ آج فرحت ختم کرتا ہے — زہے قسمت اگر مقبول ہو بزمِ کرامت میں

غلطنامہ حصہ اول تاریخ ترہت

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳	۲	گورنر	لفٹنٹ گورنر	۹	۸	راجہ جیتہ	راجہ ہرسو دیا	۲۳	۱۳	سنسکرت	سنسکرت مورخ
۴	۲	مطاسبت	مناسبت	۱۳	۹	سنہ ۳۱	سنہ ۱۴	۲۴	۱۲	برہرازنگ	برہرارنگ
"	۱۱	سال سے	سال کے	۱۹	۱۲	۲۵۶	۲۲۶	۳۲	۱۲	ہزار	لاکھ
۵	۱۰	اہل	اہل علم	"	۱۲	چوبیس ۲۴	چونتیس ۳۴	"	۱۸	سنہ ۱۲۸۰	سنہ ۱۲۸۱
۹	۷	راجہ جیتہ	راجہ جیتے جو کے قیصون نیچے	۲۱	۱۶	سنہ ۱۲۳۵	سنہ ۱۲۴۵	۲۶	۱۹	۱۹	۲۹

ایضاً حصہ دوم

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۹	۱۰	بیان کرن	بیاکرن	۵۷	۱	بندکیے	بند لیکے	۵	۱۷	سنہت	نب
۵۲	۱۳	دس	ادس	۵۲	۰	بیرجا	بوجن جا	۔	۹	لگا	لگے
۵۵	۱۲	رودرزن	رودرمن جسر	۵۹	۴	زسنگرپور	نرسنگھ پور	۳	۵	مرکان	ترکان
۵۶	۵	مدہولی	مدہوبنی	۶۵	۱۵	ببار	بہار			[illegible]	

ایضاً حصہ سوم

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۔	۲	شانترتہ	سنترتہ	۱۰۹	۵	پان	پی	۲۰	۷	جو فورا	[illegible]
"	۱۳	گیہون	گون	۱۳۱	۲	مستعن	مستعفہ	۲۲	۱۰	نارگر	[illegible]
"	۱۵	چھہ	چہرہ	۲۳	۴	کسیں	کسیل	"	۱۳	[illegible]	[illegible]
۹	۲	لڑا	گرا	۱۰۰	۔	سیکڑی	سیکڑوی	۲۰	۵	[illegible]	[illegible]

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۳۶	۳	اور کسی	اور کبھی	۱۴۲	۲	سنہ ۱۲۸۰	سنہ ۱۳۸۹	۱۶۳	۱	بڑی	طیاری
//	۵	کی	کا	۱۴۶	۴	سنہ [illegible]	سنہ ۱۰۰۵ھ	//	۳	بنائی	بنائی گئی تھی
۱۳۹	۱۸	اوسکا	اوس وقت بیربل کا	//	//	شاہجہاں بادشاہ	اکبر بادشاہ	۱۶۵	۱۱	کے	کے لیے
۱۴۰	۲	دیبی کو	دیبی کا	۱۴۷	۱۳	مہاراجہ بیری سنگھ	راجہ جو سنگھ	۱۶۷	۹	جیسر	جیسلمیر
۱۴۱	۲	چا	[illegible]	//	۱۴	رہمن	برہمن	۱۶۸	۳	نفر	نفر آدمی
۱۴۳	۳	متراد	استمداد	//	۱۴	برت	مدت	۱۷۰	۱	شعار	اشعار
//	۵	ہیوسین	ہیم سین	۱۵۷	۴	گورنری	لفٹنٹ گورنری	۱۷۱	۲	ہین	ہین ہیمین
//	۱۰	راجہ بل	راجہ تل	۱۶۱	۱۲	ڈاکٹرکٹر	ڈاکٹر	۱۸۳	۱۵	دمعلم	ذی علم

ایضاً حصہ چہارم

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۸۷	۸	دہل سنگہ	بل دو بل سنگہ	۲۲۲	۱۵	بن	مین	۲۷۱	۲	کو	کو دیا
//	۱	سیاہی	سپاہی	۲۲۸	۴	درانٹر	رائٹر	//	۱۴	علہ	علیہ
۱۹۳	۷	دو تین	تین	//	۹	سوبہراو	سوندہو	۲۸۲	۵	کنول کے	کنول لے
۱۹۷	۹	گوپال داس	گوپال داس کے	۲۰۷	۱۰	دہرہرا	دہرہرہ	۲۸۲	۹	ای	اعلی
۲۰۰	۱۷	بہنگہ	ور بہنگہ	۲۶۴	۱۷	اپنی	یہی	۲۹۴	۵	موضع	موضع کو بہیا
۲۰۱	[illegible]	بچہ لے	کے پوتے	۲۶۴	۱۰	غلام حیدر خان	غلام حید خان	۲۹۵	۷	روبروسے	اوپر سے
۲۰۲	۱۲	مل	محل	۲۶۹	۱۲	لغرض	الغرض	۲۹۸	۳	ہمیشہ	ہمیشہ
۲۰۵	۹	دے	پردے	۲۷۵	۱۷	اگر	اگر	۲	۲	x	x

تمت الحمد والمنہ کہ کتاب ... باہتمام راجی رحمت رب احد محمد عبد الصمد تاجر

حلیہ الطبع در بر کشیدہ موجب نشاط خاطر ناظرین گردید

اطلاع

واضح ہو کہ اس ہیچمدان

نے کتاب ہذا بکمال تحقیق و تدقیق صحیح

… اور اس کی تالیف میں راقم

کا … صرف ہوا … شائقین کے …

… شائع کیا امید کہ کوئی صاحب بدون اجازت

راقم کے اس کتاب کو … تالیف

محفوظ ہے … مطلوب ہوں

… فقط

راقم

بہاری لال فطرت وکیل عدالت منصفی

…